در مطبع

بسم الله الرحمن الرحیم

سبحان الله منشا ابجد خوان دبستان بیچدانی و نسخه نویس مطب بیسوادی بوده باشم
م محمد سید عربی تسامح که دفتر کونین نقطه ایست از قلم قدرتش چکیده ... بالله در قالی
... عشق با یاران همان ماند که مور لنگ همراهی کند چابک سواران را
تعالی منکر نقطه سهو ... سهو القلم کاتب ازل بوده ام قصد نعت فصیحی کنم که نکهت
... پایش روح عیسی و دم روح القدس در کالبد فصاحت دمیده صلی الله علیه و آله
و منقبت امامی که کلام معجز نظامش تحت کلام خالق و فوق کلام مخلوق است از هیچون
منی که خط باطل و آیه منسوخ صحیفه آفرینشم پیرایه سرانجام یابد حاشا و حال آنکه بنص قطعی
و اثر صحیح اگر دریا مداد و باغستانها قلم و جنیان محاسب و آدمیان کاتب باشند بر آئینه
احصای فضائل وی علیه السلام نتوانند کرد لنعم ما قیل ع کتاب فضل ترا آب بحر کافی نیست
که تر کنم سر انگشت و صفحه بشمارم اما بعد رنگ بر رخ شکسته چهره بی اعتباری و مصداق
هباء منثورا بادیه خاکساری اشک چکیده چشم بینش خواب فراموش آفرینش فقیر سید

اسمعیل حسین منیر غفر الله القدیر اکمل الصلحا و افضل الاتقیا سید احمد حسین متخلص
به شاد شکوه آبادی طاب ثراه میگوید که از عنفوان جوانی و بدو شباب مجنون لیلای
سخن و مفتون این شراب کهن بوده شبها سرمهٔ سواد گفتار و روزها آئینهٔ بیاض اشعار
در نظر داشتم و همدران آوان بعضی نزهات من بوساطت عرائض آب و رنگ اصلاح
از افادات افضل البلغا ملاذ الفصحا مجتهد الشعرا عالیجناب شیخ ناسخ تغمده الله بغفرانه
پذیرفت تا آنکه بملازمت و علاقهٔ مصاحبت امیر کبیر نواب نظام الدوله بهادر خلف اوسط
نواب معتمد الدوله بهادر مرحوم از گوشهٔ انزوا برآمده سر از گریبان انتفاع برآوردم و در
کانپور باستانه بوسی حضرت مجتهد الشعرا مغفور مبرور که بتقریبی مهمان مرحوم نواب
امین الدوله بهادر شهر بودند از جواهر انواع استفاده جیب تمنا مالا مال کردم و بعد
معاودت حضرت پیر و مرشد ممدوح الصدر بگلستان همیشه بهار لکهنو صانه الله عن کل
سو حسب اشارت فیض بشارت جناب شان دست ارادت بدامان استاد المحققین ملاذ
المتبحرین سیدی و مولائی جناب میر علی اوسط رشک دامت افاداته زده عمری
خوشه چین خرمن برکات حضرت ایشان بوده در لکهنو و کانپور و مرشدآباد و دیگر بلاد دور و نزدیک
شریک مشاعره ها بودم آخر بحوادث گوناگون مبتلا گردیده به بیت السلطنت لکهنو شتافتم
و بقول فخر المتاخرین مولانا غالب دهلوی ع اندران بقعهٔ معمور ز دلتنگی خویش
حسرت آگین چو گنهگار بزندان رفتم و سالها سال دران مصر مینو سواد نقش بوریای فقر
مانده آنقدر با آب دیده جگر نداشتم که لب تمنا تر کنم آخر قاید توفیق دستگیری کرده بانجمن فرخی
نشیمن امیر سخنور قدر افزای اهل هنر ظفر الدوله علی اصغر خان بهادر رسانید و اعانت
آن عالی همت مرهم اطمینان معاش بر دل ریشم نهاد و بسعی بر بنیاد که التفات ملازمان نواب
معین الدوله سید باقر علیخان بهادر ظفر جنگ خلف ثالث نواب معتمد الدوله مرحوم از
بارگران وین سبکدوش فرموده از لکهنو به کانپور آورده در ظل رافت خویشم جا داد

... ... معلوم علاج فروع و اصول کشاف

مفصلات تحریر و تقریر شاعر فقید النظیر امیر فیاض جناب مولانا احمد حسن خان بهادر
عروج نگردیدی تا حال مدتها بود که غبار وجودم آن سوے صحراے عدم رسیدے
اجره علی الله بالجمله هم دران حال امیر والا فیاض بے همتا شاعر شیرین مقال مشکی اریکه
جاه و جلال اسد الدوله رستم الملک سید محمد ذکی خان بهادر فیل جنگ عرف نواب
بهادر متخلص بذکی این هیچمدان را در سلک متوسلان خود انتظام داده و از خدمت اصلاح
کلام خویش منت نهاده بار دیگر این خار دامان هستی را بچمنستان لکهنؤ رسانید
و دقیقه از دقائق بزرگداشت و توقیر این هیچکاره نگذاشت موجز که دو سال برین گذشت
که خدام همایون رئیس الامرا امیر الاغنیا و ساده آراے بزم فیض رسانی گوهر دریاے
سخنگوی و سخندانی نواب نصیر الدوله معین الملک تجمل حسین خان بهادر ظفر جنگ
معروف بحشمت جنگ فرمان فرماے ریاست فرخ آباد را بدریافت بیکسی
و هیچمدانی این خاک نشین زاویهٔ خمول مهر ذره پروری بجنبید و امداد زاد و راحله
علاوه این همه قدردانی گردید ناگزیر داغ مفارقت شهرے همچو لکهنؤ بر دل نهاده
بمعمورهٔ فرخ آباد پاے خاکی کردم و در ملازمت آن امیر بے نظیر که خدایش بفردوس
برین جا دهاد آن قدر متمتع گشته داد کامرانی ها دادم که ذره ام بافتاب و پنبه من بسحاب
رسید لب کلام بعد جامه گذاشتن آن سر و حله پوش امارت چندے بنامرادی ها
گذرانیدم هرچند دران کشمکش راجه الور و لا سیما فرمانرواے دهولپور بکرات
شقه هاے طلب مع زر مصارف راه فرستاده بهزار آرزو طلب میکردند لیکن
دلم نمیداد که بآن بلاد عجیبه بقیه عمر را بدست انحطاط سپارم علاوه ازین محبت وفی الطاف
شفیق والاهمم لاله مادهو رام جوهر که از تلامذه این بے سر و پا و صاحب دیوان اند

نمیگذاشت تا آنکه بیک ناگهان دولت بیدار روی بمن آورد و ذرهٔ خاکسترم را از
حضیض کس مپرسیها بمنزل آفتاب بر داشت یعنی امیر الامرا رئیس الرؤسا یوسف کنعان
حسن و جمال جمشید سلیمان جلال حضرت ولینعمی نواب علی بهادر متخلص بعلی ادام الله
اقباله صدرنشین حکومت باندا بجمند قدردانیها از فرخ آباد دم کشیده در تسبیح وابستگان
خود انتظام داده از همه پیش گردانیده و جمله مطالب دلی این مستهام را زیاده از آنچه
بحوصلهٔ گنجد روا فرمود و بعطای خدمت اصلاح کلام خود از خاکم برداشت بحمد الله
که هنوزم این باده در جام و این هما در دام ست ملخص المرام غرض ازین همه هرزه جائی
ها و قرع عصا اینست که درین انقلابات عظمی و حوادث شتی که غبار وجودم از تندبادِ
مکاره دنیویه هم از مشرق بمغرب و ساعتی از مغرب بمشرق میگردید و نفسی با سوختگیها
گذرانیدن آب از آتش بر کشیدن بود چه جای تحصیل علوم و انگاه فکر شعر که اطمینانی
و فرصتی و دلی آسوده و دماغی چاق میخواهد مگر بحسب ضرورت مقام و تقاضای شوق
پیچ میدانش و فکر لاابالی خرام ناله های چند موزون میکردم و اگر جمله مزخرفات من
از صدمات تلف محفوظ میماند هر آئینه شش هفت مجلد دیوان پیرایهٔ سرانجام
بر میگرفت و گواین دعوی من نزد یاران بشبنم نوک خار ماند مگر جمله دوستان آگاه
و جناب احدیت گواه که اغراق و کذب درین معنی چون خزان بجنت راهی ندارد
بهر حال حالیا دو جلد دیوان از مهلت من زیب تالیف یافته و این دیوان اولین ست
که اکثر غزلیاتش بطرز استعارات و کنایات بقالب نظم در آمده باشند و دیوان
دویمی از ان طرز بر کرانه و معهذا از نزاکت معنی بیگانه نیست و هرچند چاوش نازک مزاجی
بعض سخنوران نهیب دورباش میدهد که حرفی نزنم مگر ورد دل انگشت بر لب میزند
ناله را هرچند میخواهم که پنهان برکشم ❊ دل همیگوید که من تنگ آمدم فریاد کن
پس مستتر مباد که باعث ترک طریقهٔ استعارات و ابهامات جز این نیست که اکثر ابنای

ما بالخصوص شعرا بیشتر از حلیهٔ علم و فضل عاری هستند بحدیکه تحریر خطوط مرسومه هم از قوت شان
بمراحل بعید عروض و قافیه را اسم بے مسمی دانند تا بدیگر نکات چه رسد معهذا صاحب دیوان
و استاد جمع شیراز شاگردان اند و بعضے که چند منشآت رسمیه در طفولیت خوانده اند بلاف بالا
خوانی معلومات خود بوفراس را از طفل نوسواد کمتر دانند و محض بقوت مشق کوس لمن الملکے
نوازند و مستمعان شریک غالب این حضرات درین زمان اند چه استعداد علمی و قوت فهم اشعار
سهل هم ندارند تا بدیگر دقایق این فن چه رسد ناچار اشعار ایشان را موافق فهم خود یافته بمدح
اینها و ذم اهل معانی نغمهٔ زنبورسے سرایند و با اینهمه باد بروت این هر دو طائفه از حصر هزار
قوم بیش لهذا پیاده با شهسوار و خار با گلزار دعوی مساهمت بل فضلیت مے نمایند و ارباب
نصفت و تحقیق بعضے بپاس ظاهری و بختی بنظر غلغلهٔ شاعری آنها قائل بترجیح بلا مرجح و تفضیل
المفضول علی الفاضل و تقدیم المفعول علی الفاعل مطلقاً شده اند اما تنے چند از اساتذه
متاخرین مثل ظلهم و جمع کثیر از عمائد مستمعین که فی الحقیقت خلعت استادی و نقادی بر بالای
ایشان راست آمده از دست این حضرات صد هزار نشتر بجگر شکسته و زبان سخن سرا بسته
کاغذ بدریدند و قلم شکستند چنانکه محقق این فن مغفور و مبرور **نواب علی قلیخان** متخلص
بواله و عتاب عباسی شمخال در تذکرة الشعرا که کتابی است مبسوط در تحت ترجمه میر نجات مرحوم
اصفهانی صاحب گل کشتی مولانا حشمتی این دعوی را مدلل بدلائل قاطعه و براهین ساطعه گردانیده
من شاء فلیرجع الیه بنظر این وجوهات شهباز طبیعت را از اوج مضامین بلند فرود آورده همراه
طیور طبائع این حضرات سر میدهند تا بجا برند زیرا که پاس این جم غفیر و مراعات عام البلوی
بنظر الاهم فالاهم اقوی نمود چه این جماعت هرگاه شعر سه زیاده از فهم و ادراک خود بشنوند از
غایت تعصب و بے انصافی شتمی بانگاه بفقدان استعداد خود ناکرده آنرا بیمعنی قرار دهند
و مصنفش را آماج سهام ملامت سازند و از اجلائے بدیهیات است که اینها استعداد علمی را
نقیض شاعری قرار داده اند پس نهایت خاطر عالیه اساتذه محقق و سخن شناسان مدقق که در زمانهاست

قلت و چون اکسیر در لباس گرد و کدورت مختفی اند احل محالات دانسته تشمیر ذیل بعزم صافگوئی
کردم و فی الجملہ اطنابیکہ در بیناب فتاد در جگر بود کہ بیخواست دل بزبان رسید و گرنہ بقول میرزا غالب علیہ الرحمہ
سنگ و عزم و آوارگی کردن بو ساز بزم سخنوری کردن بود بالجملہ تمامی اشعار این دیوان از قصائد
و قطعات و عرائض منظومہ و غزلیات و رباعیات و تاریخہا از پنجہزار و نہ صد متجاوز است
و حال آنکہ بیمنہ عمر هم تا حال سی و پنج مرحلہ از مراحل زندگانی طے کردہ کہ توفیق اتمام این دیوان
دست داده و بحمد اللہ کہ منصفان تلقی بقبول فرموده اند و بعون ایزدی ستے چند از تلامذه این
ہیچمدان صاحب دیوان اند و قطع نظر از شاعری رسالہ اعلان الحق و سراج المنیر و رسالہ تنبیہ الغافلین
بفضائل الثقلین و کتاب امان المومنین عن مکائد الشیاطین از تالیف من ہیچمدان بر صفحہ روزگار مرتسم
است ہر چند ذکر اینہا محمول بہ تزکیہ نفس و خودستائیہا خواہد بود الا بمنطوق کریمہ و اما بنعمة ربک
فحدث منجملہ مستحبات باید شمرد و بہر کیف از تہذیب اخلاق بینندگان این سفینہ کہ شہنشاہ اقالیم سخندانی
و اریکہ آرای علم بیان و معانی ہستند چشم اندازم کہ از این و راز لغزشی و بہین چشمی ہا العین اغماض و عفو
درگذشتہ ہر جا غفلت لسانی و لغزش قلمی خواہ غلطی لفظ خواہ خطائی معانی دریابند باصلاح
و عفو منت بر جان این عبد جانی نہادہ از خداوند کن فیکون امیدوار اجر غیر ممنون باشند والحمد للہ
کہ این دیوان از پیشگاه حضرت ولی نعمی نواب علی بہادر دام اقبالہ مخاطب بخطاب منتخب العالم کہ
ہم تاریخ تالیف اوست گردیده یارب این نامہ کہ خامہ کرد بنیاد ہم توفیقہ قبول روییش باد ۞

بالنبی — مناجات ببارگاه رب البرکات — وآله الامجاد

یہی امید ہے فضل عمیم حق تعالی سے
کہ جبتک لطف گردش گنبد گردون کو حاصل ہے

نمایان زیر گردون اور اندن ہو جس زمانہ تک
قمر خورشید سے تنویر کا جبتک کہ سائل ہو

پسند خاطر مردم مرا دیوان ہو یارب
جو دیکھے اہل علم و فضل مین وہ اسکا مائل ہو

بنادے مصحف ایمان معنی اسکے اجزا کو
کہ گو سے صاحب دانش ہین ہر صفحہ حمائل ہو

خطا سے واقعی پوشیده ہو دامان بخشش مین
ہر ایک ایراد بیجا خط پیشانی باطل ہو

پسند خاطر معنی شناسان ہو یہ سرتاسر — ہر ایک مصراع اُسکا سرو جنت سے مقابل ہو
بہار نظم کے دیوانے مجنون اسکے ہو جائین — ہر ایک بیت اسکی یارب لیلی مضمون کا محمل ہو
نقاب حور سے شفاف تر ہو ہر ورق اسکا — الٰہی داغ بیجا دامن دیوان سے زائل ہو
مذاق شعر منصف کی لئے ہو شہد سے شیرین — مگر اہل حسد کے ذائقہ مین زہر قاتل ہو
جو سمجھے قدر اسکی اسکے لائق بزم عالم مین — فلک سے سورۂ قصہ اُسکے حق مین روز نازل ہو
مدام اس سے رہے باہم نگاہ ارباب بینش کی — ہمیشہ طائر نظارہ اسمین مرغ بسمل ہو
مرے دیوان کا غل بزم ساز و سوز مین یا رب — صدائے خندۂ گل ہو کبھی بانگ عنادل ہو
بحق پنجتن یارب یہ مجموعہ زمانے مین — پسند اہل بینش ہو قبول صاحب دل ہو

ایضاً

یہ عرض ہے تری درگاہ مین خداوندا — کہ تیرہ دل ہون نہایت گناہگار ہون مین
مکان ہے دل کا فرسے تیرہ تر سراپا — سیاہ بخت ہون یارب سیاہکار ہون مین
بلند ہے عرق انفعال کا طوفان — وفور جرم سے اسدرجہ شرمسار ہون مین
یہ التجا ہے کہ بصدقہ نبی آل نبی — معاف کر مجھے تیرا قصوروار ہون مین
دل زمانہ کو رکھ صاف میری جانب سے — اگرچہ آئینہ دہر کا غبار ہون مین
خلش کسیکے بھی دل مین نہ مجھسے ہو پیدا — اگرچہ گلشن عالم مین مثل خار ہون مین
زبان چاہتی ہے مانگے مغفرت کی دعا — صدا یہ آتی ہے دل سے خطا شعار ہون مین
کسی کمال کا دعوے نہین معاذ اللہ — غرور خاک کرون ننگ روزگار ہون مین
مرا کلام ہو مقبول اہل دل یارب — ترے کرم سے بس اتنا امیدوار ہون مین

قطعہ در نیرنگی روزگار ناپائیدار

ہر فن کے لوگ ہونگے دنیا مین تا قیامت — کیا نکتہ رس نہونگے یا نکتہ چین ہونگے

جب تک مذاق عالم ہو آشنائے لذت
خالی مزے سے دم بھر اہل زمین نہونگے

ظلمات و نور توام ہوجائین غیر ممکن
جو اہل شک ہین ہرگز با یقین نہونگے

آئینۂ مصفا شفاف ہی رہے گا
جو ہر شناس جو ہین وہ عیب بین نہونگے

باغ جہان مین جبتک رنگ سخن ہے باقی
باتین ہماری ہونگی لیکن ہمین نہونگے

التماس بخدمت محققان سخن

اے دیکھنے والے اس رقم کے
یہ عرض فقیر بے ہنر ہے

پائی ہے جو تو نے دولت علم
انصاف ترا طریق اگر ہے

کاوش ہے جو اعوجاج سے تو
مائل جو مزاج خیر پر ہے

محبوب جو تجھکو ہے نکوئی
مبغوض اگر بنائی شر ہے

بے قدر نہ اسکو تو سمجھنا
یہ جو دیوان مختصر ہے

چشم کم سے نہ دیکھ اسکو
یہ حاصل دقت نظر ہے

نقطے اسکے ہین قطرۂ خون
جو لفظ ہے پارۂ جگر ہے

ہر شعر ہے نظم دانۂ اشک
ہر مصرع نالۂ سحر ہے

ہوتا ہے جو اعتراض بیجا
گویا رگ جان کو نیشتر ہے

اسکی لذت کا لطف اٹھانا
نخل محنت کا یہ ثمر ہے

ہے حاصل عمر یہ صحیفہ
سرمایۂ کاوش جگر ہے

ہر نالۂ نیمشب سے موزون
تاثیر وظیفۂ سحر ہے

با این ہمہ تو اگر کرے غور
ہر درد درون کا چارہ گر ہے

میرے حصے مین ایسی دولت
ویرانہ مین جلوۂ قمر ہے

مین ہون ایک مرد بے حقیقت
یہ مصر کمال کی شکر ہے

اک برگ خزان رسیدہ ہون مین
دیوان یہ نخل بار ور ہے

ترا وہ حکم کہ ہیبت سے جسکے ہے مولا
غزال دشت اٹھائے فلک کو شاخ پر
جو دفع سم کیلیے نام پاک سے کوئی
ضیاے مہر امانت اگر نظر آئے
اٹھائے دست شفا توجہ اہل عالم سے
ترے محیط امان کا اگر سلے دامن
یہ تیرے عدل کی ہیبت ہوئی زمانہ میں
عزیز رکھتے ہیں اونی کو موذیان قدیمی
جو ناتوان ہو دنیا میں کوئی حسن پرست
زمین سایۂ اقدس سے ہے یہ مطہر سے
محمد عربی سے جناب ہیں ہمنام
تری رکاب مقدس میں جو کرینگے جہاد
ملا ہے تیرے رفیقوں کو تیغ داؤد
نماز آپ پڑھائینگے خضر عیسی کو
جو ہوں حضور کے طاعات سے ملک سرکش
بشر تو کیا ہیں ملایک مطیع فرمان ہیں
فرشتہ سر سے رہ بندگی میں حاضر ہیں
بجا ہے شقہ رایت بنے پر جبریل
کرے جو بادہ کشی تیرے عہد میں کوئی
خلاف شرع نہیں ہے اگر بغرض خیال
دوات میں جو عوض حرف ہو لباس حرم

کہ پھونک دے تن نمرود میں دم سالمور
ترے زمانہ میں جوشش نمو کو ہے یہ وفور
تو شہد ہو کے بہے آب نشتر زنبور
شکم ہو دیتے سمٹ کر نگینۂ باور
تن مسیح نظر آئے سایۂ رنجور
تو چھپے شکست سے ہے شیشۂ حباب دور
کہ ہے توافق ضدین جا بجا مشہور
وہاں مار کا پھالا ہے بیضۂ عصفور
کھلائے سیب قسم کا اسی مرہا مور
گلاب آگے جو گرے تخم پنبۂ منصور
کھدا ہے مہر نبوت پہ اسم پاک حضور
انہیں کی شان میں آیا ہے سعیکم مشکور
خضاب بیش سے سبکا سواد خط زبور
حضور صاحب امر اور انبیا مامور
تو ساری انکی عبادت ہو سعی نامشکور
ترا ہی سکہ ہے جاری میان عالم نور
خط جبین ملائک سے ہے آپکا منشور
کہ طرز قوا کی صدا ہے اذان صبح ظہور
خم شراب سے طوفان اٹھے بسان تنور
بجاے خامہ میسر ہو صبح چشمۂ نور
ورق کے بدلے بہم پہونچے صفحۂ دل حور

تمام جن و ملک جمع ہون پئے امداد
لکہا نجائے ترا وصف تا بروز نشور

جفائے دہر کی فریاد تجہسے لایا ہون
کہ مجھکو صورت تصویر کردیا مجبور

ہمیشہ کرتے ہین بلبل و قمار شیون نی
نہال عمر مین ہے آشیانہ زنبور

ٹھنی ہے گردش ایام پر یہ رو نمین
کہ آنسوؤن مین بہی و فتر سنین شہور

غضب ہے سنگ حوادث سے ٹرگئی ہین بال
کہ جام عمر مرا بنگیا کلاہ سمور

پڑا ہون آٹھ پہر فرش ناتوانی پر
طنین پشہ ہے کانو مین میرے نفخ صور

شریک حال بہلا کون ہو زمانہ مین
کہ میرے کاتب اعمال بہی ہین مجہسے نفور

غم زمانہ سے زخم کہن کی زینت ہے
غبار دل ہے مرا کحل دیدۂ ناسور

مجھے صلا ہی دلواؤ اس قصیدہ کا
کہ رنج دور ہو حاصل ہو جاہ و عیش و سرور

ہمیشہ شاد رہون تا حیات دنیا مین
تری رکاب مین محشر کے روز ہون محشور

قصیدہ بمدح سلطان العلماء والمتکلمین برہان الفقہاء والمحدثین وارث علوم مرسلین نائب ائمہ معصومین سید المتالہین سند المتاخرین مقتدانا و مولانا مجتہد العصر جناب سید محمد دام ظلہ العالی

دم سحر مری آنکھون سے اٹھ گیا جو حجاب
بہار گلشن معنی سے دل ہوا شاداب

ہوائے شہپر جبریل تہے کہ باد سحر
بیاض صبح تہی یا نور ایزدی کی کتاب

سپہر گو ہر تسبیح قدسیان سمجھا
ہر ایک دانہ شبنم مین تہی یہ آب و تاب

صفائی آئینہ دل جو تہی مجھے منظور
تو پیر صبح نے کی آسکے قلعی سیماب

اذان نالۂ مرغ سحر کو سنتے ہی
چمن مین سبزۂ خوابیدہ ہوگیا بیخواب

چراغ مردہ رہا زیر گنبد فانوس
حنوط کے لئے کافور صبح عالمتاب

جلائے آتش فرقت نے بال پروانہ
یم وصال مین غواص ہوگئی سرخاب

چمن مین آتش رنگ گل اسقدر بہڑکی
عجب یہ تہا کہ ہوکا قوت صبح سیم ذاب

ہوئے زمانہ مین جوش و خروش کے آثار ‎ ادا لیے مطلبِ بلبل مین تھی صرفِ شیخ و شباب
چمن سے قافلہ بوئے گل نے کوچ کیا ‎ اڑا کے دیدۂ نرگس سے رنگ سرمۂ خواب
سپیدۂ سحری کا لگا لیا غازہ ‎ چھڑا کے زلف سے زال جہان نے شب کا خضاب
ستمگران فلک ہوئے لکھنؤ سے روان ‎ لئے ہوئے طبق نور شوق سے بیتاب
سوال مینے کیا اُن سے بعد تسلیمات ‎ کہ اے ملائکۂ فضل ایزد وہاب
وہ کون بندۂ مقبول حق ہے جسکے لئے ‎ روان ہو تحفۂ قدسی لئے شتاب شتاب
دیا جواب کہ اے نقش بوریائے الم ‎ کیا خطاب کے اے مبتلائے رنج و عذاب
ہم آج اُس ولی کی زیارت کو جاتے ہین بر صبح ‎ کہ جو ہے قبلۂ دین مرشد اولی الالباب
ستون کعبۂ اسلام عرش اعظم علم ‎ گل بہشت کمالات خضر راہ صواب
مسیح اوج عبادات ماحی بدعات ‎ کلیم طور شریعت خلیل باغ ثواب
ورع مین بوذرؓ و سلمانؓ تو صبر مین ایوبؑ ‎ کمال زہد مین مصداق انہ اواب
فقیہ افخم و سلطان عالمان لبیب ‎ ادیب اکمل و علامہ سپہر جناب
جناب مجتہد عصر نائب معصوم ❊ ‎ سمی ختم رسل قبلۂ ملک آداب ❊
امام و سیدنا مد ظلہ العالی سے ‎ کہ مہر برج شریعت ہے جسکی مہر خطاب
یہ سنکے مدحت اقدس کی ہو گئی مجھ کو فکر ‎ کہا یہ مطلع نو رشک مہر عالمتاب

مطلع

پڑھے جو کافر دون پر آپ کی نگاہ عتاب ‎ تو کاف کفر کا مرکز ہو صاف تیر شہاب
جو وصف نجم ہدایت سے شمیم ہو موزون ‎ زمین شعر کی بنجائے صحن قصر شہاب
لکھے جو کوئی شمار خصائل اقدس ‎ تو صفحۂ فلک مشتری ہو فرد حساب
چلے جو پیر فلک آپکے خلاف مزاج ‎ ہلال عید سے بنے طوق آتشین عذاب
طہارت آپکے جسم لطیف کا ہے شعار ‎ نگاہ دیدۂ قدسی ہین تار تار ثیاب

بیاضِ عمرِ مقدس جو ہے صحاحِ حدیث — تمام نامۂ اعمال ہے خدا کی کتاب
جو استحالۂ اشیائے مسکرہ ہو پسند — تو شورِ حکم مقدس نمک ہو بہرِ شراب
یہ چاہتے ہیں پاک ہوں آب کثیر سے ملکر — طلب کرے سے گلِ رنگ بجز اشک کباب
اثر گریز کرے خوفِ حکم اطہر سے — نہاں ہو شیشہ میں کاسے سوا اسکی کیفِ شراب
جو میکدہ میں ہو حکم قضا شیم جاری — تمام کاسے شرم سے ہوں چشم پر آب
شراب خواروں کو رعشہ ہو فرطِ دہشت سے — ہر ایک شیشہ بنے صورتِ دلِ بیتاب
جو کوئی مست کیا چاہے حکم پاک میں عذر — کھلائے سرمۂ تعزیر اسکو دودِ کباب
مریض فسق کی خاطر جو لکھیں نسخۂ وعظ — تو ہو اثر میں لبِ حور دانۂ عناب
تلاش کرتے ہیں یوں آفتاب ہی کا حال — کہ محتسب لیے پھرتے ہیں ساتھ اصطرلاب
حدیث و فقہ و تفاسیر و منطق و حکمت — الٰہی اور طبیعی ریاضی اور حساب
ہر ایک علم میں تصنیف کامل ایسی کی — کہ لاجواب ہے تا حشر ایک ایک کتاب
قلم ہے سے علمائے محول کے سر خنجر — ہے ذوالفقارِ علی کلکِ عیسوی فرتاب
کیا ہے پادریانِ فرنگ کو عاجز — بہ رنگ مردۂ صد سالہ ہیں سب اہلِ کتاب
ہیں آپ یوسفِ کنعانِ شرع عالم میں — عروسِ دیں ہے زلیخا پھر آہی اسکا شباب
جو کوئی آپکے دریائے عقل کی تھاہ — ختم طلسم فلاطون کو سمجھے ایک حباب
نجوم طالعِ اشراقیاں ہو خالِ سیاہ — جو کھولے شاہدِ علمِ حضور منھ سے نقاب
پڑے جو غافلوں پر نورِ آفتابِ ضمیر — تو پرنیاں تجلی ہو انکو مخملِ خواب
جو انکو قطرۂ آبِ وضو سے پاک کہوں — گلِ نجوم سے کھنچوائے آسمان گلاب
خیالِ گلشنِ پر نورِ علمِ اقدس سے — بنفشۂ شبِ غم میں کھلے گلِ مہتاب
حریمِ رتبۂ عالی کی کھل سکے کیا قدر — پڑے ہیں پردۂ چشمِ ملک کے لاکھ حجاب
تجلی دلِ پر نور کی جو فکر کروں — تو صاف کاسۂ زانو ہو ساغرِ مہتاب

بڑا ہے آپسے یہ رتبہ خاکساری کا
کہ شامیانۂ عرش برین ہے فرش تراب

ہوا ہے آپکے تہ ران سمند بخشش و حلم
بنی ہے نرگس باغ بہشت چشم رکاب

لکھے جو آپکے ہوتے ہوے کسی کا وصف
صریر خامۂ کاتب سنے بجاے گلاب

جو آپکے ہین اخلاق کا سپیدہ پانی
برنگ سنبل جنت بنے کلیم سحاب

کبھی جو حسن پرستون پر آپ برہم ہون
تو آفتاب قیامت ہو فورۂ برق عتاب

اثر کیا ہے یہ انداز وعظ حضرت نے
بشر تو کیا ہے جمادات تک ہین بیتاب

کنارہ گیر ہے زنار سے سلیمانی
کہ اہل شرک مین لکھا نجاست وجہاب

خیام رتبہ والا ہون عیان بمثل
کمند عرش معظم ہو ایک ایک طناب

جو دلسے آپکے دریوزہ ضیا نکرے
تو صاف ہو رگ یاقوت مہر موج سراب

عدو جناب کے جائین جو جانب مسجد
تو تیغ قہر الٰہی ہو ابروے محراب

کرے صغیر قصیدہ کو اب دعا پہ ختم
کہ مدح پاک کا ممکن نہین ہے استیعاب

زمانہ مین رہے جبتک سپہر سایہ فگن
بچھا ہوا رہے دنیا مین تا کہ فرش تراب

سر فلک سے نہو تاج مہر تا کہ جدا
لگائے تا کہ شہ نیمروز چتر سحاب

نگاہ ہو خرقہ ہون جبتک فقیرون کی پوشش
لباس اہل دول تا ہو اطلس و سنجاب

فغان و نالۂ بلبل کو تا کہین نغمہ
عروس گل کے پسینے مین تا ہو بوی گلاب

روان ہو میری طبیعت کی طرح تا موجین
مرے نصیب کے مانند تا پہرے گرداب

ضعیفون کے لیے ممکن ہو تا کہ ضعف قوی
محال شیب مین ہو تا کہ عود عمر شباب

رہ جنان جو ہی تا بند بت پرستون پہ
کہلین ہمیشہ پئے صلحا تا بہشت کے ابواب

رہین سلامت و شادان جناب مولانا
ہمیشہ ہو چمنستان زندگی شاداب

بدام یوسف کنعان اجتہاد رہین
ہمیشہ آپسے ہو زیب ممبر و محراب

ملال و رنج و کدورت نہ چہو سکے دامن
ہر ایک دشمن و حاسد ہو مبتلاے عذاب

رواج دین نبیؐ نصرت طریقۂ حق
دو چند آپکے باعث ہو تا بروز حساب

صحیح اور سلامت ہون سید العلما
کہ جنکے نقش کف پا ہین خضر راہ ثواب

بحق پنجتن پاک ہون خوش و خرم
عزیز خویش و بیگانہ قریب و احباب

ظہور مہدی ہادی سے دیکھین سب جلد
کرے قبول دعا مین مسبب الاسباب

عدو سے نحس سید ول کو جان کر بیلی
خدا کے حکم سے ہو چشم قیس بین عذاب

مین التماس کرون مختصر کچھ اپنا حال
وفور شوق قدم بوس نے کیا بیتاب

ہمیشہ کیون نہون مداح حاضر و غائب
خلوص دل سے ہے آگاہ ایزد وہاب

مرے بزرگون پر الطاف آپکے تھے مدام
خلوص قلب سے ہو نہین بھی مدح خوان جناب

یہ بات تو ہے بدیہی دلیل کیا لاؤن
کہ مدح آپکی ہے از قبیل استحباب

مرا گواہ ہے حق لا الہ الا اللہ
نہیں ہے کوئی طمع مجکو غیر کسب ثواب

قصیدہ بمدح سلطان العالم و عالمیان خدیو کشور گیر گیتی ستان خاقان جہان پناہ شہنشاہ سلیمان بارگاہ ظل سبحانی خلیفۃ الرحمانی ابو المنصور سکندر جاہ واجد علی شاہ بادشاہ غازی خلد اللہ ملکہ

آئینہ سخن کے لئے ہو گہر آب مین
ہاتھ آئے ... کشتی ... آب مین

لے فرط شوق صاف کر آئینۂ خیال
لے ... تیشہ ... آب مین

سیرین دکھاؤن طبع روان سے نئی نئی
موجین بناؤن آئینہ کی جوہر آب مین

بندش ہو انقلاب نشیب و فراز کی
موتی فلک پر آئے نظر اختر آب مین

ہر بیضۂ حباب سے بلبل نمود ہو
گلہا سے لخت دل جو رہین دم بھر آب مین

بحر غزل مین مطلع رنگین نکال لون
گہولون مین آج رنگ گل احمر آب مین

غزل

آئی ہے موج خندۂ گل اکثر آب مین
بیضہ ہے عندلیب کا ہر گوہر آب مین

تھالا بنا ہے نخل گل آفتاب کا — پر نور ہے شعاع سے ہر چادر آب مین

رنگینی بہار سے موجین ہین شاخ گل — گلبرگ تر ہے مچھلیون کا ہر پر آب مین

ماہیتین بدل گئین فصل بہار سے — ہوتا ہے سبز رکھئے اگر خنجر آب مین

دریا مین آج کون سہی قد نہا گیا — مچھلی کے کانٹے سرو ہین یکسر آب مین

گلدستہ ہائے نخل جواہر نظر پڑین — پھوٹے ہے پھلے جو دانہ ہر گوہر آب مین

ترسا بچون کے شعبدہ بازی سے وقت غسل — ہر گنبد حباب ہے جادو گھر آب مین

دریا کنارے بادہ کشی آپ اگر کرین — سارے حباب بحر بنین ساغر آب مین

اس بحر مین بنائے جو شیرین لبون کی وصف — سمجھتے ہین سامعین گھلی شکر آب مین

ہنگام غسل سینۂ شفاف کھول دو — آئینۂ جمال ہو ہر پتھر آب مین

اس بحر مین ہے فکر قصیدے کی اے منیر — غواص دل کو ہاتھ لگین گوہر آب مین

دریائے فکر سے مجھے مطلع کی چاہ ہے — غوطہ لگا رہا ہے دل مضطر آب مین

مطلع

لکھنی ہے مدحت شہ بحر و بر آب مین — تار شعاع مہر بنے مسطر آب مین

واجد علی شہنشہ خشکی و تر جہان — نوشیروان ہے بر مین تو اسکندر آب مین

دریا دل و فرشتہ خصال و محیط فیض — خشکی مین ابر جود و کرم گستر آب مین

کیا کیا کہون مین فیض کے اسکے تعلیان — جائے در و صدف ہین مہ و اختر آب مین

مطلع کوئی منیر سخاوت مین غرضکہ — پایا ہے فیض شاہ سے گنج زر آب مین

مطلع ہو موج چشمۂ خورشید سے سوا — خجلت سے غرق ہو فلک اخضر آب مین

مطلع

ہے بخشش خدیو جہان پرور آب مین — برج قمر ہے ہر صدف گوہر آب مین

تو ویر دست جود سے پیدا ہوا طلسم — مچھلی کے فلس بنگئے قرص زر آب مین

روشن ہے فیض شاہ سے شمشیر آئینہ
ڈر خوش آب بنتی ہین جوہر آب مین

دریا فروغ جود سے پر نور ہو گیا
ہے ہر حباب برج مہ انور آب مین

کیا کیا ہوا ہے فیض ملک سلطان بحر و بر
زر بخش خاک آب وہ گوہر آب مین

دیکھیے سے دور کیون نہو آسیب مفلسان
پیتے ہین گھول گھول کے نقش زر آب مین

لب تشنگان وادی افلاس کے لئے
گھلوا دیا ہے شاہ نے آب زر آب مین

رکھتی ہین فیض شاہ سے سنگین ل آب و تاب
پارس کی قدر پانے لگے پتھر آب مین

شاہنشہ جہان کی عدالت ہے اسقدر
مشکل نہین جو آگ بنالے گھر آب مین

وہ عدل ہے کہ ربط نقیضین ہو عیان
ہر قطرہ آگ مین رہے اخگر آب مین

دیکھین یہ عدل تو ضعفا سے قوی ڈرین
مچھلی کے پر مگر کو ہین خنجر آب مین

قطرون سے سہم گئے جو وہ چند اپنی آبرو
گھلجائینگے نمک کیطرح گوہر آب مین

اس عدل مین بہی فیض ہے ایسا بہر ابر
مونگا بنے جو آگ رہے دم بہر آب مین

غالب ہوے ہین سخت دلون پر خدا پرست
آہن پگھلتے رہتی ہین آہنگر آب مین

گہوڑے کی کیا سبک روی یان مین رقم کرون
ق
مارے حباب کو یہ اگر ٹھوکر آب مین

سم مین ترے نہ آئے نہ ٹوٹے حباب بھی
عکس خیال ہو یہ ہوا بنکر آب مین

خوش صورت اسقدر ہے کہ کہتے ہین اہل فکر
نہلائین اسکو جلکے اگر دم بہر آگ مین

دہونے مین موی بال کے کہلجا موبمو
پریون نے آج کہولدیے ہین پر آب مین

کیا مدح فیل خاصۂ حضرت رقم کرون
خشکی مین طور مرکب عالی ہر آب مین

ہے زیور طلا مین سراپا لدا ہوا
یہ آب زر مین قصر ہے قصر زر آب مین

موتی ٹکے ہین جہول مین ایسے بڑے بڑے
پایا ہے جنکے دانون نے بحر و بر آب مین

زنجیر اسکے پاؤنکی طوفان نوح مین
کشتی کائنات کو ہو لنگر آب مین

دریا کو اسکا سایہ معطر اگر کرے
پیدا ہو مشک تر عوض عنبر آب مین

شش جہت پناہ شہنشاہ سے عدو — خشکی مین امن پائے نہ ہو جا بجز آب مین

تب جو خضر سے نہ ملے ساحل نجات — دشمن اگر چہ ہنکے سے چھپے بکتہ آب مین

دریا مین شعلہ ڈالے جو شمشیر شعلہ ور — موجین روان ہون تیغ اجل بنکر آب مین

ڈالین عدو کی تیرتی ہمون یون ہی تیغ پر — تڑپتے ہین جسطرح گل نیلوفر آب مین

وین بنی کو شاہ سے ایسا دیا رواج — خشکی مین ہے فساد نہ شور و شر آب مین

ہوتے ہین مستحیل مباحون سے منکرات — سرکے مین جو مزا ہے وہی ہے شراب مین

نور خدا ہے جسم منور مین یون بھرا — گوہر مین جیسے آب ہے گوہر آب مین

بڑھ جائے آبرو یہ قصیدے کے ختم سے — ڈوبا رہون مین مثل گہر یکسر آب مین

سرسبز ہو ہر ایک ہوا خواہ سلطنت — عمر عدو کا غرق رہے دفتر آب مین ؎

جبتک ہون آسمان و زمین ماہ و آفتاب — جبتک کہ لعل کان مین ہو گوہر آب مین

جبتک ہو تاک باغ مین انگور تاک مین — جبتک شراب خم مین ہو نشہ شراب مین

جبتک کہ چوب خشک سے کشتی بنا کرین — جبتک کہ کشتیون کے رہین لنگر آب مین

تا ہو حباب خیمہ ہستی مین میہمان — جبتک طناب موج کہنچے یکسر آب مین

خشکی مین ہون عروج سلیمان کو مرتبے — جاری ہو حکم صورت اسکندر آب مین

مثل نجوم فوج سمندر مین ہو روان — پیدا ہو صورت فلک اخضر آب مین

افزون ہو عمر و دولت سلطان خدا کرے — الیاس بر مین خضر صفا پرور آب مین

شادان رہین بحر و بر مین ہوا خواہ بادشاہ — بدخواہ آپ کے و بے مرین یکسر آب مین

سلطان بادشاہ حال سناؤن منیر کا — خانہ خراب ہے یہ جہان خراب مین

تو بادشاہ بحر و بر روزگار ہے — زر دی اسی زمین مین موتی ہر آب مین

قصیدہ بتعریف و توصیف امیر کبیر فیاض جہان حافظ قرآن کیوان منزلت برجیس شعشت نواب ذوالفقار علی بہادر فرمان فرمای ایالت باندا ؏

رنگ لائی ہے بنا ابکی ہوائے گلزار ٭ گل تصویر سے کیونکر نہ کہنچے عطر بہار

سبزۂ و گل مین بسر ہونے لگے لیل و نہار توسن عمر سبک سیر ہے سبزۂ گلدار

ہے نرالا اثر موسم گل اب کی بار گائے جنگل جو کوئی باغ مین ہوجائے بہار

کون ہے جسکو مقدر مین نہین سیر بہار ہر کسی کا خط تقدیر ہے خط گلزار

وحشی موسم گل بنگئے دولہا یکسر صاف سہرا زر گل کا ہین گریبان کے تار

تیز کی منتقم دہر نے شمشیر قصاص شاخ ہر نخل سے کہینچی ہے خزان پر تلوار

نرگستان نظر آتا ہے بیابان جنون گل نرگس ہوئی ہر چشم غزال تاتار

زلف سنبل مین پرونے لگی شبنم موتی سرمۂ دیدۂ نرگس ہے سواد گلزار

داغ عذارون کے بدن ہوگئی پہولونکی چہڑی وادی عشق مین آئی جو ہوائے گلزار

سرخ ہے مثل شفق لالہ سی صحرا سارا رنگ یاقوت لب حور ہے رنگ ہر خار

کہینچ لیتا ہے نضارت کے سبب نقاش خامۂ نقشک سے ہے اب جلوۂ رنگ نگار

بزم عالم مین نہ ہے یہ تازگی موج نسیم عطر کہینچتی ہین شمیم کے گل کا عطار

سبزہ رنگون نے بہی کی سبزۂ گلشن کی ثنا پہچہے کیون نکرے طوطی رنگ خسار

یاسمن زار کیا ہڈیون کو موسم نے پیٹ بہرتا ہے ہوا کہا کے ہما لیل و نہار

آمد باد بہاری نے دکہایا ہے یہ رنگ روکش گلشن فردوس ہین نقش دیوار

مژدۂ روح فزا اور نوید جان بخش باغ مین آج صبا دیتی ہے آکر ہر بار

آج نواب کے ہے جانب گلشن آمد پیشوا لینے کو جاتے ہین جوانان بہار

ہان اوسے زر گل دیجیو نذرانہ مین گوہر شبنم تر کیجیو آتے ہی نثار

واہ کیا شان سواری کی ہے سبحان اللہ سرمۂ چشم مہ و مہر ہوا اوسکے غبار

مدح حاضر مین پڑہون مطلع خورشید ضیا صبح اقبال کے صفحون سے ہون پیدا آثار

مطلع

یہ بڑہا تیری سواری سے عروج اور وقار پست ہے مثل زمین گنبد چرخ دوار

سامنے فوج کے ہی حلقہ فیلان جلوس
سنئے دریا مین نمایان ہی جہازون کی قطار

پر دن ہیکہ مروحہ جنبان ہے ہماے اقبال
چتر بالاے سر پاک ہے ظل غفار

تو مسیحا ہے ترا قصر ہے بیت المعمور
کیون نہو قبلہ نما طائر رنگ بیمار

بہر تسلیم خمیدہ ہے سر خیل فلک
کیا کرون فیل سواری کی بلندی کا اظہار

ایسی دیکھی نہین رفتار سیہ مستی کی
اکثر اٹھتا ہے تماشے کے لئے ابر بہار

مشک کے عطر سے خوشبو ہین پسینا بہتر
سنبل گلشن جنت کی ہے سایہ مین بہار

موجین ہین چشمۂ حیوان کی جو دندان سفید
مور پامال کو کرتا ہے یہ فوراً جاندار

کھینچتا ہون فرس خاص کی تصویر ابھی
ہے مگر پیکر قلم شہپر عنقا درکار

شعلہ دم برق قدم تیز شمیم آہو رم
رعد آواز پری پیکر و صرصر رفتار

چال سے اسکی حسینان ختن چین بجبین
نعل محراب در رحمت رب غفار

بارہا آنکھون سے ہم دیکھ چکے ہین یہ رنگ ق
تو جو عینک کو لگائے ہوے ہوتا ہی سوار

ابھی چشمہ سے نکلنے نہین پاتی ہے نگاہ
آئینہ عرش کے دریا سے یہ ہوتا ہے پار

رحمت فیض و کرم ہو نہین سکتی مجھسے
نقطۂ فیض ہے ہر خال کف گوہر بار

نظر فیض اگر دشت و جبل پر پڑ جاے
تا ابد پارس و اکسیر بنے سنگ و غبار

دست پر نور نے اسدرجہ زر افشانی کی
خط تقدیر جہان پہ ہوے مہر دینار

نام کو بھی کوئی محتاج نہین دنیا مین
گنجفہ کھیلین تو آتی نہین بازی نادار

اب سلح خانہ کی تعریف رقم کرتا ہون
قطع ہو جس سے دل حاسد تمکین و وقار

تیری تلوار سے مقتول اگر دشمن ہو
فائدے کے ہون زمین اور فلک مین آثار

آگ خاک آب و ہوا چوگنی ہو کر بڑھ جائین
چار چار آب کی تلوار سے ہون عنصر چار

فتح ہے بھیس مین شیر نیکے ہمیشہ ہمراہ
جوہر شیر سحر عید ہے تیری تلوار

دام گیسو کے پری سے بھی زیادہ ہے زرہ
چار آئینہ ہین پیشانی خوبان بہار

دستہ تیغ کش پر نور ہے جا روب اجل
اسی تلوار کے قبضے مین ہے دنیا ساری
کیا ترے عدل کی تعریف ہو اے چشمہ فیض
شب گیسو مین کرے وزد نگہ کیا چوری
رات کے قبضہ مین ہے تیغ مہ نو یعنی
تھک گئی جشن خرامی سے حسینان جہان
دیکھکر کہتی ہین سب سرو قد و نکی گیسو
منہد یان ملکے ہوئے دست بقبضہ محبوب
اہل دولت کو ہو شبخون کی کیونکر دہشت
نہی منکر جو سنے انجمن عالم مین
گوسپندون کی چراگاہ ہوا گلہ گرگ
بزم عالم مین ہے یہ حکم شریعت کی دہوم
لب ہر جام سے توبہ کی صدا آتی ہے
تہم ہے آب روان حکم روان سے تیرے
رطب و یابس ہے ترے حکم مین ماشاء اللہ
رفعت قصر طلائی کی کہون کیا اوصاف
گلشن خلد ہے گلدستہ محفل گویا
ہمسری قصر معلے سی جو کی ہے اس نے
دود قلیان سے معطر ہوی بزم عشرت
سبق آموز فلاطون ہین غلامان حضور

شاہد مرگ کی ابرو ہین کمان خمدار
تیر سے بندوق ہے گھوڑے کو کہون شیر شکار
آب و آتش مین تخالف نہین باہم زنہار
ہندو خال بتان آپ بنا چوکیدار
حبشی گشت کو پہرتا ہے لگائے ہتہیار
ٹہوکرون سی بہی تو ہوتا نہین فتنہ بیدار
لو مبارک ہو یہ طرار کہنچا ہی سردار
گردن وزد حنا پر ہے ہمیشہ تلوار
پاسبانی کے لئی بخت ہے اُنکا بیدار
توڑ دے دست سبو آپ ظروف خمار
دہن شیر ہے گہوارۂ آہوے تتار
شور ہے زمزمہ کا غلغلۂ استغفار
خط ساغر ہے دعاے قدح اے عرش وقار
تو جو فرماے تو کوسون بہی دوڑین کہسار
تیرے قبضے مین تر و خشک ہی اے عرش وقار
عرش کو رکھتی ہے سایہ کے تلے ہر دیوار
حوصلہ سے بہی ہے وسعت ہین سواے دربار
اوج کہتا ہے کہ دستار فلک سر سے اتار
باغ قالین مین کھلا سنبل فردوس بہار
عقل کامل تری شاگرد ہے اے عرش وقار

تحفہ جمال مرا سینہ ایسا ہے عرش نما — رشتہ طول امل اب تو ہے طول گفتار
کردیا خاک سے بہتر نہیں پستی سے مجھے — شرح کی کچھ نہیں حاجت جو کہوں میں اظہار
قرینے کو کرکے تم فکر پرستا ہی دل — تنگدستی سے دیا نیتی سے بدتر آزار
قدردان شعر اعتلا دنیا میں ہیں آپ — تذکرہ یا ہیں ان پر کہ ہیں اقدار شعار
اس طرح ہو پر کروں اب ختم قصیدہ کو نظیر — جبتک آئے یا کرے ہر سال گلستان میں بہار
منبر سرو ہوتا جائے خطیب قمری — [illegible] گل تار ہے صبر بلبل زار
گل خورشید کھلا باغ فلک میں جبتک — چمنستان میں ہوتا ہے بہار سی دربار
طفل غنچہ ہی ہے جبتک کہ گلستان میں — تا کہ محبوبہ گلزار سے ہے باغ و بہار
تار ہے آئینہ صبح صفا یا رب — تا کہ آفاق میں ہو گیسوئے شب عنبر بار
عمر و اقبال بڑھے روز ابد تک تیرا — حاسدوں کیلئے ہو گرم اجل کا بازار
دولت و جاہ و حکومت کی ترقی ہو مدام — سب امیر آکے کریں فخر سے تیرا دربار
باغ امید ہوا خواہ ہو یارب سرسبز — چشم دشمن میں کھٹکتا رہے خار ادبار

قصیدہ بمدحت و مبارکبادی جشن غسل صحت خداوند امیر سلیمان احتشام سپہر احتشام قدردان سخنوران شاعر معجز بیان و فیض رسان نواب تجمل حسین خان بہادر رئیس مرحوم فرخ آباد

قلزم فیض سے کسکے ہوئے پیدا گوہر — اپنے کوزہ میں لیے پھرتے ہیں دریا گوہر
دستگیری ہوئی پایا لونکی کسکی مطلوب — آبلوں سے ہوئی کس واسطے پیدا گوہر
[illegible] کو ہاتھوں میں پہنچے — کرتے ہیں جمع اندر تسبیح سے رشتا گوہر
غسل صحت کی خوشی کونسی دنیا میں ہے — کسکے صدقے کیلئے لائے ہیں دریا گوہر
بار آئی ہے یہ کسکی شب جشن صحت — آج تاروں کے لٹاتا ہے مسیحا گوہر
[illegible] — چرخ سے لوٹنے کو آئی ہے زہرا گوہر

عرض کا سامرتبہ ہو نواب نصیر الدولہ
صدف قدرت حق کا ہے جو یکتا گوہر

مطلع

دست پر نور ہے سائل کو جو بخشا گوہر
ہو گیا دست گدا میں ید بیضا گوہر

آبرو پاؤں اگر اسکے تصور میں رہوں
گردن شیشۂ دل کا ہے منکا گوہر

فیض والا ہے نہیں اہل عدم بھی محروم
فرط بخشش سے ہوے بیضۂ عنقا گوہر

آپ کے فیض نے جب ابر کرم برسایا
رعد کے بدلے گرجنے لگے کیا کیا گوہر

نہ چھوا تو نے جو اے مہر سپہر ہمت
مہر و مہر سے ہوا کانپ کے نیلا گوہر

ہوا گر واسطے تسبیح کے حکم والا
بیندھ دے نوک مژہ سے ابھی زہرا گوہر

تیری دریائے کرم کی نہ لگی کبھی اتھاہ
آب میں اپنی عبث کھاتے ہیں غوطا گوہر

آبرو اہل صفا کی یہ بڑھی تیرے حضور
ہو گئے خاک کف پا سے مصفا گوہر

اہل تقوی پہ اگر آپ گہر افشان ہوں
دانہ کے بدلے چگے مرغ مصلا گوہر

زال دنیا نے بھی بالوں میں پروئے موتی
روز لوٹے ترے سرکار سے صدہا گوہر

بسکہ ہے عام ترا فیض مجھے کھٹکا ہے
نہ بنے شوق میں ناقوس کلیسا گوہر

لب دریا جو کہے گرم رو ہے توسن خاص
آر چلیں بطن صدف ہی سے شرر آسا گوہر

ق

تیز ایسا ہے یہ گھوڑا دم رفتار اگر
پھینک دو ڈھالے جگہ میں کوئی اچھا گوہر

شش جہت میں یہ فلک سیر پھر آئے جا کر
ایک پہلو بھی نہ بدلے ابھی اصلا گوہر

ہاتھی ایسا ہے سبکرو کہ قدم سے جسکے
ٹوٹا کیا کہ نہ ہو نام کو میلا گوہر

پانی خرطوم سے پھینکا تو بنا در خوشاب
برسے اس ابر سیہ مست سے کیا کیا گوہر

دیکھکر موتیوں کی جھول یہ سب کہتے ہیں
پہنے پھرتی ہے عروس شب یلدا گوہر

تیری شمشیر شرر دم کی جو تیزی سن پائیں
قطع کر دیں صدف بحر سے رشتا گوہر

عشق کا حسن کو ہے موتیوں کی آب سے فیض
ملگئے عاشق و معشوق کو کیا کیا گوہر

کوئی اس سیف سے تشبیہ اگر موج کو دے
اپنے روزن مین چھپا سے پھرین دریا گوہر

جوہر ایسے ہین مصفا کہ سمجھتے ہین سب
آب شمشیر مین شاید ہوئے پیدا گوہر

تو جو چاہے تو کرین پھر طرف اصل رجوع
لعل و یاقوت تو پتھر بنے قطرا گوہر

آپکا نام جو اطفال کرین ورد زبان
دودھ کے دانت بنین منہ مین مصفا گوہر

ختم کرتا ہے دعا پر تری تعریف منیر
ہاتھ آتا نہین اب نظم کا اچھا گوہر

ابر نیسان سے ہے جبتک کہ درفشان یارب
قلزم و بحر مین جبتک کہ ہون پیدا گوہر

میرے نواب ہمیشہ ہون صحیح و سالم
مسند آرا رہے تا حشر یہ والا گوہر

عمر و اقبال زیادہ ہو عطا ہو فرزند
روز برسین در دولت سے خدایا گوہر

اپنے مداح کی اب عرض خداوند سنین
نذر کیواسطے لایا ہون مین کیا کیا گوہر

سچ یہ ہے آپ سخنگو بھی سخن فہم بھی ہین
دیکھئے انمین سے کوئی نہین جھوٹا گوہر

آبرو آپکی خدمت مین بڑہی ہے ایسی
بنگیا اختر تقدیر ہمارا گوہر

منہ مرا گوہر انعام سے ہو مالا مال
دہن فکر کے ہون دانت سراپا گوہر

اپنے مداح پر اب کیجیے بخشش کی نگاہ
بخشئے آج یم فیض سے آقا گوہر

قطعہ نذر جشن عید بمدح امیر خورشید تنویر نواب معین الدولہ انتظام الملک سید باقر علیخان بہادر ظفر جنگ خلف نواب معتمد الدولہ بہادر مغفور مبرور

حسرت آگین دیکھکر مجکو یہ ہاتف نے کہا
کیون تو نقش بوریائے فکر دنیا ہو گیا

نذر جشن عید لیچل اُس سخی کے سامنے
فیض جسکا گلشن ہمت کا طوبا ہو گیا

صدر ہمت کا وہ یوسف ہے کہ جسکے فیض سے
جام گردون کشتی عمر زلیخا ہو گیا

شاعر معجز بیان و قدردان شاعران
شعر [?] جسکا مطلع مہ سے دوبالا ہو گیا

کرکے تعریف اُس سخی کی آبرو اپنی بڑہا
دیکھنا ایک ایک نمین قطرے سے دریا ہو گیا

اسقدر آنکھین در دولت سے مل جو سب کہین
حلقۂ در چشم مژگان کو جھلا [?] ہو گیا

ہے وہ نواب معین الدولہ فیاض زمان
دست حاتم نقش پا جسکا سراپا ہوگیا

مدح گر اسکی کہ وہ ممدوح خاص و عام ہے
نام اسکا ابر و بخشش میں مہینا ہوگیا

مدح حاضر میں وہ مطلع عرض کرتا ہے منیر
جب سخن ناقص مطلع ابر جیسے پیدا ہوگیا

مطلع

گلشن فیض آپ کا سرسبز ایسا ہوگیا
کاسۂ سائل زمرد کا کٹورا ہوگیا

آسمانوں پر تجلی ہے غبار راہ کی
ذرہ ذرہ خاک زہرہ سے زیادہ ہوگیا

قلب ماہیت ہوئی غم کی تری سرکار میں
لخت دل آنکھوں میں آتے آتے نگینہ ہوگیا

تیرے جلوے سے ہوئی روشن شب بخت
نقش پا آئینۂ صبح تمنا ہوگیا

سونے کا پانی پلایا تشنگان مال کو
آب زر کا عالم خاکی میں دریا ہوگیا

آپنے کی درفشانی ایسی بالای زمین
ابر نیساں چرخ پر پانی سے پتلا ہوگیا

ہوگیا سیمین بدن سائل جو آیا سامنے
فیض عالی سے سمند عمر نقرا ہوگیا

سائلوں کو ہر طرح کا مال بخشا آپنے
باغ عالم میں زر گل کا بھی توڑا ہوگیا

کیوں نہ ہوں تعبیر خواب حضرت یوسف حضور
خلعت فضل و شرف قامت کو زیبا ہوگیا

ہر روش منظور ہے زر بخشی اہل زمین
سکۂ زر صاف ہر نقش کف پا ہوگیا

آپنے ایسی بڑھائی قدر ارباب کمال
اختر بخت ہنر کیواں سے اونچا ہوگیا

جو در دولت پہ سر بہر کرنش خم ہوا
جھکتے جھکتے قد اسکا ہلال عید اضحی ہوگیا

دست نورانی سے پایا شمع دولت نے فروغ
ہر درم گویا چراغ دست موسے ہوگیا

ہوگئی معراج عقل دوربین کو آپ سے
شعلۂ ادراک نجم عرش اعلے ہوگیا

سر جھکایا جب در دولت پر اسے خاص
کاغذ تقدیر ہر سائل مطلا ہوگیا

ختم کرتا ہے دعا پر آپ کی مدحت منیر
مختصر یہ نذر والا کو مہیا ہوگیا

تجھکو دیتا ہوں قسم یارب نبی پاک کی
صدقہ اس مذہب کا جو فخر مسیحا ہوگیا

واسطہ اُسکا جو مخدومہ کونین ہے
جسکا دامن حور جنت کو مصلا ہو گیا

کعبہ مین پیدا ہوا جو اس ولی کا واسطہ
صدقہ اُسکا جو شہید زہر اعدا ہو گیا

عمر و دولت یہ بڑھے ممدوح کی جو سب کہین
رشک اسکندر ہوا مثل مسیحا ہو گیا

لکھنو کی مجکو رخصت ہو عنایت آجکل
وہ ہو ہم ہو یہ مدعا میرا پذیرا ہو گیا

قطعہ در جواب شقہ امیر کبیر نواب یوسف علیخان بہادر ولیعہد ریاست رامپور

ہین آپ خضر راہ سخاوت جہان مین
محتاج کو غبار قدم کیمیا ہوا

اسدر سے حضور کے دروازہ کا شرف
سایہ پڑا تو خاک سے پیدا ہما ہوا

کہویا غبار راہ نے آسیب مفلسی
تعویذ سے اثر مین سوا نقش پا ہوا

محروم کوئی بہی نہین فیض حضور سے
کجکول آسمان نظر آیا بھرا ہوا

سجدہ کیا جو مین نے در عرش رتبہ پر
خورشید اوج اختر بخت رسا ہوا

ایسا بسا ہون نکہت اخلاق پاک سے
دل کا غبار مشک ختن سے سوا ہوا

میرے ریاض عمر مین فیض حضور سے
تاریخ مہر ہر شجر مدعا ہوا

غم کو کیا سرور نگاہ جناب نے
ہر قطرہ سرشک در بے بہا ہوا

سادات و اہل علم کی ہر دم ہے پرورش
فیض آپ کا جہان کو فضل خدا ہوا

شقہ بہی زاد راہ بہی بہیجا حضور نے
حکم طلب سے باغ تمنا ہرا ہوا

معذور رجوع کعبہ مقصد سے ہون مگر
ان روزون سنگ راہ بڑا حادثہ ہوا

ناچار پہیرتا ہون عطیہ حضور کا
عرضی مین حال سب ہے یہ مفصل لکہا ہوا

ہو میری یاد بعد محرم تو خوب ہے
اُسوقت مرحمت ہو جو کچھ اب عطا ہوا

دربار مین منیر غزل خوانیان کرے
طوطی حضور مدحسرا ہین بہ بولتا ہوا

یارب ہزار سال سلامت رہین حضور
ورد طلب کو نام مبارک دعا ہوا

سالگرہ نواب رئیس حال فرخ آباد

ناخن عیش سے کیونکر نہ کھلین عقدۂ دل — ہوئی نواب کی لسئے بار خدا سالگرہ
سلطنت ملگئی درویشون کو سبحان اللہ — ہوئی صاحب اثر ظل ہما سالگرہ
کوئی عقدہ کہین جز زلف حسینان نہ ملا — ایک عالم کی ہوئی عقدہ کشا سالگرہ
نقد عمر ابد ایک ایک گرہ مین باندھا — رشتۂ جان مسیحا ہوئی کیا سالگرہ
آبرو پا گئے اس جلسہ مین ارباب صفا — ہوئی عقد گہر بیش بہا سالگرہ
ہمسری کرتی ہے طول امل عاشق سے — ہوگئی سلسلۂ زلف رسا سالگرہ
شب عشرت مین فلک کہتے ہین تارونکو نثار — کہکشان بنکے ہوئی جلوہ نما سالگرہ
غنچون سے دلکی گرہ کہل گئی کہل گئی پہپہا — کیا فرح بخش ہوئی لے باد صبا سالگرہ
فقرا آج غنی ہوگئے اللہ اللہ — زرفشان ہے صفت فضل خدا سالگرہ
ناچ مین گاتی ہین پریان بہی مبارک آیا — کہتے ہین صل علی صل علی سالگرہ
تہنیت کی ہین زمین اور فلک مین ہوئین — حورین گاتی ہین جدا زہرہ جدا سالگرہ
پہونکتی ہے بدن عیش مین جان تازہ — بنگئی ہے دم عیسی کی ہوا سالگرہ
تار انفاس جہان ہوگئی گنگا جمنی — سیم و زر دیتی ہے ای بحر عطا سالگرہ
عید اس جشن کو سمجہے ہین نمکخوار قدیم — یون ہی ہر سال کرے جلوہ نیا سالگرہ
شفق سرخ کی شال ڈالگیا پیر فلک — دی گئی ہر گل بستان کو قبا سالگرہ
آگیا وقت مناجات بڑہا ہاتھ منیر — کانٹھ مین باندھتی ہے نقد دعا سالگرہ
تا زمانہ مین ہے سلسلۂ عمر دراز — ہو سلاطین کی آفاق مین تا سالگرہ
ہر برس باد بہار آئے چمن مین جبتک — تا کہ غنچون کی کرے باد صبا سالگرہ
عمر و دولت مرے نواب کی ہر دم ہو دو چند — ہو ابد تک یونہین لے بار خدا سالگرہ
آب خاصہ مرے نواب کو ہو آب حیات — رشتۂ عمر خضر سے ہو سوا سالگرہ

مین بھی امید لگائے ہوئے بیٹھا ہون منیر — دیکھون انعام مین دلواتی ہے کیا سالگرہ

قطعہ در مدح جناب نواب احمد حسین خان بہادر سالک عرف مشہور آغا صاحب دام اقبالہ

آئی ہے آج صبح طرب بہر تہنیت — العیش کا ہے غل دل نالان کے سامنے

لکھتا ہون کس امیر ہمایون کو عرضداشت — مضمون نو کی صف ہے دل و جان کے سامنے

بالا ہے ماہ و مہر سے یہ قطعہ بند گیا — جاتا ہے کس امیر سخندان کے سامنے

وہ بہروز بلبل ہے ایسا وحید دہر — سلمان بھی پست جسکے ثناخوان کے سامنے

نواب مہر شعشعہ احمد حسین خان — شہرت ہے جسکی قیصر و خاقان کے سامنے

والا ہے قدر رتبہ نواب نامدار — چرچا ہے یہ سکندر و قاآن کے سامنے

کیا حاتم و برامکہ و معن کی ہے اصل — نادم ہین اسکی ہمت و احسان کے سامنے

کوٹھی سے اسکے گنبد گردون بھی پست ہے — میلی ہے صبح دامن دربان کے سامنے

مسند سے اسکے گرد ہے نور آفتاب کا — بجلی ہے ماند پردۂ ایوان کے سامنے

نواب کے حضور زری پوش ہین کھڑے — جیسے ستارے ہون مہ تابان کے سامنے

گلدستے اس بہار کے رکھتے ہین ہر طرف — گرتے ہین پھول روضۂ رضوان کے سامنے

صف بستہ شاہدان خود آرا ہین بزم مین — پریان کھڑی ہین تخت سلیمان کے سامنے

نواب نامدار نے پائی بہار حسن — پژمردہ گل ہین عارض تابان کے سامنے

تصویر یوسف آپکے نقشہ کے روبرو — انشا ہو جیسے سورۂ قرآن کے سامنے

اس حسن اس جمال پہ اس درجہ رعب ہے — سورج ہے زرد عارض رخشان کے سامنے

بیمثل نظم و نثر مین ہے وہ فصیح عصر — چرچا ہے یہ انوری و سلمان کے سامنے

نطق کلیم آپ کے اشعار کے حضور — الکن ہے بات آیۂ قرآن کے سامنے

جس فقرے مین ہے وصف فصاحت حضور کا — کہتا ہے مطلع لب سحبان کے سامنے

پیش بہار طبع مبارک ہے یون بہشت — سادی کتاب جیسے گلستان کے سامنے

یہ جلوہ و وقار کہاں کوہ طور میں
کہدوں یہ بات موسی عمران کے سامنے

بیخود ہو شور صور سرافیل جانکر
نعرہ کریں جو رستم دستان کے سامنے

نواب کے حضور ہیں یہ آن روزگار
روباہ جیسے شیر نیستان کے سامنے

دریا ہے اسطرح کف دربار کے حضور
جسطرح ابر مردہ ہو نیسان کے سامنے

حاتم کے ہاتھ آپکی ہمت کے روبرو
دست فقیر ہیں کف سلطان کے سامنے

اخلاق میں حضور سے ہمسر ہو بوے گل
کانٹے اگر ہوں روضۂ رضوان کے سامنے

پیراہن حضور کی اللہ رے چمک
سورج چھپا ہلال گریبان کے سامنے

بیرنگ یوں بہشت ہے پیش ریاض خلق
دشت خراب جیسے گلستان کے سامنے

سر پر چمک ہے تاج جواہر نگار کی
تارے سفید ہیں دُر غلطان کے سامنے

تیغ کف حضور کی تا چرخ دھوم ہے
کٹتی ہے بجلی اس شرر افشان کے سامنے

یوں پیش اسپ خاص ہے برق فلک ذلیل
جیسے دھواں شمیم گلستان کے سامنے

یوں اسکے نقش سم سے ہے محجوب آفتاب
جگنو ہو جسطرح مہ تابان کے سامنے

دور سپہر حلقۂ بیرون در رہے
کاوہ پھرے جو گردش دوران کے سامنے

دنیا کے ہاتھی آپکے ہاتھی کے روبرو
جیسے بگولے گنبد گردان کے سامنے

بیقدر اسکے دانتوں سے یوں ہے ہلال عید
لکڑی ہو جیسے ساعد خوبان کے سامنے

سیندور اسکے ماتھے پہ ایسا ہے خوشنما
جیسے شفق ہو کوہ بدخشان کے سامنے

کمزور بھی دلیر ہیں حضرت کے عدل سے
ہیں گوسفند شیر نیستان کے سامنے

الطاف سے حضور کے ہے دل قوی بہار
رنگ خزان ہے زرد گلستان کے سامنے

مرغوب ہے حضور کو توسن شتاب بین
ہوتا ہے وصف توسن سلطان کے سامنے

مصروف تہنیت ہیں چمن کو ترانہ سنج
کرتے ہیں زمزمہ گل خندان کے سامنے

جیسے سنا کہ ہیں متوجہ ادھر حضور
امید بھی چلی اٹھکے دل بیجان کے سامنے

اس قطعہ کو تمام دعا پر کرے منیر ‏ جاتا ہے یہ امیر سخندان کے سامنے

جبتک کہ آفتاب سے تارے چھپا کرین ‏ جبتک ہین ذرہ مہر [illegible] انکے سامنے

جبتک پڑے ہون بال حسینون کی پشت پر ‏ آئینہ ناہون چہرۂ خوبان کے سامنے

جبتک کہ گل چمن مین کرین بلبلون سے ناز ‏ جبتک ہون بلبلین گل بستان کے سامنے

ممدوح کو شکوہ سکندر نصیب ہو ‏ ہر ایکدم ہون عیش فراوان انکے سامنے

سر سرکشون کے خم رہین بخدا پائمال ‏ سروار سرنگون رہین دربان کے سامنے

تعریف مین منیر قصیدہ پڑھا کرے ‏ کرتا ہے یہ عرفی و سلمان کے سامنے

دیتے ہین طرفہ لطف قوافی شایگان ‏ یہ گنج شایگان ہے سخندان کے سامنے

استادگان ورگہ والا ہین موجود خلق ‏ بیٹھون اگر کے قیصر و خاقان کے سامنے

جی چاہتا ہے روز سر منبر حضور پر ‏ خطبہ پڑھون فصاحت سحبان کے سامنے

قطعہ نذر عید قربان بحضور نواب علی بہادر دام اللہ اقبالہ

نواب کے کرم سے زمانہ ہے کامیاب ‏ باندھے ہین روزے جنکے چرچا ہے عید کا

بجتی ہین نوبتین در دولت کے سامنے ‏ نواب کے طفیل سے ڈنکا ہے عید کا

گاتی ہین بلبلین بھی ترانے بہار کے ‏ ہر پھول باغ باغ ہے شہرا ہے عید کا

کپڑے بدل رہے ہین جوانان بوستان ‏ ہر طفل غنچہ خوش ہے کہ میلا ہے عید کا

پھولے نہین سماتے ہین باغ جہان مین پھول ‏ پھولا ہوا چمن ہے چمن مین شگوفہ ہے عید کا

باد صبا سے ملتے ہین گل کھول کر بغل ‏ سامان باغ دہر مین کیا کیا ہے عید کا

نواب جشن کرتے ہین دیوانخانہ مین ‏ سامان بہر نذر مہیا ہے عید کا

دریا صفت ہے تاج مرصع کی آب و تاب ‏ کیا تاج گہر مین برستا ہے عید کا

دربار مین حضور کے چہرے کی ہے ضیا ‏ ملبوس زرفشان مین تجلا ہے عید کا

طبلے کی تھاپ گونجتی ہے ناچ کی ہے دھوم ‏ پریان کھڑی ہین مجرے کو جلسا ہے عید کا

گویا برسے ہین در دولت پہ ہر طرف — موتی ہر اک چراغ شبستان ہے عید کا
لایا ہے آفتاب سپر نذر اشرفی — کشتی سپہر مین بپا ہے عید کا
باد بہار لائی ہے پھولونکی ڈالیان — ہر گل کے پاس جامۂ زیبا ہے عید کا
دیوار و در مرقع عیش و نشاط ہین — جس جا کہ ٹھٹے ہین دیکھیے نقشہ ہے عید کا
ہر دم خدا کے فضل سے دربار خاص مین — نوروز کی ہے سیر تماشا ہے عید کا
حیرت جہان کو ہے سخاے حضور سے — دل آئینہ کی طرح مصفا ہے عید کا
رہتی ہے روز بارش باران آب زر — اللہ رے فیض رنگ سنہرا ہے عید کا
نواب کے کرم سے ہے سبکو مدام عیش — عالم مین روز روز نظر آتا ہے عید کا
حاضر سلام کو ہے شب قدر شام سے — ہر صبح و دم حضور مین مجمع سا ہے عید کا
بیمار تیرہ روز کے آلام سے ہوئے — وحشت طبیب فیض مین نسخہ ہے عید کا
ہے خون اضحیہ سے شفق گون تمام شہر — قربانیون کی ہے وہ دھوم چرچا ہے عید کا
ہر روز وہ ہی عید سے ہے کامیاب خلق — جسکے بغل مین دیکھیے جوڑا ہے عید کا
بنوائی ہے حضور نے کوٹھی وہ بے نظیر — مشہور جسکے قرب سے رتبا ہے عید کا
اہل ہمم کے دل سے رفیع و وسیع تر — فرش زمین پاک مصلا ہے عید کا
ذروں نے اسکے پائی ہے مہر کی روشنی — اللہ سے پوش آج سراپا ہے عید کا
مسند بچھی ہے بہر عیش و طرب صحن عید گاہ — کرسی اسی مکان کی تکیا ہے عید کا
حضرت علی سے دولت و اقبال ہین خطیب — منبر ہے عرش مرتبہ خطبا ہے عید کا
ہے نذر دینے کے لیے جانبازونکا ہجوم — سامان ہند مین یہی اعلا ہے عید کا
عیش و نشاط ہین متوجہ اسی طرف — دروازہ عید گاہ کا قبلہ ہے عید کا
صف بستہ فوج فوج سوار و پیادہ ہین — دروازہ پر جا بسر جنت ہے میلا ہے عید کا
اس نظم کو تمام دعا پر کرے بشیر — مذکور اس مین حال سراپا ہے عید کا

عیدین حضور کو ہون کروڑون جہان مین
جبتک خدا کی خلق مین چرچا ہے عید کا

دشمن حضور کے ہون محرم کے سوگ مین
سامان خیر خواہون کو زیبا ہے عید کا

بدخواہون پر حضور کے یون عید ہے حرام
جیسے حرام شرع مین روزا ہے عید کا

قطعہ شکریہ عطیہ رومال جالی بخدمت امیر فقید النظیر فیاض عالمیان نواب اسد الدولہ بہادر عرف نواب بہادر متخلص بہ ذکی دام اقبالہ

ہزارون بخشین آنکھین میرے یعقوب بینا کو
دیا نواب یوسف جاہ نے رومال جالی کا

ریاض فیض کی پہولون کی چھڑیان ہین ظاہر ہین
کڑہا ہے بیل بوٹا گلشن نازک خیالی کا

بہاے اوج مقصد کے لئے دام اسیری ہے
نگین مہر جم کا خانہ ہے ہر خانہ جالی کا

سراسر شاہد دولت کی سر سے پاؤن تک آیا
ہوا ہر خانہ نقطہ مصرع مضمون عالی کا

سفیدی اور براقی صباح عید سے بہتر
صفا مین صاف آئینہ ہے حسن بیمثالی کا

اسی رومال سے حورون نے شاید گال پونچھے ہین
گل رخسار سے پتا نہین چھڑیون کی ڈالی کا

جلالت قدر کی حاصل ہوئی رومال جب اوڑہا
نہین ہے اسکی جالی نقش ہے اسم جلالی کا

مرے نواب کی یارب حکومت ہو زمانہ مین
فلک پر بہی ہو جاری حکم معزولی بحالی کا

فقط ہے فیض نواب بہادر کا منیر اتنا
وگرنہ مین مقر ہون آپ اپنی بیکمالی کا

قطعہ بمدح جناب فیض مآب نواب ظفر الدولہ علی اصغر خان بہادر دام شوکتہ

سبکو غمناک سمجھ دیکھکے بولا ہاتف
کیسا نقش بنا ہے ورق حیرت کا

چپ ہے کیون نشۂ افیون تفکر سے منیر
زہر آلودہ ہے کیا جام تری قسمت کا

منتظر ہین ظفر الدولہ علی اصغر خان
جلد حاضر ہو کہ حاصل ہو صلا خدمت کا

باادب ناصیہ فرسا ہو بجا لا تسلیم
سرمہ آنکھون مین لگا خاک در دولت کا

مدح حاضر ہین سنا دے کوئی مطلع ایسا
انوری زرد ہو رنگ اُڑنے لگے شوکت کا

مطلع

فخر کیونکر نکرے صحن زمین رفعت کا
نقش پا ہے کہ قمر ہے فلک ہمت کا

طرۂ زر نہیں دستار سر اقدس میں
پھول ہیرے کے نظر آنے لگے طوبی میں
رنگ دیتا ہے طلائی تری فیاضی سے
تیرے باعث سے ضعیفوں کے ارادے میں قوی
چرخ کو آئنہ اوج مراتب سمجھوں
ایک ہیں شاہ و گدا واہ رے اخلاق عمیم
زہد و تقوی سے وظیفے میں ادا کرتے ہیں آپ
ہر فلک زیر زمیں ڈر سے دبا جاتا ہے
اب تو آوازۂ کسری ہے صدا طوطی کی
علم میں فضل میں دنیا کے کمالات میں طاق
رنگ جلا و خاک زرد ہے ترے ڈر سے
گنبد چرخ شب و روز نہ کیوں کر گونجے
حسن یوسف ہے تو اقبال سلیمان ظاہر
ختم کرتا ہے دعا پر تری تعریف منیر
یا الہی رہیں جب تک فلک و ماہ و نجوم
تا چمن میں رہیں نہال اور نہالوں میں شاخ
تا کہ رنگت میں لطافت ہو لطافت میں صفا
تا کہ نکہت سے دماغوں کو ہو کیفیت عطر
راحت و عیش بڑھے جاہ و حشم افزوں ہو
دوست سرسبز رہیں آپ کے دشمن پامال

کیا چمکتا ہے ستارہ فلک رفعت کا
ہنس پڑے آپ تو پیرنگ ہوا قامت کا
دل میں مفلس کے اثر بھی نہ رہا حسرت کا
قد خم گشتہ ہے تیغ کمر ہمت کا
عکس ہے مہر جہانتاب تری صورت کا
نام لیتے نہیں بھولے سے کبھی نخوت کا
ڈھنگ [illegible] سے ہے آٹھ پہر صحبت کا
سرکشوں پر بھی یہ چھایا ہے اثر ہیبت کا
شور کوس لمن الملک میں ہے شہرت کا
ہر گھڑی اہل ہنر سے ہے مزا صحبت کا
نقش بیٹھا ہے زمانہ میں تری جرأت کا
آج آفاق میں ڈنکا ہے تری نوبت کا
[illegible] دیکھا وہی آئینہ بنا حیرت کا
ولولہ دل میں ہے ہر چند ابھی مدحت کا
تا کہ ہے سبز زمانہ میں چمن خلقت کا
تا کہ شاخوں میں ہو گل گل ہیں اثر نکہت کا
تا صفائی سے رواں قافلہ ہے نکہت کا
تا کہ ہو عطر سے روحوں کو مزا راحت کا
تیرے قبضہ میں خزانہ رہے ہر دولت کا
ذکر ہو دے نہ کبھی رنج و غم و محنت کا

قطعۂ غیر منقوط بمدح ابر کرم بحر ہمم حضرت علی نقی نواب کلب علی بہادر دام اقبالہم

دعا اہل عالم سرور اہل کرم — مہر عدل و کوہ حلم و عالم علیم و عطا
محرم اسرار ہر دل سطر لوح کا مہر روح — اسم اُس سردارِ عالم کا ہما طالع ہوا
حکم اُس کا کوہ آسا اور وہ اعلی کرم — عدل اُسکا عطر گل وہ اہل دل کا مدعا
وہ سوا ہر حصہ ہوا اور اُسکا راہوار — عمر اعدا روح طاؤس ہوا وہم وہوا
لمعۂ طور کرم سرور ہوا اہل دل — مہر لامع ماہ ساطع سرورِ ملک عطا
... وہ اُسکا ہو طالع ہر حکم — سلسلۂ عمر مطول کا ہو دائم صد ہما
طول عمر اُس سرور عالم کو حاصل ہو مدام — دور دور اُس ماہ کا ہو ہمسر دورِ سما
... عالم ... اُسکا ملک ورد ہے — ہر سحر ہو اُس دعا کا ورد دل کو ہر مسا
... اہل محمد اُسکا کرو حکم کرم — مدعا حاصل ہو سارا کام سائل کا ہوا

تقریظ ... عطر ... جناب نواب ذوالفقار علی ... غفر الله ... جناب ... شفقہ ...

چشمۂ فیض قدس نواب — مشتری بارگاہ عرش جناب
جلوۂ نور حضرت عزت — لمعۂ طور شوکت و حشمت
حضرت جم حشم سکندر جاہ — قبلۂ عالم آسمان پناہ
ابر ... نیسان ... کرم — آفتاب جہان فیض و کرم
... افضال بحق ... — زاد اقبالہ بحق ...
سجدۂ عجز کرکے زیب جبین — عرض کرتا ہے خادم دیرین
جب سے سرکار ... — شرر افشان ہے آتش حسرت
شوق اپنا ملازمت کا ہے — داغ دل دیدۂ تمنا ہے
بوسۂ در کی وحشت افزون ہے — رگ جان اپنی نبض مجنون ہے
ہون حضوری کے شوق سے دل ریش — میری آنکھیں ہین کاسۂ درویش
اس طرف سے ہوا اگر آئے — جسم ... مین جان اتر آئے

آپ کے فیض کا نہین پایان
ایک عالم ہے خرم و شادان

ہین ہزارون ملازم سرکار
مرجع کل ہے آپ کا دربار

کیون نہ کہلائین دل جناب آسا
ایسے دریا سے مین پھرون پیاسا

وہ مقصد ہزارون لیجائین
پر ہے بیچ چند قطرے ہاتھ آئین

خضر قسمت نے گو دیا ہے ساتھ
مجھکو آب بقا نہ آیا ہاتھ

ہین سخندان حضور والا جاہ
ہر طرح کے کمال سے آگاہ

اور نوکر ہین سیکڑون کامل
فیض پاتے ہین عالم و جاہل

ایک اُنہین سے ہو جو یہ خادم
کچھ قباحت نہ آئیگی لازم

گو نہین ہون مین قابل خدمت
پر فراوان ہے آپ کی ہمت

ابر رحمت سے گر و نم و ہو جائے
آبرو اس حقیر کی ہو جائے

شفقۂ خاص نے کیا جو ورود
راہ پر آئے طالع مسعود

تھی جو تاریخون کی بہت تعجیل
نظم کین مین نے حسب امر جلیل

عرضہ نظم کی تھی فرمائش
ہوئے صفحہ کی اُسے زیبائش

عرضہ نثر بھی برائے حضور
بھیجتا ہے یہ خادم مجبور

ایک بھی جو پسند والا ہو
آبرو میری بڑھ کے دریا ہو

ہو خلاف ادب جو طول کلام
اس دعا پر کرون مین حال تمام

تا ہو خورشید لعل کان سحر
تا سحر مین ہو روشنی کا اثر

آفتاب تا ہو گوہر مین
تا گہر آئنے بحر سے بر مین

ہر مین تا دل ہو اور دل مین خوشی
تا خوشی سے ہو کشت عمر ہری

تا ہری ابر سے ہو شاخ شجر
تا شجر مین ہون گل گلو مین ثمر

تا ثمر سے زبان کو لذت
تا کہ لذت سے دل کو ہو راحت

راحت وعیش ہو نصیب حضور
ہون فریدون وجم نقیب حضور

صحت وعافیت ہو روز افزون
حشمت سلطنت ہو روز افزون

سکۂ وخطبہ ہو خداوندا
ہر طرف ہو حضور کا ڈنکا

خضر کی طرح پائین عمر ابد
رہے سرکار پر خدا کی مدد

ہو چکا ختم اب تو ہے مطلب
اے قلم لکھہ زیادہ حد ادب

تابع حکم ربع مسکون باد
خانہ آباد دولت افزون باد

شوکت وحشمت سلیمان ہو
ملک عالم مطیع فرمان ہو

نظم معروضۂ حقیر ہے یہ
التماس دل منیر ہے یہ

لفافہ

یا الٰہی یہ عرضۂ احقر
باندھے مین خاص کوٹھی کے اندر

پیش ابر مطیر فیض وکرم
ناخدائے سفینۂ عالم

روساء کریم کے افسر
امرائے عظیم کے سرور

آسمان شکوہ عرش جلال
نازش دین ودولت واقبال

فیض بخش جہان ملک آداب
میر سے نواب اعظم الالقاب

وہ جو دریائے فیض کے در ہین
ذوالفقار علی بہادر ہین

ضاعف اللہ حشمت واجلال
زادہ اللہ دولت واقبال

تک پہنچے جاکر بڑی حفاظت سے
ہو مشرف نگاہ حضرت سے

سامنے لیکے نامہ بر جائے
نظر خاص سے گذر جائے

عرضۂ کمترین عجز آگین
ننگ اہل سخن [illegible] زمین

بارہ سو چونسٹھ اب ہین سال عیان
آج ہے بست وپنجم شعبان

[illegible]
[illegible]

عه منظومه از شهر فرخ آباد بخدمت خداوند نعمت سکندر
شم امیر الرؤسا رئیس الامرا سردار عالمیان نواب علی بہا تخلص علی دام اقبالہ

مسند آرائے عز و جاہ و جلال — قمر برج دولت و اقبال

سان علوم و دانائے — دُر دریائے فیض و یکتائے

م حشم قدردان ہمایون جاہ — حاتم نامور بجوم سپاہ

جلالہ بہ بخت توسے — دام اقبالہ بحق سے نبی

بعد تسلیم و اشتیاق حضور — عرض کرتا ہے خادم مہجور

رخصت ہوا مین حضرت سے — جان جاتی ہے درد فرقت سے

سرت ہے کسطرح پہونچون — بوسۂ آستان والا لون

کا خلق یاد آتا ہے — صدمہ پر صدمہ دل اُٹھاتا ہے

لت سے گو جدا ہون مین — دل سے پر خادم آپکا ہون مین

رہتی تھی پرورش کی نظر — وہی اب بھی کرم رہے مجھپر

شہور ہے امیرون کا — یہی دستور ہے امیرون کا

س سے ربط تمام کرتے ہین — اُسکی عزت مدام کرتے ہین

ے خادم کو شاد رکھتے ہین — دور ہو تو بھی یاد رکھتے ہین

عارش کے حال ہیون کہیر — ہوی عرضی کے لکھنے مین تاخیر

جو ہے شغل از بس ان روزون — ہے خیال مخمس ان روزون

ے گا جب جواب عرضی کا — حال اپنا حقیر لکھے . . . گا

ے نواب کا بڑھے اقبال — دوست ہون شاد ہر عدو پامال

ے الٰہی بحق پیغمبر — خضر کی عمر بخت اسکندر

عرضداشت غم تصویر — دور افتادہ فقیر منیر

اے خدا شہر باندہ کے اندر — میری عرضی بحق پیغمبر
پہنچے نواب با تفاخر کو — پیر مرشد علی بہادر کو
انکے قبضہ میں ربع مسکون ہو — عمر و اقبال و جاہ افزون ہو
یہ جو اپنے منشی نے لکھا — فرخ آباد سے ہے روانہ کیا
بارہ سو چونسٹھ اب ہیں ہجری سال — ہے فلک پر مہ سوم کا ہلال
تیسری ہے ربیع الاول کی — چاہشت کے وقت لکھی عرضی

ایضا بنام نامی نواب ممدوح

بسم اللہ معدن سخاوت — مقصود و مہماج فیض و ہمت
خورشید سپہر بے نظیری — زیباش مسند امیری
فیاض زمان و نیک اختر — سرتاج سران دہر پرور
شایان سریر بادشاہی — آئینہ قدرت الٰہی
اللہ بڑہاے عمر و دولت — صحت سے ہوں تا ابد سلامت
بعد از آداب [illegible] — پھر شوق طواف آستانہ
سر بسجدۂ بندگی ہیں رکھکر — لکھتا ہوں میں ایک تازہ دفتر
عرضی ہے یہ ایک خوشہ چین کی — عرضی ہے یہ ایک کمترین کی
عرضی ہے یہ ایک [illegible] نوالہ کی — عرضی ہے یہ ایک نیم جان کی
عرضی ہے یہ ایک با ادب کی — عرضی ہے یہ ایک جان بلب کی
تحریر ہے [illegible] کی ہے عرضی — مشتاق حضور کی ہے عرضی
عرضی ہے یہ اس شکستہ پا کی — جس پر تقدیر نے جفا کی
پابند سلاسل مصیبت — یعنی کہ منشی بے حقیقت
خدمت سے ہے حضور کی جو ہے دور — دل ہے بے صبر آنکھیں ہیں بے نور

مرتا ہے غم مفارقت سے
ہو بخت مرا اگر مددگار
تقدیر مگر نہیں ہے ایسی
قسمت ہوتی اگر مددگار
پر شکر جناب حق تعالے
حضرت کا آج شقہ آیا
شقہ ہے کہ دفتر عنایت
شقہ ہے کہ وحی آسمانی
شقہ ہے کہ دفتر کرم ہے
آئینہ ہر دل افروز
دو شقوں مین نظم و نثر رنگین
آنکھوں سے لگا کے رکھ کے سر پر
سنبل ہے کہ زلف حور سطرین
ہر نقطہ ہے خال روی لیلی
مضمون ہے نقطون مین ہویدا
ہر فقرہ مین لطف صد عنایت
قسمت سے ملا امیر ایسا
ہے سب سے سوا یہ فخر بیشک
اللہ کے فضل اور احسان
اس فخر نے قدر یہ بڑھائی
ہے فرط طرب سے چہرہ گلرنگ

جیتا ہے سدا ملازمت سے
دیکھون دربار عرش آثار
سرکار کہان کہان یہ عاصی
کسواسطے چھوٹتا وہ دربار
جینے کا یہ سبب . . . نکالا
بیجان تھا مین مجھے جلایا
شقہ ہے کہ مصحف کرامت
شقہ ہے کہ صبح زندگانی
شقہ ہے کہ خط جام جم ہے
طغرا سے بیاض صبح نوروز
گویا ہین نجوم و عقد پروین
تعویذ گلو کیا اسے اسم
یا دو چراغ طور سطرین
ہر نقطہ ہے قطب چرخ معنی
ہو آب گہر مین جیسے پیدا
ہر لفظ مین ہے معنے مروت
کیون کر نکرون مین شکر حق کا
بھولے نہین آپ شب کو اتنک
خورشید کو ذرہ کار یاد ہیان
تا عرش ہوی مری رسائی
پیراہن دو جہان ہوا تنگ

کرتا ہوں یہ عرض بے تصنع — مضبوط ہوئی مری توقع
معلوم ہوا یہی جو تقدیر — کچھ راہ پر آئی مری تقدیر
اخلاص جو دور سے ہے مجکو — امید حضور سے ہے مجکو
دیکھوں میں صبح و شام شقہ — بھیجیں حضرت مدام شقہ
منظور جو پرورش ہو میری — شقہ بھیجیں حضور جلدی
داعی ہوں تو میں حضور کا ہوں — راجی ہوں تو میں حضور کا ہوں
دل کا ہے یہ مدعا ہمیشہ — واللہ ہے یہ دعا ہمیشہ
یارب بحق نبی و حیدر — نواب کو سلطنت عطا کر
شاہی کا مرتبہ ہو حاصل — خورشید سے چتر ہو مقابل
سکہ زر و سیم پر جگہ پاے — ڈنکا ہندوستان میں ہو جائے
اے دل یہی رات دن دعا کر — اے لب تو حضور کی ثنا کر
اے سر اسی در سے آنکھوں کو مل — اے پاؤں تو باندہ کی طرف چل
اے نور نگہ ہو فرش دربار — اے ہاتھ ہو جلد چتر بردار
اے آنکھ تو نقش کفش پا ہو — اے جان حضور پر فدا ہو
پونچا مجکو شتاب یارب — میں بھی رہوں ہمرکاب یارب
ہر وقت حضور میں رہوں میں — سایہ کی طرح جدا نہ ہوں میں
تطویل نہیں ہے عقل کا داب — لکھ خاتمہ پر زیادہ آداب
دولت افزوں مدام ... بادا — اقبال جہان بہ کام ... بادا
ناکام و شکستہ حال جہان — ننگ شعرا اسیر نادان
مفخر علما و حبر اعظم — شیخ پیر معظم و مکرم
شمس الابرار خضر ایمان — ہنگام افادت ابر ... نیسان

تشبیہ مبانی و مبادی | یعنی کہ جناب عبد ہادی
محدود ہوا انکا سایۂ علم | طوبے رفعت ہو پایۂ علم
تسلیم میری قبول فرمائین | ابر الطاف و فضل برسائین
کیا شرح کرون حکایت شوق | واللہ نہیں نہایت شوق
کیونکر کرون طول شوق کو ختم | دفتر ہو ختم یہ نہو ختم
باقی نہیں اب بیاض نامہ | ریشہ سے خار پا سے خامہ
اے سوختہ ضبط این نفس کن | بس کن ز حدیث شوق بس کن
انشاءاللہ میری عرضی | پہنچی باندہ مین جلکے جلدی
خدمت مین امیر جم حشم کی | قدسی سیرت مسیح دم کی
دریائے کرم کے بے بہا در | نواب جری علی بہادر
جابت آیہ ا آگہی | عمت برکاتہ ا آگہی
نوبت آئی ملاحظہ کی | دولت پائی ملاحظہ کی
مکتوب منیر مسرت بنیاد | آوارۂ شہر فرخ آباد
واقف نہو غیر یا الٰہی | بلغ بالخیر یا الٰہی
بست و ششم ربیع الاول | چونسٹھ تھے بارہ سو پہ بالا
شقہ سے ہو کامیاب فدوی | ہے منتظر جواب فدوی

عرضہ منظومہ بخدمت پر نور الیضاً متضمن جواب شقہ و رسید بعض عطایا از فرخ آباد

ای آرایش بوستان عالم | ای تاج سر سروران عالم
دیباچۂ آفرینش | سرو زیبائے آفرینش
سیارہ تیغ شہ و مہر او بخش و زر بخش | دریائے سخاوت و گہربخش

نواب فلک جناب و ذیجاہ | برج فضل و کمال کے ماہ
اقبال حضور کا ہو دائم | خالق رکھے صحیح و سالم
لاکھون تسلیم لاکھون آداب | ہون شوق ملازمت سے بیتاب
اس غم مین ہون زندگی سے بیزار | دیکھون مین کسطرح وہ دربار
بھولے تو نہین حضور مجھکو | دل سے سمجھین ہین دور مجھکو
لیکن مطلب مرا یہی ہے | شقون کے آنے کی خوشی ہے
شقہ سرکار کا جو آیا | گویا کہ کیا ہمانے سایا
کیا نظم ہے کیا زبان فارس | بوے گل بوستان فارس
ہر مصرع ترلب فصاحت | قند شیراز کی حلاوت
تاریخ کے مادے بھی نادر | نایاب و بدیع و نجم زاہر
دیوان آیا جو ریختی کا | دل کو راحت ملی سراپا
واسوخت ہے حضرت قلق کا | انشا بہار ہوش افزا
واسوخت امانت سخنور | ہے دفتر داستان سے بہتر
ان سب مین صنم کدہ ہے نایاب | بتخانہ لطف طبع کا باب
خوش قطع جو دیکھے یہ حواشی | آذر بھی بھولے بت تراشی
بعد اسکے مخمس و مسدس | پہونچے خوش ہوگیا دل از بس
چادر شالی ہے سبز زرین | کشمیر کا کام عشرت آگین
کمخواب کا تھان بھی ہے بھاری | زربفت کی جنبمین ... آبداری
پیرہن دوشالہ لاجوردی | سوسن دیکھے تو چھاے زردی
رنگ چمن اسکے سامنے زرد | یہ جوڑ ہے اپنی وضع مین فرد
قیمت مین گران تو رنگ مین خوب | ہے اطلس آسمان سے محبوب

ہے سہ صد و شصت سیم مسکوک
لایا قبضہ مین عبد مملوک

صفحہ زرین لفافے گلدار
پھولا آنے سے اُنکے گلنار

ممنون ہوا مین اس عطا کا
مرہون ہوا مین اِس عطا کا

کاغذ نادر لفافے نادر
کار اہل فرنگ ظاہر

ہر صفحہ مین آئینہ کا سامان
جس نے دیکھا ہوا وہ حیران

بھیجی جو غزل حضور نے اور
اُسکا بھی لکھا جواب فی الفور

تاکید حضور نے جو کی ہے
عرضی مین غزل لپیٹ دی ہے

مہمل بے لطف سب کی سب ہے
قابل وہ ملاحظہ کے کب ہے

عاصی نے قصد یہ کیا تھا
اِس بحر مین نظم ہو سراپا

پر حکم حضور کا یہی تھا
یعنی کہ ہو وصف زلف و رخ کا

وصف رخ و زلف مین نے بھیجا
موقوف کی خواہش سراپا

شقہ مجکو شتاب لکھیے
عرضی کا بھی جواب لکھیے

آزردہ جو طول سے ہون حضرت
کرتا ہون تمام یہ حکایت

اقبال حضور کا ہو کامل
ہو عمر مسیح و خضر حاصل

اسکندر عصر آپ ہو جائین
دنیا کو اپنے قبضہ مین لائین

سب گروہ عارفان ذی حلم
استاد حضور قلزم علم

آداب کرین قبول میرا
تا ہو مطلب حصول میرا

لفافہ

یارب بہر نبی ہادی
باندہ مین جاسے میری عرضی

فیاض زمان غریب پرور
امید بر آر اہل جوہر

مسند آرائے بزم ہمت
زینت دہ ملک و مال و دولت

دونون عالم صدف ہین وہ دُر — نواب سخی علی بہادر
حاصل ہو تخت شاہی اُنکو — دے عمر خضر اِلٰہی اُنکو
عرضی کو ملاحظہ وہ فرمائین — اغیار کہین نہ دیکھنے پائین
مکتوب منیر خانہ برباد — خار صحرائی فرخ آباد
عرضی شنبہ کے روز لکھی — بائیسوین تھی مہ صفر کی
سال ہجری ہین اسکے شاہد — پینسٹھ ہین بارہ سو سے زائد
شفقہ کا بھیجنا ہے لازم — مشتاق جواب کا ہے خادم

شروع غزلیات

قصد ہے کہ لے شاہ مضمون اگر توحید کا — شانہ کر زلفون مین بسم اللہ کی تشدید کا
ہے خوشی قربان ہون میکی خدا کی راہ مین — نیمچہ درکار ہے مجکو ہلال عید کا
ورد اسم ذات کہولا چاہتا ہے یہ گرہ — میرے دل پر دانت ہے اللہ کی تشدید کا
سیکڑون آئینۂ دل ہین حضور روے صاف — ایک ہین جلوہ نہین پاتے ہین تیری دید کا
سب ہین نقش تختۂ مشق تحریر محمد مین — مرغ سدرہ بہی ہے طغرا کلمۂ توحید کا
اُس نبی کی نعت مین کیونکر ہون رطب اللسان — ہر نبی دانہ ہے جسکے خرمن تقلید کا
روضۂ پرنور کا اور استعارہ کیا کرون — بنگیا موتی سمٹ کر نور صبح عید کا
ابرو محراب پر رکھکر لیے ایمان سجود — گیسو زنجیر گویا لام ہے تاکید کا
تو اگر چاہے تپ عصیان مری کافور ہو — جام آب آتشین کا نسخہ تبرید کا
صندل پیشانی حور ہے روضہ کی صبح — ہے وہان کی شام کاجل دیدۂ ناہید کا
ایک ہین معنی ہین بیشک مصطفےٰ و مرتضیٰ — بہر نعت و منقبت مضمون ہو توحید کا
خضر کو تحقیق بغت مین یہ عقدہ کہل گیا — ہر فلک سبزہ ہے مولا کی رہ تقلید کا
گر نہو دے ذات پاک آفرینش اسبب — گیسو تصویر ہوتا سلسلہ تولید کا

تیری خلوت اوج بخش گوشہ گیری ہوگئی
بوریا ہے چرخ اطلس عالم تجرید کا

حسرت در نجف مین بسکہ گریان ہے مدام
ہے مرض چشم صدف مین آب مروارید کا

آبرو محراب دین سے کیونکر آنکھین ملسکے
ناخنہ ہے چشم گردون مین ہلال عید کا

بعث حق ہین علی سے تا بمہدی لے پیغمبر
حکم ہے عالم کو ہر معصوم کی تقلید کا

مرہم ہو زخم پر کف جام شراب کا
کافور لاؤن مغز سر آفتاب کا

رنگ فنا دکھاتے ہے نشہ شراب کا
ہر جام مے ہو پھول کدوے حباب کا

داہر لکھا ہے دختر رز کے مرا عروج
سکہ بنا ہون اشرفی آفتاب کا

سبز جہان مین بادشہی کے فنا کیا تیغ
وہ خضر ہون کہ چتر لگایا حباب کا

مہر فلک کو داغ جگر سے جلائیے
سونا گلائیے ورق آفتاب کا

سر پر اٹھا لیا فلک بے ثبات کو
قد بشر ستون ہے قصر حباب کا

پی جاون زہر آئے جو برسات ہجر مین
افیون گھولنے کو ہو پنبہ سحاب کا

بعد فنا بھی سوزش باطن ہی رہ گئی
تربت ہماری سینہ ہے مرغ کباب کا

ہنستے ہین لوگ رنگ ترا عذار پر
تختہ ہون زعفران زر آفتاب کا

پیری مین بھی ہے داغ جوانی سے دل سیاہ
دھبا لگا ہے سرمہ رنگ شباب کا

دانکو جو تم سپرد تو تعلی ہے اسقدر
ہر ذرہ پھول ہو سپر آفتاب کا

کھٹے ہمارے دانت ہوے خوف شیب سے
اترا کھٹائی کھاتے ہی نشہ شباب کا

اس سال دور دور فنا ہو جائینگے
نوروز مین لڑائی انڈا حباب کا

باہر ہوا ہون جامہ فانی سے قبر مین
ڈہونیکو ٹھیکرا ہو سبو سے حباب کا

ہے کس کے نام رقعہ اقرار میکشی
پرچہ لکھا ہے کیون ورق آفتاب کا

پانی ہو نور مہر اگر دیکھے روے یار
فوارہ چھوٹتے آب زر آفتاب کا

صحبت یہ بے ثبات ہے اس بحر حسن کی — شام وصال سایہ ہے چتر حباب کا
جلوہ سے جوشش دل بریان فزون ہوئی — حسن ملیح یار نمک ہے کباب کا
پیری مین خیر نیت دار فنا ہون مین — قد خمیدہ طاق ہے برج حباب کا
شاید کبھی چلی تھی ترے وحشیونکی چال — اب تک ہے پاے موج مین چھالا حباب کا
زلفون کو رشک خط شعاعی بنایئے — روغن لگایئے سپر آفتاب کا
عشق ذقن کی آگ سے جلتا ہے دل مدام — مسکن ہے چاہ باغ مین مرغ کباب کا
کاسہ کو دست یار مین اتنا ہوا عروج — سرپوش بنگیا قدح آفتاب کا
روشن ہین تجھسے شاہ سوارونکی محفلین — تیرا قدم چراغ ہے طاق رکاب کا
خورشید پائمال ہو دور شراب مین — پیسجاے گردشون سے عقیق آفتاب کا
گل گشت تو کرے تو یہ بڑہ جاے آبرو — ہوا ایک ایک پھول قرابا گلاب کا
اے گل نہین ثبات کسی رنگ کو یہان — پایل ہے باغ دہر نے پانی حباب کا
لاؤن کباب حوت فلک تم پیو شراب — دونا بناؤن برگ گل آفتاب کا
ڈنکے کی چوٹ آتی ہے بحر جانمین موت — نقارہ بج رہا ہے شکست حباب کا
ایسی غزل بلند کہون اس زمین مین — ہر شعر خط بنے قدح آفتاب کا

غزل

جوہر

غصہ مین بوسہ لون دہن لاجواب کا — سیندور کھاؤن سرخی رنگ عتاب کا
ناحق کنارہ ارادہ ہے خواب کا — چونکو گے سنکے شور شکست حباب کا
تو ہو اگر سوار تو عاشق ہون نالہ کش — تو بین چھیٹین جو نکلے مہ نو رکاب کا
لایا خطوط یار کرون شکر نامہ بر — کلمہ پڑہون پیمبر صاحب کتاب کا
گھوڑا ترا سمند نسیم بہشت ہے — گیسوے حور کیون نہو تسمہ رکاب کا
پانی ہوسے ہین شرم سے پھول آپکے حضور — فوارہ چھٹ رہا ہے چمن مین گلاب کا

چمکی ہوئی ہین خوب تمہی شہسواریان
بجلی ہے نور خندۂ زخم رکاب کا

حسن بتان کو سمجھو جہان مین نہین ثبات
گویا ہے آفتاب سپہر حباب کا

ہوتا ہے تجھ سے پنجۂ خورشید دست پیچ
بنوا حسین بند زر آفتاب کا

یاد خط عذار مین آتی نہین ہے نیند
چبھتا ہے پاے خواب مین کانٹا گلاب کا

ٹھکراؤ آسمان کو ہنگام ترک تاز
اس قصر مین لگاؤ دریچہ رکاب کا

ہے سبزۂ عذار نہان جوش حسن مین
خط پہ لفافہ ہے ورق آفتاب کا

کپڑے بساؤن خون تن واعذار مین
چھلکے گل سے عطر نکالون گلاب کا

گھیرے ہوئی ہین میری سیہ کاریان مجھے
برپا ہے دشت حشر مین خیمہ سحاب کا

گلگون ہوئی ہے یار کی پوشاک دھو ہین
کیا چھوٹتا ہے رنگ گل آفتاب کا

مضمون سے ہے ثبات عالم رقم کیا
باندھا حروف فکر نے جوڑا حباب کا

رحمت خدا کی نشۂ افلاس مین ہے
اوڑھا فقیر مست نے کمبل سحاب کا

دریا کنارے آپ جو قلیان کشی کرین
ہو رنگ بدلے رشک سے حقہ حباب کا

مستو نہین ہوش پڑ گئی آتے ہی بار کے
لڑتا ہے آج شیشے سے شیشہ شراب کا

غنچے چٹکے ہین ہجوم بہار ہے
میلے مین بج رہا ہے کٹورا گلاب کا

دنیا تمام دورۂ غفلت مین قید ہے
آنکھون کو حلقہ جانیے زنجیر خواب کا

لیتے ہین ہاتھون ہاتھ نزاکت سے مجھ پہ
رقص فرنگ ہے کہ یہ دورہ شراب کا

غفلت زمین مین لیے جاتی ہے خاک کو
ہر قبر کو نشان سمجھ پاے خواب کا

تردامنی سے اٹھتی ہین موجین گناہ کی
دریا کا پاٹ نہ ہے میرے حساب کا

غفلت کو چھوڑ دہر مین منزل کی فکر کر
اچھا نہ سمجھان راہ مین چلنا شتاب کا

لطف وصال کہہ نہین سکتا زبان سے
نقشا بنا ہون خلق مین گونگے کے خواب کا

رکھا لحد میں نامۂ اعمال اپنے ساتھ
باندھا کفن کے بند میں پرچہ حساب کا

پانی نگہ میں نقش ستانہ کیون نہو
دیکھا ہے مین نے خواب مین ساغر شراب کا

پیر گلے سے چھوٹ کے نکلا فرش سے
گوٹے کا تار ہے کہ یہ موجہ شراب کا

دنیا مین مین چلا بھی ہون تو مست یار
جادہ ہر ایک بند ہے میرے حساب کا

طوفان سے تنور فلک سے بھی بڑھ گیا
بال فرشتہ کیون نہو موجہ شراب کا

سوئے میان یار تصور مین ہے مدام
ہر پارہ جگر نہین پرزا ہے کباب کا

کی سیر بے ثباتی ایام رات دن
رکھا گھڑی پہ آپ نے شیشہ حباب کا

ہر ایک شعر آیت اعجاز ہے منیر
قائل ہون مین ترے سخن لاجواب کا

غزل

رفتہ رفتہ پست اتنا مسکن دون ہو گیا
عقدۂ امساک قفل گنج قارون ہو گیا

جب کبھی لیلی نے دیکھا رنج افزون ہو گیا
صورت خواب پریشان حال مجنون ہو گیا

نخل وحشت ہو گیا سرسبز عشق زلف مین
جو اٹھایا پیچ شاخ بید مجنون ہو گیا

بسکہ مین پامال فکر معنی رنگین ہوا
ہڈیون مین عالم یاقوت مضمون ہو گیا

عالم بالا کی زینت میری بربادی ہوئی
بوریا اڑ کر بساط بام گردون ہو گیا

چھپ کے خم مین پاسے طوفان حوادث سے نجات
قلزم مے کشتی عمر فلاطون ہو گیا

ناتوان ایسا کیا اس سروقد کی یاد نے
طوق قمری خاتم انگشت مجنون ہو گیا

غافلو جمعیت زر باعث نخوت ہوئی
سونے کا پتلا بت پندار قارون ہو گیا

بیت ہندی مین اگر مضمون گریہ بند ہو گیا
ریختی کا پل بیان پالا سے جیحون ہو گیا

گریہ نہین چھپتا ہے زر داغ جنون
مال بولا اضطراب دل جو افزون ہو گیا

انگلیون پہ چرخ نیلی کو نچایا اسقدر
تیر سے فیروزہ کا چھلا دور گردون ہو گیا

رنگ شوکت سے شفق گون ہے فکر منیر
لکھنؤ میخانۂ ایجاد مضمون ہوگیا

گذر ہر بحر مین ہوتا ہے خضر طبع موزون کا
ہمارا کالبد بجرا بنا دریائی مضمون کا

نزاکت زا ہوا سودا یہ کسکی زلف شبگون کا
مری زنجیر مین عالم ہے نبض دست مجنون کا

عمل ہے قاف سے تا قاف دیوانون کے افسون کا
اڑا لے تخت پریون کے جو ہم پڑھ کر پہونکا

شب وصل صنم دورہ رہا جام شفق گون کا
سفیدا صبح کا پنبہ بنا مینا سے گردون کا

دکھاتا ہے بہار تازہ پرتو روئے گلگون کا
چھڑی پہولون کی سایہ ہے تمہارے قد موزون کا

اڑی ہے شکل تمہاری کٹ گیا دل ہیچ مسون کا
پڑا ہے دور کے ہاتھون مین شاید شیشہ گردون کا

لبالب ہے مے آفات سے پیمانہ گردون کا
طلسم تازہ ہے لبریز رہنا جام واژون کا

نگاہ یار کا دہوکا ہوا ہے موجۂ مے پر
خط ساغر کو مین سمجھا ہون سرمہ چشم میگون کا

مہوس ہوگیا رنگ طلائی کے نظارہ مین
بنا گوگرد سرخ ایک ایک ہیلا چشم پرخون کا

کمال عقل نشہ سے ملا مستون کو لے زاہد
سبوئے بادہ سانچہ ہے خم فکر فلاطون کا

زمین مسکون کے مال کو کیا کیا چھپاتی ہین
خط ہر جادہ عالم نہین ہے مار گنج قارون کا

لب رنگین کی مسی شاعرون کو وہ دکھاتی ہین
ارادہ کر رہی ہے فوج مضمون پر شبخون کا

شروع رقص ہی مین لے پہ پری عل مٹے جاتے ہین
دوپٹہ مین لگا ہے پاٹ کوئی بحر جیحون کا

کنار نہر کس نے دانت ملکر کلیان کہین ہین
گلستان مین چھٹا فوارہ آب در مکنون کا

فضا سے دل مین یاد قد سے آہ آتش نشان ہے
بنا سرو چراغان ہر بگولا ہے ہامون کا

زبان موج آب زر یہی تقریر کرتی ہے
کہ نقش آب تھا اے غافلو سکہ فریدون کا

نشانا جو ہوا تیر اوہ کیفیت اٹھاتا ہے
ہرا جنبش سے قد کے چہر وہمین پایا حباب افیون کا

شراب ناب کے نشہ مین فکر شعر لازم ہے
بلا سے سی لگا یا جائے جوڑا مرغ مضمون کا

بہا طوفان اٹھا یا بعد مردن جوش گریہ نے
کہ پانی پہ خزانہ تیرتا پھرتا ہے قارون کا

پسینے میں وہ تر ہو جائیگا بالوں کی گرمی سے
بنے گا ابر گوہر بار سایہ زلف شبگون کا

اثر سوز محبت کا پس قتل آشکارا ہے
لب شمشیر پر چھالا ہے ہر قطرہ خون کا

پسند آئی ہے سوزش دل کو شعر گرم کہنے میں
ہمیں چسکا پڑا ہے سبب کباب مرغ مضمون کا

قد خم گشتہ کی تعریف تیرے ہونٹوں سے لونگا
عقیق لب شجر پیدا کریگا بید مجنون کا

نہ مٹنے پائے نقش لوح وحشت بعد مردن بھی
ہماری قبر پر تعویذ ہو بازوی مجنون کا

فروغ آتش رخ مورچھل پر رنگ لایا ہے
بنا طاؤس آتشباز پرتو روے گلگون کا

سوے برج فلک طفلی میں اکثر پر اوڑاتے ہیں
کبوتر خانہ ٹھہرایا ہے بنگلا بام گردون کا

ندیں ساتھ اپنے دیوانوں کا یہ غنچہ دہن یارب
بڑھیں کلیاں تو دامن تنگ ہوگا کوہ و ہامون کا

منیر ایسا نہیں جو حکم موسی سے نکل جائے
نہ چھوڑا ہے نہ چھوڑیگا یہ دامن اپنے ہارون کا

چمن میں زرفشاں ہے نور نرگس خورشید ثانی کا
نظر آتا ہے کیا کیا بیل بوٹا کامدانی کا

بقا کے پردہ میں دیکھا تماشا دہر فانی کا
میری عینک نہیں چشمہ ہے آب زندگانی کا

سیہ بختی نے سارا لطف کھویا زندگانی کا
نصیب زاغ تھا میوہ مرے باغ جوانی کا

قد خم گشتہ اپنا ٹھوکروں کے ساتھ چلتا ہے
بنا ہوں پھر پائے مور بانا ناتوانی کا

چراغ ساغر مے آئینہ پر رکھ کے ساقی نے
کنول تالاب میں روشن کیا ہے تیل پانی کا

عرق آلودہ چہرہ خواب میں آکر دکھا جاؤ
پڑا ہوں غش میں چھینٹا دو مجھے سونے کے پانی کا

نظر آئی جو مجھکو بیخودی میں دھوپ یہ سمجھا
اوڑا ہے رنگ کس گل کے لباس زعفرانی کا

ضعیفی آگئی لیکن شباب آنکھوں میں پھرتا ہے
ملا پلکوں کو عہدہ شانہ زلف جوانی کا

کھلا پڑتا ہے اسرار نہانی راست بازوں پر
ہوا ہے قفل جھوٹا ان بتوں کی بیدہانی کا

سنائی بعد مدت کے شکن ابروے پرخم کی
نکالا تو نے بل ہاے ترک تیغ صفہانی کا

فراق یار میں ہم مست بیخود جائینگے کیونکر
کڑا پھر ورد تو یہ بنا چھلا نشانی کا

کیا خون شفق مہندی لگا کر تپش احق
عبث کھینچا عرق گوگرد سرخ آسمانی کا

نئی گلکاریاں کین نورِ شمع روے جاناں نے
کہ ہر فانوس پر ہے بیل بوٹا جا مدانی کا

مری فصلِ شباب ہی گل ہنسی مین گنگئی سایہ
لگادی قہقہہ دیوار نے مین نقشا جوانی کا

ریاض نور بھولا رخت زرین تمنی پہنا
کھلی بوٹے ہوا پر جہاڑ روشن کا مدانی کا

نئی لغزش ہے مشتاق تجلی کی مناسب ہے
ہمارے ماتھے پہ گردا و فقرا لن ترانی کا

مے رنگین مین غوطے کہا ئین شوق تقدس سے
عمامہ باندہے ہے موج شراب ارغوانی کا

لگی ہین اطلس رنگ حضر کی پٹیاں ہی گل
کنارہ ہے تری شمسا مین آب زندگانی کا

بدل کر قافیہ تازہ غزل ایک اور بھی پڑھ دے
صنیمر خوشی بیان شہرہ ہے تری خوش بیانی کا

طلسم نو بنے گا فکر سے مضمون عالی کا
پری بنکر اڑیگا رنگ تصویر خیالی کا

بجا ہے حسن کی گرمی سے دعوی بیشانی کا
پسینا آپکا روغن ہے تصویر نہالی کا

بڑھا افتادگی سے مرتبہ آشفتہ حالی کا
تن کا ہیدہ سنبل ہوگیا گلزار قالی کا

اثر ہے بد زبانی مین تری ہونٹوں کی لالی کا
شرار آتش یاقوت ہے ہر لفظ گالی کا

پھڑکتی ہے ہماری بوٹی بوٹی بسکہ ڈولے میں
زیادہ دام ماہی گیر سے پردہ ہے جالی کا

شب گیسو مین کیا کیا روشنی بندی کی ہوگئی
گنی الماس انجم کی ہے ہیرا انکی بالی کا

بطے مرغ بسمل ہوگئی ساقی کی فرقت مین
رگ حلق بریدہ خط بنا جام سفالی کا

طلسم تازہ دیکھا جعد عنبر بو کے سایہ مین
گہن مین آگیا چاند آپ کے رومال شالی کا

اڑایا آتش خورشید عارض کی تجلی نے
ہوا شبنم کی صورت کف شراب پرتگالی کا

معطل ضعف نے افتادگی مین ہمکو کب کہا
قد خم گشتہ کو ناخن بنایا شیر قالی کا

شرارے آتش مہر کے اوڑا ون فصل بارش مین
جلا ڈ ن فی دریا موج ہوا بر شگالی کا

تری تقدیر کا رتبہ بڑھایا بد زبانی نے
بنایا جوہر تیغ زبان ہر لفظ گالی کا

تمہارے پیٹ کا کرتی ہی سونے کا لوچن جنگر
نگین ماہ کا خانہ بنا ہر خانہ جالی کا

مربع بیٹھنے سے فرش کی زینت بڑہاتی ہین
پری رو چوکھٹا بنتی ہے تصویر نہالی کا

پڑا ہے عکس کرتی کا جو ہنگام خود آرائی
نظر مین چوکھٹا آئینہ کا اُترا ہے جالی کا

تکلف بڑہ گیا ایسے بت جو میخانہ مین ہو آئی
بنا کافور مینا کف شراب پرتگالی کا

جلال آتا ہے اُس حبشی کو جو نام اُسکا لیتا ہے
سڑی ہو کر موکل ہو گیا اسم جلالی کا

گرفتار طلسم ناامیدی بے ثمر وہ ہین
نہین کشت امل جو ہمکو ڈر ہو خشک سالی کا

جوانان چمن خلعت کے طالب ہین بسنتی کے
گلستان پر حنا پلو حاشیہ رومال شالی کا

تکلم مین سر محفل جو تو نے گل فشانی کی
لگن پر شمع سے دہوکا ہوا پہولونکی ڈالی کا

تمہاری بالیان یاقوت کی زلفون مین چھپ چمکین
چراغون سے ہوا ظلمات مین عالم دوالی کا

مسالا تمنے محرم پر جو ٹکوایا محرم مین
تو عالم ہر کٹوری پر ہوا گہٹنے کی تہالی کا

پڑا ہے کسکے حسن سبز کا پرتو شب وصلت
چراغ خانہ پر شک ہے زمرد کی پیالی کا

کسی خوش چشم کو کوچہ کا سودا ہو گیا شاید
صبا کی چال مین عالم ہوا نبض غزالی کا

اسیر گردش گردون ہین ہمیشہ اس زمانہ مین
ہمارے واسطے ہے طوق دوران جام خالی کا

نہ پہنچیگا ضرر تیغ نگاہ اہل عالم سے
زرہ بنجائیگا کرتا تری ہیکل مین جالی کا

چبا کر ہونٹھہ غصہ مین غضب کی بدزبانی کی
عقیق لب پہ انگلی کہہ گیا ہر لفظ گالی کا

منیر اس شہر مین اوج کمال نظم پر پہونچا
الٰہی لکھنؤ بھی عرش ہے مضمون عالی کا

آئینہ کے عکس سے گل سا بدن میلا ہوا
صبح کے پرتو سے رنگ یاسمن میلا ہوا

ہو گیا نام کدورت بھی لطافت کی خلاف
عطر مٹی کا لگا یا پیرہن میلا ہوا

ہو گیا اُٹھنا غبار راہ جسم صاف پہ
رنگ نکھرا اور بھی جتنا بدن میلا ہوا

لگتی پوشاک لیجاتی ہین حورین مانگ کر
حلہ جنت ہوا جو پیرہن میلا ہوا

صاف ہی عریانی وحشت کہو دیتا ہے تن
پوست کھینچیگا اگر میرا بدن میلا ہوا

خاکساری سے ہوئی جنبش زمین ہم بعد مرگ
خاک کا پردا اپنا ایسا کفن میلا ہوا

خاکساری سے گیا آزاد قید رنگ سے
ہوگیا خاکستری جب پیرہن میلا ہوا

بلکہ کپڑے پسینے مین معطر ہوگئے
عطر مین ڈوبا گیا جب پیرہن میلا ہوا

بعد مردن بھی تکلف سے کدورت دلمین ہے
صحبت کافور سے اپنا کفن میلا ہوا

ہوگیا مسی کا دہوکا صاف اہل دید کو
دود قلیان سے لب غنچہ دہن میلا ہوا

طبع رنگین کو مکدر سرد آہون نے کیا
از نسیم صبح سے رنگ چمن میلا ہوا

شیشہ ساعت کی کیفیت کہانی یار نے
دلمین جب اسکے غبار آیا بدن میلا ہوا

کیا تری تلوار بہی مجھسے غبار آلودہ تھی
خون دل کا رنگ کیون اسے تیغ زن میلا ہوا

ہوگئی بیحس غبار آمد صبا وسے
خاک تو دا لوگ سمجھے جوہرن میلا ہوا

کیا کدورت لائین حسن ملیح نمک کی گرمیان
شمع کافوری سے رنگ انجمن میلا ہوا

شاعرو نمین گفتگو آئی کدورت کی بہم
صاف کہتا ہون کہ اب رنگ سخن میلا ہوا

کیا لطافت ہے کہ خلطی مین مکدر ہوگیا
منہ لگاتے ہی ترا رنگ دہن میلا ہوا

سالکان راہ بتان آخر کو پتھر ہوگئے
ہوگیا بہاری جو رخت برہمن میلا ہوا

وصل کی شب باتون باتو نمین مکدر ہوگیا
گفتگو ہے بوسہ سے رنگ دہن میلا ہوا

خاکمین ملکر نہ چھوڑا بوسہ دیوار یار
بنگیا روزن اگر رنگ دہن میلا ہوا

کوچہ گیسو مین کسکی خاک اوڑالائی صبا
سایہ پری ہو باف جعد پر شکن میلا ہوا

صاف گوئی سے غبار آئینہ مین آیا منیر
میری باتون سے دل اہل سخن میلا ہوا

لکھتا ہون وصف گیسوئے نکی بال بال کا
لیتا ہون آج جائزہ موزی کے مال کا

جلوہ سے دکھا رہا ہے تصور جمال کا
سایہ پری ہوا ہے ہمارے خیال کا

ہنگام شکوہ منہ ہے زہرہ جمال کا
مطلع ہے اختر عرق انفعال کا

واعظ پیے تو گھونٹ شراب وصال کا
پھر پوچھ لینگے حال حرام و حلال کا

پانی مسی کو دخل نہین بزم حسن مین
بیرنگ ہے ہنوز مرقع جمال کا

ایک جام دیکے خون رلایا تمام عمر
تھا گرم تر مزاج شراب وصال کا

روکی ہے آسمان نے راہ وصال یار
رہزن ہے آبلہ مرے پاے خیال کا

طوطی کا ناطقہ ہے تو رفتار کبک ہے
عالم فریفتہ ہے تری بول چال کا

کھو بیٹھے ہین دولت دنیا شراب مین
چکھا کیے ہین مال ہم اس بیزوال کا

دم بھر ہے حباب نمط کائنات مین
اس زندگی مین نام نہین ماہ و سال کا

ترستا ہون تا ملے قد دلدار کا لباس
کپڑا کفن کو چاہیے طوبی کی چھال کا

پیچ کش ہون زلف پریشان یار کے
حقا گناہگار ہون مین بال بال کا

لیجائے مجھکو بام بت عرش مرتبہ تک
روح الامین خطاب ہو پیک وصال کا

منگوائینگے بہشت سے جام مے طہور
جھگڑا بہت بڑا ہے حرام و حلال کا

قائم مزاج رہتے ہین سب بے فکر دہر مین
تصویر کو خیال نہین اعتدال کا

نقل مکان کی ڈھونڈتے ہین ترغیب اہل دہر
خالی ہے ایک ایک محل انتقال کا

دیوانہ ہو گئے ہین سو چھپان کا اے پری
گذرا ہے گیسوؤن سے الجھن کے بال کا

لازم ہے شکر گوہر دندان کا انتظام
ان موتیون مین چاہیے وزن الفلال کا

بہشت کا جانا قطع ہے مردونکے واسطے
خنجر لئے رکھتی ہین شیران کی کھال کا

آغاز عشق مین نظر آتا ہے خاتمہ
وقت آگیا کمال سے پہلے زوال کا

بجلی گرائی پرتو رخسار یار نے
پیدا ہوا جمال مین عالم جلال کا

کانٹے بدن سے اوڑتے ہین یا شرم گناہ سے
تیزاب سے سوا ہے عرق انفعال کا

انکار ہے خزانہ قارون سے اے کریم
طالب ترا گدا نہین مردے کے مال کا

دیوانوں کو نہین خبر دوزخ و بہشت
نامہ کے ساتھ آئی ہے تصویر یار کی
ذبح کیا ہے ناز کا مہندی کے چور نے
طفلی سے مشق کرتے ہین لوح مزار پر
بوسے گلون کے لیے فصل بہار مین
دنیا کو لات مارتے ہین آپ کے فقیر
دیکھا کرے تصور کامل دہان تنگ
اے کردگار کاتب اعمال اور بھیج
غصہ مین موںہہ پھلاؤ تو حسن اور بڑھ چلے
ہوتا ہے نحس ایک ستارے کا دیکھنا
گیسو کو چھوڑ کر خم ابرو پر آپ نے
صیاد کو شکار بطے کا پسند ہے
سرمہ ہے چشم کی بٹ رہی ہین اغیا
کاجل بہت سیاہ ہو آنکھون کے واسطے
اللہ ری کشیدگی سرو قد یار
گلدستے سے سوا ہے تمہارا اوگالدان
پریان اڑی ہین کوچہ گیسو مین اے صنم
پاؤ شراب ناب ہی اے میکشو مدام
تصویر کھینچی جاتی ہے کس خوش جمال کی
سینچا ہے باغ دہر کو زہر آب مین مگر
پابند دام شوق نشانی سے ہو گیا

اللہ کو ہی علم ہے ہمارے مآل کا
موںہہ دیکھتا ہون قاصد فرخندہ فال کا
ضامن ہوا ہے دزد حنا کوتوال کا
ہم ابتدا سے لکھتے ہین نقشہ مآل کا
رنگ ایسا نہین تھا حضور کے ایک ایک گال کا
پاپوش کے تلے ہو سر اس پیر زال کا
مسی تمہارے سرمہ ہو چشم خیال کا
افسانہ بڑھ گیا ہے بہت میرے حال کا
دلدار آئینہ ہو تمہارے جمال کا
اچھا نہین ہے شوق تماشائے خال کا
ظاہر کیا طلسم خسوف ہلال کا
پھندا ضرور چاہیے شیشہ کی بال کا
ایسا پسا ہوا ہون حسینون کی چال کا
اے گل چراغ چاہیے چشم غزال کا
سایہ زمین پر پڑا اس نہال کا
فیض دہن سے پھول بنا ہے اوگال کا
کھٹکا ہے طائران ہوائی کو جال کا
شیشہ ہے آبلہ مرے پائے خیال کا
پھرتی ہین رنگ حضرت یوسف کے گال کا
بے وجہ رنگ سبز نہین ہر نہال کا
چھلا تمہارے ہاتھ کا پھندا ہے جال کا

کہتی ہین تیرے طالب دیدار الامان — لے ذوالجلال وقت نہین ہی جلال کا
ایک ایک ہاتھ کاسۂ چشم کلیم ہے — سائل ہو نہین تجلی حسن و جمال کا
کچھ مانگتے نہین ہین خدا سے بہی ہم فقیر — مذہب ہین اپنے حکم نہین ہے سوال کا
گدا اگر بلائے ہین طوبا کے ای صنم — لیزم ہین بھی ضرور ہے کنہا ہلال کا
قاتل کے ہجر مین شب فرقت یہ تیرہ ہے — مہتاب کو مین پھول سمجھتا ہون نہال کا
اسرار حق بھرے ہوے ہین بیت بیت مین — اپنا سفینہ سینہ ہے اہل کمال کا

نادم لکھنؤ سے ہے آباد لے منیر
مجمع ہے اس دیار مین اہل کمال کا

دیگا جو بوسہ دشمنون کو پور پور کا — پیچھا کو نگا لہو تری منہد تیکے چور کا
زاردن کے آگے خم ہے سر اہل زور کا — زنجیر فیل نقش ہو رفتار مور کا
کوس رحیل نام ہوا میرے شور کا — پروردہ ہون مین حلقۂ آغوش گور کا
ای گل لگا کے زخم و نمک تو نے ساتھ ساتھ — پانی ہے تیغ تیز مین دریاے شور کا
کیا دیکھتا ہے وہ جو نہین دیکھتے ہین ہم — پوچھین کسی بصیر سے کچھ حال گور کا
تسخیر کر لین عالم فانی کو جیتے جی — بازو پہ اپنے چاہیئے تعویذ گور کا
شیرین لبون کے عشق مین کیا ناتوان ہون — عالم ہے میری نبض مین رفتار مور کا
سارا جہان دیدۂ روزن مین ہی سیاہ — جالا لگا ہے گھر مین مری چشم کور کا
مہ طلعتون کی دید کو اڑتا ہے ساتھ ساتھ — جوڑا ہے مرغ رنگ پریدہ چکور کا
قسمت الم کو نام بیداد توڑ دے — دست خدا سے آج مین طالب ہون زور کا
پونچا مین تیرے کوٹھے تک اے آسمان مقام — رشتہ ملا کمند کو تکل کی ڈور کا
اس ماہ رخ کی عشق مین جلتا ہون شعلہ سان — میرا ہر ایک عضو ہے طعمہ چکور کا
پھندے سے چھڑائین طائر رنگ حنا کے آج — پھسلا اُتار لیے جو تری پور پور کا

دل سے متاع ہوش و خرد آپ لے گئے
اب خانۂ خدا مین ہوا دخل چور کا

اس ماہ وش کے گھر مین ہوا مرغ دل اسیر
برج قمر قفس ہے ہماری چکور کا

غیرون کو پھر آپ کرورون بناتے ہین
طالب مین ایک کا ہون نہ خواہان کرور کا

کرتا ہے کیون وہ اکڑ وحشت قیس و اغنا
جنگل مین دیکھتا ہے کوئی ناچ مور کا

روشن ہین تجھ سے دہر مین سعید انگنونکی نام
تو ہے چراغ مرقد بہرام گور کا

منہ دھونے مین جو افشی گیسو کو ہم گریز
سینے کی آفتاب مین ہے رنگ مور کا

مرقد سے اسقدر تجھے نفرت ہوا منیر
مضمون باندھتا نہین خود ہی کے چور کا

گاتا ہے شب ماہ مین اعجاز تمہارا
زہرہ سے بڑہا شعلۂ آواز تمہارا

طفلی سے کیا کرتے ہو اے ناز کی باتین
بہتر ہے مسیحا سے بھی اعزاز تمہارا

ہم جی گئے تمنے جو اشارہ مین کیا قتل
اعجاز ہمارا ہے کہ اعجاز تمہارا

کسطرح نہ زیبندہ ہو دعواے خدائی
کونین سے اٹھتا ہے نہین ناز تمہارا

اٹھتے ہو فلک پر وہم رفتار مسیحو
پریان نہ اڑا لین کہین انداز تمہارا

دل توڑتے ہو کھلتے اسرار محبت
حیرت ہے چھپاؤن مین کہان راز تمہارا

واقف ہے انداز و ادا سے دل عاشق
ہمراز ہمارا ہے ہمراز تمہارا

تم گاسے تو بیہوش ہوے سارے فرشتے
زہرہ نے ملایا ہے مگر ساز تمہارا

ملتی ہو اگر وضع کسی سے تو بتاؤن
انداز مین آتا نہین انداز تمہارا

مصحف مین بھی مضمون کمر کا نہین آیا
اللہ نے پوشیدہ کیا راز تمہارا

اچھی نہین یارو تحفظ مین اشک فشانی
ڈرتا ہون نہ کھل جائے کہین راز تمہارا

حال دل وحشت مین اخفا ہو گیا
پیرہن پھٹ پھٹ کے پردا ہو گیا

چنپئی رنگون کا سودا ہوگیا
رخت عریانی سنہرا ہوگیا

خوب ہم روئے شکستہ دل ہے ساتھ
ٹوٹ کر آئینہ دریا ہوگیا

اے صنم اسدری تیری سرکشی
مشتری ماتھے کا ٹیکا ہوگیا

تیرے چلنے مین پسا مجنون کا دل
نقش پا لیلی کا چہرہ ہوگیا

او صنم دیکھین بلا گردانیان
برہمن صدقے کا پتلا ہوگیا

پر لگائے خواہش پرواز نے
طائر رنگ اڑ کے عنقا ہوگیا

قتل ہوکر بھی نہ پہونچے تیر گھر
کیا در فردوس تیغا ہوگیا

کھا گیا مجھکو زمانہ بے خطر
مین طعام خوان یغما ہوگیا

تیرے آتے ہی نہ ٹھہرا باغ مین
اے پری ہر پھول پتا ہوگیا

قرب گوش یار کا اسدری شوق
چرخ اخضر گھٹ کے سبزا ہوگیا

تا فلک آخر تعلی سے گئے
ہمسے تو اڑ کر فرشتا ہوگیا

دشت وحشت بنگیا مجنون کا دل
خیمۂ لیلی سویدا ہوگیا

سرد آہین بھر رہی ہے عندلیب
آشیانہ خس کا بنگلا ہوگیا

تیغ قاتل مین مگر ہے آب چاہ
زخم ہر بسمل کا گہرا ہوگیا

دیکھین سر کے کج کلاہی آپ کی
آسمان ابکی جو سیدھا ہوگیا

نا امیدی کا جما اتنا ہی رنگ
جسقدر خون تمنا ہوگیا

گال پر انگلی جو رکھی آپ نے
دور خط سینے کا چھلا ہوگیا

سب نے لوٹے انکے جلوہ کے مزے
شربت دیدار جوٹھا ہوگیا

رشک کے فیض تلمذ سے منیر
شاعرون مین تو بھی یکتا ہوگیا

جلوہ فرما باغ مین جب وہ سہی بالا ہوا
طوق قمری نور سے مہتاب کا ہالا ہوا

آبلہ پائی سے آخر موت کو رحم آگیا
رہزن ملک عدم ہر پاؤن کا چھالا ہوا

لیکے بدہی ہاتھ مین تلوار کہنچی آپنے
بار پہلوون کا سروہی کے لئے نالا ہوا

دیکھ کر سوز درون چکر مین آئے سب طبق
شعلۂ نار جہنم صاف جوّالا ہوا

سرد مہری آپ کی ٹھنڈا کلیجا کر گئی
یہ نئی گرمی ہے ہر سخت جھگڑالا ہوا

شکل نورانی دکھائی کیا مجرم صبح نے
لو شب تاریک تنہائی کا منہ کالا ہوا

خون مین تر ہوکے ہر چھایا بنا خورشید صبح
مرتبہ اعلی ہوا جو زخم دل آلا ہوا

راہ ہم خستون نے پائی جادۂ شمشیر پر
پاؤن کا ہر آبلہ تلوار کا چھالا ہوا

گو تیرہ ہے سیہ خانہ شب مہتاب مین
میرے گھر مین چاندنی کا رنگ بھی کالا ہوا

تیرے جلوے سی سنہرا ہوگیا رنگ چمن
صورت تشت طلا ہر نخل کا تھالا ہوا

مردی نکلے قبرون سے زندہ ہو پیوند خاک
آپکی رفتار سے عالم تہ و بالا ہوا

زاہدونکو جلوۂ حسن بتان کرتا ہے کور
نور خورشید آنکھ مین خفاش کے جالا ہوا

خون اپنا خشک ہے بزم غنا ہی یار مین
نعرۂ شیر نیستان سنے کا ہر نالا ہوا

کسقدر ہے گرمی نام بت آتش مزاج
برہمن کے ہونٹھ پا قوس تبخالا ہوا

حضرت ناسخ کی اصلاح اس غزل پر ہے منیر
آج رتبہ تیری فکر پست کا بالا ہوا

تصویر زلف و عارض گلفام لے گیا
مرغان قدس کے لئے گلدام لیگیا

دنیا سے داغ زلف سیہ فام لے گیا
مین گور مین چراغ سر شام لیگیا

کی ترک مین نے شیخ و برہمن کی پیروی
دیر و حرم مین مجھکو ترا نام لیگیا

کیا کیا دکھائی سیر سفید و سیاہ دہر
کس کس طرف کو ابلق ایام لے گیا

اعجاز مین نے رجعت خورشید کا کیا
بالائے بام اسکو سر شام لے گیا

بھٹکے پھرے ہے دو عملۂ دیر و حرم مین ہم
اس سمت کفر اسطرف اسلام لیگیا

چپلے کے گل چڑہاے کوئی میری قبر پر
مین آرزوے وصل گل اندام ہوگیا

پستان نو دمیدہ نے ملوائی خوب ہاتھ
مین داغ حسرت ثمر خام لے گیا

دیدار دوستان وطن کا دکہا دیا
مجہکو عدم مین ابلق ایام لے گیا

پہنا کفن تو کوچہ قاتل مین پائی راہ
کعبہ مین مجہکو جامہ احرام لیگیا

راہ عدم مین سیر چراغان نظر پڑی
تربت مین داغ غم دل ناکام لے گیا

دوزخ مین جل گیا کبہی جنت مین خوش رہا
مرکر بہی ساتھ گردش ایام لیگیا

نفرت ہوئی دورنگی لیل و نہار سے
مین صبح و شام اُسکو لب بام لیگیا

زیر زمین غروب ہوا آفتاب آج
تربت مین داغ بادہ گلفام لیگیا

تیر ستم سے ملکے اوڑا جانب عدم
پر آپ کے خدنگ سے مین دام لیگیا

مین جستجو سے کفر مین پہنچا خدا کی پاس
کعبہ تک ان بتون کا مجہے نام لے گیا

ساقی کے پاس وسعت مشرب نے راہ دی
مین کاسہ فلک عوض جام لے گیا

کچہ لطف عشق کا نہ ملا جیتے جی منیر
ناحق کا رنج مفت کا الزام لے گیا

جب ہم بغل وہ سرو قبا پوش ہوگیا
قمری کا طوق حلقہ آغوش ہوگیا

اشعار میرے سنکے وہ خاموش ہوگیا
غنچہ بہ رنگ گل ہمہ تن گوش ہوگیا

پی غیر نے شراب مجہے بیخودی ہوئی
نشا چڑہا کسی کو مین بیہوش ہوگیا

اس درجہ بیخودی نے دکہائین تعلیان
گردون غبار قافلہ ہوش ہوگیا

تیغ اجل کی کاٹ سے ڈرتا نہین ہون مین
زخمون سے جسم زار زرہ پوش ہوگیا

اے بت خیال وصف دہن مین جو پائی راہ
بہٹکا پہرا سخن جو مین خاموش ہوگیا

خونخوارون کے حضور نہ آیا ہمارے طرح
آئینہ جوہرون سے زرہ پوش ہوگیا

طالع جگا لئے آپ نے ارباب عشق کے
یوسف کا حسن خواب فراموش ہوگیا

پنہان ہے زیر سبزۂ خط آتش عذار
شعلہ فسون حسن سے خس پوش ہو گیا

حوریں گلے لپٹتی ہیں آ کے رات دن
جنت سے راہ کوچۂ آغوش ہو گیا

اے مست حسن کی نگہ گرم سے حضور
آئینہ جام بادہ سر جوش ہو گیا

سب بے لطفیوں سے تم جو ملے میری جان وہی
پھانسی گلے میں حلقۂ آغوش ہو گیا

ابر سیہ کے سایہ نے سرمہ کھلا دیا
سبزہ تمام طوطی خاموش ہو گیا

کاندھوں سے میرے کاتب اعمال گر پڑے
تڑپا میں اسقدر کہ سبکدوش ہو گیا

کانوں کا حسن جلوۂ عارض سے بڑھ گیا
رخ آفتاب صبح بناگوش ہو گیا

اڑتا ہوں عشق میں لب لعلیں کے ای منیر
گویا شرار آتش خاموش ہو گیا

سبزہ تمہارے رخ کے لئے ننگ ہو گیا
طوطی کا عکس آئنہ میں زنگ ہو گیا

پست و بلند دہر میں کھاتا ہوں ٹھوکریں
ایسا سمند عمر رواں لنگ ہو گیا

بسمل کی بھی تڑپنے کو ملتی نہیں جگہ
کیا عرصۂ حیات جہاں تنگ ہو گیا

ہمزاد سے بھی یہ تن لاغر ہوا سبک
تولا تو اپنے سایہ کا پاسنگ ہو گیا

جوش جنوں نے جسم کے پرزے اڑا دیے
رخت برہنگی بھی مجھے تنگ ہو گیا

اس بت سے جسم زار جو لپٹا شب وصال
عالم کو احتمال رگ سنگ ہو گیا

مضمون آہ گرم نے جلوہ دکھا دیا
اڑ کر ہوا میں نامہ مرا چنگ ہو گیا

نالے کئے تصور گیسو میں رات بھر
دل ہمصفیر مرغ شب آہنگ ہو گیا

سر کٹ کے گر پڑا اسی قاتل کے پاؤں پر
جلاد سے ملاپ دم جنگ ہو گیا

اڑ اڑ کے میرے چہرہ پہ سے شوخ رنگ یا
مرغ شکستہ بال مرا رنگ ہو گیا

کرتا رہا لغات کی تحقیق عمر بھر
اعمال نامہ نسخۂ فرہنگ ہو گیا

ہر شہ تک بھی ضعف سے نہیں آ سکتی ہو سکا
دروازہ گھر سے سیکڑوں فرسنگ ہو گیا

محروم ہو نہین خدمت اُستاد سے منیر
کلکتہ مجکو گور سے بھی تنگ ہو گیا

خط سے موزون ہو جمال اور طرحدارونکا
مینہ کے کانٹو نہین سونا تلے رخسارونکا

رنج سے کم نہین احسان بھی خونخوارونکا
دھوپ سے تیز ہے سایہ ہمین تلوارونکا

آب آئینۂ عارض سے جو محفل بھیگی
فرشی جھاڑون پہ اُنہین شبہ ہے فوارونکا

نردبان کی نہین حاجت تری کوٹھی کیلیئے
زار ہون چاہیئے سایہ مجھے دیوارونکا

دانت چمکے جو ہنسی مین تری ہنگام شنا
موجون پر شبہ ہوا موتیون کی ہارونکا

کوچۂ یار مین سرگرم تماشا ہین سرمست
باغ فردوس مین میلا ہے گنہگارونکا

ظرف کا دھیان شب غم مین بھی ہے ای ساقی
بط سے کیون نہو تنگ آئی ہی میخوارونکا

نبض گر دیکھے تو خال کف عیسیٰ ہو جائین
تیرہ بختی سے کھلا جسم یہ بیمارونکا

عشق رخسار طلائی مین مجھے رلوا کر
بادلا مانگتے ہین آنسوؤن سے تارونکا

مشتری حسن کی بکتی ہے تمہارا شان ہو
آج نیلام ہے یوسف کو خریدارونکا

تیرگی تھی یہ شب غم مین عیاذاً باللہ
راستا بھول گیا قافلہ سیارونکا

یاس ایسی کبھی شبہائے غم کے بسر ہونے سے
صبح کو سمجھے ہین ہم نور اُڑا تارونکا

کیون نہو یاد صبا کی مجھے ہر لحظہ منیر
دوست ہے دوستون کا یار ہے وہ یارونکا

تار بوسون کا لب یار کے کیا باندھا
شوق سے زخم دہن پر مرے حلوا باندھا

نفس ظالم کو کیا قتل فقیری کے لیئے
دیو کے پوست کا آزاد نے تسما باندھا

شمع تربت سے جو پروانہ نہین مل سکتے
نخل ماتم مین مگر موت نے کھٹکا باندھا

زلف مین اُس نے دل عاشق مضطر پھانسا
شست مین ماہی بے آب کا کانٹا باندھا

لوگ فوارۂ آب در دندان سمجھے
جھاڑ باتون کا جو تمنے لب دریا باندھا

بال انگشت حنائی مین لپیٹے تمنے
سبحۂ زلف مین یاقوت کا شمسا باندھا

طائر روح سے ہے نوک مژہ پیوستہ
ہمنے اپنے قفس جسم مین کانٹا باندھا

مرغ دل قید ہے ای سرو تیرے گیسو مین
نخل طوبی مین مگر حسن نے پھندا باندھا

دیکھکر کشتون کے انبار لب بام ہنسو
سب کہین قہقہہ دیوار کا پشتا باندھا

گیسو یار کا پابند رہا توسن عمر
عشق نے خانہ زنجیر مین گھوڑا باندھا

شعر مین کی نلاش تیر نگہ کی بندش
ہمنے مرغ نظر یار کا کانٹا باندھا

کمر شب مین پڑی ڈاب نہ غلطانکی
اس نے جب موتیون کے ہار سے جوڑا باندھا

نہ کھلا حال طبیعت کی تعلی کا منیر
اس غزل مین کوئی مضمون نہ اعلی باندھا

بیخودی ہے جو ترا حسن سبے یاد آیا
طائر ہوش مرا بنکے پریزاد آیا

نہ بچی تجھ سے ہستی مین اگر تیغ ادا
چشم بد زخم مین کیون نشہ ایجاد آیا

سبز باغ آج دکھا جائیگی کاہی پوشاک
خضر کے بھیس مین گلگشت کو صیاد آیا

خط مین بھجوائی ہے اوجس نے قد کی تصویر
خلد سے میرے لئے مصرع شمشاد آیا

آج ہے ہچکیون مین قلقل مینا کی صدا
لے خدا کو نسے میخوار کو مین یاد آیا

ایسی سندی ملی تصویر کہ مانی بولا
ہاتھہ مین طائر رنگ رخ بہزاد آیا

کسقدر جلد ہوئی سبزۂ عارض کی نمود
ڈاک مین کیا خط رخسار پریزاد آیا

گرد مین ہوگئین انگشت اشارہ کسکی
کھینچکر تیغ مہ نو جو وہ جلاد آیا

بال اُترے ہوسے بھیجو مجھے اس خرش قد نے
میری بگڑی کے لئے طرۂ شمشاد آیا

آب شمشیر زبان شور نہ ہو جائے کہین
فصل گل آئی نہین موسم فریاد آیا

ہم بجالائے منیر امر علی اصغر خان
جنکا فرمان حدیث اور ہوا ارشاد آیا

تیرے وعدہ کو غلط اے حور شمائل سمجھا
جوہر تیغ زبان کو خط باطل سمجھا

لب جان بخش کو دی آب بقا سے تشبیہ
خضر کو سبزۂ پشت لب ساحل سمجھا

خوب اس غیرت زہرہ سے لپٹ کر سویا
شربت وصل کو آب چہ بابل سمجھا

سر کو پھوڑا تری مجلس مین جو اے رشک چمن
جس نے دیکھا مجھے گلدستۂ محفل سمجھا

آنکھون مین پھرتی ہے اس غیرت لیلی کی شبیہ
پردۂ چشم کو مین پردۂ محمل سمجھا

چشم گریان سے جو کی خواہش طوفان شکیب
کشتی نوح کو مین کاسۂ سائل سمجھا

جھوٹی باتین مجھے یاد آئین جو اسکی شب ہجر
صبح کاذب کو مین پیشانی قاتل سمجھا

میری زنجیر کا غل جس نے سنا راتون کو
چاند کو شعلۂ آواز سلاسل سمجھا

اڑ گیا وصل کا دن برق جھنڈی کی طرح
پرتو مہر کو رنگ رخ بسمل سمجھا

بیقراری دل پر داغ کی یاد آنے لگی
رقص طاؤس جو دیکھا طپش دل سمجھا

عشق فرہاد نے تا گور مجھے پہنچایا
الف آہ کو مین جادۂ منزل سمجھا

تیرے رخسار کا فانوس مین پرتو جو پڑا
گردن شمع مین ستر آن حمائل سمجھا

کفر و اسلام نے مقصد کو پہنچنے نہ دیا
کعبہ و دیر کو سنگ رہ منزل سمجھا

عکس خورشید کو دریا مین جو اس نے دیکھا
دف گرداب مین سونے کے جلاجل سمجھا

تیرے پنجے کا مخمس مین جو باندھا مضمون
ہر گرہ شعر کی مین عقدۂ انامل سمجھا

چاند نہین مرے نالون سے مکدر جو ہوا
آہ کو دود چراغ مہ کامل سمجھا

موج زن خون کا دریا جو ہوا اے قاتل
دامن زخم کو مین دامن ساحل سمجھا

دل سے کیونکر نہوں مداح کمالات عروج
اے منیر اس کو مین ہر علم مین کامل سمجھا

نادیدون کو قدرت کا تماشا نظر آیا
اس پردہ مین اندھون کو بھی کیا کیا نظر آیا

دل مین تہ گیسو رخ زیبا نظر آیا
اس آئینہ مین شب کو بھی چہرہ نظر آیا

عکس رخ گلگون سے تماشا نظر آیا
آئینہ اُنہیں پھولوں کا دونا نظر آیا

خوبی مین دوبالا وہ سراپا نظر آیا
پہ نور بدن پیکر جوزا نظر آیا

دل خوش گہر دن کا ہمین صحرا نظر آیا
کیا گرد یتیمی کا بگولا نظر آیا

نیرنگی حیرت سے روان رہتی ہین آنسو
تصویر کا دریا ہمین بہتا نظر آیا

نکلا جو ہوا وار مین وہ رشک سلیمان
اُڑتا سوے افلاک فرشتا نظر آیا

بالیدہ ہے ہر شیشہ ہے ابھی یہان تک
ایک ایک فلک پنبۂ مینا نظر آیا

خلعت مجھے وحشت نے دیا وسعت دل کا
جامہ مین مرے دامن صحرا نظر آیا

نظرون مین یہ چہایا یا ہے غبار دل وحشی
ہر آنکھ مین آنسو مجھے ڈھیلا نظر آیا

وہ آئینہ سیما ہے دل سخت عدو مین
بوتل مین اُترتے ہوے شیشہ نظر آیا

عاشق ترے پلکو نکا ہوا زندۂ جاوید
سولی کا خریدار مسیحا نظر آیا

زاہد نے بھی عقد آج کیا بنت عنب سے
جنت بطرے مرغ مصلا نظر آیا

برگشتہ نصیبی صدف دل کی کہون کیا
موتی کے عوض انمین پھپولا نظر آیا

آئینہ گیتی مین وہی عکس ہے ہر سو
ہنئے جدہر اُس شوخ کو دیکھا نظر آیا

کرتے ہو مرے پیکر وہی کونسا نا
ناوک مین تمہارے پر عنقا نظر آیا

اُس بت کے نہانے سے ہوا صاف یہ پانی
موتی بھی صدف مین تہ دریا نظر آیا

اُسی حور کی رنگت اُڑی رونے سے ہمارے
رنگ گل فردوس بہی کچا نظر آیا

شیشے سے گلگون کا اُنہین مد نظر ہے
تیغ نگہ مست مین چہالا نظر آیا

ہو جائینگے سب کوہ جہان سنگ فلاخن
وحشت مین جو عالم تہ و بالا نظر آیا

شمعین جو جلین بزم طلسمات کو دیکھا
آنکھین جو ہوئین بند تو کیا کیا نظر آیا

کیون خوش نہ ہو تل بیٹھ کے میزان فلک مین
موزون قد یار کا پلا نظر آیا

تل تل گئی ہین خاک مین لاکھون دل روشن
ہر ذرہ مجھے عرش کا تارا نظر آیا

آنکھو نمین کھٹکتی ہی رہی دولت دنیا
ہر سکے کی مچھلی مین بھی کانٹا نظر آیا

سب ہے بو و جہان نقش سر آب نظر مین
یہ کہیں ہمین بنکے بگٹا نظر آیا

حیرت کدۂ دہر ہوا مجھسے مکدر
آئینۂ ایجاد مین دھبا نظر آیا

خوش آتے نہیں وانت کسی حور کے مجھکو
چاک گل فردوس مین بخیا نظر آیا

مدت سے نظر دوختہ رہتی ہین گرفتا
گیسو کی بھی زنجیر مین ٹانکا نظر آیا

چنپا کلی اُس مست مے حسن کی دیکھی
گردن کی صراحی کا یہ مینا نظر آیا

مدفون ہوا زیر زمین آپ کا لاغر
چشم لحد تنگ مین جالا نظر آیا

کلکتہ مین ہر دم ہے منیر آپ کو وحشت
ہر کوٹھی مین ہر بنگلے مین جنگلا نظر آیا

خواب مین بھی جوش دیکھا دیدۂ پر آب کا
پنبۂ بالش بنا پنبہ کف سیلاب کا

دور ہے بعد فنا بھی دیدۂ پر آب کا
گنبد مرقد پر اپنے شبہ ہے دولاب کا

واہ رہی تعبیر اُلٹا مجھسے پہونچا اُسکو رنج
گل وہ یوسف خوب رویا سنکے قصہ خواب کا

بھاگتا پھرتا ہے اس تفتیدہ سے وہ شعلہ رو
آتش گل نے اثر پیدا کیا سیماب کا

غافلو ہشیار ہو دنیا مین ہشیاری شرط ہے
نام ہے مشہور اس منزل مین ہرن خواب کا

ہر قدم پر سجدہ کرتا جاؤنگا لے شہسوار
نعل توسن پر ہے دھوکا کعبہ کی محراب کا

گرمی زخم جگر ہوگی برودت پر قوی
مرہم کافور مین ہوگا اثر تیزاب کا

رفع غفلت کے لئے کیونکر سنجاؤن گور مین
توڑتا ہے لوح تربت سے طلسم اس خواب کا

فرض ہے دریا دلو پر خاکسارونکی مدد
فرش صحرا کے لئے لازم ہوا سیلاب کا

موت کو دیکر متاع زندگی غافل ہوئین
مین وہ ہون رہزن کو سمجھا ہون امین اسباب کا

پیسی تھی پارس ہوئے مطرب مگر برگ حنا
بن گیا تار طلا تار آہنی مضراب کا

خون لاکھون کرتے ہو کوئی نہیں ہے داد خواہ
حال جلاد و تمہارا بھی ہوا قصاب کا

قید اگر منظور ہے زنجیر و ر بہنا ہے مجھے
مین تو ساجد ہون ترے دروازے کی محراب کا

دہوے جب مے ست حنائی سرخ دریا ہو گیا
ہر حباب بحر پیرو ہو کا ہوا سرخاب کا

طبع روشن سے سنادے اب غزل ایسی منیر
جسکے ہر مصرع مین ہو مضمون آب و تاب کا

جوشش ہے سیر چمن مین دیدۂ پرآب کا
تھالے پر ہے شکستہ کنوئین کا سر پیدا لا بکا

رک گیا پلکون سے موجہ دیدۂ پرآب کا
بند ان تنکون نے رستہ کردیا سیلاب کا

میرے آنسو رک گئے حیرت سے ای دریا حسین
آب آئینہ یہان پانی بنا سیلاب کا

چشم عبرت مین دکھاتی ہے طلسمات جہان
دیکھتا ہون عین بیداری مین عالم خواب کا

چین سے سوؤ نہین پر وز گرم غم مین اوڑہکر
ٹانک لون دامن آنچل چادر مہتاب کا

ہمکنار آ کر ہوا مجھسے جو وہ دریائے حسن
حلقۂ آغوش حلقہ ہوگیا گرداب کا

شب شب تاریک فرقت مین چمک کر رہ گئی
ڈہنگ ہر تارے نے سیکھا کرمک شب تاب کا

آشنا ہی بحر بے پایان سے بیتابی رہی
جب سے میرے پاؤنکو چکر ملا گرداب کا

اے پریرو وضع تیری لحظہ لحظہ ہے نئی
تجھکو ہر نامہ لکھا جائے نئے القاب کا

آبروئے ناتوانی چشم تر سے رہ گئی
حلقۂ ہر چشم تر حلقہ بنا گرداب کا

رات بھر چشم نجوم و مہ جھپکتی ہی نہین
کیا دیا ہے سرمہ خاک عاشق بیخواب کا

اور کر گلچینی مضمون رنگین اے منیر
طبع مین عالم ہے رنگ گلشن شاداب کا

حلقہ حلقہ گھر بنا لخت دل بیتاب کا
زلف جانانہ نہین ہے عالم سیماب کا

سوتے مین نظارہ کرلون روئے عالمتاب کا
خوف کیا و زدنگہ کو ہے شب مہتاب کا

کھیل بھی بیتاب تھا طفلی مین اس بیتاب کا
پر اڑاتا تھا ہوا پر ماہی بے آب کا

رک نہین سکتا ہے دریا دیدۂ پرآب کا
پاٹ ہے رومال میرا دامن سیلاب کا

خواب میں یاران رفتہ سے ملاقاتیں ہوئین — ہے نہ سمجھا خضر غفلت کو رہ احباب کا
کہتے ہیں سب دیکھکر بیتاب سیر اعضو عضو — آدمی اتنا تک نہیں دیکھا کہیں سیماب کا
نیند کی صورت نہیں دیکھی بجز داغ جگر — پردہ میری آنکھ میں شاید کہ ہے کمخواب کا
لگ گئی آگ آتش رخ سے نقاب یار میں — دیکھلو جاتا ہے کونا چادر مہتاب کا
مجلس مے شمع وہ مین شمع بے مجلس ہوئین — غم مرا احباب کو ہے مجھکو غم احباب کا
ہجر جانان سکے الم مین ہم فرشتے بنگئے — دھیان مدت سے چھٹا آب طعام و خواب کا
اہل تسلیم و رضا سے سربلندون کی ہے زیب — خوش نشانہ ہے منارہ قرب ہے محراب کا
جھک گئے ہیں بوسہ ابرو کی جب مانگی دعا — حلقہ آغوش پر حسا الم ہوا محراب کا
اسقدر فریاد محشر خیز اے بلبل نکر — دیکھنا تختہ نہ الٹے گلشن شاداب کا
مہر دست آویز غم ہے ہر بشر کا داغ غم — دل ہے محشر بہشت گم کردہ احباب کا
بے تکلف آگیا وہ مدعائے سخن — رکھ لیا پاس ادب سے قافیہ اداب کا
پرورش تقدیر کرتی ہے مجھے بحر قضا — ذبح کو پرورده کرنا کام ہے قصاب کا
نشہ جرات زیادہ ہوگیا اے میکشو — ساغر مے بنگیا کاسہ سر سہراب کا
سوے آتش دیدہ سان پل کہاں وہ ہوئی کمر — ہیں جو لکھون گر یہ مضمون اس طلائے ناب کا
ہو گیا ہوں مین نقاب روئے روشن مختصر — چاہیئے تہ بند مجھکو چادر مہتاب کا
خال و خط سے عیب اسکے روئے اقدس کو نہیں — حسن ہے مصحف مین ہونا نقطہ و اعراب کا
دوست دشمن سے زیادہ تیز رکھتی ہیں چھری — ہر چمن بھی پیشاب کرنے لگے قصاب کا
ہونٹ پر انگشت رنگین رکھکے وہ کہنے لگی — شاخ مرجان نے ثمر پیدا کیا عناب کا
لاغری کے ساتھ بیتابی بھی اے بحر حسن — خار ہے یہ جسم لاغر ماہی بے آب کا
تیری فرقت مین جو آئی بھولکر جو آنکھ مین نیند — مژگان چشم نے پھیر منہ نہ دیکھا خواب کا
میرے مرغ دل کی بیتابی اڑائی کسطرح — حوصلہ ایسا نہیں ہے طائر سیماب کا

خدمت اقدس مین چلکر یہ غزل پڑھ اے منیر
شہرہ سب اہل سخن مین ہے ترے نواب کا

مطلب دل مجھے خونخوار ونسے حاصل ہوگا
ناخن شیر سے حل عقدہ مشکل ہوگا

اشک خونی کے تسلسل مین جو شامل ہوگا
رشتہ سبحہ یاقوت مرا دل ہوگا

تیرے ہاتھون کی صفائی سے پہر گئی تیغ
جوہر تیغ قضا دیدۂ بسمل ہوگا

دم تزئین سنے گا آئنہ لوح یاقوت
سرخ غصہ سے جو رنگ رخ قاتل ہوگا

نہ رہے گا کبھی سودائی طلب سے خالی
سر شوریدہ مرا کاسہ سائل ہوگا

اژدہا کا بکشان ہوگئے شب فرقت مین
کنڈ مار کی صورت مہ کامل ہوگا

دیکھے گا جان کر آئنہ جو وہ غیرت حسن
داغ فور آرخ مہتاب سے زائل ہوگا

جہوٹی باتون کے سوا سچ کبھی بولی نہین
خط تقدیر بیجان بہی خط باطل ہوگا

ٹوٹنے کی دل مجنون کی صدا آتی ہے کی
چاک لیلی کا اگر پردہ محمل ہوگا

دوست دشمن اثر جذب سے ہوجائنگے
آسکے خنجر مری گردن مین حائل ہوگا

شب مہتاب مین بے یار کے ہوگی وحشت
چشم آہو سے مجھے داغ مہ کامل ہوگا

یہ غزل ناسخ مرحوم کی اصلاحی ہے
اس کی ہر بیت سے رتبہ مجھے حاصل ہوگا

تو غلام اسد اللہ ہے کیا فکر منیر
ناخن شیر سے حل عقدہ مشکل ہوگا

کعبہ کا سجدہ شرف بخش جبین ہوجائے گا
کاسہ سر ساغر ناف زمین ہوجائے گا

عاشق و معشوق مین منعم جو سمجھے گا دوئی
چشم احول اس کے خاتم کا نگین ہوجائے گا

تیرے زخمی سے لپٹے ہین فرشتے نور کے
صاف ہر بہایا پر روح الامین ہوجائے گا

کعبہ ابرو کے غم مین نام ہوگا تیرہ بخت
سنگ اسود دیکہنا سنگ نگین ہوجائے گا

قطع ہوگا جامہ تن دست نازیار سے
کوچہ مقراض چاک آستین ہوجائے گا

نامۂ عاشق کہ جسکے ہوگا ناتوانی پر گواہ ۔ دیکھنا موئے نحیف خط نگین ہو جائیگا
سجدۂ زاہد ریائی ہے تماشا دیکھنا ۔ داغ پڑکر قالب خشت زمین ہو جائیگا
صفحۂ دل پر کہینچیگی ایکدن تصویر رخ ۔ کندہ یہ قرآن بالائے نگین ہو جائیگا
سرو مہری عشق گیسو جو ہوگی وقت ذبح ۔ خون مرغ روح جسم کر مشک چین ہو جائیگا
مہر کے حرفون سے عشق خط کہلیگا دہن ۔ اے گل خوبی ہر اک زخم نگین ہو جائیگا
دورۂ حسن ڈہلکی گر میان لائیگی رنگ ۔ شعلۂ جوالہ لعل آتشین ہو جائے گا
جب پڑیگا عکس خط روئے روشن جام مین ۔ ابر دود شمع وزد تہ نشین ہو جائیگا
ملتے ہے پر کہدوائینگے وصف رخ بیخال یار ۔ دیکھہ لینا بے نقط خط جبین ہو جائیگا
دیکھہ لونگا لامکان تک بعد قتل آجو روشش ۔ کاسۂ سر اوڑ سکے جسم دوربین ہو جائیگا
نقشہ کہینچیگا ہماری ناتوانی کا اگر ۔ موقلم دست کرام کاتبین ہو جائیگا
قند لب سے یہ حلاوت پائیگا منہ کا اگال ۔ نخل شمع طور کا گوند انگبین ہو جائیگا
پردہ وار چشم ہوگی قفر مین اوفتادگی ۔ بوریا مجھسے لپٹ کر پوستین ہو جائیگا
پہول بنجائینگی ہجر یار مین داغ سفید ۔ کوڑیالا مار شاخ یاسمین ہو جائے گا
عشق زلف عنبرین پر کہال کہنچوائینگے ہم ۔ ایکدن بودار اپنا پوستین ہو جائیگا
رال ٹپکیگی لب بام فلک سے آپ پر ۔ آج اس جستجو سے پیدا انگبین ہو جائیگا
اے مغنی تو اٹہائیگا جو گہوڑا اسکے چرخ ۔ آبروئے زہرہ ہلال قاش زین ہو جائیگا
ٹوٹ کر بہی دل نچہوڑیگا تجہے اے شہسوار ۔ یہ وہ میوہ ہے ترش کر قاش زین ہو جائیگا
دیکھہ کر پردہ حیا کا بزم عیش یار مین ۔ کاسۂ طنبور چشم شرمگین ہو جائیگا
خاک اڑیگی حسن کے منہ پہ ہوا دہر سے ۔ گرد باد دشت خط عنبرین ہو جائے گا
جلوۂ رخ سے بنیگا قرص مہ خال ذقن ۔ چاہ غبغب کا تو اماہ مبین ہو جائیگا
تل اگر ابرو کی گوشہ پر اگر ہوگا نمود ۔ صاف مطلع مستزاد اے مہ جبین ہو جائیگا

تیرہ روزی ہوگی نورانی تمہارے حسن سے
زنگی بخت سیہ طفل حسین ہو جائیگا

چاند سمجھیگا زمانہ عکس گوش یار کو
چاہ نخشب وزن در ثمین ہو جائیگا

سبزۂ خط کو رہیگا وصف رخ ورد زبان
حفظ اس طوطی کو قرآن مبین ہو جائیگا

پیچ سے زلفوں کے دم بازی تمہاری کم نہین
کوئی دہاگا دوہیں حبل المتین ہو جائیگا

عشق گیسو مین کدورت ہی بسادیگی مجھے
تیرے دل مین میل اگر مشک چین ہو جائیگا

شعبدہ برپا کریگا حسن چشم و زلف کا
ابلق لیل و نہار آہوی چین ہو جائیگا

لے اڑیگا جبسے ہفتم تک تمہارا اسپ ناز
طیلسان مشتری دامان زین ہو جائیگا

نازکی سے بل پڑجائینگے دست صاف مین
موی چینی تار تار آستین ہو جائیگا

نخل سوسن خاک سے نکلینگے جب رو دوگے تم
نیلگون اس ضرب سے روی زمین ہو جائیگا

خرمن مضمون لگے تو دستے ہین میری بیت مین
نکتہ چین میرے سخن کا خوشہ چین ہو جائیگا

مر نہیں سکتے کہ عشق سے تکمیل ایمان کر شمیر
رشتۂ عمر رواں حبل المتین ہو جائیگا

زہرا سے فلک نظر مین ترا مال ہوگیا
سونا تنک آفتاب کا ہم تال ہوگیا

مقتل مین گرگئی تری تلوار سرفراز
عاشق کو آج خلعت روبال ہوگیا

بیر افراق عید مین داغ جبین ہوا
ٹیکا کلنک کا مہ شوال ہوگیا

چھانا کئے جو خاک تمہاری تلاش مین
کاسہ ہماری عمر کا غربال ہوگیا

تلوار کا نیام بنا میری کہال سے
نخل قضا کو پوست سپر اچھال ہوگیا

نقشہ تمہارے کوچے کا کھینچا جو بعد مرگ
مین السطور نامۂ اعمال ہوگیا

موزون کیا جو صدمۂ ساعات ہجر کو
مضمون شعر بحر مین گھڑیال ہوگیا

قسمت مین عشق تھا جو تری دام زلف کا
کاغذ خط جبین کا مہا جال ہوگیا

بسمل تڑپتے ہین تری رفتار ناز سے
کشتہ تمام نقرۂ خلخال ہوگیا

گرمی نئی ہے آتش حسن و جمال کی
بریان بتون کا دانۂ ہر خال ہو گیا

لکھے ہے جو اضطراب مین مضمون خط یار
خط شکستہ طوطیون کا جنجال ہو گیا

ہاتے نظر سے پستے ہین زخمیون کے دل
کشتون کا کھیت مفت مین پامال ہو گیا

گلگون ہوا ہے خون جگر سے شگاف دل
مہندی سے سرخ آئینہ کا بال ہو گیا

چہرہ تمام سرخ ہے محرم کے رنگ سے
انگیا کا پان دیکھ کے منہ لال ہو گیا

محروم وصف گوہر دندان ہی ہے منیر
راجہ کے گھر مین موتیون کا کال ہو گیا

خود بولتا ہے وصف خط سبزہ رنگ کا
گویا ہے طوطی آئینہ رخ مین زنگ کا

گھر بیٹھے مجھسے غیر کو دعوی ہے جنگ کا
اپنی گلی مین شیر ہے کتا تفنگ کا

چکھا گئے ہین مال بہشت خانہ جنگ کا
خالی کیا ہے ہم نے خزانہ تفنگ کا

جلوہ ہے جام مے مین خط سبزہ رنگ کا
دستار آفتاب مین طرہ ہے بنگ کا

چٹھ ہوا رہے ہین چاہین چمکتی ہین لگی داغ
یا رب چراغ پا نہ ہو گھوڑا تفنگ کا

چہلون کے گھنگرون مین ہے بندوق کی صدا
توڑا ہے تیرے ہاتھ کا توڑا تفنگ کا

زخمی تمہارے گولیون سے سب جہان ہے
جام جہان نما ہے پیالہ تفنگ کا

گولی بھی ہم سے بچکے نکلتی ہے آپ کی
چلتا ہے آنکھین پھیر کے طوطا تفنگ کا

وہ کھیلتے ہین طائر جان کا شکار آج
پھیلا ہے جال گیسوے دود تفنگ کا

تیرے بدوقت سے چاہیے زینت حسینون کی
خال رخ پری بنے چھرا تفنگ کا

ہون سرخرو زمانہ مین خوبان لکھنؤ
بٹنا لگا ہین حضرت یوسف کے رنگ کا

محفل مین شمع مجھ مین ہوئی چمن مین پھول
جلوہ دکھا رہا ہے وہ دہنت رنگ رنگ کا

ہر دن جگر مین ٹھہرے ہین تیغ یار سے
دانتون مین ہے لعاب زبان خدنگ کا

ہر دم بتون کا اسکے قریب اژدحام ہے
عالم ہے آب آئینہ مین آب گنگ کا

دانتون کا عکس وقت تبسم محیط ہے
ہیرے کا ساز کیون نہو تیری سہ رنگ کا

زخم بدن کہین نا لیلی تو کیا عجب
لوہا ہے تیغ یار مین ناقہ کے زنگ کا

جوش جنون سے شیرون کے نشا ہرن ہوئے
پہنتا ہون پوست لالہ داغ پلنگ کا

آئی قیامت آپکی ٹھوکر اگر پڑی
قرطاس صبح حشر ہے کاغذ پتنگ کا

وسعت تمہارے بزم طرب کی مین کیا کہون
جام فلک پیالہ اسکا جلترنگ کا

افسردہ دل نہین بت ترسا کی یاد مین
کافور ہے سپیدی حسن فرنگ کا

حیرت زدون کے ہوش اڑا ئے حضور نے
آئینہ ہے کہ حوض ہے ہولی کے رنگ کا

ہجرون کا فقرہ کرتے ہین بوسہ کیواسطے
چھپتا حضور سے نہین صحبت کے رنگ کا

دریاے اشک مین جو پڑہ جاتی نجد مین
لیلی کے مانگ اژدہ ہو پشت نہنگ کا

مچھلی تمہاری کان کی پھرتی ہے آنکھون مین
پلکین ہماری اژدہ ہین پشت نہنگ کا

کچھ اس غزل مین جی نہ لگا خوب ای منیر
مضمون ایک بھی نہ ملا اپنے ڈھنگ کا

یہی کعبہ یہی قبلہ یہی مرجع ہے عالم کا
ترے کوچہ مین ہو چہرہ کا ای آب زمزم کا

بدل لون خار صحرا ای سی میوہ موسم غم کا
بناؤن گو کہر و پاؤن اگر گوٹا محرم کا

لپٹ کر خواب مین لوٹون مزا آتش نہ عالم کا
مری غفلت کا پردہ پوست ہو بادام توام کا

کبھی پرتو نہ دیکھیگا مرے خورشید عالم کا
ہزار آنکھین نکالین ٹوٹکر آئینہ شبنم کا

ہماری آبرو نقش نگین بے ثباتی ہے
مٹا دے نام کو انگلی سے موجہ رنگ خاتم کا

ترے دولت سرا مین جز تلون کچھ نہین دیکھا
بنا ہے سوانگ گہر ایک خانہ نقش درہم کا

مری آوارگی کا رنگ جم جائے زمانہ مین
الٰہی نیل سوالی کا تمکت بنجائے نیلم کا

جوانان چمن مین کشت و خون ہو تم اگر آؤ
ابھی غنچہ طمنچون مین بھرین سیماب شبنم کا

منشور و تمہو تگرمی مین مسی یہ گئی ہماری
شرح مہر کی ترشی سے کاٹا زنگ نیلم کا

نمو پا سینگے اہل آبرو روشن ضمیر و نسے
چھپائی ہو نہ غصہ مین اگر اس پلک نے
تجیر سے تمہاری حسن کے ہو سے ثبات ایسا
گلو نکا خون ہوتا ہے ترے دست حنائی سے
چمن نیلا ہوا ایسا تمہاری سرد مہری سے
کھلے گا باغ عصمت ہاتھ تم سے پیر اٹھا کر
دکھا خوابیدگان خاک کو تلوار کے جوہر
جراحت مثل گل کیا کیا مری لیلی کی کہانا ہو
تمہاری نام پہ ہر سنگدل کی جان جاتی ہے
کسی با آبرو کشتہ کا روز قتل ہے شاید
تسلی ہیچ اہل آبرو کو سو بگردش سے
علاج زخم سے پردہ رہا میرا زمانہ مین
تمہارے بال اگر کھینچے تو ایسی پانی پانی ہو
سکوت ایچ سے چاک ہین کیونکر نہ سلجائے
مگر ان آنسوؤن کی قطرے ہین کردین اگر وضو
ٹپکتے ہین جو اے گل بیل بوٹے ہر کٹوری کے
کیا کعبہ کو سہ سر اس بت عیار نے اکر
ہوئی بیقدر رہ زیست کی شے جو نکی جانے سے
خریدار آپ کے جلتے ہین برق حسن گلگون سے
سمند فتنہ رعنی کی سواری علین حرکات ہے
اثر کی رنگت گلہ ہو کی طلوع مہر سا عزیری

اوسنے کا چاندنی کی کہیت مین ہر دانہ شبنم کا
اثر دانتون کا بخیہ سے گیا دامان مریم کا
بنے آئینہ خورشید بخیہ آب شبنم کا
لہو سکے چھپا دینا ہی چمن مین غنچہ مریم کا
کرو دندان مسی آلودہ ہر قطرہ ہی شبنم کا
طمانچہ کا اثر منہ پہ ہے گا پنجہ مریم کا
چرے گا کوزہ مین سبزہ تری تیغ قضا دم کا
نمک زخمون نے کہا نہیں ہے شور ماتم کا
بنا غیر ورزہ سرمہ نگین اے جان خاتم کا
لہو سے سرخ ہر دانہ ہوا تسبیح شبنم کا
فلک پر لیگیا آخر کو آپ دانہ شبنم کا
لباس زیست کا پیوند ہے جاتا ہے مرہم کا
بچھوڑی زلف سنبل کو چمن مین پنجہ مریم کا
کرو مہر خامشی اس زخم کو بہاتا ہے مرہم کا
میسر ہے انگھہوارہ ہی طفلان توام کا
بنا پھولوں کا بنگلا آج بنگلا تیری محرم کا
بنا یا آب زیر گاہ پانی چاہ زمزم کا
بنا دونی کا تپا خشک ہو کر پان محرم کا
اثر ہے گرمی بازار مین نار جہنم کا
ہماری تر دماغی ہے پسینہ خس نسیم کا
گلو مین گریہ ہوتا ہے مروارید شبنم کا

کیا ناسم علی کو ورد جپلیہ تک محرم سے
ملے گا مدعا کیا تجھ سے حلیہ اسم اعظم کا

غم احباب میں سینہ زنی سے دل کا کام آ
لباس سوگ کو رنگنے کو کھولا نیل ماتم کا

نہ ہوگا کوئی ہمسا درد کا طالب ماتم میں
ہماری زخم کی کھلانے کو ناخن ہے ضیغم کا

سکوت القعال جسم کا ہے وا اللہ شاہد ہے
ہوا اشک چاک گنبد سر پر لب خاموش آدم کا

نصیر اب یہ غزل خورشید کو چپا کر سنا تا ہوں
کہ جو مصرع ہے آویزہ ہے گوش عرش اعظم کا

مرقد میں سہیل اشک نے ہشیار کر دیا
سوتے کو خواب مرگ سے بیدار کر دیا

زنگ آئینہ کا عکس سے گلزار کر دیا
شاداب تم نے سبزہ زنگار کر دیا

کھولی ترے پسینہ نے گرمی عتاب کی
ٹھنڈا چراغ شعلہ رخسار کر دیا

اپنے سیاہ بختوں کو مارا جو تیر سے
مسی سے نیلگوں لب سوفار کر دیا

حسن ملیح دیکھ کے دل ہو گیا نمک
شورے نے سرو شربت دیدار کر دیا

کاٹی زبان مرغ چمن جرم نالہ پہ
گلگوں لہو سے کوچہ منقار کر دیا

تعریف روز لیتے ہو اپنے غرور کی
مجکو برہمن بت پندار کر دیا

ابرو کی تل کی جو ہوس نے مری جلا
زاغ کمان کی شور نے بیدار کر دیا

باتوں میں لاغروں کو اڑا لیتے فائدہ
ان چیونٹیوں کو آپ نے پر دار کر دیا

پایا طبیب نے جو ترے زلف کا مریض
شامل دوا میں مشک شب تار کر دیا

کیا لائیں ہم احاطہ مضمون کی قید میں
آزاد سرو قامت دلدار کر دیا

زلفیں رخ پہ ہٹاتے ہو آنکھوں کی پاس سے
سنبل کو تم نے سایہ بیمار کر دیا

تا حکم مر کے وانت حسینوں کو شیب نے
ان موتیوں کو اختر سیار کر دیا

دولت کو داشت گند کتو میری حرص نے
سہتا تمام شربت و نیار کر دیا

قامت کی ساتھ کہینچدی تصویر حشر کی
تضمین مصرع قد دلدار کر دیا

شبنم نے رو کے رنگ بہایا بہار کا
پانی سے تر مرقع گلزار کر دیا

منہ پر نقاب ڈالی جو سبزہ ہوا نمود
بند اس خریطہ مین خط رخسار کر دیا

سب کانپتے ہے دانت بوسۂ لب کی ہیبت
کوڑی کا تمنے لعل سے شکر بار کر دیا

چھیڑا ستار محفل عشرت مہک گئی
تو بنی کو تمنے طبلہ عطار کر دیا

گردش سے آسمان ذہن مین سرفراز یان
چکر کو اس نے صورت دستار کر دیا

نالان ہین عشق عارض رنگین مین پر آتشن
آہون کو سرو گلشن رخسار کر دیا

ارض و سما ملا دیئے نالون سے ای منیر
پست و بلند دہر کو ہموار کر دیا

مضطرب عاشق حیران نہوا تھا سو ہوا
مرغ تصویر پر افشان نہوا تھا سو ہوا

شکل ہے جامہ سے باہر وہ ہوا عشق مین
جو کہ پردہ مین بہی عریان نہوا تھا سو ہوا

عشق رخسار کتابی نے پڑھائی غربت
جزو دل پارۂ قرآن نہوا تھا سو ہوا

جلوہ یاقوت کی تجلی کا ہوا بالون مین
شب گیسو مین چراغان نہوا تھا سو ہوا

داغ پنہان ترے آنے سے ہوا افسردہ
گل چراغ تہ دامان نہوا تھا سو ہوا

الفت اس عارض سیمین کی گلوگیر ہوئی
نقرئی طوق گریبان نہوا تھا سو ہوا

لے گیا کون عقیق لب جان بخش کی آب
خشک لب چشمۂ حیوان نہوا تھا سو ہوا

دشت وحشت مین بہا خون کف پا کو سون
سرخ دامان بیابان نہوا تھا سو ہوا

اپنی آتش قدمی بہی ہے طلسم تازہ
بیضۂ آبلہ بریان نہوا تھا سو ہوا

آپ نے منت کیا خون جوانان چمن
زر گل گنج شہیدان نہوا تھا سو ہوا

حکم والا سے منیر ابر طبیعت اپنا
اس غزل مین گہر افشان نہوا تھا سو ہوا

تیری فرقت مین نشہ اسباب عیش کا توڑا ہوا
جام سے [illegible] سبو کے واسطے پہوڑا ہوا

نارنج سے معراج پانی تھمنے کی جب تشنگی
دور ساغر بڑھ کے قیس زہرہ کا توڑا ہوا

لے اڑی عاشق کی وحشت پاس سے معشوق کو
ناقۂ لیلی کو سایہ قیس کا کوڑا ہوا

رات کو ٹیکا کہین رہتا ہے پیراہن کہین
لال جوڑا آپ کا سرخاب کا جوڑا ہوا

داغ سوزان سے جگر بھی دل بھی ہے گرم فغان
نالہ کش طاؤس آتش باز کا جوڑا ہوا

پستی مو بات مین اپنی ہین جو ٹپکی پیچ
سبز اپنی زہر سے اس سانپ کا جوڑا ہوا

شور کرکے تلخ گوئی تم جو کرتے لطف تھا
گالیون کے کہانے مین دیکھو نمک تھوڑا ہوا

کھیت کشتون کا جو روندا خون کے چھینٹے پڑے
دیکھیو گلزار سبزہ آپ کا گھوڑا ہوا

بوسہ سیب ذقن طفلی مین لیکر کیا کرین
بدمزا ہو جائیگا کچا یہ پھل توڑا ہوا

ہوگئی وارد مگر فوج جوانان چمن
داغ لالہ سے نسیم صبح کا گھوڑا ہوا

دیکھنا عیاریان زلف سیاہ یار کی
صبحدم غائب زر خورشید کا توڑا ہوا

دل بچایا گرمی روز فراق یار نے
آتش خورشید سے بچا مرا پھوڑا ہوا

اشرفی کا پھول بھی ڈھونڈھے کہین ملتا نہین
باغ عالم مین زر گل کا مگر توڑا ہوا

ساری زینت مٹ گئی جب آپ دریا سے چلے
دانۂ گوہر صدف کی کان کا پھوڑا ہوا

مار رہبر ان سیکڑون اس راہ مین ہین ای منیر
کوچۂ گیسو کا رستہ ہے مرا چھوڑا ہوا

ٹڈیان ٹکرا کے باہم کرتے ٹکڑے سنگ کین
اضطراب اے جان تیری ہجر مین تھوڑا ہوا

کان کا موتی نظر آتا نہین ہے زلف مین
شاید اس مار سیہ کا دانت ہے توڑا ہوا

خط مین سرخی بوسون کی ہے دونونکا ابتر عیان
سبزۂ خط پابند ہونٹونکے طوطے کا جوڑا ہوا

آگئی پھر شعر گوئی پر طبیعت ای منیر
لکھنؤ کا ذکر رخش فکر کو کوڑا ہوا

دیکھین پانی مین جو تیرا گل سوسن ہٹا
ہو بہار چمن اے غیرت گلشن پٹا

خوب ظاہر ہوتے مسی سے ہنسی کی جوہر
آپ کی تیغ تبسم ہوئی سوسن پٹا

صبا جب برگ و نوا شوق شہادت میں ہوا
اب نکالے مری شاخ رگ گردن پتا

آب شمشیر سے سرسبز نخل قامت
ہو گیا میرے گل زخم کا دامن پتا

طوطی سبزۂ شمشیر کو سمجھے پتہ ہوا
دہن زخم میں رکھ اسے ثبت پر فن پتا

نالہ گرم ہوا ہجر بتاں میں سرسبز
ہو گیا شعلۂ آواز ہمہ تن پتا

میں ہوں گا ہیدہ تری کشتوں نے کل مراو
شامیانہ سے سوا ہے سر مدفن پتا

ترے جلوہ سے آری ظلمت عالم ہے ترک
پر تو زخم سے ہوا سایۂ توسن پتا

چھلکے نکلنے میں جو کوئی کانکی بالی چمکی
ہو گیا سبزۂ گوش گل روزن پتا

تنگ چشموں کو دکھا جو تم انگیا کا پان
کائی تھا کے پٹ چشمۂ سوزن پتا

ٹوٹ جاتا کوئی پتا جو تری بالی کا
بھی تیا شجر وادیٔ ایمن پتا

باندھ کر دونے میں رکھوں گل صف عارض
دے اگر کان کا وہ غیرت گلشن پتا

گلشن دہر میں ہمسایہ نہیں کوئی میرا
نہیں رکھتی ہے مری شاخ نشیمن پتا

نقد دل چھین لیا آج تیری بالی نے
میری قسمت سے ہوا دیدۂ رہزن پتا

شعلۂ شمع سر طور جسے کہتے ہیں
تیری بالی کا ہے وہ اے مہ روشن پتا

گلشن دہر میں پھولوں جو کوئی برگ نہیں
سمجھی بخت سے ہو پارۂ آہن پتا

چاند کو زرد ترے سامنے جانی سمجھا
رات کو سرمۂ چشم یہ قانی سمجھا

دل پریشان نے سنبل سے جو آشفتہ ہوا
موسم گل کو مزاج خفقانی سمجھا

آبرو سے مری اوقات کٹی دنیا میں
عمر کی چال کو آنسو کی روانی سمجھا

روز میں قاز بدمی کو ملا کرتا ہوں
خوب ساقی سبب چرب زبانی سمجھا

وحشت تن سے خضر کو پہچان لیا عاشق نے
داغ کو عامۂ ہستی کی نشانی سمجھا

تیغ ابرو سے جو زخم کہیں پا جائے
ماہ نو کو بھی میں تلوار پرانی سمجھا

دل بیدماغ کی فریاد جو سو یاد وہ طفل
نالۂ طاؤس کا چڑیا کی کہانی سمجھا

راستے سو گل بلبل کی حکایت پائی
سر گلشن کو گلستان کی نشانی سمجھا

چلی اس گرم روی سے یہ عالم میں شراب
ساغر مے کو میں کشتیٔ دخانی سمجھا

دل حیران نفس سرد سے افسردہ ہوا
آب آئینہ کو میں برف کا پانی سمجھا

منہ سے مضمون تنا میں نے پھو چکر پایا
خضر کے سر کو حباب یم فانی سمجھا

بے بساط اسقدر ایام شباب بدل تھے
سایۂ نور کو میں شام جوانی سمجھا

کسی گلرو کے تصور میں لگی ہے چسکی
شیشۂ بادہ کو کی میں پنبہ ہانی سمجھا

کان رکھکر نہ سنی جیا تیو نکلی کچھ تعریف
صفت انگلیاں وہ چڑیا کی کہانی سمجھا

اول روز ہی تھا نشۂ ہستی کو زوال
شفق صبح ازل کو سے فانی سمجھا

تو جو جالا نہ پھر اضعف ہوا آنکھوں کو چندھیا
تیری رخصت دم آہوی جوانی سمجھا

تیرے پر تو سے مرقع جو ہوا عذر وبال
دھوپ کو دیکھ رنگ رخ مانی سمجھا

یاد آیا جو تیرا مصرع قد موزون
قامت حشر کو میں مصرع ثانی سمجھا

اس کی آنکھوں میں سمایا جو خط سبز اپنا
اطلس وہ یاد ام کر دہانی سمجھا

تنگ سے ہے پیچھے تھانہ کا بکا جو ہوا
بانگ ناقوس کو میں مرثیہ خوانی سمجھا

آتش غم ہوئی فرقت میں مجھے آتش تیز
ساغر مے کو گل زخم نہانی سمجھا

ہر مہینے میں رہا جوش زبان کتر سخن
ماہ نو کو لب دریا سے معانی سمجھا

آگیا عہد شباب حسن کی نشانی آئی
قول کے چھلے کو میں دور جوانی سمجھا

بسکہ ہر رنگ سخن کا ہے تیری قانون میں
جس نے جو بات کہی تیری زبانی سمجھا

دل لگا سنتے ہی اجارہ نہ رہا کچھ اپنا
میں طبیعت کے عیادت کو امانی سمجھا

خاتمہ پر ہوئی ختم کہانی ایسی
پھر قصہ کی تمامی کو وہ بانی سمجھا

نظم تحقیق میں انصاف سو جیسے کہا
رشک کو ناسخ سخنور کا ثانی سمجھا

مستغنی دہر ہوئی بحر سخن میں آسان
قافیے لائے جو پتھر کے میں پانی سمجھا

منتظر تیرے نکلنے کے ہیں شب بھر یہ ماہ
چشم انجم کی میں وجہ نگرانی سمجھا

ہمہ دانی کا تکبر ہے مجھے کیونکر ہو منیر
کونسی بات میں جب ہیچمدانی سمجھا

آبلہ سینہ پہ داغ کا کیا کیا ٹوٹا
آج باغ پر طاؤس کا میوا ٹوٹا

دل نازک نگہ قہر سے میرا ٹوٹا
صدمۂ جنبش مژگان سے یہ شیشا ٹوٹا

خلش غم سے پھپھولا مرے غم کا ٹوٹا
اس نے نے خاک سے آئینہ کا چھالا ٹوٹا

کھل گیا جو ڈب مجھے آپ کی بیہوشی کا
خوب زنجیر رم ہوش کا ٹانکا ٹوٹا

نظر قہر سے تیرے میں ہوا نابینا
پڑ گیا پاسنگ آنکھ کا ڈھیلا ٹوٹا

اس طرف جوشش طپش اور وہاں کثرت ناز
نبض چھوٹی جو مری یار نے پونچا ٹوٹا

ہیر پھیر کھوتے ہے جو اس شوخ نے کی توبہ بھی
دل دشمن کیطرح شیشۂ صہبا ٹوٹا

جھوٹے لینے میں ہوئی لغزش تو چلایا ہمکو
بنکے بجلی وہ گری آج جو جھولا ٹوٹا

تیرے گانے سے معطر ہوئی محفل ایسی
لوگ کہنے لگے عطار کا طبلا ٹوٹا

لب جان بخش کو دیکھا تو ہوئی زیست محال
سانس چلنے لگی الٹی دم جینے ٹوٹا

مٹ گئی پنبہ دہانی کی خلش بوسے سے
آج قفل دہن یار کا کھٹکا ٹوٹا

کر دیا ضعف نے یکدست معطل ایسا
بوجھ سے کاتب اعمال کے مونڈھا ٹوٹا

مثل ابلیس چلا غیر نشانہ سے ترے
آج بندوق کی ٹوپی کا ستارا ٹوٹا

بدزبانی جو چھٹی خم بکمر اے شمع جہاں
کیا ہوا گالیوں کا جھالر جو لٹو کا ٹوٹا

تیرے پلکوں سے تن زار ہوا دو ٹکڑے
آج دست نگہ ناز سے تنکا ٹوٹا

گر گیا خون مرا انکا گنوار ہی گہنا
بنگیا خنجر چھری جو کوئی پچھوا ٹوٹا

اے صنم یہ مرے نالوں سے ہوا ہے آب
صفت آبلہ ناقوس کلیسا ٹوٹا

لکھنؤ کے کسی بت کی یہ امانت تھی منیر
فرخ آباد میں دل آپ کا بیجا ٹوٹا

دور تک ضعف میں چہرے کا مرے رنگ اڑا
خال ابرو کا جو شورے بت گلرنگ اوڑا
پھر گئی جان جو اُس طفل نے پتھر مارے
کھیل میں تیری تعلی و تجلی دیکھی
سلطنت کا مرض عشق میں ہاتھ آیا لطف
شفق صبح سے ظاہر ہے یہ اے شعلہ طور
رات شفاف تھی بزم شراب اے ساقی
مے کی دست درازی تو لڑی وصل میں شیخ
دل نالان نے کیا جسم گلی کو برباد
لب جان بخش کے پرتو سے مگر جان پڑی
لے بت صید فگن کچھ سبب جرگ نہ پوچھ
زر پرستوں کو دکھایا تیغ نگہ کا عالم
خاک میں ملگئی موجون کی روانی ساری
ٹھوکریں کہائے قلم نے رہ مشکل طے کی

اے پری طائر بے پر کی فرسنگ اوڑا
قتل ہوا زاغ کمان سیکڑوں فرسنگ اوڑا
آج جگنون کی طرح ہر شرر سنگ اوڑا
بن گیا چودھوین کا چاند اگر چنگ اوڑا
اے شہ حسن ہما بنکے مرا رنگ اوڑا
تیرے آگے گل خورشید کا بھی رنگ اوڑا
رنگ مینائی فلک دیکھکر مردنگ اوڑا
توسن ناز کی ہاتھہ دم جنگ اوڑا
کیا قفس لیکے مرا مرغ خوش آہنگ اوڑا
آج طوطی کی طرح ہر قدح بنگ اوڑا
طائر جان ترے ہاتھوں جو ہوا تنگ اوڑا
ایکدن سنگ کی چہلی کا بھی چہ رنگ اوڑا
اُس پری زاد کا گھوڑا جو لب گنگ اوڑا
تا بیان سیکڑوں اپنا فرس لنگ اوڑا

کیا اوڑایا ہے تمہیں جسکو نہیں اُنسی منیر
خود سمجھو آج تمہارا کہو کیون رنگ اوڑا

تصور تھا جو رو سے لالہ گون کا
ہوا ایسا مرا طوق گلو تنگ
کہاں شیرین نے دیکھا زخم فرہاد

ہوا اشک چشم تر پر داغ خون کا
کہ چہلا بنگیا دست جنون کا
عبث پہولا ہے لالہ بیستون کا

چھپایا میں نے چاک سینہ صبر
رفو ہون دامن کوہ سکون کا

شب فرقت جسے سمجھے ہیں نادان
دھوان ہے آتش سوز درون کا

لہو رو کر غبار دل نکالون
کہیں تا پوسے کٹے دریاے خون کا

رہے خالی ہو کے پھر بھی وہی دورہ
فلک بنجائے جام واژگون کا

مٹے گا نقش کن آنکھوں کے آگے
زمانہ کم ہے وصل کاف و نون کا

میرے نالوں سے جنگل گونجتا ہے
بنا ہون شیر صحراے جنون کا

بناتے ہو کسے کن کہکے صاحب ہا ہا
ہمیں چلنے کا حقرا کاف و نون کا

میرا آسیب غم سے بند او ترا
بہت سا اسم اعظم پڑھ کے پھونکا

آج کعبہ میں امیر المومنین پیدا ہوا
شکر ہے اللہ کے گھر جانشین پیدا ہوا

چودھویں کا چاند کعبہ میں نظر آنے لگا
آج ماہِ بالہ ناف زمین پیدا ہوا

خانہ دی میلاد حیدر خانہ میں رہی
ہو گئی زیب مکان آج انگشتر نگین پیدا ہوا

ذوالفقار دست حق آئی پیمبر کے لئے
قوت بازوئے ختم المرسلین پیدا ہوا

کونسے بندہ کا مولد کعبہ ٹھہرا غیر علی
خانہ حق میں نبی کا جانشین پیدا ہوا

یعنی معنی ید اللہ فوق ایدیہم کھلے
آج بالا دست اصحاب یمین پیدا ہوا

پڑ گئی شہد قناعت میں بلا دست حبیب
چھتنگیر لب نان جوین پیدا ہوا

کعبہ کی جانب کو سجدہ اسلئے واجب ہوا
یعنی اس میں قبلۂ دنیا و دین پیدا ہوا

جس نے سائل کو انگوٹھی بخشدی وقت رکوع
خاتم بخشش کا وہ نقش نگین پیدا ہوا

ہے بجا ہی دعوی سلونی بحق کتاب اللہ کا
واقف اسرار قرآن آج یہیں پیدا ہوا

حسن یوسف کی سفیدی آج کعبہ میں بھری
خانہ معبود میں طفل حسین پیدا ہوا

تہنیت کا غل ہے ششجہت میں ہے بالائے فلک
معتقد اسکے حضرت روح الامین پیدا ہوا

کیون طناب خیمۂ ایمان ہو مضبوط آج | رشتہ دار مصطفےٰ حبل المتین پیدا ہوا
سنگ اسود مین تجلی چاند سی دو چند ہے | مہر چرخ دین امام مہ جبین پیدا ہوا
آج میلاد قسیم نار و جنت کی ہے دھوم | عرش کہتا ہے میرا کرسی نشین پیدا ہوا
گوہر نادعلی آویزۂ ہر گوش ہے | قلزم اعجاز کا در ثمین پیدا ہوا
نفس پیغمبر کہا حق نے اسے قرآن مین | احمد ثانی امام الاولین پیدا ہوا
بیعت دست خدا کا سلسلہ ہاتھ آگیا | آج پیر و مرشد اہل یقین پیدا ہوا
مل گیا طغرا سلونی کا حسین فخر ہے | خلق مین استاد جبرئیل امین پیدا ہوا
قبلۂ حور و ملک کا نال کعبہ مین گڑا | آج وجہ شہرت ناف زمین پیدا ہوا
آج وہ پیدا ہوا جس کے ملے فردوس مین | چشمۂ شیرین شیر و انگبین پیدا ہوا
دیکھو ظلمات سواد کعبہ مین آب حیات | ساقی تسنیم و خضر راہ دین پیدا ہوا
جانشین مصطفےٰ بے فصل و زوج فاطمہ | کعبۂ اسلام کا رکن رکین پیدا ہوا
جان و جسم مصطفےٰ مصداق اقضی کم علی | ملک دین و شرع کا مسند نشین پیدا ہوا
صاحب لولاک کا یہ نفس جان روح ہے | باعث پیدائش چرخ و زمین پیدا ہوا
خاک پا ہی سے ملا جسکو خطاب بوتراب | آج وہ گلگونۂ روے زمین پیدا ہوا
تشنگی روز محشر کا عبث ہے اضطراب | تشنہ کامون ساقی با زمین پیدا ہوا
بیخ جڑ یا نسی ہی نکلے دانہ گندم کا اول | جیسے یہ لذت کش نان جوین پیدا ہوا
نفس جان و خون و جسم مصطفےٰ ہیں مرتضےٰ | ناصر حق وارث شرع مبین پیدا ہوا
دوستو نکو ولی من ولاہ کے معنی کھلے | صورت اعجاز فخر مرسلین پیدا ہوا
دو سرا مصرعہ جو پایا نور کا مطلع بنا | شافع محبوب رب العالمین پیدا ہوا
نور حق سے جامۂ اعجاز روشن ہو گیا | آفتاب صبح جیب و آستین پیدا ہوا
مقدم حیدر سے یہ کعبہ معنبر ہو گیا | گل ہی آہوے حرم سے مشک چین پیدا

نزع کے خوف اور فکر قبر سے چھوٹی مہینہ
جیسی امراض وقت واپسین پیدا ہوا

زمانہ مین ہے دن آج اُس قدسی ولادتکا
جو سورہ آخری آیا ہے قرآن امامت کا

پڑھا کلمہ کیا سجدہ دم میلاد مولا نے
ہوا اعجاز ظاہر سب کتابون کی قرأت کا

زمین و آسمان مین شور حمد حق کا پیدا تھا
خط باطل بنا مضمون ہر مکتوب بدعت کا

قدوم صحبت حق سے ہوا عرج اسقدر حاصل
جبین عرش آئینہ ہوا صبح ولادت کا

کبھی کا گنبد افلاک تھا بیضہ عنقا
ستون قصر ہستی جو نہوتا پاؤن حضرت کا

فرشتے آکے تحریک لئے افلاک سب سے
دیا کر دیون کو آپنے خلعت زیارت کا

نہوتے صاحب عصر و زمان موجود اگر ایدل
تو تقویم کہن بنتا ورق صبح قیامت کا

خدا جسطرح ہے لیکن نظر آتا نہین ہرگز
یہی راز خفی ہے حضرت مہدی کی غیبت کا

الٰہی تشنہ کامون کیلئے آب بقا ہووا
اندھیرا چھا گیا دنیا مین گمراہی کی ظلمت کا

منور کر دے اپنے نور سے ای آفتاب دین
سپہر شرع پر ابر آگیا شرک و ضلالت کا

ظہور اب جلد فرماؤ کہ شیرین کام ہون خادم
دل منکر ابھی شیشہ بنے زہر ندامت کا

سیہ او ملائک کی امامت کیجئے مولا
بنی مصحف کی سطرین جسن صفحہ عیب ... کا

ہزارون ہو گئے دجال سے مولا زمانے مین
غبار آگین ہے زنگ شرک سے آئینہ وحدت کا

پڑے ہین پردے آنکھون پہ نہین تو دین سینے
ہوئی ہر خشت مدفن گورکہ ڈھیلا چشم عبرت کا

جدا اسباب ظاہر اسقدر ہین اطلاق باطن سے
الگ سب ہے جوہر معنی سے ہر آئینہ صورت کا

غنی ہے فیض ہین محتاج پھر بھی اہل ہمت
بنا ہے کاسہ درویش مین چشم مروت کا

فقیرون کو بھی دنیا کی طمع ہے ساری شہر و بو
نہین معلوم کس جنگل مین تکیہ ہے قناعت کا

وہ اندھے ہین جو منکر ہین تری غیبت کے مقدر کو
سوا آنکھون کے جیسے سی ہے پردہ خواب غفلت کا

سزا دے سے صیدگاہ دہر مین ہر ایک ظالم کو
شکار اب کہیل شاہین ترازوے عدالت کا

دکھا دے جلوہ اپنا منکرونکو مجکو سچا کر — مرے دامن سے بھی چھوٹے داغ بیدینی کی تہمت کا
پیام مرگ ہے تیرا ظہور پاک منکر کو — صدا ہے کوس رحلت کیون نہو آوازہ نوبت کا
پڑہا طوطی کی صورت اسنے کلمہ بھی تو کیا حاصل — جو منکر ہے ترے اعجاز قرآن فضیلت کا
ترے دشمن کو جاے امن ہے بھی تو مرنے پیچھے — بنے آغوش گور تنگ ہر کوچہ ملامت کا
گلستان جہان ہے آپکے جلوہ کے صحرا ہے — رگ گلین نظر آتا ہے عالم خار وحشت کا
لب جان بخش سے اپنے جلا دو اہل ایمانکو — جبین خضر سے ہمسر ہو پتھر لوح تربت کا
ہمیشہ زخمیان تیغ عصیان ہو چکے مرہم — جو تو کافور سے اپنے کف دریای رحمت کا
رکاب پاک مین فضل خدا کا سایہ ہاتھ آئے — کرے چتر فرق اقدس مین ہی عالم کعبہ کی جہت کا
سواد لشکر دین سے عروج تازہ حاصل ہو — شب معراج ہو سایہ تری اعلام حشمت کا
زمینون کو ملے اوج اسقدر تیری سواری سے — سپہر عالم دین ہو غبار افواج شوکت کا
فتوح تازہ کا ڈنکا بجے گا عرش اعظم پر — بنے گا گنبد چرخ نہم نقارہ نصرت کا
حضور آفاق مین جو ارشاد ہین اعجاز مسیحا کے — ارادہ کیجئے اپنے مریضون کی عیادت کا
پڑے ہے جو آبرو باغ جہان کی تیرے جلوہ سے — ابھی چھڑکاؤ ہو آب نبد گل کی رطوبت کا
اگر آ بیٹھے ضو پاک کا اُن کو تصور ہو — دل حور و ملک کنٹر بنے عطر لطافت کا
کرے کسب صفا صبح تمنا راہ حضرت سے — ترے گرد قدم غازہ ہو رخسار صباحت کا
اگر ہر قدسیون کے ہون پھریرے سب نشانون کے — تو چوب رایت لشکر بنے ہر سرو جنت کا
تری تیغ قضا ہمدم کا زخمی بچ سکے کیونکر — اجل کے ہاتھ مین دامن ہے گلہائے جراحت کا
مسخر کیون نہون جن و ملک احکام والا کے — تری زنجیر در مین ہے اثر سطر عزیمت کا
جو افلاطون بھی آتا تیری بستان کی نشستون مین — پڑہا دیتی سبق اطفال غنچہ علم حکمت کا
ستون عرش اعظم کیون نہ قد قدسی کہے — کہ مرغ سدرہ بھی ہے فاختہ شمشاد قامت کا
نکالیگی زمین اپنے خزانہ آپ کی خاطر — کلید حکم سے کہلجائیگا ہر قفل دولت کا

لب پیر فلک سے تو ہی انگشت ماہ نو
اشارہ کر رہا ہے غافلوں سے تیری ہیبت کا

حبیب حق کا تو ہمنام ہے لخت جگر بھی ہے
جناب مصطفے کا دل ہے گوشہ تیری خلوت کا

زبان خاص ہے تو حضرت قرآن ناطق کی
کلام پاک ہے سہرا الالی فصاحت کا

پڑھین گے آپ خطبہ منبر خیر الخلائق پہ
کئی زینے پہ ٹھہیگا مرتبہ بام بلاغت کا

خدا تو مصطفے کا تو ہی نائب ہے زمانہ مین
ترا اعجاز ہے آیہ ہے قرآن کرامت کا

زبان دان خدا و مصطفے ہے تو ہی عالم مین
حدیث پاک مین ہے لطف مصحف کی ہر آیت کا

ملے خلعت جو تیری گرد رہ کا خاکسارونکو
بندھے دستار سر مین گوشوارہ عرش رفعت کا

مسیحا کو بھی وہ بیمار کا سایہ سمجھتا ہے
مریض عشق اقدس کب ہوا محتاج صحت کا

تمہ ہو وا ماندگان ادی خدمت کو اے مولا
بنے زلف حور خلد تکیہ خواب راحت کا

جلا دینگے جو تیرے بتکدہ کو اے قبلہ عالم
ہو گا سنگ اسود صاف تیرہ سیہ تیری بت کا

مبدل ہو گئے صد خشت ہے تیری زمانے مین
بنیگا اختر اقبال مقطع تون نکبت کا

زیارت پڑھتے ہین درگاہ کی قدسی طرح ہر قدم
بنی محراب ناخن ہے انگشت اشارت کا

جو تو فرمائے تو لیجائے مجکو بزم اقدس مین
حضر ہے منتظر اے نور حق تیری اجازت کا

خدائی چھٹے امید خون تن سے ہو جائے
رکاب خاص مین خلعت ملے مجکو شہادت کا

مجاہد فی سبیل اللہ ہو کر ہون ترا خادم
ہمیں مشتاق اے مولا مین اسباب غنیمت کا

بہت گھبرا رہے ہین ظلمات عصیاں سے دنیا مین
گنہگاروں کو مژدہ دیجئے نور شفاعت کا

بچا لو آسیائے چرخ گردان سے مجھے پیسا
دکھا بازار کو دنیا سے اثر رستم کی طاقت کا

نظر آئی گی صورت کس طرح صبح تمنا کی
مری آنکھوں مین سرمہ ہے سواد شام غربت کا

مری تار نظر ہو جامہ تمہارا دو ماتی پہن
اگر آنکھوں نصیب مین دیکھو ان رخ تیری صحبت کا

اطاعت تیری خود تن ہے ای شمشاد باغ دین
بنا ہے فاختہ کا طوق حلقہ تیری بیعت کا

کھنچے زخمی کیا شمشیر شوق پائے بوسی نے
ہمیشہ دامان سے تیغ ہیں ہمیشہ تیغ فرقت کا

ترے پائے مقدس کو جو لیتونگا نہ چھوڑونگا
قدِ خم گشتہ ہوگا ناخنِ آخر دستِ قدرت کا

مجھے بھی مسجدِ سہلہ میں یا کعبہ میں اے مولا
نظر آجاتے پرتو آفتابِ برجِ قدرت کا

دکھادے جلوہ اے دریائے رحمت تشنہ کامونکو
حباب آسا بھرو سینہ کسی دم بھر کی مہلت کا

ملوں آنکھیں جو سر وا یہ نورِ حق نظر آئے
تماشا دیکھے یہ قطرہ تری دریائے رحمت کا

تمنا ہے ظہورِ خاص میں اے نورِ حق مجھکو
قیامت کا گذرنا ہے گذرنا ایک ساعت کا

تسلی دے دلِ غمدیدہ کو اپنی تجلی سے
گلِ دستار خورشیدِ فلک ہو داغ حسرت کا

تمنا ہوئی ہے پیدا کر شوقِ طاعاتِ الٰہی دے
مری گردن پہ ہے بار اور کر ضیقِ معیشت کا

خدا کیواسطے حل کر مری ہر مشکل اے مولا
کہ تو وارث ہے داماد پیمبر کی سخاوت کا

عطا ہو صحتِ کامل مرے بیمار کو جلدی
تجھے میں واسطہ دیتا ہوں حضرت کی شہادت کا

فشارِ قبر و خوفِ نزع سے محفوظ ہو جاؤں
عنایت کربلا میں ہو جو گوشہ مجھکو تربت کا

منیر خستہ کو جلد ہی دکھلا دے نور کا جلوہ
دل و جان سے بہت مشتاق ہے تیری زیارت کا

بسملوں سے بوسۂ لب کا جو وعدہ ہو گیا
خود بخود زہرِ ستم کا انگور میٹھا ہو گیا

قتل میں جب وا عذار اپنا سراپا ہو گیا
جامۂ تن لاکھ پیوندوں کا خرقہ ہو گیا

لذتِ تقریر سے دل آج کھٹا ہو گیا
آپ کی باتوں کی مس لیتی ہی سرکا ہو گیا

رنگِ مقتل دیکھکر اہلِ ہوس گھبرا گئے
عاشقوں کا سر جدا ہوتی ہی دو سر کا ہو گیا

یوسفِ معنی کو دیکھا چشمِ صورت بند کی
آنکھ جھپکانا مجھے خوابِ زلیخا ہو گیا

ترکِ عصیاں ہو لا استو نکو لطفِ سلطنت
توبہ کا دروازہ گویا طاقِ کسریٰ ہو گیا

دیکھکر فرقے ہیں آنکھوں میں تنکا پڑ گیا
اسقدر میں آپکی نظروں میں ہلکا ہو گیا

وصل میں تجھسے لپٹ کر اسنے کھچوائی شبیہ
اے مصور اس خوشی سے جسم دوہرا ہو گیا

آبرو ہو طاعتِ حق ہو گئی تر دامنی
پور یا ہے موجۂ دریا سا پیدا ہو گیا

جوش وحشت ہے مجھے بار وہ مینے دامن
خاک اڑانی اسقدر ہر شہر صحرا ہو گیا

چشم جوہر جو پڑی ہیا نور دندان دیکھکر
پانی اترا آنکھہ مین آئینہ اندھا ہو گیا

خواب غفلت سے نہ پہنچا منزل مقصود تک
سائے خضر سہو سے رستہ جدا کھویا گیا

شرم کیا ہے بے تکلف خواب مین آ جائیے
دونون آنکھین بند کرلین مین نے پردا ہو گیا

چشم گریان کے اثر سے مدعی چکرا گئے
جیسے جسکا دل پھرا گرداب دریا ہو گیا

آتش الفت مین جلکر آفتونسے بچ رہا
مجکو بسم اللہ کا گنبد پھپولا ہو گیا

آپکے دل کی کدورت بنگئی خاک شفا
کربلائی دیکھیے انگیا کا کنتھا ہو گیا

نالۂ آتش فشان کا رنگ ہے مجھسے بڑا
ہر شرارہ بجھکے اس دریا مین مونگا ہو گیا

سمجھون جنہین تو بجلی پھر کلائی آپکی
موتیونکا بوجھ شاید لاکھہ منکا ہو گیا

لوٹ مین سب پڑ گئی دیکھی جو تلوار آپکی
زخمیون کا کہانا طعام خوان یغما ہو گیا

پانی پانی ہو گئے یوسف تری آگے شرم سے
طفل اشک دیدۂ یعقوب گویا ہو گیا

وصل کیا تھا تو سرخی آگئی رو کے پاس پر
تمنے کیا منہدی ملی خون تمنا ہو گیا

عشق ابرو نے لگایا اے حسین خوشنویس
طائر جان مرغ بسم اللہ طغرا ہو گیا

جزو لاینفک ہوا ایسا دل بیتاب سے
خار غم اے گلبدن چھلی کا کانٹا ہو گیا

تنگ آ کی تیرے ہاتھون سے حیات جاودان
چشم سوزن ساغر عمر مسیحا ہو گیا

دانتون کی جلوہ سے منہ کی لعل و رونق بڑھی
حلقۂ میم دہن ہیرے کا چھلا ہو گیا

بعد مردن بھی نہ جاگی اپنی قسمت دیکھنا
سنگ مرقد بخت خوابیدہ کو تکیا ہو گیا

چہرہ بالون سے چھپایا مجکو روتے دیکھکر
آگئی برسات ابر زلف گہرا ہو گیا

میکدہ کو شان عالی سایۂ قدسی ملی
سرو مینا آج بڑھتے بڑھتے طوبا ہو گیا

الفت لب مین لہو کے گھونٹ پیتا ہی رہا
دانہ یاقوت ہر گردن کا منکا ہو گیا

چینی ہے رنگت نہیں دیکھی کسیکی اسقدر
آپکی گردن کا چمکا تک سنہرا ہو گیا

ہو کے پیدا الف آپ بیٹھی ہیں شرابیں راتدن
آشنا اس سانپ سے بطاؤں مینا ہو گیا

کردیا تاریک دل سودائے خال یار نے
سیاہ سے گھر میں ایک نقطے سے اندھیرا ہو گیا

ملتی ہے کیفیت تازہ تمہارے فقروں سے
تمنے جو دہاگا دیا نشا کا ڈورا ہو گیا

خوبرو دیوانے بنکر پھرتے ہیں گرد محل
آپکی دیوار کا پریوں کو سایا ہو گیا

ٹالتے ہو وصل کے وعدہ کو ناحق رات کو
خود بخود جوڑا کھلا دیکھو اندھیرا ہو گیا

وحشت رز کو تیرے پرتو سے ملا حسن دو چند
گنبد مینا نظر میں برج جوزا ہو گیا

داغ دل پیدا ہوئے شیریں لبوں کی یاد میں
میرے آئینہ کا ہر چھالا بتاشا ہو گیا

تمنے گردنمیں جو ڈالے دستہائے نازنیں
دیکھیے وہ ہاتھ کا ہیرا کلیجا ہو گیا

دق کیا جو منہ سے پر کیوں مریض عشق کو
تیسرے درجہ سے بدتر اسکا درجا ہو گیا

زہر کھایا پائمالوں نے خرام ناز پر
تیری ہر جوتی کا چھنا آج ہیرا ہو گیا

ہاتھ کاٹے سرو مہ نے گر ہی تصویر یار
ابکی یہ سردی پڑی قرآن ٹھنڈا ہو گیا

پڑ گیا پردہ کدورت کا کہاں لطف وصال
بیچ میں دیوار اٹھی دل جو میلا ہو گیا

دیکھتے ہیں لوگ بیلوں کے دوپٹہ کی بہار
آپکے دروازہ پر چھڑیوں کا میلا ہو گیا

سنئے اے مجنوں یہ مضموں آوازہ جرس
ناقہ لیلے کو گذری ایک گھنٹا ہو گیا

ناتوانی کا اثر باقی ہے آزادی میں بھی
میرے ملنے کا الف خم ہوکے ہمزا ہو گیا

تھک گیا بازو وہاں زخموں کا لطف اٹھا لیا
سینے دعوت کھائی انکا ہاتھ جھوٹا ہو گیا

نزع میں ہونٹوں کا بوسہ مجکو دیکر کہتے ہیں
میرے حلوے کی قسم کھا منہ تو میٹھا ہو گیا

بالوں کے ہوتے ہوئے انگیا پر آنچل کس لیئے
وہ تو سپٹے تمنے جب چھوڑے دوپٹا ہو گیا

ہو گیا کامل منیر استاد کے اعجاز سے
آج فرصت ملگئی دیوان پورا ہو گیا

فقیر ہوں میں کسی بت کی بولی ٹھولی کا
لب مسیح بھی ٹکرا ہے میری جھولی کا

تمہارے گاؤ سے زہرہ کے گانے تک ہماہ
مرے خیال مین شپاہ ایک کونی

انکے منہ ہی بجاتے ہین چٹکیان ہر دم
مزا ہے طائر رنگ حنا کی بو کی

مرے نصیب بہی پہر گئین ساتھ پہیون کے
خدا کے واسطے پردہ اٹھا ہو

حریر برگ گل غلہ سے بہی ہے رنگین
نقاب چہرہ سے پردہ تمہاری دو

وہ رشک حور جو فصل بہار مین کہیلا
گل بہشت بنا اُس کے رنگ بہولی

کفن کو مانی و بہزاد نے کیا جگر سے
گیا جو چین مین نقشا تمہاری

رخ صبح کی تنویر سے سواری مین
سپیدہ صبح کا پردا ابنا ہو

ہر ایک پہول کی رنگت ہو رشک صبح بہشت
جو پاس نے رنگ نوازی تری کی

ہوے جو پان سے انگیا کو زرد سپیان
نظر پڑا گل صد برگ رنگ ڈہون

تفنگ یار کا ہر دم خیال رہتا ہے
دل ستم زدہ سا نچا بنا سے

دکہاتے زرد دندان جو کہیلتے ہین رنگ
حباب آب گہر قتقریہ ہے ہو

تنقیر جان سے لڑواتے ہین رقیبون سے
عدو کو سیتے ہین لقمہ ہماری

بٹہا کے پاس جو تو دل مرا جلائے گا
ہر ایک بان چہٹے گا تری کہ

ہزارون بار گئے نقد دل سواری مین
ہوا نظر جو پڑا آپ کی جہو

بہایا تیری سواری کے ساتھ قلزم اشک
کہ تہارے نہین سکتا ہے بانی

ہمارے بخت نے سیکہی ہے پہیون کی گرد
حضور چشم سے ہے عالم تری ہو

سواری آنکی جو جانے گی سوی مصر منیر
بنے گی قیمت یوسف کرایہ دولی گا

خاکساری سے جو غافل دل غماز ہوا
خاک کے پردے مین پوشیدہ

لے گیا خط جو کبوتر کیطرح طائر دل
زلف کے جال مین پہنستی ہے

سمانے کے پردے مین کی تو نے حکومت سب پر
نئے قانون سے طیار ترا

پھرتی فصل چمن میں ہوئی سرسبز ایسی — سبزۂ رخسارۂ تصویر سے آغاز ہوا
رات بھر لگ کے تری بالوں سے روپوش ہوا — زاغِ شب کے لئے گیسو پہ پرواز ہوا
کوشے ہے چہرۂ پرنور دکھایا سرِ شام — یا ہے رجعتِ خورشید کا اعجاز ہوا
چمنِ دہر میں تھے دیدۂ عشاق نرگس — جیب سے ہیں شیشۂ چشمِ فسوں ساز ہوا
صفتِ آبلۂ مینا سے فلک ٹوٹ گیا — کیا قیامت تری رفتار کا انداز ہوا
جب ہوا محو ادا آئینہ وہ خسروِ حسن — پھولوں کے عکس سے گلگوں فرشِ ناز ہوا
آپ منہ دیکھنے کو آئینۂ دل مانگا — تصفیہ اس بتِ کافر سے خدا ساز ہوا
عرصۂ دہر میں باندھا جو طلسمِ الفت — دشمنِ جانِ فلکِ شعبدہ پرداز ہوا
جان لیتا ہے تری تیرِ نگہ سے سب کی — اے پری یک قضا بھی قدر انداز ہوا
سنبلِ آہ ہوا طرۂ شمشاد بہشت — ہم بغل مجھے جو وہ سروِ سرافراز ہوا
اس سے کچھ کہکے مجھے ذبح کیا تو نے نہیں — تیرِ تیغِ اجل سے لبِ غماز ہوا
لوگ کرتے ہیں کمالِ رخِ زیبا کا وصف — خلق کھویا و ترا مصحفِ اعجاز ہوا
اے مغنی دلِ ناداں نکل آیا باہر — آج بے پردہ زمانہ میں ترا ساز ہوا
روزِ فرقت نے کیا طائرِ دل کو بیجا — گلِ خورشید مجھے چنگلِ شہباز ہوا
بوسہ مانگا گیا ہونٹوں کا ہی رنگ پھرا — رنگ مستی کا مجھے سرمۂ آواز ہوا
نشۂ غمزہ و انداز سے سرشار ہوں میں — کاسۂ عمرِ رواں جام سے ناز ہوا

تری ماہی جو بڑھ ہے نشۂ مستی کی میں سیر
کاسۂ سر مجھے جام مئے شیراز ہوا

جلوہ ہے نیا بزمِ بتِ سیم بدن کا — کیوں چاندنی پر شبہ نہ ہو صبحِ چمن کا
تر باغ میں ہوگا جو پسینہ سے وہ گلرو — سونگھ بیٹھے عروسانِ چمن عطرِ دولہن کا
شاید سرِ قبر آئے وہ خورشید درخشاں — مشتاق مرا جسم ہے شبنم کے کفن کا

تو کان لگا کر جو سنے کوئی مرا شعر
رفتار بتان نقش دل اہل جہان ہے
ہمجنس ملا پایا کہیں معشوق کی ضد ہے
اے مہر ترے جلوہ سے پہائی جو سفیدی
بوسہ کا اشارہ تو کیا منہ سے نہ بولے
مسکن کے پتے پائے سفیدی کفن سے
وحشت میں بسر ہوتی ہیں ایام شباب و
بیتاب ہی گیسوئے معنبر کو جو سونگھا
پھر رنج اٹھائے ہیں کہ تا حشر نہ چھوڑیں
کیون دل سے مرے عشق کی بوٹی اٹھے
چہرہ جو شب ماہ میں زلفوں سے چھپایا
ڈوبا کیے عاشق ترے ہونٹوں کے مگر
ٹوٹے کہیں دل دیکھکے اس تنگ غضب کا
جب باغ میں آپ آئیں تو ہو جائیں عیان صبح
کہتی ہے ہلال ہے عاشور جسے خلق
کی مشق اسیری جو تری زلف سیہ نے
اس زلف کا سودا ہے فقیرین بھی حاضر
بگڑی ہوئی ہے ساری حسینوں کی بناوٹ
حسرت تھے بہایا ترے دانے کو منگالیتے بشد
شبنم کی طرح دیکھتے ہی ٹپک گئے آنسو
ہے نام مرا صبر نے نقد رضا مین

پتا تری بالی میں پڑے نخل سخن کا
سکہ ہے زمانہ میں حسینوں کی چلن کا
یان گل ہوں بیابان کا تماشا ہے چمن کا
تھا خام مگر رنگ حسینوں کے بدن کا
بالکل مجھے کھٹکا نہ رہا قفل دہن کا
غربت میں سراغ آج ملا صبح وطن کا
یہ شام جوانی ہے کہ سایہ ہے ہرن کا
دم ناک میں ہے مشتری مشک ختن کا
ہاتھ آئے گریبان اگر صبح وطن کا
ٹانکا کوئی ٹوٹا ہے مگر زخم کہن کا
اندھیر ہوا چاندنی میں چاند گہن کا
پانی کبھی میلا نہ ہوا چاہ ذقن کا
بال آئینہ میں چاہیے ماتھے کی شکن کا
رنگ اڑ کے ہوا ہو گل نسرین و سمن کا
لے نام یہ ہے طاق مرے بیت حزن کا
ہر گانٹھ میں مضمون بندھا دام و رسن کا
منکا مری گردن میں بندھے سانپ کے من کا
اللہ رے عالم ترے بیساختہ پن کا
ایجان میں پتلا ہوں غم و رنج و محن کا
گرتی میں مگر جال ہے سورج کی کرن کا
شاگرد ہوں میں رشک سے نقاد سخن کا

لیجائینگے جنت مین منیر اوسکو پیمبر
جو عاشق صادق ہے حسینؑ اور حسنؑ کا

راہ کرکے اوس بت گمراہ نے دہوکا دیا
گر پڑے اندھے کنوئین مین چاہ ذقن نے دہوکا دیا

ہوگئے مغرور مجکو عاشق اپنا جانکر
ہائے اوس دل کا برا ہو آہ جسنے دہوکا دیا

جانکر اوس بت کا گھر کعبہ کو سجدہ کرلیا
ہائے برہمن مجکو بیت اللہ نے دہوکا دیا

مینے جانا بال منہہ پر کہولکر آئے حضور
چہپکر ابر تیرہ مین قرص ماہ نے دہوکا دیا

شیخ صاحب آپکو بتخانہ مین لایا منیر
پیر و مرشد بندۂ درگاہ نے دہوکا دیا

بڑہ چلا عشق تو دل چہوڑکے دنیا اُٹہا
خود بخود جوش مین (?) نالہ سے شیشا اُٹہا

دست نازک سے رگ گل کا بہی اُٹہنا ہے محال
یہ تو فرمائیے کسو جسنے توڑا اُٹہا

جب پکارے لب جانبخش ہی وہ مرگئے ہم
ناتوانون سے نہ بار دم عیسا اُٹہا

خاکساری مین نہین ایسی کسی کی توقیر
قد آدم مری تعظیم کو سایا اُٹہا

یاد اوس بت کی نمازون مین جو آئی مجکو
طپش شوق سے ہر بار مین بیٹہا اُٹہا

غم سہتے ہین پر غمزۂ بیجا نہین اُٹہتا
مرتے ہین مگر ناز مسیحا نہین اُٹہتا

کب یان رقیبون کو عنایت نہین ہوتی
کس روز مرے قتل کا بیڑا نہین اُٹہتا

بل پڑتے ہین پہونچے مین لچکتی ہے کلائی
نازک ہین بہت پہولونکا گجرا نہین اُٹہتا

فرمائیے ارشاد پہاڑونکو اُٹہا لون
پر رشک کا صدمہ نہین اُٹہتا نہین اُٹہتا

کوچہ مین منیر انکے مین بیٹہا تو وہ بولے
ہم جو مرے دروازے سے پہرا نہین اُٹہتا

ردیف باے

جو ذوق ہے کہ ہو دریافت آبروی شراب
تو چشم جام سے اے شیخ دیکھہ ہوی شراب

کبھی تو دے گل دستار شیخ بوے شراب
قبا کی چاک مین یارب لگے کدوے شراب

وہ مست ہین جو ہین مجروح تیغ موج سے
جگر کے چاک پہ ہے گل بنے سبوے شراب

جو عاشق لب میگون یار ہو فریاد
تو بے مستون سے بھی جلائے شیر جوے شراب

وہ مست ہین کہ جو تھا پس فنا ہوگا
ہمارے پھول نہین ہین گے گل کدوے شراب

ہمیشہ میکدہ مین خوش قدون کا مجمع ہے
ہزارون سرو لگے ہین کنار جوے شراب

لگائین تاک سے اُس مست کی جو تلوارین
دہان زخم بدن سے بھی آتی بوے شراب

ڈبو دیا ہے مجھے طوفان مستی نے اے ساقی
عمیق ترقدما دم سے نکلے جوے شراب

نماز شکر کی پڑھتا ہے جام توڑ کے شیخ
وضو کے واسطے لیتا ہے آبروے شراب

وہ رشک حور ہے مشکبو کا خواہان ہے
گل بہشت ہے مشتاق رنگ بوے شراب

صدائے قلقل مینا سے ہوگیا ثابت
کہ پیٹ بھر کے کرین مست گفتگوے شراب

برنگ شیشے ہے ابکی فصل بارش مین
کرینگے بیٹھ کے کشتی مین سیر جوے شراب

کہلا شیشون کے جھکنے سے حال اے ساقی
کہ سرکشی نہین لازم ہے روبروے شراب

اسیر دام علایق ہون کسطرح میخوار
کہ ریشمین نہین باندھتے سبوے شراب

نہو جو کشت عمل اپنی سبز اے ساقی
ریاض خلد سے ہم کاٹ لائین جوے شراب

علاج ضعف بصر نور ہے مستون کو
ہماری آنکھون کی چشمہ بنی ہی جوے شراب

پتا لگا کے گیا ہے گلشن جنت
کہان کہان نہین کی ہین جستجوے شراب

کسی نے ساغر مے سے گلون کو دی تشبیہ
نسیم باغ سے آئی جو آج بوے شراب

لگا ہونٹ سے ساغر مینا جو خالی اے ساقی
کرینگے دیدہ و دل اپنی جستجوے شراب

کیا جو شیشون نے عزم سیر عالم آب
تو بڑے تو مینون کے ہاتھہ آگئی کدوے شراب

نہر حضر شیشہ شکستہ ... ہم گرم کشت
ہماری گانٹھہ مین ہے نقد آبروے شراب

بہک کے جاؤن جو ستی مین جانب کوثر
تو مجکو دست سبو کہینچ لائے سوی شراب

یہ کیسے آنے سے میخانہ مین ہوئی شادی
دولہن کے عطر سے ملتی ہے آج بوی شراب

بدن جو ٹوٹ رہا ہے ظروف مے کیساتھ
بنا ہے کیا گل آدم سے ہر سبوئے شراب

وہ رشک مے کرے بالائے بام میخواری
الہی آج خط کہکشان ہو جوے شراب

ظروف بادۂ گلگون ہو میرے کاندہو پر
فرشتون سی بہی مین اٹھواؤن ہر سبوئے شراب

کہلا یہ پہولون کے ہونے سے حال اے زاہد
پس فنا بہی ہے رندون کو آرزوی شراب

سنا ہے پاس مسیحا کے آفتاب بہی ہے
کرینگے موت کے حیلہ سے جستجوی شراب

نہو سکے کوئی تعزیر میکشی ثابت
زیادہ حد سے بڑہی آج گفتگوی شراب

گدای بادہ ہون الفت مین چشم میگون کی
ترے فقیر کا تو بنا بنا کدوے شراب

حضور دختر رز ہاتھ پاؤن کانپتے ہین
تمام مستون کو رعشہ ہے روبروے شراب

منیر ساقی کوثر سے لون شراب طہور
کبہی مین آنکھ اٹہا کر نہ دیکہون سوی شراب

تیرہ بختی سے دماغ ہمرہین ہے جا شب
کیا ترے مجنون کا سر ہے خیمۂ لیلائے شب

رات کو ایسی لڑائی آنکھ اس نے چاند سے
ہو گیا بادام توام دیدۂ بینائی شب

کیا لکہین ہم کلبۂ ویرانہ کی تنگی کا حال
سایۂ زاغ سیہ پڑ جائے تو ہو جائے شب

رات بل کہاتی ہے میرے نالہ ہائے گرم سے
مین بنا تا ہون کرل سے زلف عنبر سائے شب

صبح ہو چہرہ اگر کہولو تم آدہی رات کو
کوچۂ تاریک گیسو مین بہی چھپ جائے شب

شام ہی سے اے فلک لا کہہ آفتون کا ہجوم
ہر گہڑی اٹھ اٹھ کے رہتا ہے مرے گہر جائے شب

کیا کرون شکوہ سیہ بختی کا تیرے ہجر مین
دیکہکر گرد کدورت خاک مین ملجائے شب

کر دیا ہے ہجر نے بخت سیہ کا پاسبان
ہے ہمارا افضل آنا رہ سگ لیلائے شب

راتکو تم سر چڑہ گئے ہو آؤ تو اتنا پیچ کہائے
اے پری مو بال چوٹی کیلئے بنجائے شب

باعث افتادگی جز و سیہ بختی ہوں میں
قد مرا کاہیدگی سے بنگیا ہے پائے شب

آندہیان آہوں کی آئین وصل میں ہیں اگر
صاف دود شمع محفل کیطرح اڑجائے شب

مختصر تنے ہو ویسے گہر میں جلد سے وقت وصل
دیدۂ روزن کی خاطر مردمک بنجائے شب

مہر مکتوب عبادت ہے یہ کارمی مری
میری پیشانی میں داغ سجدہ ہی سودائے شب

رات بہاگی جاتی ہے کیا نیند آئی وصل میں
ایکدن سونے نہیں دیتی صدائے پائے شب

یہ دعا ہے انتظار وصل میں ہر دم منیر
شام ہو جائے ٹلے روز فراق آجائے شب

ردیف بے

ہے خزاں میں دل خراش آہ و فغان عندلیب
خار حسرت ہو گئی نوک زبان عندلیب

مکتبوں میں جمع ہیں طفلان گل روانہ لون
اب گلستانوں میں ڈھونڈ ہیں گے نشان عندلیب

دیکھ چشم دل سے حسن و عشق کی یکرنگیاں
مصحف گل میں لکھی ہے داستان عندلیب

پھولونکا پنکھا اگر بنوائے وہ صیاد خلق
دھوکے ٹٹی میں دیکھیں آشیان عندلیب

اسقدر ہے موجزن آب رگ گل اندنوں
بنگیا سونے کی چڑیا مرغ جان عندلیب

سرد مہری پھولونکی کام آئی سوز عشق میں
خس کے بنگلے سے سوا ہے آشیان عندلیب

اپنے ہاتھوں سے جو وہ رشک چمن کرتا ہے بیج
ہے رگ گل برگ تر ہر استخوان عندلیب

ابکی فصل گل میں وحشت کی جو یہ کثرت ہی
شاخ آہو پہ بنے گا آشیان عندلیب

نکہت گیسو جو باغ میں پہنچا لائی صبا
عنبر اشہب ہو غیر استخوان عندلیب

کیوں نہ بنجائیں گل تصویر گوش باغبان
ہے طلسم رنگ حیرت داستان عندلیب

لائے منہدی ملی بلبل سے گل رنگین ہے
رنگ کیا کیا لائی چشم خونچکان عندلیب

بیشتر رکھتا ہے وہ رشک چمن مرہم ہمیشہ
اندنوں الگیا کی چڑیا میں ہے جان عندلیب

اتحاد ایسا نہ دیکھا عاشق و معشوق میں
نکہت گل ہو گئی روح روان عندلیب

پھول چوٹی مین نہ رکھو تم خدا کیواسطے
سر چڑھیگا شاہدِ نامہربان عندلیب

پھول تیلا ہے خزان مین صید کرنے کیلئے
باغ مین کرتا ہے وہ گل امتحان عندلیب

غیر نے سی تھی قبا شاید تیرے ہو اندام کی
آجتک قینچی ہی چلتی ہے زبانِ عندلیب

حسن کے رتبہ سوا ہے اپنے آگے عشق کا
کیون زرِ گل سے بدلیے نقدِ جان عندلیب

گلبدن کا پائجامہ تمکو سلوانا جو ہو
مفت سے لو رشتۂ عمرِ روان عندلیب

عاشق و معشوق ہین وارد چمن مین اے منیر
میہمانِ گل ہین وہ ہم میہمانِ عندلیب

وصل کے دن کسطرح گھر مین ٹھہر پائے دھوپ
تیرے دامن کی ہوا سے کیا عجب آ جائے دھوپ

دامنِ روزِ قیامت سے بھی آگے بڑھ چلے
پاؤن اپنے تیری فرقت مین اگر پھیلائے دھوپ

تیرہ روزی بھی شریکِ حیرتِ دل ہے یہان
میرے گھر مین سایۂ تصویر بنکر آئے دھوپ

صبح تک رُلوا کے مجکو جلوۂ عارض کہا
بھاگ کر لے مہروش زاغِ شبِ غم کھائے دھوپ

یہ سیہ خانہ نگین خانہ سے بھی ہے تنگ تر
آئے میرے گھر تو تنگ پھر ابکا بنجائے دھوپ

ہجر مین اُس ماہ کے میرے جلانیکے لیے
کہہ دو اپنے ساتھ خورشیدِ قیامت لائے دھوپ

اُس پری پیکر پائجامہ کی جو دیکھی دھوپ چھاؤن
کھولکر آغوش سایہ سے ابھی ملجائے دھوپ

پھونک دی سیرِ گلستان ہجر مین اُس مہر نے
آتشِ رنگِ چمن کو اور بھی بھڑکائے دھوپ

پرتوِ رخسار سے سورج بنے چشمِ کلیم
مثلِ برقِ طور ذرہ ذرہ کو چمکائے دھوپ

تم جو خونریزی کے مائل ہو ابھی اندھیر ہو
صاف ابر جوہرِ شمشیر مین چھپ جائے دھوپ

آتشی شیشہ کا شک ہو آفتابِ چرخ پر
آتشِ رخسارِ ساقی سے اگر گرمائے دھوپ

پانی پانی چشمۂ خورشید کے مانند ہو
اُس پری پیکر کے سایہ سے اگر شرمائے دھوپ

قتل کر کے جلوہ فرما ہو بتِ خورشید رو
بسملون کے کھیت کو یارب پکانے آئے دھوپ

اُسکے گردِ راہ کا دھوکا کبھی ہوتا نہین
جلوہ کر کے لاکھ صورت سے بھی بہکائے دھوپ

زار ایسا ہون تری فرقت مین اے خورشید رو
صاف اپنی جاؤن اگر سر پر مرے پڑ جائے دھوپ

زلزلہ ہے بیقراری سے در و دیوار کو
غیر ممکن ہے کہ میرے گھر ٹھہر نے پائے دھوپ

بھول کر بھی دن کو قصد غسل اگر فرمائیے
آپکو آب زر خورشید مین نہلائے دھوپ

سایۂ دامن پیمبر حشر پر ہو یا علی
آفتاب حشر کی فدوی نہ کھانے پائے دھوپ

ردیف تا

از پئے سیر چو آن سرو چراغان برخاست
شور حشر از نمک سبزۂ بستان برخاست

وحشی بے سر و پائے تو چو عریان برخاست
شور تحسین ز لب چاک گریبان برخاست

رخت از وادی ایمن چو کشیدم بیرون
گردباد از عقبم بر زدہ دامان برخاست

نتوانست بہ پیش رخ او خود داری
آب آئینہ بجوش آمد و طوفان برخاست

چون توان ساخت بشوخی کہ فریب عشاق
بنشست آہ بصد مشکل و آسان برخاست

جوشش گریہ و دل غرقہ خونست ہنوز
کشتی از آب برون آمد و طوفان برخاست

فصل گل آمد و صد رنگ طرب بخت بہار
گرد غمہا بنشست ابر بہاران برخاست

رفت چون یار ز بر من ز سر پیکر من
از کمین دو سیاہ شب ہجران برخاست

جلوۂ روئے تو در غنچۂ گل آتش زد
دود غم از دل مرغان گلستان برخاست

دل اغیار چو بستی بکمند گیسو
مو بر اندام من از صدمۂ پنہان برخاست

آب گردیدہ دلم از اثر فصل خزان
ابر مژگان بہواداری بستان برخاست

زلف آشفتہ و ہم صبح برآمد آن ترک
فتنہ از خواب چو برخاست پریشان برخاست

بہوائے سر زلف سیہت ہمچو نسیم
ہر کہ از تربت تو برخاست پریشان برخاست

اے ہمنشین سبز ہے شکایت کا ہر اک بات
سبزے کی طرح کا نہین اس گل کی یہی بات

کیونکر دہن تنگ سے ظاہر ہو کڑی بات
منہ آپکا چھوٹا ہے نکلے گی بڑی بات

گلرنگ ترے ہونٹ ہوے بار سخن سے
ایجان اُڑا لیگئی مسّی کی دھڑی بات

ترے سخن سخت مین ہے حسن نزاکت
کانون کو ہوئی پنبۂ مہتاب کڑی بات

اس پیچ سے تم مجکو اڑاتے ہو دم نطق
زنجیر رم ہوش کی بنتی ہے کڑی بات

تقریر تری شاخ گل تازہ ہے اے مست
دیتی ہے کف بادہ مین پھولونکی چھڑی بات

وصف در دندان سے یہ بڑھ جاتی ہین رتبے
رگ رگ کو بنا دیتی ہے موتی کی لڑی بات

ہر کان ہوا ہے سبد گل سے زیادہ
کیا پھول کے مانند ترے منہ سے جھڑی بات

دھوتا ہے سخن دل سے غبار غم دنیا
ہے گویا الم کے لئے ساون کی جھڑی بات

کیا مہر بنائی ترے یاقوت سخن کی
مانند نگین ہے انگوٹھی مین جڑی بات

نقد سخن پاک دیا گر و قلق مین
گنجینہ کی مانند تہ خاک گڑی بات

جس روز مین گنتا ہون ترے آنیکی گھڑیان
سورج کو بنا دیتی ہے سوئیکی گھڑی بات

استاد کے احسان کا کر شکر منیر آج
کی اہل سخن نے تری تعریف بڑی بات

ملگئی ہے شب گیسو سے مگر آجکی رات
کیون ہے سرگشتہ اندھیرے مین قمر آجکی رات

شام سے دیکھ رہا ہے وہ پری آئینہ
جا چھپی سد سکندر مین سحر آجکی رات

دھانی کپڑے سے وہ مہ برج صفا پہنے گا
چاندنی کھیت کریگی ہوے گھر آجکی رات

آبہوے چشم سیہ جو قریب آگئی زلف
چوکڑی بھول رہی چار پہر آجکی رات

یہ تو فرمائیے چاند آج کدھر نکلا ہے
کدھر آ نکلے ہو اے رشک قمر آجکی رات

وصل کی شب یہ صدا آتی ہے گھڑیالونسے
ساتھ لائی ہے قیامت کی سحر آجکی رات

تیری فرقت مین یہ سمجھا ہون تو آتا ہے
تارے نکلے نہین اے رشک قمر آجکی رات

چاندنی اوڑھ کے چھپ جائے سحر لازم ہے
کوٹھے پر نور فشان ہے وہ قمر آجکی رات

روشنی خانۂ جہان سے چراغ سے کی
گھر سے گھر ہو چکی ہے آتش تر آ چکی

نیند پر بھی کشش دل شون کا ہنگام وصال
کیوں نہ ہو اب گھر تا بگھر آ چکی

کس انہیرے مین گرہ بال کی کہوں کی ہمسے
ناف سکے ساتھ کیا وصف کمر آ چکی

شب فرقت مین خیال قد و عارض ہے عبث
ڈھونڈھ لائیگی قیامت کی سحر آ چکی

یا لگیسو مین یہ اشک ہے طغیانی پہ
مجکو درپیش ہے دریا کا سفر آ چکی

یا گیسوے سیہ شام تہی رستے مین
کالی پانی مین ہوئی صبح بسر آ چکی

گل سے سمجھاتے ہین کیون پاسے نظر کو تمکو
خواب مین جائینگے شاید ترے گھر آ چکی

نیند بھی بھول گئی راہ مری آنکھون کی
کیا اندہیرا ہے الٰہی مرے گھر آ چکی

بال بکھرے ہوے ہین دیکھتی ہو چار طرف
کون ہوگا ہدف تیر نظر آ چکی

شام سے کہانی فلک سیر شب وصل منیر
لطف معراج ملا چار پہر آ چکی رات

کرتا ہے باغ دہر مین نیرنگیان بسنت
آیا ہے لاکھہ رنگ سے لیے باغبان

ہمرنگ کی سب ہے دو شن گل اشرفی کیساتھ
پاتا ہے آکے رنگ طلائی یہان

جوبن پر اند نون ہے بہار نشاط باغ
لیتا ہے پہول بہہ کے یہان جو

سو بافت زرد رنگ ہے سنبل کی چوٹیین
کہوتا ہے بوے گل کی پریشانیان

نواب نامدار ظفر جنگ کے حضور
گاتی ہے آکے زہرۂ گردون مکان

جام عقیق زرد ہے نرگس کے ہاتھ مین
تقسیم کر رہا ہے مے ارغوان

جو سنگے ہین طائران چمن نرگسی کباب
کہدو کہ اسقدر نہ کہے گرمیان

کہتی ہے تمام زرد ہین دولت کے رنگ سے
کوٹھی مین ہو گیا ہے سراپا عیان

پیدا ہوا ہے گل سوسن کا باغ مین
لیتا ہے اختلاط مین کیا چٹکیان

زر دستہ دہرے ہوے ہین جو نواب کے حضور
باہر ہے اپنے جامہ سے لے باغبان

پکھراج سے گلاسو نہین ستہرا الگون شغل — سونیکا پانی [illegible]

سرسون جو پہولی دیدۂ جام شراب مین — بسنت الفصل [illegible]

زیر قدم ہے فرش بسنتی حضور کی — مصروف [illegible]

مین گرد پوشش ہوسکے بنا شال زعفران — لپٹا ہوا [illegible]

کرتا ہون اب تمام دعا پر یہ چند شعر — آیا پسند [illegible]

جبتک کہ موقعہ ہون گل ہزار مین — رنگین [illegible] زعفران [illegible]

یارب ہزار سال سلامت رہین حضور — ہو روز جشن عید [illegible]

احباب سرخ رو رہین دشمن ہون زرد رو — جبتک منا[illegible]

زردی کی طرح بیضۂ بلبل مین چھپ کے — اس باغ سے نہ جاسے میان [illegible]

تقدیر مین تھی فرقت یاران لکھنؤ
اس شہر مین منیر کہان تھا کہان بسنت

ردیف ٹ

نازک ایسا نہین کسیکا پیٹ — مخمل رنگ گل ہے گورا پیٹ

نظر آتا ہے عکس کرتی کا — آئینہ سے بھی ہے مصفا پیٹ

دروسر کہو دیا صبیحون کا — صندل رنج کا ہے تختا پیٹ

یہ صباحت یہ حسن یہ جلوہ — ورق سیم ہے سراپا پیٹ

ناف ہے ساغر ادائے گل — بادۂ حسن کا ہے مینا پیٹ

ورنہ یہی ہے نہ چھلکے ساغر عمر — ہے مئے ناب کا [illegible] پیٹ

جام خالی نہین بھری ہے کم — آج ساقی نے [illegible] پیٹ

تنے دم فیکے جب ملا یا پہول — خوب مثل حباب پھولا پیٹ

سیکڑون ننگلے آدمی اسنے — نہ بھرا اژدر زمین کا پیٹ

سرخ کرتی سے ہوگیا معلوم
آفتاب سحر ہے اُنکا پیٹ

دم نہین سینہ مین سماتا ہے
یاد آتا ہے اُنکا گورا پیٹ

دیکھنے والے کیون نہون مجنون
رنگ مین ہے عذار لیلےٰ پیٹ

چھاتیان ہین ترنج زر گویا
لوح سیمین ہے اُس پہ پکا پیٹ

لال نیفا دکھا کے گردون کو
ہالۂ مہ کا رنگ لایا پیٹ

شاد ہوتے ہین دیکھکر عاشق
سحر عید کا ہے نقشا پیٹ

موئے مژگان ہین بال سیلی کے
آنکھون کے سامنے ہے تیرا پیٹ

بات مستی کی ہضم ہو نہ سکی
شیشۂ بادہ کا ہے ہلکا پیٹ

جان و دل سے منیر صدقہ ہے
نہین دیکھا ہے ابتک ایسا پیٹ

ردیف ثے

ترقی کر گیا منہ پر گلی کا نور کیا باعث
بھا بڑ کر ہلال طوق بدر ا سے جور کیا باعث

نظر آئی نہین شکل اُس بت خونریز کی اِیک
پھر کتا ہے ہمارا دیدۂ ناسور کیا باعث

تجلی گاہ حسن مست جانا رنگ کیون لائے
گلابی ہوگیا دامان کوہ طور کیا باعث

بت شیرین بیان تمہین مستی مین کیا زخمی
ترش کیون ہے مرے ہر زخم کا انگور کیا باعث

بھرے ہین نیش زن میری نیلے شہد لب لاکہون
ترا گھر ہوگیا ہے خانۂ زنبور کیا باعث

دل مجروح کو مرہم رکھا بوسے گیسو سے
نہ چھڑ کا زخم پر مشک شب دیجور کیا باعث

کوئی کشتہ نہین نالان خرام ناز قاتل مین
نہ آئی حشر کے دن بھی صدائے صور کیا باعث

تمہین تو اہل حق کے نام سے نفرت ہمیشہ ہے
تمہارے کان مین ہی پنبۂ منصور کیا باعث

یہ کس برباد کی آمد ہے صحرا مین قیامت ہے
اُڑا جاتا ہے صبح حشر کا کافور کیا باعث

ترے کوچہ نشین مشتاق کب ہین باغ جنت کے
پچھڑی تیری بنی ہے شاخ زلف حور کیا باعث

بتان بادہ کش کا ہمکو سودا کیون ہوا یارب
ہمارا سر بنا ہے ساغر بلور کیا باعث

ہماری پاس ہو کر عرش پر صورت دکہاتے ہو
نظر آتے ہو تم نزدیک سے بہی دور کیا باعث

تمنے اس سال عزم لکہنو کسو اسطے چہوڑا
نہ دیکہی چلکی قبر ناسخ مغفور کیا باعث

ردیف جیم

روز فرقت ہے برا ای عاشق بیچارہ آج +
دل ہی شکل ہو نہ بیا و یعل صد پارہ آج +

کونسا ماہ دو ہفتہ خواب مین آئینگا ہے
کبک بنکر اڑ رہا ہے طایر نظارہ آج

جلوہ قاتل سے روشن ہوگئے صد ہا مقام
آئینہ ہے اس دل صد پارہ کا ہر پارہ آج +

چال اپنی دیکہتے چلتے ہو مجکو ڈر یہ ہے
پاؤن کے نیچے نہ آئے دامن نظارہ آج +

آپکے چاہ ذقن کو دیکہکر سیری ہوئی ۔
آب کو ترسیگا پیاسا طایر نظارہ آج +

تم تصور مین نہ آو پانون مین چہبہ جائیگا
شیشہ صد پاش ہے میرا دل صد پارہ آج ۔

سبزۂ خط دیکہکر سر سبز آنکہین ہوگئین
بنگیا سبزی کی صافی دامن نظارہ آج +

بو شراب عشق کی پہونچی ہے تم برہم ہوی
گر کے نظرونسے ہوا مینائی دل پارہ آج +

پیچ سے دیکہا ہے سیب ذقن ای پری
گیند پر ہمنے لپیٹا رشتہ نظارہ آج +

کیا شب فرقت کی تاریکی ہے یارب الاماں
اپنے گہر کا راستہ بہولا ہے ہر سیارہ آج +

پلکونکی جنبش سے پیچ اہل نظر کو دیجیے
پنجہ مژگان نے لپیٹے رشتہ نظارہ آج +

آہ آتش زا سے بدلا چنبر گردون نے رنگ
بنگیا داغ پر طاوس ہر سیارہ آج ++

زرد ہوکر باغ چکرایا تمہارے سامنے
لگیا سو نیکا طفل غنچہ کو گہوارہ آج +۔

کسنے جوڑا چاندنی کا شبکو پہنا ای فلک
بنگیا تہل بادلی کا صاف ہر سیارہ آج

کل ہلا دیگا زمین اس حشمت طفلی کا جوش
اضطراب سعی جنبش مین ہے گہوارہ آج

ایک دن روئے جو ہم طفلی مین جوش عشق سے
کہتے تہے سب نوح کی کشتی بنا گہوارہ آج +

گیسوؤنسے رات کو تشبیہ کس شاعر نے دی
بنگیا دندان بر زلف ہر سیارہ آج +

[illegible]

نہر مین شاید پڑا تھا عکس روے آتشین
چھٹ گیا مثل انار آتشین فوارہ آج

منتظر ہے آسمان وس غیرت یوسف کا کیا
دیدۂ یعقوب ہے نظرون مین ہر سیارہ آج

نہر مین اوترا ہے شاید غسل کو وہ شمع رو
جھاڑ بنکر صاف ہے پرنور ہر فوارہ آج

دیدیا وس بیس کو بوسونکا حصہ کسلئے
مصحف رخ کا کیا وقف ہر سی پارہ آج

ذکر کس بحر لطافت کا کریگا دیکھیے
کلیان کرتا ہے گلشن مین جو ہر فوارہ آج

محتسب کا شیشۂ دل صبح سی ہی چور چور
شیشۂ مے توڑنیکا ہوگیا کفارہ آج

تونے اوڑھا آبرو پشمینہ کی ایسی بڑھی
حوض مین آبی دوشالے کی چڑھا فوارہ آج

اے صبا اوس لالہ رو کی آنیکا ڈنکا بجے
پوست غنچے کی منڈھنا چاہیے نقارہ آج

ماہ کامل پانی پانی ہوگیا تیرے حضور
کہکشان کے نہر مین چھٹنے لگا فوارہ آج

وصل کی شب کسلئے بڑی پوچھتے آؤ میرے گھر
صبح کا ذبح بھی دینا چاہیے کفارہ آج

آنکھ تو تمنے چرائی چھینتے ہو دل مرا
مجھسے لواتے ہو اپنی چوری کا کفارہ آج

مرگیا مین زادگان طبع سی کہدی کوئی
دوش پہ گہوارے یتیمی کا دھرین پشتارہ آج

وادی وحشت مین ڈنکا آبلہ پاؤنکا ہو
شاخ آہو سے بجایا چاہیے نقارہ آج

آسمان سدرجہ تمہی تیرے آب اشک سے
پاؤن پھسلا کر پڑا چلتے مین ہر سیارہ آج

خوب بکھروٹی سنہری بنگڑی انگیا کی پان
پرتو افگن چہا تیو پر ہے جو ہر رخسارہ آج

اس بیابان گرد کا ہرگز پتا ملتا نہین
ہوگیا میرے لئے پیک قضا آوارہ آج

ٹیڑہی کوٹھی مین یہ جوڑی آئینہ کی نصب ہے
جلوہ گر ہے ملمین کج باطن کے ہر رخسارہ آج

کونسی خوش چشم کا لاتا ہے خط میرے لئے
ہے روان پا نظر سے ڈاک کا ہرکارہ آج

دیکھ کر تجکو گلستان مین یہ بالیدہ ہوا
چھینٹے دیتا ہے رخ خورشید پر فوارہ آج

وہ خفا ہے کھینچ دیکھ ایسی مین اہرمانی شبیہ
سرخ مثل آتش خورشید ہوا انگارہ آج

اب بدل کر قافیہ ایک اور بھی پڑھیے غزل
شاہد معنی کا ہے مد نظر نظارہ آج

غزل

ہو گیا زخم فراق دختر رز تازہ آج
کل سے افزون ہے خمار ہجر کا خمیازہ آج

لیتے ہی انگڑائی ٹوٹا آپ کا بند نقاب
کہل گیا جلد کتاب حسن کا شیرازہ آج

اس کو احسان سے دل کو اگر زخمی کیا
تو نے کہولا اپنے گہر کا ای صنم دروازہ آج

کوئی سنتا ہی نہین شور قیامت کی صدا
ہے بلند ایسا تری رفتار کا آوازہ آج

شمع کافوری کے پرتو سے بدن میلا ہوا
اے پری تیری لطافت کا ہوا اندازہ آج

ہے دلہن کی بو عروسان چمن کے جسم مین
باغ مین بدلا ہی کس گلرو نی رخت تازہ آج

ہر گل فردوس کی نکہت مین سونیکا ہی میل
کیا اوڑا لائی صبا چہرہ کا تیری غازہ آج

کیا پیادہ لیلی و مجنون گئے سوی عدم
نخل ماتم سے بندہا ہی نجد مین جنازہ آج

کہتے ہین عاشق حکایت عشق کی ای گلبدن
باب پنجم ہے گلستان کا ترا دروازہ آج

لیلی آئی خار خار دل نکالے قیس نے
خوب کانٹے چیر رہا ہے نجد مین جنازہ آج

دل کی حیرت سے کہلا عاشق کی پا یکبار رنگ
آینہ گلزار قالین کا بنا دروازہ آج

گالیان نے خم کہن کو دیکہ کر دیتی ہو کیون
باسی کہانے مین ملائے ہو طعام تازہ آج

عاشق قد پر چمن مین انگلیان اوٹھنی لگین
سرو بہی آزاد بنکر کستے ہین آوازہ آج

تیر سے مجکو سوا ہے اونکی نگٹ کا خمار
کہینچتے ہین وہ بہت مثل کمان خمیازہ آج

غیر کی جہوٹی صفائی کا ہی بند و بست
کیا بیاض صبح کاذب کا بندہا شیرازہ آج

کس تعلی پر ہے رتبہ تیری گرد راہ کا
عارض خورشید پر ملتے ہین عیسی غازہ آج

قیس کی وحشت کا دفتر منتشر مدت سے ہے
بہائی کے رشتہ سی باندہا چاہیئے شیرازہ آج

دہوم تیرے حسن کی ہی صبح سی ای رشک مہر
گنبد گردون مین پہیلا ہے ترا آوازہ آج

ہے ہمارے نام نوبت شاعری کی ای منیر
اپنی خوش گوئی کا ہے آفاق مین آوازہ آج

ردیف ے

نہ ہوئے صاف کبھی زلف گرہ گیر کے پیچ
بار ہا کھولدئے گیسوے تصویر کے پیچ

تار سنبل کی طرح تار نظر الجھا ہے
خواب میں دیکھے ہیں زلف بت بے پیر کے پیچ

آپکی زلف کے قیدی ہیں ہل کیونکر ہو
خوب سیکھے ہوئے ہیں سنبل زنجیر کے پیچ

جلسازو نہیں گرفتار نہ کرلے کوئی
رہتے ہیں پیش نظر زلف گرہ گیر کے پیچ

طایر روح چھٹا پھنکے ہوا پھر قیدی
دام تزویر ہوئے جوہر شمشیر کے پیچ

باتوں باتوں میں گرفتار کیا زاہد کو
گیسوے حور بنے رشتۂ تقریر کے پیچ

آپکی جنبش ابرو کی اڑاتی ہے چال
کھل گئے موجۂ آب دم شمشیر کے پیچ

مجھ سے شبگوں کی محبت میں جی جلتا ہے
دود دلمیں ہیں تری زلف گرہ گیر کے پیچ

طایر نکہت گیسو کو جولانی ہے صبا
ہیں کمند اثر نالۂ شبگیر کے پیچ

سرفرازی سے ہے مجھے صدمہ وہ انکی سبب
جاتے دستار ہیں سر میری تقدیر کے پیچ

وہ سہی قد جو دم سیر چمن کھولدے زلف
سرو آزاد کی چوٹی میں ہیں زنجیر کے پیچ

عشق گیسو مری قسمت میں ازل سے لکھا
حلقۂ مار ہیں سطر خط تقدیر کے پیچ

شوق نکل سکے لڑانے کو ہو دشمن جان
رشتۂ تربیت نہ کاٹیں بت بے پیر کے پیچ

طایر دل کے پھنسانے کیلیے ہے یہ جال
جالی کی کرتی میں ستاری ہیں رشتۂ تدبیر کے پیچ

دی جو تشبیہ ترے گیسو دستنا ہو صبا
بال کے پھندے ہیں ہوئے گیسوے زنجیر کے پیچ

ای مغنی تیرے گانمیں فن رشتہ بھی ہے قید
زلف زہرہ سے سوا ہیں تری تحریر کے پیچ

آپکی آنکھوں کے ڈورے ہیں مجھے دام بلا
دبا گئی ہو بیٹھی ہیں یہ سررشتۂ تقدیر کے پیچ

جی جلاتی ہے جبینوں کی پسینے کی چمک
بجلیاں بنگئی موج عرق شیر کے پیچ

منزل قبر ملی شوق عمارت کے سبب
کھل گئے سلسلۂ حسرت تعمیر کے پیچ

نامہ کو دیکھ کے سمجھے کہ بنے لبتہ دام
خط طغرا میں لکھوں زلف گرہ گیر کے پیچ

یا علی آئے منیر آپکے روضہ تک کیا
دیکھیے پاؤں کی بیڑی ہوئی تقدیر کے پیچ

نور اہل حق کی دنیا میں ہو مشہور صبح ❊ ہو ندامت سے شمس کے پسینہ سے منور صبح ❊

بہاگتی ہے عاشق سے سُولنے کو شب ہجر میں ❊ سیکہی ہے سیماب آتش دیدہ کا دستور صبح

ہے دل مجروح وقت جلوۂ رخسار صاف ❊ روئی میں رکھتی ہو بیرون زخم کی انگور صبح ❊

کسکو ہے نور روز میں اٹھکے لڑانیکا خیال ❊ روز لاتی ہے بنا کر بیضۂ کافور صبح ❊

نشہ کی سرخی جو دیکھی تیرے روی صاف پر ❊ شیر شبنم میں ملاتے بادۂ انگور صبح ❊

چشم نرگس میں نہاں ہو جا اُس گل کے حضور ❊ صاف بنجاتی بیاض دیدۂ رنجور صبح ❊

ظلمت شام غم فرقت کو کرتی ہے سفید ❊ دہوتی ہے صابون سے زلف شب دیجور صبح ❊

گہر ہمارا آتش فرقت سے لوہا بنگیا ❊ مثل نقرہ چرخ کہانی میں ہوئی مجبور صبح ❊

درد سر ہے شام فرقت سے مریض ہجر کو ❊ ہو ملی صندل بپیشانی رنجور صبح ❊

مے ساقی کی جو آنکھوں میں سمائیگی کبہی ❊ سانچے میں ڈہل کے بنیگی ساغر بلور صبح

صحبت اغیار میں جلوہ ہی تیری ہو مگر ❊ چاندنی بنجائے بہر خانۂ زنبور صبح

دست قاتل کی صفائی دیکہکر ایکا سمان ❊ صاف بنجائے کف آب دم ساطور صبح

روشنی بخش شبستان جہان ہو یہ مقام ❊ ہے غبار خانہ تیرا ہی بیت معمور صبح

اے قمر سیما تیری تصویر جارخ کے حضور ❊ میلے کاغذ کیطرح ہو جائیگی بی نور صبح ❊

یہ غزل ضعف مرض میں ہم نے ہو لکہی منیر
کیا کریں ہم تیرہ بختی سے جو ہو بینور صبح ❊

یارب کہا دے جلوۂ رخسار پیر صبح ❊ مار شب سیاہ نہ پی جاتی شیر صبح ❊

شیخ صفا فروش ہے دنیا کا شیفتہ ❊ لازم ہے زال دہر سی ہو عقد پیر صبح ❊

شرمائی ہیں صبیح ملاحت سے آپکے ❊ ڈرتا ہوں اس نمک سے نہ ہو ست جائے شیر صبح

شبنم کے قطرے دیکہکے کہتے ہیں اہل ہوش ❊ ٹوٹا ہے کسکے عشق میں بیتاب تیر صبح

اُس رشک مہر کی جو کہوں سرد مہریاں ❊ اے آسمان برف ہیں ہم جا شیر صبح

آئے شب فراق میں یارب جو رشک مہر ❊ جاری ہو کوہ غم سے [illegible] شیر صبح

دیتے ہین مجھکو آنکھونپر اہل صفا مقام
میرا قد خمیدہ ہے ابروئی پیر صبح

ایجاد وصف اپنی صباحت کا کیجیے
شیرینی کلام سے میٹھا ہو شیر صبح

پیرہن ربط اشک مسلسل سے کیجیے
تار نظر سے باندہیے دندان پیر صبح

اے رشک آئینہ تیرے دامن کے تار سے
نساج دہر کرتی ہین نسج حریر صبح

عکس رخ صبیح پیالے مین ڈال کر
صاحب ملا کی چاے مین پیتے ہین شیر صبح

تکّل کا تیری رنگ جو چھایا سحر کیوقت
غل پڑ گیا پتنگ مین رنگا حریر صبح

خواب سحر سے دولت فیض سحر نکھو
سوتی ہے اوٹھہ کر دیکھہ رخ دلپذیر صبح

کرتے ہو نفی اہل صفا کے کمال کی
مقراض لا سے کاٹتی ہو تم حریر صبح

اپنا ہی رزق کھوتے ہین خواب سحر سے لوگ
آتی ہے خوان مہر مین نان خمیر صبح

نور عطا ہی ملہم غیبی سے اے منیر
مطلع نظیر مہر ہین صفحے نظیر صبح

ردیف خ

عکس عقیق لب سے ہے جام شراب سرخ
ہے آتش شفق سے زرد آفتاب سرخ

پیرہن چاہیے می گلگوں سے اختلاط
ہوتا ہے وقت صبح رخ آفتاب سرخ

غصہ سے تو جو سیر چمن مین بھڑک اوٹھے
مثل حریر آتش گل ہو نقاب سرخ

تو جو لہو بہائے جوانون کا اے حسین
سے پہنے لباس کیلئے شام شباب سرخ

زخم بدن سے دفتر ہستی کی زیب ہے
شنجرف سے کتابین ہین فصل باب سرخ

اپنے شہید ناز کا لکھو جو ماجرا
مانند موج خون ہون سطور کتاب سرخ

توشہ مین اگر لب جان بخش سے دبائے
ہون لعل شب چراغ کی صورت کباب سرخ

ہر جام می بنا ترے جلوہ سے جام گل
اس دھوپ مین ہوا قدح آفتاب سرخ

ہو عشق میرے دل کو لب بادہ نوش کا
ہون آتش عقیق سے یارب کباب سرخ

حسرت نزد و نگاہ یہ دل خون گشتہ ہی مگر
اے میکشو جو کرتے ہین اشک کباب سرخ

کرتا مجکو قتل شوق جو ہے لال کپڑون کا
کیا میرے خون سے ہے زیادہ شہاب سرخ

پتی ہے دلمین خون تمہاری عرق کی یاد
ہوتا ہے میرے شیشہ مین مگر گلاب سرخ

سینہ ہے مثل آئینہ رنگیا ہی لال لال
حیرت ہے جو کی شیر سے اوٹھی حباب سرخ

داغ جگر سے شوخ ہی چھلے کی گل کا رنگ
لالے سی بہی ہے میری چمن کا گلاب سرخ

دریا مین تم نے پھینکدی کیا پیک پان کی
رنگ عقیق سے ہی کلاہ حباب سرخ

ململ کے منہدی آپ نہاتی ہین ناز سی
کیون ہو نجاے تیغ ادا کا لعاب سرخ

غصہ سی لینگے وہ دل پر خون مین چٹکیان
منہدی کریگی ناخن تیغ عتاب سرخ

رلوا کے مجکو رنگ جو کہیلو گے غیر سے
ہوجائیگی گلال سے زلف سحاب سرخ

لکہا گیا جو تیرے شہید ادا کا حال
مانند برگ گل ہوئی فرد حساب سرخ

ڈوبے لہو مین مہر امامت ہی ای منیر
کیونکر نہو شفق مین رخ آفتاب سرخ

ردیف دال

ساز عشرت سی نکلتی ہی نوای صبح عید
جام قلقل پڑھتے ہین شیشے دعای صبح عید

جشن ہے سرکار نواب نصیر الدولہ مین
اشرفی مہر بہر نذر لای صبح عید

جلوہ فرما آج کوٹھی مین ہی وہ خورشید جاہ
چاندنی اپنی تجلی کی بچھای صبح عید

کوٹھی مین نواب گرد و پیش ہی طالع آفتاب
دوپہری ہے وہ آفتابو نسی ضیای صبح عید

سیکہی ہی نواب سی عقدہ کشائی کا طریق
غنچۂ دل باغ عالم مین کھلای صبح عید

بزم عالم مین لب ساغر سی آتی ہی صدا
سن زبان موج مے سی ماجرای صبح عید

شعر نورانی جو فرما کر لکھا چاہین حضور
نذر والا کو بیاض اپنی منگای صبح عید

نور کا عالم ہے ہر کمرہ مین عشرت کے سبب
ہے جلا کے بدلے آئینون مین جای صبح عید

باغ عالم مین جو دیکھی کثرت حسن بہار
اپنی چاندی باتش گل مین کہلاے صبح عید

بخشش نورانی کی عزت سے برستی ہے خوشی
لوگ کہتے ہین کہ چلتی ہے ہوائے صبح عید

جیسے پانی کر دیا شب نے جیسین شام
ہو گیا نقرہ سمند بادپائے صبح عید

دے اگر تشبیہ اس گلگون کی رنگت سے کوئی
اڑ کے پہونچی تا شفق وہ مہین چلا سے صبح عید

ہین پیسا کی چال سے خوشنود لہاسے سحر مین
تا سحر چل نہین سکتی ہو لے صبح عید

شادمانی رہتی ہے ہر گام سے خاص مین
ہے جلو مین شاہ فرخ لقائے صبح عید

نورافشان نیل عنبر فام پر جب سے حضور
ہے بنے بام کعبہ پر دیکھو ضیائے صبح عید

پیر گردون کو اسی دربار گوہربار سے
ملتی ہے ہر سال خلعت زر نمائی صبح عید

بخشش نواب سے دنیا کا پروا رکھیا
مادرایا مینے اوڑہنی اسے صبح عید

سائل شو ہے اگر دربار والا سے نہو
دست ور ہن کیلیے پہیلا کو اسے صبح عید

فرش دربار سے اعلی سی ہین اسباب عیش
چاندنی کہڑی ہے جو بہر قبا سے صبح عید

مدحت اقدس عاپ ختم کرنا چاہیے
ہو گیا خامہ ہمارا آشنائے صبح عید

بزم عالم مین شب قدر اسی جدا جبتک ہے
جس طرح ما تک ہو بینا مین لقائے صبح عید

تاکہ شاعر اندہین زلف یار کو شام مراد
رو سے دلبر کو کہین جبتک صفائے صبح عید

ہو شفائی جا جلد نواب عالی جاہ کو
یا الٰہی ہو پذیرا یہ دعائے صبح عید

تا ابد یارب صحیح و سالم و شاد ان رہین
ہو مبارک اسقدر لطف ہوائے صبح عید

عمر و دولت کی ترقی ہو بڑہے جاہ و جلال
روز اس دربار مین مجرے کو آئے صبح عید

چاند سا فرزند ہو اس سال فرخ فال مین
گوہر انجم تصدق مین لٹائے صبح عید

ہو بتاسیر مسرت خیر خواہونکے لیے
اور کافورنکے دشمن کو کہلائے صبح عید

بخشے دولتخواہونکی خورشید قسمت کو فروغ
حاسدونکی شمع ہستی کو بجہائے صبح عید

گرد کلفت سی رہے پاکیزہ یارب یہ مزاج
آنکہو ہر والا مین ہر دم ہو صفائے صبح عید

مدح حضرت کی کرین اقبال پی پیکر منیر
نقل انجم اسکو نشہ مین کہلاسے صبح عید

کرتا ہے میرے شعر وہ ابرو کمان پسند — شوق سلاح سے ہوئی تیغ زبان پسند
خط سے ترے عذار مین ہے جانجان پسند — آیا چراغ طور کا مجکو دہوان پسند
پامال ہون تو ہڈیون کا مرتبہ بڑا ہے — سالے ہما کرین مزہ استخوان پسند
ایسے ریاض دہر مین نگین مزاج ہین — ابر بہار ہو جو کرین ہم دہوان پسند
جو خاکسار ہین انہین قدر لباس کیا — آب روان سے ہے ہمین ریگ روان پسند
دنیا سے رات دن چلے جاتے ہین قافلے — کیونکر مقام خوف کرے کاروان پسند
ماتھے مین خال ابروے جانان کی جگہ — ہے دل کو آشیانہ زاغ کمان پسند
ہے خضر رہ کشش آسی دامان حرص کی — کیا کشتی فقیر کو ہو بادبان پسند
پڑتی نہین ہے ساغر خالی پر اپنی آنکھ — مفلس کیا کرین قدح آسمان پسند
تسخیر آفتاب جبین کا عمل پڑہون — ماتھے کا حسن ہے مجھے اے جانجان پسند
غفلت کی مشق کرتے ہین عاشق بجا ہے پھر — خوش چشمون کو ہے سرمۂ خواب گران پسند
ہونٹون پہ اپنے روز جمایا کرو دھڑی — ہے آتش عقیق کا مجکو دہوان پسند
ہنسیے خدا کیواسطے پہولون کو دیکھکر — آتے ہین گوش گل مین بہی بجلیان پسند
زیبا ہے داغ عشق کا قد خمیدہ مین — آیا چراغ رکھنے کو طاق کمان پسند
کسطرح خوش ہون شام کو وہ چاند دیکھکر — آتا نہین ہے مشعل مہ کا دہوان پسند
چھوتے ہو بار بار جو قلیین شراب کی — دست سبو کی آئین مگر انگلیان پسند

بے علم شاعرون کا گلہ کیا ہے اے منیر
ہے اہل علم کو ترے طرز بیان پسند

دلمین طمع زر ہے جدا آہ جدا بند — اس شیشہ مین ہے سارے زمانہ کی ہوا بند
تو مہندی لگا کر جو چہوے ابروے پر خم — تلوار کا رومال بنے صاف حنا بند
نشہ مین تجھے گاتے ہوئے دیکھے جو ہوا بند — مینا سے مئے ناب کا ہو جاوے گلا بند

تا منزل گور اپنی رسائی ہوئی مشکل
شاید فرس عمر ہوا ضعف سے جا بند

اسد ری چمک تجھ پر نور ضیا کی
برگ گل خورشید ہوا آج حنا بند

یاد آئی اگر اُس شہ خوبان کی کفن پہن
ہو روح کے بدلے قفس تن مین ہما بند

وہ طفل دبستان جو گیا باغ سے باہر
ابواب گلستان ہوئی اسے باد صبا بند

رنگین لبون کو جو سنے شوے سینہ شفاف
تا رگ یا قوت کی انگیا مین لگا بند

اور سیس بھی رشتۂ جان نذر کو لاتے
در کار اگر آپ کو ہون پھر قبا بند

چھٹتا ہے نہین رنگ حنا پاؤن سے آ گل
منہدی سی بھی کف پا سے نگارین کی ہوا بند

کسطرح اڑا نے تری پوشاک کی خوشبو
اے گل تر سے آ گئے ہے دم باد صبا بند

پیراہن ہستی ہوا بھی مثل کتان چاک
ٹوٹے تری چپکن کا جو اے ماہ لقا بند

مہمان اسیطرح ہین یہ روحین بدن مین
دم بھر کو ہو جسطرح حباب مین ہوا بند

پوشاک پہنتے ہی رکا جیسے وہ گلرو
باندھا ہے سے دریائے محبت مین بنا بند

برسات مین تو منہدی لگائی جو سر شام
ہو اطلس گلگون شفق آ کے حنا بند

اُس کوچہ مین کیا جا سکے منیر آہ ہمارے
وہ باغ ہے یہ جس مین کہ ہے راہ صبا بند

ردیف ڈال

اچھا نہین ہے او بت زرین قبا گھمنڈ
بدتر ہے خاک سے بھی جو ہو کیمیا گھمنڈ

کملی فقیر کی ہے شبستان سلطنت
کیون کر رہا ہے سایہ پہ اپنے ہما گھمنڈ

پائے گی تیرے کوچہ مین کیا جان جو وصل
انفاس عیسوی کا کریگی ہوا گھمنڈ

اس بت کے پاؤن تک جو رسائی ہوئی نصیب
کرنے لگا شفق سے بھی رنگ حنا گھمنڈ

بازو نہ ہاتھ آئے در عرش قدر سے
کیا پا گئے جو کرتے ہین دست دعا گھمنڈ

دریا مین ہے حباب جو موج سے رہتی نہین جدا
بیجا ہے آشنا سے کرے آشنا گھمنڈ

پرچھائین بال بال کی زنجیر عرش ہے
زیبا ہے جسقدر کرے زلف رسا گھمنڈ

تیر نگہ سے تیرے زمانہ ہوا ہلاک
کیا منہہ کرے جو تجھ سے خدنگ قضا گھمنڈ

ڈھونڈہین جو زہر کھانیکو دانتونکی عشق مین
ہیرے سے بھی زیادہ کرے سنکھیا گھمنڈ

آئے او جاسے ہین لب جان بخش کی حضور
کرتا ہے کیا اندھیرے مین آب بقا گھمنڈ

منزل ہے تیری عرش پر ای جان مصطفے
زیبا ہے سچ ہے بھی ہے تجھکو سوا گھمنڈ

سرکش ہون یکدم کیلئے کیون حباب دار
کرتے ہین کس بساط پر اہل فنا گھمنڈ

وہ رشک ماہ ہالۂ آغوش مین رہا
تا صبح حشر کیجیے اس رات کا گھمنڈ

پہنے جو اسنے پہولون کا گجرا وہ رشک حور
رخسارہ پری سے کرے موتیا گھمنڈ

اعجاز کی جو چال چلو گر مسیحون کے ساتھ
خورشید حشر سے بھی کرین نقش پا گھمنڈ

تارے سے بنے ہین چشم زلیخا فراق مین
زیبا ہے تجھکو اے مہ یوسف لقا گھمنڈ

جو اس جگہ ہو دفن بہشتی ہوای منیر
کعبہ سے کسطرح نکرے کربلا گھمنڈ

ردیف ذال

ہجر مین خط کے لئے چاہیئے پلکا کاغذ
کہ دباتا ہے تن زار کو موٹا کاغذ

خوب سینہ سے لگایا ترے خط کا کاغذ
بنگیا میری قبا کے لیئے دستا کاغذ

تیری خاصہ کی گلوری کا جو لکھتے ہیں صفت
اے صنم موتیون کے چونے کا بنتا کاغذ

تیری تکل ہوی سر لوح فلک نام خدا
قدسیون کا خط تقدیر ہے گویا کاغذ

دل غمناک کو ہوتا ہے تری خط سے سرور
روکتا ہے سپر تیغ کا مہرا کاغذ

بال بند ہوا وسکے کاغذ سے اگر تم شب وصل
کینچلی افعی گیسو کی بنیگا کاغذ

پڑہ گئی آب نشان خط عارض نرما
مصحف رخ کا مگر آپ نے دہویا کاغذ

نظم مین لکھتے ہین اپنے دل غمدیدہ کا حال
بند ہے مرثیہ کا ہاتھ مین گویا کاغذ

خط ترا دل سے لگایا جو بہا خون جگر — منہ پہ اس شیشۂ تصویر کے باندہا کاغذ
اپنے دل کا مین اگر حال کدورت لکہون — صفحۂ روے زمین سے ہی ہے میلا کاغذ
کھینچا ہے رخ نازک کا تمہارے سایہ — ورق برگ گل تر سے ہو ہلکا کاغذ
ہاتھ آتا جو مجھے مال تو منجاتا مین — آب زر مین مری تصویر کا گہلتا کاغذ
تاک کر میرے خط شوق کو مارا پتھر — سنگ پاے نگہ مست سے چہاپا کاغذ
نقشۂ زخمونکا مرے صفحۂ تن پر کھینچا — آپ نے ناخن شمشیر سے لکہا کاغذ
لب جان بخش کا مانی نے جو نقشہ کھینچا — بنگیا دامن انفاس مسیحا کاغذ
ہوے مجنون تری تصویر کا دیکہا جو ورق — کیون نہو آئینۂ عارض لیلی کاغذ
وصف لکہکر ترے پالون کی اے باغ مراد — ہے عطر گل قالین سے بسایا کاغذ
پائی نرمی تری تصویر رخ وقامت نے — پنبۂ صبح قیامت کا ہے گالا کاغذ
ترے نامے کے جو بوسے لین حسینان جہان — لے صنم پوست بنے پستۂ لب کا کاغذ

ورق جبۂ جبریل کا طالب ہے منیر
چاہیے بہر سلام شہ والا کاغذ

ردیف رے

تبسم اس پری کو ہے مرے حال پریشان پر — توجہ برق خاطف کو ہوئی ہے سنبلستان پر
نظر پہونچے سے بہی ہمنے نہ کی رخسار جانان پر — یہ مصحف دیدہ و دانستہ رکہا طاق نسیان پر
ہوا جب حصر قیمت بوسۂ رخسار تابان پر — دیا خط غلامی مہر کی عنوان قرآن پر
دولے دردسر سے جوش وحشت ہو گیا افزون — لگا صندل جبینونکے گہسا تہا سنگ طفلان پر
تری تلوار سے قاتل گرا ابرو سے یوسف کے — یقین چاہ کنعان ہے دہان زخم خندان پر
درو دیوار سے آنکہین ملین گی دید کی طالب — سفیدی چشم موسی کی پہر گئی قصر جانان پر
تن زخمی کا پردہ رہگیا بخیہ سے جراحو — قبا اس موزنی کی ٹہیک آئی جسم عریان پر

تمہاری آرسی کا جلوہ ہے تا عالم بالا
تری تقریر سے راتون کو ایسی کی گہر ریزی
نکلی چاندنی میری سیہ بختی سے فرقت مین
شب غم مین ید بیضا کو بہولی داغ فرقت سے
سفید سی چہائی سیج پر حضور عارض سیمین
ہوا جوش جنون مین اس پری کی جنبش ہوا ایسا
یہی قطع و برید سے اگر پوشاک کی ٹھہری
گدائی در ترا جن و پری پر حکم فرما ہے
پہنچے ہے نشتر چشم نے کہولے ہین نشانون سے
نظر آجاسے پتلی دیدۂ خورشید محشر مین
اوڑا لائی ہوا ہے سر فرشتی سبکو مقتل مین
تمہاری کفش کا گل دیکھکر قدسی بہی کہتے ہین
تجلی صاف برق طور کی ہے آتش گل مین
پری بنکر اوڑیگا جو نشانہ تم اوڑا دوگے
قناعت ہے تو بجلی حافظ حاصل ہوگی
ہوا ہے خام پختہ ہوگی یہ میوہ کمانے ہے
خیال قامت و عارض کو حسرت سے میں دل سے ملتے
سوار ہین گہر بخشی کرلے گردون مقام اک
خفا ہوکر اپنے ہونٹھ غصے مین چباتے ہین
کسی خورشید کے جلوے سے نور اس نے چرایا تہا
ہوا ہے ابر جو جلا دو زلف سیہ آئی

یہی سورج کبھی ہے گنبد گردون گردان پر
کہ سہرا موتیون کا ہے سر شمع شبستان پر
ہوا غالب یہ کمل چادر ماہ درخشان پر
چراغ دست موسی ہے نے کہا طاق نسیان پر
ہم ہوگیا چاندی کا جام مہر تابان پر
کہ بیلین چڑھ گئین زنجیر کی دیوار زندان پر
تری تیغ کے چلے کی اطلس گردون گردان پر
بٹھا دیتا ہے اکثر بوریا تخت سلیمان پر
نہین پڑتی ہے دامن سے ہر خار مغیلان پر
تمہاری آنکھ پڑ جاتی ہے جو کسی داغ سوزان پر
یقین گنج باد آورد ہے گنج شہیدان پر
یہ طرہ چاہیے دستار خورشید درخشان پر
بنی بجلی جو آئی دھوپ دیوار گلستان پر
تمہارے تیر سے یہ جائیگا مرغ سلیمان پر
کہینچیگا شامیانہ بادلی کا کشت دہقان پر
نمو نے خط سے سبزی آگئی سیب زنخدان پر
نہ ٹھہرا غنچۂ صبح قیامت داغ سوزان پر
عماری اپنی کہنچوا فیل مست ابر نیسان پر
یہ کسکا دانت ہے شفتالوی لب ہائے جانان پر
فلک نے گل دیا ہے عارض ماہ درخشان پر
نکلا تہا گریبان ہلال عید قربان پر

مزا ہے میکشی کا آپ کے تقوی کو پینے میں
عیان ہے جوش خون کشتگان سے جوش حسرت کا
لگاؤن دور مین مین شیشہ گردون تو زیبا ہے
منڈیرون پر چھڑکتے ہی گشتو کا لہو گل
دہان پاک کی خوشبو نے عطر آگین کیا ایسا
پڑھا فاتحہ وہ قبرون پہ جب ہاتھ اٹھا کر
اگر سودائے گیسو مین کبھی رخت سیہ پہنا
گناہ لالہ دل پر نہ کر نقصان جان ہے بت
حسینون کی نظر کے سامنے ہو کہیت کشتون
کسی خاموش کی کافوریت سے ہنسی کیا

یقین قلقل بنا ہوا آواز قلیان پر
کیا ہے تو نے خنجر تیز شاید سنگ طفلان پر
نظر جمتی نہین ہے آفتاب حسن جانان پر
اُگے گا سبزہ شمشیر دیوار گلستان پر
کر شک کیوڑے کی بالی کا ہوا مسواک جانان پر
تو کہتے ہین کہ چھاپا مار دینے شہر خموشان پر
تمہاری مانگ کا دہوکا ہوا چاک گریبان پر
خطا سے صاحب خانہ ہو غصہ تازہ مہمان پر
پری زادون کا پہرا چاہیے گنج شہیدان پر
کہ حال دل نہین آتا زبان شمع سوزان پر

پریشان روزگار سے ہی شمشیر اب دل نہین لگتا
کتاب شوق نظم و نثر رکھ دو طاق نسیان پر

آؤ لپٹ کے سو رہو جانی پلنگ پر
پہر چوپ پیتا بیٹھ کے جانی پلنگ پر
شب مین مرے زبان کبھی دی تو لی کبھی
آنکھون کی نیند اڑ گئی تکیون کے پر لگے
لپٹے جو ساتھ ہاتھ لگا بوسہ دہن
گل تکیہ نور مین ہوئے مانند آئینہ
منہ کھول کر وہ سوتے ہین کرتے تکیہ کا لحاظ
سیل سرشک سے تہ و بالا ہوا مکان
دو بار ڈر گئی ہین بالش پہ صورت ہما

دو رسے کی ہو تمام کہانی پلنگ پر
لازم ہے آج عطر فشانی پلنگ پر
رو رو بدل بھی ہے یہ زبانی پلنگ پر
پریون کی کل کہی جو کہانی پلنگ پر
آیا عمل مین علم نہانی پلنگ پر
سویا جو وہ سکندر ثانی پلنگ پر
ٹوٹے طلسم گنج نہانی پلنگ پر
پانی پر اب پلنگ ہے پانی پلنگ پر
سویا ہے جب وہ عیسی ثانی پلنگ پر

سوئے ہیں آپ سے مناسب پلنگ تک
ہم چاپ لیے مرقع مانی پلنگ پر

شاید زمین بھی انہیں کرتی نہیں قبول
سوتے ہیں اہل عالم فانی پلنگ پر

بے حس پڑا ہوں ہجر میں ایسا میں ناتوان
تکیہ نمط ہے ہو بہو نہانی پلنگ پر

گر گر بغل ہوئی بغلی تکیہ ہجر میں
یعنی نہ تھا وہ یوسف ثانی پلنگ پر

شاید ہمارے زخم بدن ہو گئے ہرے
چادر سفید ہو گئی دھانی پلنگ پر

اونکی بلا سے خیر سمجھے سانپ سنگ جلائے
ہو باف چھوڑ جائیں نشانی پلنگ پر

اس عشق میں مناسب ہے منیر ہم جنسا فرش
سوئے کبھی وہ عیسے ثانی پلنگ پر

حال پوشیدہ کھلا سامان عبرت دیکھ کر
پڑھ لیا قسمت کا لکھا لوح تربت دیکھ کر

اسقدر بے خود ہوا آثار وحشت دیکھ کر
آئینے سے نام پوچھا اپنی صورت دیکھ کر

دیکھئے محشر میں بھی صورت دکھائی یا نہیں
صبح بھاگی ہے شب ہجران کی ظلمت دیکھ کر

جام کوثر دست ساقی میں نظر آیا مجھے
اوٹھ گیا آنکھوں کا پردہ ابر رحمت دیکھ کر

ناتدن کے مخمصے سے اے جنون پائی نجات
ابلق ایام بھاگا میری وحشت دیکھ کر

تیرے کوچہ میں ترا جلوہ نظر آیا مجھے
صانع جنت کو دیکھا باغ جنت دیکھ کر

لگ گیا دھبا بدن میں جسجگہ ٹھہری نگاہ
اے پری حیران ہوں تیری لطافت دیکھ کر

منہ ہمارا جلوۂ دیدار کے لائق کہاں
اپنی صورت دیکھتے ہیں تیری صورت دیکھ کر

چار دیوار عناصر پر سفیدی پھر گئی
آنکھیں روشن ہو گئیں تیری صباحت دیکھ کر

وحشت دل حشر کے دن بھی رہیگی کاوش طلب
کانٹے ڈھونڈتے ہیں ہم نے صحرا قیامت دیکھ کر

چہچہے بلبل کے آواز کف افسوس ہوں
رنگ گل اوڑ جائیگا میرا داغ حسرت دیکھ کر

ابر اودھر آیا ادھر میخوار ونکا بیڑا ہے پار
کشتی مے ہول سے کے دریا رحمت دیکھ کر

آنسو پوچھے یاد آیا جب جوانی کا مزا
آنکھیں ملتے رہ گئے ہم خواب راحت دیکھ کر

برہمن کعبہ مین آیا شیخ پہونچا دیر مین
لوگ بے وحدت ہوے ہین تری کثرت دیکھکر

ہر گھڑی آتی ہے کانون مین یہ آواز جرس
کون دنیا سے سفر کرتا ہے ساعت دیکھکر

نشا ہے اسباب تجھ بن مین بھی نشہ ہو ضرور
میری آنکھین چڑہ گئین میخانہ کی چھت دیکھکر

اب نہین نازک مزاجی سے توجہ کا دماغ
اے اجل آنا کبھی ہنگام فرصت دیکھکر

وہ موحد ہون نہ کہا دوسرے سے اتحاد
روح نے چھوڑا بدن کو ضد وحدت دیکھکر

خون بلبل سے مگر سینچا ہے باغ دہر کو
ہم لہو برساتے ہین پہولون کی رنگت دیکھکر

تیرے بندے سر جہکاتے ہین بتون کے سامنے
سجدے کرتا ہون الٰہی تیری قدرت دیکھکر

زخمی تیغ تغافل پر نظر جمتی نہین
چشم سوزن بند ہوتی ہے جراحت دیکھکر

جی لگا کر یہ غزل کسطرح سے کہتے امیر
بجھ گیا دل کوچ منزل کی عزیمت دیکھکر

خضر ہے صحبت حباب کہن سے باہر
زنگ سے ہے آئینہ صبح وطن سے باہر

ہر جراحت کے تری یاد مین ٹانکے ٹوٹے
دانت نکلے دہن زخم کہن سے باہر

لامکان جوشش جنون نے مجھے پہونچایا ہے
شش جہت سے ہے مری سرحد وطن باہر

حشر مین بعد فنا قبر مین میری نکلین
نکلے مہمان ور چاک کفن سے باہر

دونون زلفین اٹھین چہرہ سے مینڈا خط سیاہ
تین ہاتون مین ہوا چاند کفن سے باہر

تشنہ وصل مین ایسا ہون جو فریاد کرون
نکلے نالہ دہن چاک فن سے باہر

زیب فرد خفگی کرتے ہو بوسون کا حساب
چاہیے تھی یہ قسم تیشکن سے باہر

او چھلے میرا دل بیتاب اگر تو چاہے
نکلے سیماب تری چاہ ذقن سے باہر

ظل الطاف سے ہے او نیر چرخ آئین گھر مین
سایہ اُس سرو کا رہتا ہے چمن سے باہر

دون تری زلف سے تشبیہ تو بے قدر ہے
نکلے مہرہ دہن مار رسن سے باہر

طالب عیش ہے تو عالم فانی سے نکل
مے عشرت ہے خم چرخ کہن سے باہر

تیرے کوچہ سے جدا روتے ہیں شب کو عاشق | آجکل بارش شبنم ہے چمن سے باہر
منہہ ترا شمع جو دیکھے تو ہو پانی پانی | آبرو بہ کے گرے حوض گلن سے باہر
رنگ اوڑتا ہے صفیچونکا تری محفل مین | کھنچ جاتی نہین لبستان سمن سے باہر
سیر کو یار سہی قد جو چلا اے قمری | پیشوائی کو گئے سرو چمن سے باہر

لکھنئو مجھسے چھڑایا مری قسمت نے منیر
کردیا بلبل شیدا کو چمن سے باہر

غزل

نیرنگ داغ دل ہے پس مرگ نور پر | اوگتا ہے سبزہ پر طاوس گور پر
تکیہ ہے ضعف پر ہمین غفلت کریا تہہ سے | سر رکھکے روز سو نیلگے پاے مور پر
معلوم ہو کہ کشتۂ دندان یار ہون | چونا پھرے جو موتیونکا میری گور پر
فندق لگا کے آپنے سلجہائے سر کے بال | شک لعل شب چراغ کا ہی پور پور پر
مرنے پر اپنے سب کی نظر ہی لڑی ہوی | آنکہونکے ڈہیلے رکھین گے احباب گور پر
موی کمر کا دہیان ہے چشم پر آب مین | نظارۂ صراط ہے دریاے شور پر
ہیبت سے داغ دل کی تجلی دکھایئے | رکھیئے چراغ چشم نکیرین گور پر
سوزش ہے اشک گرم سے چشم پر آب مین | تبخالے پڑگئے لب دریاے شور پر
رنگ حنا کے ساتھہ قرولی بھی چاہیئے | دستہ چھریکا بھیجیئے مہندیکی چور پر
صید افگنونکے خاک کا تودا ضرور ہے | ناوک لگاؤ مرقد بہرام گور پر
تنگ آ سے آئے ہین کہ دعا مانگتے ہین ہم | قہر خدا ہو نقد مضامین کے چور پر
مرنیکے بعد داغ جگر کا چمک گیا | روشن چراغ مردہ ہوا میری گور پر
بے یار جل گیا دل پر داغ نشہ مین | بجلی گرائی خندۂ ساغر نے مور پر
آنکہین ملا کے سکتے ہین نرگس سے باغ مین | ہم صاد کرتے ہین ورق چشم گور پر

[illegible]

سرسبز نام اہل سخن ہے پس فنا
ہے احتمال ہیضۂ طوطی کا گور پر

ہیری کو کٹ بنائین کہین پیچ اسے پری
پریون کا دانت ہو تری تکل سے ڈور پر

نرگس پر اونکی عشق کا مسئلہ بٹھائین گے
کھودین گے نقش جب قدح چشم گور پر

بعد فنا بھی فیض سخن ہے جہان مین
صدقے منیر حضرت ناسخ کے گور پر

ہو گئین پلکون کی نوکین دل نخچیر کے پار
تیر سینہ سے ہوے عاشق دلگیر کے پار

پار بیڑا کہین ابرو کی محبت مین ہو
تیر کر کھینچین ہم آب دم شمشیر کے پار

غرق حیرت رہو آئینہ کی صورت ہم مست
کشتی مے نہوئی قلزم تصویر کے پار

تیری پلکون سے نکل آئین نگاہین باہر
اہو بت تیر فگن تیر ہوے تیر کے پار

حال سے قیدی گیسو کے وہ واقف نہوا
عرش سے ہو گئی نالی مری زنجیر کے پار

زلفون والونکی بھی دل چھیدتی ہین وہ پلکین
ٹانکے ان سوئیونکی ہو جاتے ہین زنجیر کے پار

کانپور سے لکھنؤ پہنچا تو ملا لطف سخن
نکلے جوہر مرے آئینہ تقریر کے پار

نظم نواب سے موزون سکے یہہ شعر منیر
نہین آسان کہ باندھے کوئی تحریر کے پار

کیا چمکتے ہین لباس بت خونخوار کے تار
رشتۂ شمع بنے جامہ زرتار کے تار

تیغ ہی تار دونکی طرح زلف سیہ مین ہے چمک
بال کے بال مین ایجان جہان تار کے تار

فاتحہ پڑھتے ہین کرتے ہین وہ زلفین برہم
کیون نہ اولجھین کفن عاشق ناچار کے تار

نظر آتے نہین نشہ کے گلابی ڈورے
سرخ ہین پردہ چشم بت خونخوار کے تار

موج آب در گوشش ہین گیسو کا ہے پیچ
بٹتے جاتے ہین لعاب دہن یار کے تار

چھن گیا سینہ جو آئی ہمین پوشاک کی یاد
ٹکنگے جنتری مین پیرہن یار کے تار

نرگس باغ جو دیکھے ترے گالونکی بہار
رگ گل ہون نگہ دیدۂ بیمار کے تار

صحبت زلف مسلسل سے نئی سیکھے پیچ
تار سنبل ہین نقاب رخ دلدار کے تار

تیغ ابرو سے ہین مجروح ہوا اے جراح
ٹانکے دینے کو ہون کاٹے ہوئے تلوار کے تار

سب سے لجاتی ہے پردہ ستاری تیری
کیا چڑہائے ہین خریدے ہوئے بازار کے تار

کیا کہون تیری لب بام کے سبزہ کی چمک
یاد لائینگے موے سر دیوار کے تار

ہنسنے مین پھول جھڑے رشتۂ تقریر کھلا
کھینچینگے آج زر برق شرربار کے تار

مجکو چاک دل بلبل کا رفو ہے منظور
کھینچ لون اطلس رنگ رخ گلزار کے تار

باغبان سینکے دم سرد رہا کرے گا
دہاگے دینگے قفس مرغ گرفتار کے تار

خلعت زر کا طلبگار مین کیونکر ہون منیر
روز سلتے ہین مجھے دامن سرکار کے تار

ہے عید لا مجھی لالہ فام اوٹھا اوٹھکر
گلے لگاتے ہین شیشون کو جام اوٹھا اوٹھکر

ہوا چلی مری افتادگی کی اے ساقی
گرینگے فرش مین سب خوش خرام اوٹھ اوٹھکر

زمین و عرش و فلک پائمال ہوتے ہین
نجاؤ صحن سے بالائے بام اوٹھ اوٹھکر

کوئی بشر نہو مغرور جسم خاکی پر
کہ بیٹھتے ہین بہت قصر خام اوٹھ اوٹھکر

دم سحر نظر آیا ہے کسکا منہ یا رب
صنم جو کرتے ہین مجکو سلام اوٹھا اوٹھکر

ذرا اوٹھائیے تابوت اپنے عاشق کا
خدا کی راہ کا کرتے ہین کام اوٹھ اوٹھکر

قیامت آئی ہے ہل چل ہے آسمانون پر
نہ پھرئیے بہر خدا بام بام اوٹھ اوٹھکر

پڑے ہین پاؤنکی صورت زبان مین گھٹ
یہ قاصدونکو دیئے ہین پیام اوٹھ اوٹھکر

سنے گی شعلۂ جوالہ گردش قسمت
تمہارے گرد پھریگا غلام اوٹھ اوٹھکر

بڑہیگی بات نہ بیٹھینگے چپکے ہم ای بت
رقیب سے جو کروگے کلام اوٹھ اوٹھکر

رہیگی عاشقون کے دست و پا مین جبتک جس
تمہاری لینگے بلائین مدام اوٹھ اوٹھکر

خدا بٹھائے اگر کربلا مین مجھکو منیر
پھرون مین گرد مزار امام اوٹھ اوٹھکر

ردیف ڑے

کچھ نہین حاصل سپر کو چیر یا تلوار توڑ
سہے اگر طاقت تو میری آنسوؤنکا تار توڑ

تیری چشم و زلف سی سودا ے ہمچشمی کیا
اے صنم یا دام چشم آہو تا تار توڑ

زلف مین موتی پیرونا میری حق مین بہر ہے
آج اے مشاطہ دندان دہان مار توڑ

سلسلہ گبر و مسلما نکی عداوت کا مٹا
اے پری بے پردہ ہوکر سبحہ و زنار توڑ

کبر بھی ہے شرک اے زاہد موحد کے حضور
لیکے تیشہ خاکساری کا بت پندار توڑ

آب گوہر سے بدن کی آب ہوتی ہی خراب
بوجھ ہے اے نازنین پہ موتیون کا ہار توڑ

شرم کبتک اے پری لا یا تہہ کر اقرار وصل
اپنے دل کو سخت کر کے رشتۂ انکار توڑ

صبر کبتک راہ پیدا ہو کہ اے دل جان جاے
ایک ٹکر مار کر سر پھوڑ یا دیوار توڑ

اے زلیخا نقد جان ہم دین لگا تو گنج زر
قیمت یوسف کا ہو جائے سر بازار توڑ

وصف چشم یار لکھنے کیلئے اے دست شوق
چل کسی گلشن مین شاخ نرگس بیمار توڑ

چڑھ کے کوٹھے پر دکھا دے اپنی ابرو مین شکن
اے پری پیکر ہلال چرخ کی تلوار توڑ

آئینہ ہے مانع نظارۂ حسن و جمال
ہو سکے تو سد اسکندر کو اے دلدار توڑ

مانع مستی کو بد مستی دکھانا چاہیئے
محتسب کا شیشۂ دل اے بت میخوار توڑ

حسن پیشانی سے قصر چرخ کو برباد کر
لوح قرآن سے طلسم گنبد دوار توڑ

نام کو لے دل نر کہہ سبا اصلاح جنون
وادی وحشت مین چلکر نشتر ہر خار توڑ

آنکھین پھوڑ اوسکی جو دیکھے بہم جاتے منہ ترا
شوق سے اے مست جام شربت دیدار توڑ

عشق زلف عنبر افشان کا نہ ٹوٹے سلسلہ
پاؤن کی زنجیر اے دست جنون سو بار توڑ

سائل بوسہ ہین آنکو دیکھہ چشم قہر سے
آنکھ کے ڈھیلون سے اے بت خاطر اغیار توڑ

حصن غم مین ایک مدت سے مقید ہے منیر
فکر دنیا کا حصار اے حیدر کرار توڑ

ردیف زے

ہر چاک دل ہے الفت خط مین کنایال سبز
سنبل کیطرح ہین مری شیشہ کے بال سبز

پہنے جو پائجامہ بت نونہال سبز
اے دل ہو سرو قامت موزون کی چال سبز

تو بیدلی سے دے تو بنے میری حق مین سہر
اے گل ہو مثل شیشۂ مینا اوگال سبز

مریخ کی طرح جو ہے خنجر لہو مین لال
ہو کاسۂ سپہر کے مانند ڈہال سبز

مینا کیا ہے ساغر خورشید حشر پر
خط زمردین سے نہین تیری گال سبز

جارسے مین آئیگا جو مری گہر جو سبزہ رنگ
ہنجائیگی گلیم شب ہجر شال سبز

اوس سبزہ رنگ سنے جو کیا مجکو پائمال
کیبخت کیطرح نظر آتی ہے کہال سبز

جنگل ہرا ہوا میرے رونے سے ای جنون
برسات آئی ہو گئی شاخ غزال سبز

ابرو عرق مین تر ہوئے اوس سبز رنگ کے
سمجھے یہ زہر مین ہوئی تیغ ہلال سبز

رنگ اثر دکھاے اگر حسن سبز یار
طوطی خط کے سایہ مین ہو داغ خال سبز

وہ سبز رنگ سے مجھے خجل ہو جو بعد صلح
ہو جاے شیشۂ عرق انفعال سبز

دریوزہ گر ہوا گل بوسہ کا اون سے مین
دونے کیطرح کیون نہو جام سوال سبز

وہ سبز رنگ سے مجھے جو آزردہ ہو گیا
زنگار کیطرح ہوئی گرد ملال سبز

تشبیہ جوہرونکو جو دون خط سبز سے
کائی سے آب تیغ ہوا ہی نونہال سبز

مشتاق مرغ دلکو تری خط کا دیکھکر
پہیلا دیا ہے باغ مین سنبل نے جال سبز

درخواست خط سبز کے چھونیکی جو کرے
شاخ شجر کیطرح ہو دست سوال سبز

آزردگی مین ہے اثر عشق خط یار
ہوتا چلا ہے دامن کوہ ملال سبز

ایجان ہو لی کہیلو جو مسموم عشق سے
ہو جاے صاف زہر سے ملکر گلال سبز

غم مین جناب سید مسموم کی منیر
سمجھے ہین رخت عمر کو آشفتہ حال سبز

ردیف سین

مجکو اپنے ساتھ ہی تیری سلانے کی ہوس / اس طرح سے بخت خفتہ کو جگانیکی ہوس
باتون باتون مین تجھے چھیڑ کاونگا ای خوش مزاج / ہو گی انگشت بان سے گدگدانیکی ہوس
شیشہ سے پتھر لڑا کر توڑنا منظور ہے / ہے عبث نازک دلونسے دل لگانیکی ہوس
کعبہ کی جانب شفق پھولی ہی کیون ای ماہرو / خون دلسے ہے مگر مہندی لگانیکی ہوس
ہو گئی دشمن بیگانے اوس پری کی عشق مین / ناز بردارونکو ہے تابوت اوٹھانیکی ہوس
ابرو مستونکی زناہد چاہتا ہے کبر مین / ہی بت پندار پہ پانی چڑھانیکی ہوس
پہنے ہین مہندی لگا کر ہو تیونکی دست بند / طایر رنگ حنا کو بھی ہی ہوا نیکی ہوس
زلف اڑتی آتی سے ایجان ہنگام ادا / ہے سمند ناز کو شاید دوانیکی ہوس
جب کبھی مسکی کٹوری کیا صبا پیدا ہوئی / کرتی ہی انگیا کی چڑیا چہچہانیکی ہوس
پیچ کرتا ہے جو تو اے شمع رو ہنگام شب / کیا پتنگون سے ہوئی محفل لڑانیکی ہوس
مین وہ مرغ غم طلب ہون بوستان دہر مین / چشمہ دام بلا مین ہے نہانے کی ہوس
لڑکے چھینٹے غیر سے چھینٹا ہے مجھے دینے لگی / کرتے ہو دریا مین تم مینڈھے لڑانیکی ہوس
باغ مین تجھکو جو ہو جگنو پکڑنے کا خیال / برگہائے گل کرین تالی بجانے کی ہوس
نقش اپنا چرخ چارم پر جماتے ہین حضور / ہی زر خورشید پر سکہ بٹھانیکی ہوس
پھولون کو شرماکے تمنے پانی پانی کر دیا / کیا ہوئی آب زر گل مین نہانیکی ہوس
دامن نور نظر مین چھانتی ہین خاک راہ / آپکے کوچہ مین سے آنکھین بچھانیکی ہوس
نشہ ہو جائے ہرن مستونکا ای صیاد خلق / ہو اگر تیر نظر کے آزمانے کی ہوس
گالیون سے جی نہین بھرتا ہے ای سفاک دہر / تیری مہمانون کو ہے زخمونکے کھانیکی ہوس
شہ رگ گردن رگ گل ہو گئی ای تیغ زن / آب شبنم مین ہے کیا خنجر بجھانے کی ہوس
پان کھا کر گرمیان کرتے ہین غیرون سے حضور / آتش یاقوتی ہی جی جلانے کی ہوس

کرتے ہین اپنے دل پہ خدنگو نذر دست غم
شیر کے نیچے مین ہے منہہ بھی لگانکی ہوس

گوہر دریائے بخشش کا ہون جویا ای منیر
ہے غم شبیرؑ مین آنسو بہانے کی ہوس

ردیف شین

سو سو طرح کے رنج اوٹھائے برائے عیش
ہم خاک مین سے ملے نہ ملی کیمیائے عیش

روز سیہ مین دیکھیے حسن صفائے عیش
ظلمات مین ضرور ہے آب بقائے عیش

آتی نہین ہے نکہت بستان سرائے عیش
چلتی ہے پاس غیر سے شاید ہوائے عیش

عشق چہ ذقن مین کہان لطف زندگی
ڈوبا کنوئین مین شاہد یوسف لقائے عیش

غم کھا کے اسقدر تو ہون طیار ہجر مین
ہو جائے تنگ میرے بدن پر قبائے عیش

دولت سے ہاتھ آتی ہے عشرت جہان کی
کوڑی کے مول بکتی ہے کیمیائے عیش

ایام وصل نالہ کشی مین گذرتے ہین
اوراق مرثیہ مین مرے روزہائے عیش

کیفیت سرور سے فقر سے ملی
خرقے کی بوٹیون سے بنی کیمیائے عیش

تیرے خیال وصل مین کرتا ہون سلطنت
روز سیاہ ہجر ہے ظل ہمائے عیش

سب ڈھونڈھتے ہین ایک کو ملتا نہین سراغ
عنقا کا آشیانہ ہے خلوت سرائے عیش

جلوہ تمہارے قد کا کدورت مٹا گیا
صابون صبح حشر نے دھوئی قبائے عیش

ہوتا ہے گاہ گاہ برے وقت مین شریک
افزون ہو عمر رنج سے یارب بقائے عیش

ہوگی شکست دل جو ترے دست لطف سے
شیشہ صاف ٹوٹ کے دیگا صدائے عیش

پہنچے جہنمون مین تو جنت ہوئی نصیب
سات آنچ مین درست ہوئی کیمیائے عیش

غمخانہ کا پنور اگر ہے تو ہو منیر
صد شکر لکھنؤ تو ہے دولت سرائے عیش

ردیف صاد

تڑپ مین لگی جو یاد آئیگا کسیکا رقص
کرینگے سینہ مین طاؤس داغ سودا رقص

جو تیری چال سے موجونکو ہوئی ہے تشبیہ
کرے وہ بہار کے سینہ حباب دریا رقص

ہوا ہے باغ جو سیکھو تمہارے ناچ کا رنگ
شرار آتش گل کا اوڑاے زہرا رقص

اگر دکھاے وہ گل گرمیان دم رفتار
کرے چراغ بہار چمن کا شعلا رقص

غبار سوختۂ برق حسن ہو بیتاب
دکھاے وادی ایمن مین یہ بگولا رقص

کرے جو اہل جہانکو تو ناچ مین پامال
خوشی سے کرنے لگے پیر زال دنیا رقص

سوار ہو کے بتا سکینگے شوخیونکی چال
دکھاسکینگے سیم توسن کی پتلیونکا رقص

پیے شراب جو برسات مین مع غیرت گل
کرے بہار مین طاؤس بنکے مینا رقص

برای سیر جو تو دشت نجد مین جائے
دکھائے تجکو پری بنکے روح لیلا رقص

ترے حضور ہے خورشید اسطرح بیتاب
فروغ مہر سے کرتا ہے جیسے ذرا رقص

بہار نے نا تو نسی لہرائین ساکنان بہشت
صدائے نے سے کرے مار زلف حورا رقص

وفور آہ سے اوڑتا ہے یون تن لاغر
ہوائے تند مین کرتا ہے جیسے تنکا رقص

رقیب ہے جو وہ خونریز گنجنہ سے کھیلے
برات مین نظر آجاے بسملون کا رقص

ہزار دن ہو گئے بیہوش صوت موسیقے
تڑپ سے ہے صاعقۂ طور کی کسیکا رقص

بلا ہے جان شعرا کو ہے ناچ کا مضمون
زمین شعر مین کرتا ہے فتنہ برپا رقص

کبھی تو ناچ سے گر جاے آبروے رقیب
کبھی تو کھینچ لے عطر گل تماشا رقص

بدن سے ناچ مین ٹپکینگے قطرہای عرق
لٹائیگا زر انجم کا آج تو ڑا رقص

تمہین سے شوخی نظارہ حور دن سے پائی
تمہین سے مردم چشم پری نے سیکھا رقص

علاقہ وحشیونکو جنبش نیوی سے کیا
کسی نے خانۂ زنجیر مین دیکھا رقص

بنا لیا ہے طاؤس آسمان کا قلم
مصوروں نے جو اوس ماہ رو کا کھینچا رقص

تڑپ رہا ہے منیر آج وہ کرے پامال
کئی برس ہوے دیکھا نہین ہے جسکا رقص

بتکده کی ہو حکومت بادشاہیکی عوض — ایک بت درکار ہے ساری خدائیکی عوض
تیری الفت سے گلوگیر حسینان جہان — پڑ گئے پہندے سے طوق طلائیکی عوض
اونگلیان اوٹھینگی کس کسکے دل خون گشتہ پہ — ماہ نو دیکہا ہے انگشت حنائی کی عوض
موئے گیسو سے ہیرے آنکہہ مین سرمہ لگا — چاہیے منقار زاغ شب سلائی کی عوض
دن چہپے تم جاؤ میرا خون ہو جائے کہین — شیر آئے آہوے شام جدائی کی عوض
ہاتہہ مل کر کہا کرتی ہین حورین خلد مین — تیرے دروازہ کا بازو ہو کلائیکی عوض
دل ہی سکے ٹکڑے سیئے تمکو مکدر دیکہکر — توڑ ڈالا ہے آئینہ صفائی کی عوض
رہگیا پردہ جو ستمنے رات کو زخمی کیا — چادر آب تیغ کی اوڑہی دلائی کی عوض
چشم تر کے ہوتے دلکو سوز عشق آیا پسند — آگ مین یہ شیر رہتا ہے ترائی کی عوض
باتین میٹھی کرکے جنت مین تماشا دیکہیے — جان شیرین دینگی حورین اوس مٹھائیکی عوض
ہونٹون سکے بوسے کے بدلے کرو گی ہو جو عیش — زہر کیون دیتے ہو پستہ کی مٹھائی کی عوض
گل فشان ہین شعلہ رو اپنے لب شیرین کو — پہلجہڑی شربت مین ڈالی ہی ہوائیکی عوض
جان کو عاشق کی ہجر حسن کرتا ہی ہلاک — خو سکے دیتا ہے حقوق آشنائی کی عوض
بانکپن کا شکوہ سنکر اور بہی برہم ہوے — سیدہیان لاکہون سنائین کجادائیکی عوض
چہوٹ سکے قید زیست سے وابستہ گیسو ہوئے — کس بلا مین پہنس گئے شوق رہائیکی عوض
جان و جگر کیجیے دریوزہ حسن و جمال — کاسہ سر لیجیے جام گدائی کے عوض
روغن قاز آج میرے مرغ دلکو ملتے ہین — چکنی چپڑی باتین کرتے ہین کہائیکی عوض
ہم فقیرون کو نہین اس سے زیادہ دسترس — دولت کونین ہے نور وفائیکی عوض
آپکے ہونٹون کے ہوتے کیا غرض یاقوت سے — شاخ مرجان کیا کرون دست حنائیکی عوض

اے خدا عشق علی مین رکہہ مستر خستہ کو
بس ہے یہ بندہ ترا ساری خدائیکی عوض

ردیف طا

مجنون ہون کیا مجھے غمِ دوران سے اختلاط
رکھتا ہون لیلیِ شبِ ہجران سے اختلاط

اے رشکِ ماہ دیکھین جو تیری گلی کا حسن
تارے کرین ہلال گریبان سے اختلاط

ہنس ہنس کے زخمیون سے لپٹتے اگر حضور
ہوتا تبسمِ نمک افشان سے اختلاط

اوس شعلہ رو کی وصل مین بہی جوش ہے
ہے آندہیون کو شمعِ شبستان سے اختلاط

تیرے خدنگِ ظلم کی صحبت مین شاد ہون
کرتا ہون طفلِ غنچۂ پیکان سے اختلاط

پلکون کے عشق مین نہین محتاجِ رہنما
رکھتا ہون خضرِ سبزۂ مژگان سے اختلاط

ممکن نہین کہ خرمنِ امید بچ سکے
ہے مجکو برقِ جلوۂ دندان سے اختلاط

وحشت جنون مین بہی نہین ہنسی کا ڈر انہیں
کاسے نئے کرینگے گوشۂ دامان سے اختلاط

مفلس کے میہمان سے کیا آنکہ چار ہو
کیا بیدلی مین ہو غمِ جانان سے اختلاط

رہتا ہے روز صدمۂ غربت کا سامنا
کرتا ہون دیو شامِ غریبان سے اختلاط

مرتا ہون کیا سکوت کے انداز پر عبث
کرتا ہے اہلِ شہرِ خموشان سے اختلاط

حسنِ صبیح یار کے دیکہے ہو مین کیا عجب
کب یک نظر کرے مہِ تابان سے اختلاط

پابندِ عشقِ قامتِ جانان ہے ہر فقیر
آزادون کو ہے سروِ گلستان سے اختلاط

کہیلا کیا مین عالمِ طفلی مین سانپ سے
تہا مجکو مارِ زلفِ حسینان سے اختلاط

ہے دل بیمار دوست پکارا تو ہو مجنون
رہتا ہے روز دست و گریبان سے اختلاط

ساغر ہے لب بلب لبِ جان بخشِ یار سے
ہے دخترِ رز کو عیسیِ دوران سے اختلاط

بہتر ہے کربلا مین کرو چل کے اے منیر
خدامِ قبرِ شاہِ شہیدان سے اختلاط

ردیف ظا

ہر دل کو اے صنم ہے تری بات کا لحاظ
کعبہ کو بہی ہے قبلۂ حاجات کا لحاظ

پامال تو کرے تو نہو سرکش ایک بت / عزّا تو کیا ہبل بھی کرے لات کا لحاظ

پہر ویسے آپنے لف ہٹاتے نہین کبھی / کیونکر بلاے جان نہو دن رات کا لحاظ

آتے نہین ہین دیدۂ گریان کے سامنے / بادل بھی کرتے ہین مری برسات کا لحاظ

آئینہ منہہ لگا ہے بہت بس الگ کرو / اتنک کیا تمہاری ملاقات کا لحاظ

اے شاہ حسن غیرون کو کافی ہے ایک آہ / کرتے ہین ہم فقیر کرامات کا لحاظ

سیکھے تکلف آپکے صحبت مین سب حسین / صدقہ کی شرم پائی ہے خیرات کا لحاظ

مسی پہ اونکے ہونٹھونکے مرجاے صد خضر / آب بقا کا پاس ہے ظلمات کا لحاظ

پہ سینہ و کمر نہ دیے ایک حور کو / تہا صانع ازل کو تری گات کا لحاظ

ہاتھون سے اپنے کعبۂ دلکو کیا خراب / کیا کیا کئے بت بدذات کا لحاظ

آنکھین تمہاری چرخ مشعبد کی ہین شریک / ان پتلیون کو بھی ہے طلسمات کا لحاظ

راضی ہون ہنسکے برق تبسم گراؤ جلد / عاشق کو کب ہے مرگ مفاجات کا لحاظ

بھیجا او گال آپنے ہم سرخرو ہوئے / کیونکر رہا حضور کو سوغات کا لحاظ

جام و مے و کباب و گل و شمع و ماہ و یار / ہر ہفتہ مین ضرور ہے ان سات کا لحاظ

فقرہ ہون صاف مصحف عارض کے وصف مین / قرآن مین ضرور ہے آیات کا لحاظ

تقریر مین ہے قلقل مینا سے کا لطف / نشہ ہوا کیا جو تری بات کا لحاظ

وہ نیچی نیچی آنکھین وہ شرمائی گفتگو / آتا ہے یاد پہلی ملاقات کا لحاظ

روح نبی کا پاس نہین کرتے اے منیر
اہل جہان کو اب نہین سادات کا لحاظ

ردیف عین

وصل کی شب مجکو خلوت مین نہین درکار شمع / بنگیا اے جان تیرا جلوۂ رخسار شمع

تو جو جاتا ہے ترے گہر روشن نہین زنہار شمع / سکہ کی مچھلی کی چربی سے جلاے یا شمع

پستی قسمت مری ظلمت کدہ کی دیکھنا
جلوۂ قد اوس مسیحا کا جو دیکھون بعد مرگ
نالہ کش تیری تجلی سے ہین اے گل بلبلین
دولت دیدار تیری لوٹ لی ہنگام شب
مشتعل ہے میری آہ آتشین سے ہجر مین
اوسکا جلوہ دیکھکر کیونکر نہو مغرور شیخ
کس گل سرکش نے اپنے ہاتھ سے روشن کیا
شعلہ رویون کی شمیم زلف سے ایسی بسی
عکس مو باف رہی ہے آئینے سے پیشتر
کھینچتے ہین صورت پروانہ دل خصار سے
ہے مرض عشق دہن کا یون نہین ملتی کمی
بزم جان روشن ہو تو مجکو اگر جھمی کرے
دیکھکر اوس بت کا جلوہ اپنے تار اشک سے
میکشو ڈہالی ہے کافور کی سے مگر
کسکے منہ سے ہمسری کرنیکی یہ تعزیر ہے
تیرے اوصاف رندان کا کرتی ہے شمار
میرے نالہ کی علم مین بزم جانان کیلیئے
محفل عشرت تری فرقت مین جنگل ہو گئی
قبر عاشق پر جلایا نام روشن ہو گیا
نالہ ہے آتش فشان یاد رخ پر نور مین
بدزبانی مین پسند آتی ہے میری آہ گرم

صحن مین کہدون تو ہو خار سر دیوار شمع
سایۂ افگن قبر پر ہو بنکے نخل دار شمع
کیون نہو روشن میان کوچہ منقار شمع
سمجھے اپنے آنسوؤن کو شربت دینار شمع
بنگئی گویا گلوے مرغ آتش خوار شمع
اے برہمن ہو گیا قد بت پندار شمع
آج سمجھ کر دیتی ہے بوسے گل دستار شمع
اپنے دود دل کو سمجھے سنبل گلزار شمع
اسے ہم خوبی مگر روشن ہے دریا پار شمع
تیری صحبت کو ہے برق گرمی بازار شمع
اے مسیحا رکھ قریب عاشق بیمار شمع
میرے فانوس بدن مین ہو تری تلوار شمع
ڈال دیگی گردن فانوس مین زنار شمع
کرتی ہے ساقی کی خاطر گرمی بازار شمع
جا بجا تشہیر ہوتی ہے سر بازار شمع
پڑتی ہے تسبیح لیکر موتیون کا ہار شمع
لائی چلہ باندھنے کو آنسوؤن کی تار شمع
جہاڑ مین سے نور ہے اے گل بسان خار شمع
ڈہالی ہے موم نگین سے شاید آدل دار شمع
تیرے جلوہ سے ہے میری آہ آتش بار شمع
گالیون کی جہاڑ کو شاید ہوئی در کار شمع

بزم عیش ایسی معطر تیرے جلوہ سے ہوئی
سمجھے فانوس اُن کو لیے گل طبلۂ عطار شمع

آتش تر کی تجلی سے ہے روشن میکدہ
کیوں نہ سمجھے گردنِ مینا کو مئے خوار شمع

تنگ ایسا تیری فرقت میں خانہ ہوا
میرے گھر ناسور کی بتی بنی اے یار شمع

دستِ رنگین سے جو تو روشن کریگا اے پری
صاف ہو لو کی پری سمجھائیگی اے یار شمع

کربلا میں ہو جو فراشی کی خدمت اے منیر
قبرِ اقدس پر چڑھاؤں شبکو سو سو بار شمع

ردیف غین

جز ظلمت اے فلک ہے جوش سودا میں چراغ
دیدۂ خفاش ہے شبہائے یلدا میں چراغ

داغ دل سٹنے لگا عشقِ دہانِ تنگ میں
کسطرح ٹھہرے ہوا سے بال عنقا میں چراغ

میکدہ میں جلوہ گر داغِ دل روشن ہوا
عرش کا تارا بنا فانوس مینا میں چراغ

چمکے ہے شبِ غربت میں برق داغ سودا ہو
بنکے جگنو اوڑ رہا ہے میری صحرا میں چراغ

ہے دلِ تاریک حاسد میں ہمارا داغ رشک
اے شکر لب بند ہے مسی کی ڈبیا میں چراغ

چھاتیوں کے نور سے روشن ہے شبکو پیرہن
ہر کٹوری بنگئی ہے تیری انگیا میں چراغ

ہے دلِ صد چاک میں داغ شرابِ لالہ گون
دخترِ رز نے جلا رکھا ہے جھجھیا میں چراغ

تجھسے روشن ہے مگر بزمِ رقیب تیرہ دل
آج دیکھا آشیانِ مرغِ عیسیٰ میں چراغ

تیرہ بختوں کی جو داغوں کی تجلی دیکھلی
تو شرر آسا نہاں ہو سنگ موسیٰ میں چراغ

دشتِ وحشت میں سر گیسو دکھائیگا فروغ
کفچۂ افعی بنے گا جوش سودا میں چراغ

آرزوے مے سے ہاتھ آیا فروغ اسکے بشر
چلو اپنا بنگیا دستِ تمنا میں چراغ

زرد ہے داغ جگر کا رنگ ساغر حضور
ہے گدو کا پھول گویا بزم صہبا میں چراغ

ہے بہار داغ دل فصل جنوں میں اسقدر
پھولوں کا دونا بنا ہے باغ دنیا میں چراغ

رنگ مقتل ہے فضائے آرزوے وصل میں
جام پر خون ہے شبستان تمنا میں چراغ

تم شب تار کباب مین جاؤگے بہر غسل اگر
جام عمر خضر ہوگا مین عدو یار مین چراغ

اپنے مجنونون کے داغ دل جو دیکھو وہ پری
ہم چڑہا ئینگے سجدہ بروے لیلا مین چراغ

وصف لعل لب کو لکھکر کیون لفافہ کرتی مین
باندہتا ہی ہے کوئی کاغذ کی پوٹلی مین چراغ

داغ دل کو جلوۂ دندان دکھانا چاہیے
دیکھو آب گہر ہاے ثریا مین چراغ

ہے عیان نیرنگ چرخ شعبدہ گر چاند
دوڑتا دیکھا طلسم چرخ مینا مین چراغ

اپنے ہاتھون سے جو توڑے مہر گل کرتا رہا
بنگیا طشت فلک ٹوٹے ہوے ذرہ کو دنیا مین چراغ

ہوگیا دلچسپ گوہر جلوۂ رخسار یار
بنگیا بطن صدف کی ناف دریا مین چراغ

کہو دیا داغ جنون کو سرو مہر سے منیر
برف سے ٹھنڈا کیا بزم تمنا مین چراغ

ردیف فا

دنیا کے موذیون کی زبان زد ہے نام زلف
ہے مثل لام دلمین بلا کے مقام زلف

کرتے نہین ہین دل سے عدو وشق لام زلف
بیٹھی چھری سے چھپتے ہین لکھکے نام زلف

چھیڑینگے داستان جو بالون کے طول کی
شام ابد سے بڑہ کے ملیگا کلام زلف

بالون کی یاد رہتی ہے دور شراب مین
پکتا ہے آفتاب مین سودا خام زلف

کرتے ہین قطع خنجر ابرو سے اپنے بال
انگشت ماہ نو سے مٹاتے ہین نام زلف

بالون کا عکس چلتا ہے جام شراب مین
کہندوا عقیق مہر پہ اے ماہ نام زلف

دونون کے طول مین سر مو فرق کچھ نہین
لکھون سیاہی شب ہجران سے نام زلف

دروازہ بند کرکے وہ کنگھی کیا کرین
زنجیر در ہو سلسلۂ انتظام زلف

زلف سیہ کی یاد ہے بروکی عشق مین
مارے پڑا اس سرو ہی کے جیتا ہون نام زلف

شانہ حلب سے آئینہ دار و نمین آپ سے
کرتا ہے بادشاہ ختن انتظام زلف

خوشبو مین بسکہ شیفتۂ زلف مرگیا
بہا کے غلام کو مشک چرا کر غلام زلف

تھے رات دن مناظرہ طول مو سے یار
آیا ہے وہ بیان بالون کا ماہ صیام مین
پھنستی نہین کہون جو کرے مرغ دلکو قید
کہتے ہین لعل لب مین وہ اکثر وبا کی بال
بالون کا وصف ہے خط پیچیدہ مین رقم
زلف سیہ کا رنگ بڑہیگا شباب مین
بالونکی یاد عشق لب وچشم مین رہی
مشق خرام ناز مین بالون کو کہولدو
سودا ہے زلف یار مین ہین تلخکام ہم
گرتے ہین زلفون کے اسے سر بسر مین مین
دیکہا جو بال کہول کے کڑوی نگاہ سے
بالون کا تذکرہ نہ کرے کوئی وصل مین
تصویر موے یار دم میکشی ہے پاس
اے گردگار کو نسے مجنون کے سوگ مین
بالون کے حلقہ حلقہ مین چہرے کا نور ہے
دیوانے تیری زلف سیہ کے ہمین نہین
زلفین بناؤ دیکہہ کے آئینۂ فلک
اولجہا ہے سبزہ کان کا بالون کے پیچ مین
بالون کا نقش رکہہ کے دل داغدار مین
کہولین وہ بال ہو دل پر داغ گرم آہ
بالون کا چشم تر سے تصور نکل گیا

پڑہتے ہین ہم رسالۂ علم کلام زلف
افطار صوم سے کیجیے ہوتی ہے شام زلف
کانٹے کی شکل ہو قفس تن مین لام زلف
ہوتی ہے آج شہر بدخشان مین شام زلف
مار سیہ کی شکل ہے طغرا ہے لام زلف
فصل بہار آتی ہے پہولے گی شام زلف
بادام کی مٹہائی مین ہو مشک شام زلف
دیدو سمند حسن کے منہ مین لگام زلف
افیون زہر غم مین ملے مشک شام زلف
مسی وہان گور کو ہے مشک شام زلف
بادام تلخ ہو گئی ہر چشم دام زلف
قبل سحر نہ بولا اوسے زاغ شام زلف
پیتا ہون گہول گہول کے مین نقش دام زلف
ابتک سیاہ پوش ہے لیلاے شام زلف
قندیل شمع طور کی جالی ہے دام زلف
پتلی ہے چشم قیس کی لیلاے شام زلف
اتو گلاہ مہر کو ہو عکس دام زلف
بہٹکا رہی ہے خضر کو ظلمات شام زلف
بودوں چمن مین سنبل عنبر امی لام زلف
طاؤس نالہ کش ہو گرے ابر شام زلف
دہیا ہے پانی پیکی چلا ابر شام زلف

مردان عشق جنگ مین بالونکی عشق
پیتا ہے شیرون کا لہو آہوے چشم یار

کی مشق نفی سے نے جو انکار وصل مین
شاید ملا دیا الف قدسی لام زلف

آفت سکے بتان فرنگی محل منیر
باتین ہم سے چلیپا ہے دام زلف

ردیف قاف

اے دل ہوا جو زخمی تیغ جفای عشق
داماں زخم دل سے بہی آئی ہوا سے عشق

ممکن بدون گریہ نہین ہے عاسے عشق
برسات کے سوا نہین چلتی ہوا سے عشق

دریوزہ گر ہون دولت حسن و جمال کا
تو بادشاہ حسن ہے مین ہون گدای عشق

پابند آبرو سے محبت کو کام کیا
کہاتا ہے استخوان گہر کب ہمای عشق

عاشق ہون پائجامہ دوپٹہ پر آپکے
جوڑی سے مجھکو ہاتھ لگی کیمیای عشق

آسیب عاشقی سے نہون شعلہ دریا
پریون کے سر چڑہا رہی دیو بلای عشق

الفت نے آپکی یرقانی بنا دیا
ہر چشم تر ہماری ہے جام طلای عشق

دیوانے ہم فریب محبت سے کیون نہون
آئی پری کا روپ بدل کر بلاے عشق

دل جنکے شیر ہین وہی کرتے ہین عاشقی
اے غافلون کرون کیلیے ہی طلاے عشق

عاشق کے مردہ پر ہین الفت کی شدتین
مردار سنگ ہوگئی سنگ جفای عشق

اللہ رے اضطرار دل بیقرار کا
پہلو مین میرے کوئی نہ ٹھہرا ہواے عشق

تہوڑی سی بہی اذیت الفت بہت ہوئی
بڑہکر پہاڑ ہوگئے سنگ جفای عشق

سبزہ کے بدلے مہر کیا کیون نہ ہو نمود
چلتی ہے میرے گلشن دل مین ہواے عشق

آلودہ ہے جو خون دل وا عذار مین
یاقوت آفتاب ہے سنگ جفاے عشق

دل مین ہے انکے عیان ہے نظارہ کی دلیل
یہ واقعی کہ آنکھ سے ہے ابتداے عشق

خاموش بھی جلا کے آنسو بہائیے
سنلو زبان شمع سے یہ ماجراے عشق

ہے حرفِ قاف قربِ اجل کی بڑی دلیل
یعنی ہے قبرِ عاشقون کو انتہاے عشق

آزردگی مین بھی وہی الفت کا جوش ہے
توڑا جو دل حضور نے نکلی صداے عشق

ملکِ عدم کا کوچ کرو لیکے زاد پاس
لے تازہ وار دان مصیبت سراے عشق

سرمہ سواد گور ہے عاشق کے واسطے
خلعت کفن ہے خونِ تمنا حناے عشق

مرنا ہے تلخکامِ محبت کو امر سہل
زہرِ اجل ہے سبزۂ تیغِ جفاے عشق

قول اے منیرؔ پڑھتے ہین نواب مہر کا
ہے دل مین آمدِ غم ہے انتہاے عشق

ردیف کاف

ہوگیا خاک مگر ہوتی ہے تشہیر ابتک
مٹ گیا رنگ کہنچی پھرتی ہی تصویر ابتک

آپکی چوٹی کے موباف کا اسد ہے عروج
کینچلی سانپ کی ہے عرش کی زنجیر ابتک

تیغِ ابرو کے ہمنوز ہین ازل سے مداح
طرح ہوتا ہے یہان مصرعِ شمشیر ابتک

چودھوین سال بھی پوری نہوئی قتل کی مشق
نہوا بدر ہلالِ لبِ شمشیر ابتک

عشقِ گیسو مجھے چھوڑے ہوی مدت گذری
سطرِ تقویم کہین رہتی ہے زنجیر ابتک

حسرتِ قتل مین ہارت سی بہو ین چومتے ہین
دانت کاٹے ہے ہین لبِ شمشیر ابتک

فصلِ گل جا چکی باقی ہے بہارِ سودا
عشق پیچان کیطرح پھولی ہے زنجیر ابتک

ناطقہ حسنِ فصاحت کا ازل سی ہی مقر
کلمہ پڑھتی ہے ترا طوطیِ تقریر ابتک

بیڑیان ہرسون سے ہلتی ہین سرِ گیسو مین
اے پری کھیلتے ہین افعیِ زنجیر ابتک

شبنمِ صبح سے کس روز گیا جوشِ جنون
کیون فلک کھینچ رہا ہے عرقِ شیر ابتک

کہا گیا سیکڑون کو روزِ ازل سے آترک
پیٹ خالی نظر آیا خمِ شمشیر ابتک

مدتون سے ہے حسینون کی مجھے حسرتِ وصل
ہے مرے دستِ تاسف مین کفِ شیر ابتک

شیب مین بھی ہے تری چاہ تو نہین دولت حسن
خوبیان ناریلون مین رہی اکسیر ابتک

حال بے پردہ اگر کھلے شمع رخون کا کیونکر
دل کو کھلنے نہین دیتی لب گلگیر ابتک

رابطہ ابرو و مژگان مین کبھی دیکھا تھا
شامل لفظ کمان ہے الف تیر ابتک

شاہد قتل کسی عاشق مژگان کی ہین کیا
شکل انگشت شہادت ہین یہی تیر ابتک

نیند کھوئی گئی مدت سے اُسے ڈھونڈھتے ہین
شمع ہاتھون مین لئے نالۂ شبگیر ابتک

کھیلتے رہتی ہین ہر روز وہ ڈیوڑھی مین شکار
گھر کے دروازہ مین ہین بازو نخچیر ابتک

کبھی خونریزون کو حاصل نہوا لطف شباب
ابتدا سے ہے سفید ابروی شمشیر ابتک

وصل اُس بُت سے ہوا تمکو مبارک ہو منیر
کس لیے شکر کے سجدے مین ہے تاخیر ابتک

ردیف گاف

کچھ اس غزل مین بھی نہوا آشنائے رنگ
پھٹ جائے یہ زمین الٰہی سمائے رنگ

تیرے حضور باغ مین کیونکر سمائے رنگ
ملتی نہین ہے حسن کی کثرت سے جائے رنگ

وہ خوش دماغ جب سے ہوا آشنائے رنگ
عطار کھینچنے لگے عطر حنائے رنگ

ہونٹون کو اوسکے لعل نہ دیکھے خدا کرے
تیغ ہلال لب سے کہین کٹ نجائے رنگ

اے عندلیب باغ جہان مین ہے رنگ شمع
گل بھی ہوا تو مین نہوا آشنائے رنگ

بلبل کا فصل گل مین چہکنا عجب نہین
ہے باغ گل مین بادۂ صبر آزمائے رنگ

سیلاب ہے رطوبت فصل بہار کا
طاؤس اسکے پر و نگار کہین بہہ نجائے رنگ

اپنی بہار دیتی ہے ہولی کی نذر مین
تیرے حضور فصل چمن کیون نہ لائے رنگ

زیبا نہ تھے ضعف سے زردی بھی جسم پر
ڈھیلی ہوئی ہمارے بدن مین قبائے رنگ

رنگی جو اپنے ہاتھ سے وہ آبروی باغ
عطر بہار بنکے دوپٹہ پہ آئے رنگ

گلشن کا روپ دیکھو وہ نازک دماغ اگر
دامن مین اپنے باد صبا چہان لائے رنگ

دو زخمین داغ عشق اگر چنگی دکھائین
بہٹی کے چرخ سے بھی گلو کا نجائے رنگ

چاک جگر مین چاہیئے خط شعاع حسن
ہے عکس تا کمر گل رخسار یار کا ٭ ٭ ٭
تار نظر کے بوجہ سے مسکی جو یار بار ٭
تیری نگاہ گرم سے جلتی ہین دلمین پہول
تیرے حضور خشک جو ہو جاتین شرم سے
نشہ ہے بہار کا یا رب خزان مین بہی
ایجان تیری چنپئی رنگت سے کے ہو بیرو ٭
خورشید دن جو یار کی مستی سوا لے فلک
دربانی اسکی ڈہونڈتے ہین شاہدان گل ٭
بعد زوال حسن بہی اس گل کا عشق ہے
ایجان دیکہ لے جو ترا حسن ساوگی
آب بدن کی موج بنے گا کرن کا عکس
دیکہون جو بے ثباتی باغ جہان کی سیر
شیخی یہ کر کری تیرے آگے ہے باغ مین
باغ جہان مین حسن کی رونق ہو خلق سے
ہیچ بستہ آبروے گل تر ہو ملبلو ٭ ٭
بے لطفیان سوای حنا کس سے اوٹہ سکین
بڑہ جائے تیرے یمن قدم سے یاوج باغ
تیرے حضور پہولو نگار زہرہ ہے آب آب
آئینہ سان ہرن جو کہلے سیر باغ مین
رنگین میرے شعر سنین ہے جو قصد باغ

اس جنتری مین کہینچیے تار طلائے رنگ
اچہی ہوئی ہے سرو کے قد پہ قبای رنگ
پوشاک پہر حضور کی کیونکر اٹہائے رنگ
تیغ نظر سے کیون ہو کشتہ طلائے رنگ
پہولون کے جسم سے اتر آئے قبائے رنگ
بنکر شراب شیشہ دل مین سمائے رنگ
گلہائے اشرفی کا ہے کہوٹا طلائے رنگ
اوڑہی گہٹا بنے گل سوسن کا چہائی رنگ
زنجیر در کی بیل ہو بہر قبائے رنگ ٭
ہم مثل عندلیب نہین آشنائی رنگ
کج کر کے اپنے جام کو ہر گل گرائے رنگ
انگیا کی چہپکی آج چینے گی قبائے رنگ ٭
ایدل ہوا تبسم گل کی اڑائے رنگ ٭
خاک اڑ رہی ہے فصل بہاری مین جائے رنگ
خوشبو بہی تہوڑی چاہیئے ایگل برائے رنگ
وہ رشک گل جو باغ مین اپنا جمائی رنگ
ٹہیرا ہے کون پاس تمہاری سوائے رنگ
ٹیکا جبین مہر فلک پر لگائے رنگ ٭
پائے نظر مین دیکہ کہین پہر نجائے رنگ
اس رشک گل کو سرخ دوپٹا اوڑہائی رنگ
بالی مین وہ پروئین گل مدعائے رنگ ٭

ایسی بہار باغ جہان بے ثبات ہے
دامن اگر ہوا کا لگے چھوٹ جائے رنگ

ہو حسن آتشین سے تلاطم میان باغ
پھولون کے ساغرون مین ابھی جوش کھائے رنگ

کرتا ہے تیرے سامنے پرواز حسن گل
دیوار باغ پھاندتے ہین باد پائے رنگ

اس شاہ حسن سے جو کرین پھول ہمسری
کھا جائے استخوان رگ گل کھلائے رنگ

پڑ جائے میری پختہ مزاجی کا عکس اگر
سو شو بپر بھی اطلس گل کا نجائے رنگ

ہو تی دکھائے کان کا وہ گل جو زلف مین
چھالا دہان یار کا ڈھونڈھے حنائی رنگ

ہر باغ کو ہو خوبی ابرو سے پیچ تاب
تلوار کی جو آنچ لگے جوش کھائے رنگ

فصل خزان نہین کسی بلبل کے سوگ مین
سوسن نے مسی لالے نے چھوڑی حنا نے رنگ

رنگ گچوا اپنے کپڑے وہ مطرب پسر کہین
زہرہ گل قمر کا ابھی کاٹ لائے رنگ

مرتا ہون لکھنؤ کی تمنا مین اے منیر
اللہ عیش باغ کا مجکو دکھائے رنگ

ردیف لام

رخت زری پہن کے کسیدن چمن مین پھول
سلمے کی بوٹیان ہون ترے پیرہن مین پھول

خوشبو سوا ہو پہنے جو تو موتیون کے ہار
اپنی قبا بسائین ترے پیرہن مین پھول

تو سیر کو جو آئے تو گلشن سفید ہو
لائے گل سفید داغ بنین ہر چمن مین پھول

پہناؤ تم جو غیر کی گردن مین اپنے ہار
لائے گل قبائے رنگ اوتارین چمن مین پھول

ملبوس زلیست ذرۂ افشان سے جل گیا
اوڑ کر چراغ رخ سے پڑا پیرہن مین پھول

اوس گل کو شوق بادہ کشی ہو جو باغ مین
مینائی رنگ توڑ کے نکلین چمن مین پھول

مخمل بدن مین پھول گئے میرے ہاتھ پانو
غیرون کے ساتھ تمنے پیا جب چمن مین پھول

بعد فنا بھی داغ جگر ہین گلے کے ہار
گویا پرو دیے مرے تار کفن مین پھول

بازو پہ اپنے رکھکے جو لیٹے وہ آرزوے سرخ
یاقوت آفتاب کا ہو نور تن کا پھول

سودا رہا بہار کا مجکو چمن مین بهی
سمجها مین چشم غول کو دیوانہ پن مین پهول

ہر زخم پر چهڑک عرق عارض صبیح
دامن بسائین عطر گل یاسمن مین پهول

سبزہ چرین جو وحشی عارض کی قبر کا
ہون نافۂ غزال سے پیدا ختن مین پهول

اوراق گل مین لکهے ہین صفت رخ صبیح
رکہتے ہین ہم بیاض گل نسترن مین پهول

گلشن مین کرکے وصف صباحت حضور کا
بهر بهر لیے ہین جیب گل نسترن مین پهول

کردو اسے نقش عارض محبوب تیغ زن
جنت کے جڑ لیے سپر داغ تنمین پهول

کوٹهی پر آج صبح رہا کون گل فشان
الجهے ہوے ہین مہر فلک کی کرن مین پهول

مجلس مہک گئی سخن آبدار سے
موتی کے دانے بنگئے درج دہن مین پهول

ملے عندلیب جز گل زخم جگر کہین
دیکهے نہین ہین گلشن چرخ کہن مین پهول

ہین عیان خط مین گال نہان گیسونمین یار
دیکها ہے کس نے چاند خزانمین گہن مین پهول

فصل خزانمین داغ جنون کی بہار ہے
اے عندلیب باغ مین کانٹے ہین تنمین پهول

ڈوبین گے اس کنوئین مین جو عشاق داغدار
اے گل کہلین گے سبزۂ چاہ ذقن کے پهول

اے حور تیرے گالونسے تشبیہ تیرہی
صبح بہشت ہوگئی شاخ سمن مین پهول

تم ہوگئے گل فشان تکلم جو نثار مین
ترتے پهرینگے موج شراب کہن مین پهول

یارب شراب پیکے وہ گل گرمیان کرے
پیدا ہون آگ کے چمن ناردنمین پهول

مین کیا دکہائی دیتی نہین بلبلون کو بهی
پہنے تو ایسے ملگئے تیرے بدن مین پهول

اہل صفا جو دیکهینگے تیری بہار حسن
جوہر بنینگے آئینۂ انجمن مین پهول

ہین خار خار غم مرے سینہ مین اسقدر
اے گل نہ ہونگے بعد فنا بهی وطن مین پهول

ابکی بہار حسن بتان ہے کمال پر
تا قوس ہو نہ جائے کف برہمن مین پهول

تقریر آبدار مین شامل ہے وصف رخ
اے گل بہائے جاتے ہین بحر سخن مین پهول

فیض بہار عارض رنگین کے نور سے
اے گل کف شراب بنے انجمن مین پهول

دیکھو بہار شہر خموشان کی عنافلو
یعنی چراغ گور مین باغ وطن مین پہول

پہنے سہاگ کے ہار جو تو نے پلنگ پر
اسے بحر حسن بنگئے سہج رسن مین پہول

جلتی جو آتش گل رخسار یار سے
تا صبح گل شمع سے گرتے لگن مین پہول

رنگینی کلام سے ہونٹون کے وصف مین
ڈوبے ہوے ہین تنگ عقیق یمن مین پہول

پہنا تو قدر بڑہ گئی پہولوان کے گہنے کی
سونے کے ہوگئے بدن سیم تن مین پہول

شرما گئے وہ باغ مین شادی وصل سے
چشم رقیب سے بنگئے دولہا دولہن مین پہول

اولجہاو بالونمین دل پر داغ عاشقان
پہپ لنگے شاخ زلف شکن در شکن مین پہول

طرفہ بہار ہے چمن انتظار کی
داغ جگر بنے مرے بیت الحزن مین پہول

کرتا جو گرمیان دل پر داغ عندلیب
جینے کیطرح رنگ بدلتے چمن مین پہول

کانو مین سینکین ہین رگ گل کی جو اسے پری
زیبا ہے بالیونکی عوض بالی پن مین پہول

ہر شاخ تیر مین جگر وا عدا رہے
آئین ہین جیب قبضہ ناوک فگن مین پہول

ہو بوے مشک شب نمک زخم عندلیب
رکہو جو صبح تک چمن انجمن مین پہول

سب وے آپ بیقرار و جگر چاک تیرے ہین
پارہ کنو ہین مین کانمین موتی چمن مین پہول

جہگڑینگے باغبان و نکیرین و عندلیب
رکہنا تم اپنے ہار کی میری کفن مین پہول

وہ شمع وجو شبکو کرے شغل مےکشی
اے باغبان چراغ سحر ہون چمن مین پہول

اے دل کبہی سما نہ سکے تو بہشت مین
ایسا سرور عشق حسین حسن مین پہول

کیا کام ذکر بلبل و گل سے ہی اے منیر
کسکو پسند آتے ہین یخ و محن مین پہول

عاشق سے اولجہے وصل بہت فتنہ گر مین بال
سو بار بگڑے اور بنے رات بہر مین بال

چہپ چہپکے دیکھتے ہین عبث آپ گہر مین بال
پڑ جائینگے حضور کی تیغ نظر مین بال

پہرتا ہے سر جو گرمی وحشت مین الجہون ت
حلقہ وہ بین کے بنتے ہین دوران سر مین بال

ہر سو برس رہا ہے عکس رزان سو آج نور +
کیا چھپی قمر کے ہین تیرے چتور مین بال +

مثل سواد شہر عدم آتے ہین نظر +
پہر رفتہ رفتہ بڑھ گئے میرے سفر مین بال

دنیا کے خوبرو ترے دروازہ پر ہین قید +
اُلجھے موے ہین گیسو زنجیر در مین بال ++

سہرا لپیٹے ہے سونیکا آشفتگی دل ++
شاید تمہارے دہوئے گئے آب زر مین بال

دل کی شکست خوب ہو زلفون کے عشق مین
بڑھ جائے آبرو جو پڑے اُس گہر مین بال

نشہ مین اپنے عاشق لاغر کو تاک کر +
کہتے ہین بہد گیا مرے تیر نظر مین بال +

چھیدینگے پلکین لخت دل اہل آبرو ++
روزن کرینگے دانہ لعل و گہر مین بال +

پیری مین راہ موت کی چلتا ہون سر کے بل
اُڑتے ہین ملکے دود چراغ سحر مین بال +

مدفون زلفون والے ہوے باغ دہر مین
ریشون کی بدلے نکلینگی شاخ شجر مین بال +

دیکھینگے حسن گرم کی آتش فشانیان
پریان لبائینگی گل رنگ شرر مین بال +

آغاز خط مین سیب ذقن کی شکست مین
پڑتے چلے ہین شیشہ رنگ ثمر مین بال

اہل عدم کو پیچ مین لانے سے فائدہ
ہر بار کیون اُلجھتے ہین موے کمر مین بال +

درد گلو ہوا لب شیرین کو چوم کر + +
شاید کہ کہا گیا ہون کوئی اس شکر مین بال

قاتل کی زلفین ڈالی بال روغن مین ملگئین
مانند موج پہرتے ہین رنگ سپر مین بال

چہرے سے بہورے بال نہین ہوتے کیون جدا
پیوستہ مثل رگ ہوئی گلبرگ تر مین بال +

گنڈا بنا کے پہنے جو ہیپا جنون گیا
تعویذ کے خطوط ہوئے ہین اثر مین بال +

زلفون کو اپنے آئینہ رو مین دیکھکر ++
کہتے ہین پڑ گئے ہین نگین قمر مین بال ++

حد سے زیادہ وحشی مژگان ہے ناتوان
فصاد چھیدتا ہے عبث نیشتر مین بال +

پیچ پیچ سے حضور نے ٹالی ہے آدہی رات
کنگہی ہوئی بنا لئے گئے وہ سحر مین بال +

مرغ دل منیر کو پہندے مین پہانس لو
باندہو گلوئے عاشق خستہ جگر مین بال +

ردیف میم

سہرِ حلقۂ رندان پسِ مردن نہوئے ہم
پیمانہ کا سر شیشہ کی گردن نہوئے ہم

اے بخت سیہ یہ ہین ہماخون ہما را
ہندو بچۂ خال کے چیندن نہوئے ہم

کہتے ہین ترے شوق قدمبوس ہین اہ
کیون گوشہ نشینِ زہ دامن نہوئے ہم

انسان بنے محنتون سے لے شۂ خوبان
پر مردمِ چشمِ سیہ توسن نہوئے ہم

سب سنگ لحد کہتے ہین گردش کی ہوس مین
پروردۂ آغوشِ فلاخن نہوئے ہم

ملجاتے ترے کانٹے پتو نہین اسطرح
برگِ شجرِ وادیِ ایمن نہوئے ہم

کہتے ہین یہ لے ترک مرے مغیٔ نازک
نکتہ ہوئے پر قابل توسن نہوئے ہم

داغ غم زلف ایک چمکا دم گل گشت
مہتاب شب سنبل گلشن نہوئے ہم

آزا ردیا ضعف مین بہی غیر کے دل کو
کب مورچہ پارۂ آہن نہوئے ہم

پنہان نہوا عشق مسی مین تن پر داغ
گلدستۂ طاقِ گل ہوسن نہوئے ہم

اے گل نہوا عشق دہن باغ جہان مین
عنقا کے لئے شاخ نشیمن نہوئے ہم

گو ضعف بڑہا پر کبہی دشمن سے نہ اوبہے
صد شکر کہ خار سر دامن نہوئے ہم

سنکہو نسی سوا آبلون سے رکہتے ہین تاقوس
اے بت تری نظرو مین برہمن نہوئی ہم

تقدیر نے احباب کا مجمع نہ دکہایا
دانہ ہوئے پر شامل خرمن نہوئے ہم

کہنے سے کسی کے نہ کیا آپ سے دل سخت
عاری ہوئے سب پارۂ آہن نہوئی ہم

جمعیت خاطر نہوئی زلف سے حاصل
زنجیر کے دانون کو بہی خرمن نہوئے ہم

غیر آئے ترے کوچہ مین پر ہمنے نہ روکا
اے بت سفر کعبہ کے رہزن نہوئی ہم

کانٹے ہوسے پر حسرت دیدار نہ نکلی
اے گل مژۂ دیدۂ روزن نہوئے ہم

آغوش مین نقشہ مسی لب کا نہ کہا
فانوس چراغِ گلِ ہوسن نہوئے ہم

ایک اور غزل پڑہتے ہین اس بحر مین دیکہو
کیونکر دُرِ الہام کے معدن نہوئے ہم

غزل

خواہان بزرگی پس مردن نہوئے ہم
پر فلک گنبد مدفن نہوئے ہم

اے بت غم گیسو نے نہ لگا ہمین افسوس
مار شب آفت کے سے لئے مین نہوئے ہم

نہ ہے دو سر نیزۂ مژگان سے سراپا
اے گل ثمر شاخ نشیمن نہوئے ہم

ملبوس ہم حسن کے بوسو نہین مزا تہا
افسوس لب چشمۂ سوزن نہوئے ہم

کہتے ہین سبہی دیکہ کے یون اللہ انجم
تیرے رخسار کے خم مین نہوئے ہم

جی بہر کے سگلے خنجر ابرو کو لگاتے
یارب ہمہ تن کسلئے گردن نہوئے ہم

مرغان خیابان کہتی ہین وحشت کی ہو مین
کیون بیضۂ ناقوس برہمن نہوئے ہم

پلکون سے شکن رخت حسینا نکی ہٹاتے
جاروب کش گوشۂ دامن نہوئے ہم

اوس کوچہ کی چکر کے لئے کہتی ہین بت بت
یارب صنم سنگ فلاخن نہوئے ہم

ای ترک عقیق دل پر خون سے بدستے لیتے
حکاک نگین سم توسن نہوئے ہم

دروازۂ گلستان کا خزان پر نہ کیا بند
بخیہ گر چاک در گلشن نہوئے ہم

داغ دل سوزان کا عشق ہین صرفہ
صراف زر شعلۂ گلخن نہوئے ہم

دعوائے مسی کرنے ندیتے تری آگے
قفل دہن غنچۂ سوسن نہوئے ہم

کیا تفرقۂ سخت ہے یون بہی نہوا میل
پارس ہوئے تم پارۂ آہن نہوئے ہم

بت ہوگئے حیرت سے کسیکو نہ ستایا
تپہر ہوئے لیکن دل دشمن نہوئے ہم

گل کہاتے رہے وصل کی حسرت مین سراپا
ای گل تری کمخواب کی چپکن نہوئے ہم

دی جان مگر ہاتہ نہ آئے تری بازو
تعویذ لحد بنگئے جوشن نہوئے ہم

اے بخت سیہ کہل گئے بوسہ کی ہوس مین
پر خال لب طفل برہمن نہوئے ہم

آنسو مری کہتی ہین ہوئے عطر تو کیا لطف
ای گل تری تصویر کے روغن نہوئے ہم

پیسا بہی جلایا بہی ہمین بخت سیہ نے
مسی نہوئی آپ کے منجن نہوئے ہم

ہے نام تو مشہور منیر اہل سخن مین
گو بزم جہان مین لب مرزن نہوئے ہم

ردیف نون

ہوا کھانے پہرا کرتے ہین صبح و شام نکلی ہین
لگایا ہے بتون نے ابلق ایام نکلی ہین

جسے ٹھنڈی سڑک پر دیکھتی ہو عشق جاتی ہین
شراب بیخودی کی چل رہی ہین جام نکلتی ہین

ہوا کھانے مین اشعار کمر پڑھ ہوا ہی سب تجھسے
ہوا ہے غیب کے مضمون کا الہام نکلی

تری نکلی سی ہر خوش چشم آنکھین ملکی روتا ہی
ملا جاتا ہے ای بت وغن بادام نکلی ہین

کمر مین ڈاب کسکر وہ ہوا کھانے نکلتے ہین
کیا ہی عاشق و معشوق نی آرام نکلی

او دہر مردہ ہون جیتا ہون ہوا کھا کر ادہر ای بت
سحر تابوت مین ہوتی ہے مجکو شام نکلی

بت ترسا کے طعنون سے سواری مین ہوا بیخود
برانڈی سی نکلی کیفیت دشنام نکلی

خفا ہو ہو کے کہتے ہین کہ عاشق کچھ نہین کہتا
ہوا کھانیکا بھی سُنتے ہین وہ الزام نکلی

سواری مین چڑھانا ابروی پر خم کا لازم تہا
کہانی چاہیے تھی ای بت خود کام نکلی

سواری وس بت ترسا کی کیفیت سے چلتی ہے
بنی ہین گرد شیشین سیو نکلی در جام نکلی

سواد کعبہ کے مانند رنگت ٹپ کی کالی ہے
ترا اسپ یہ بنا ہی جامۂ احرام نکلی

تیرے بالون کے ملنے سے اور چڑھا گہوڑا سوار تیکھا
بنی چابک سی ہمسر زلف عنبر فام نکلی

ہوا کھا نہین میری جان بیچی اوس فرنگن نے
سمند عمر عاشق کا کیا نیلام نکلی ہین

ہوا کھانے مین شوق بوسہ پہ تیچی مجھی ماری
نہ آیا راس مجکو یہ خیال خام نکلی

منیر اپنی سواری مین اگر نواب لیجائین
ہلا کر مین جنوریلکون کا تو انعام نکلی ہین

غزل

از رشک مرا سوخت بت سرو قدمین
خاکستر قمر لیست غبار لحد مین

از عیسیِ خود عمرِ دوبارہ ہوسم نیست
این جنس گرانمایہ بود مستردِ من

مستانہ برون تاختم از نعمکدۂ دہر
جز سبزۂ مینا ندمد از لحدِ من

سنجیدۂ گئے طبع محیط دو جہانست
شد کفۂ میزانِ قیامت سبدِ من

تکمیل جنون گشت زوال خرد ما
خضر رہ سودا شدہ پیرِ خردِ من

گلچین جہالت شدم از ہمتِ عالی
در گلشن ایجاد نگنجد سبدِ من

گل کرد پریشانیم ای فصلِ بہاران
سنبل شدہ آشفتگی حالِ بدِ من

در سجنِ کہن تنگیم یافت چو تنہا
برخاست دو صد فتنہ برائے بدِ من

در ضعفِ شکستِ دل غمدیدہ عیانست
موازنۂ آئینہ بود عکسِ قدِ من

در سلسلۂ ہستیِ جاوید اسیرم
زنجیر بود گیسوئے شام ابدِ من

جان داد حسود از اثر رشک بہ تلخی
شد زہر فنا سبزۂ تیغ حسدِ من

دل کشتۂ شمشیر بتانست در آغوش
تابوت شہید است تو گوئی جسدِ من

آنیست تمنائے منیر از تو شب و روز
در دشتِ نجف باد الٰہی لحدِ من

غزل

کعبہ سے مجکو لائی سوادِ کنشت مین
اصلاح دی بتون نے خطِ سرنوشت مین

پھرتے ہین کوچۂ بتِ قدسی سرشت مین
دیوانے لاتین مار رہے ہین بہشت مین

کفارۂ شراب مین دیتا ہون نقدِ ہوش
سرگرم ہون تلافیِ اعمال زشت مین

اکثر جزائے سجدہ مین کھاتے ہین ٹھوکرین
لکھا ہے کیا خطِ کفِ پا سرنوشت مین

حورون سے گرمیان جو کہون اوس شریر کی
لگجائے آگ آتشِ گل سے بہشت مین

سنتی ہے روز نغمۂ زنجیر عاشقان
وہ زلف بھی ہے سلسلۂ اہلِ چشت مین

زندان سے آنکھین سینکنے اوس گل کے گھر گئے
دوزخ سے آگ لینے چلے ہم بہشت مین

بیگانہ اک ہمین نظر آئے پس فنا | ہمدردون کا ہجوم ہی باغ بہشت مین
بتخانہ مین سفیدئ حسن فرنگ سے | گرجے کی روشنی ہی سواد کنشت مین
جلجل کے خاک ہوتی ہین بی اشک وآہ ہم | آب ہوا نہین ہے ہماری سرشت مین
گرمی مین تیری کوچہ نشینونکے واسطے | سے نکلے ہین قدسیونکے پرونکے بہشت مین
سونا کساؤن اشرفی داغ سجدہ کا | سنگ محک لگاؤن بنائے کنشت مین
بجلی چمک گئی جو ہنسی مین پھڑک گئے | شوخی بھری ہوئی ہے تمہاری سرشت مین
تصویر مین تیری دست حنائی کی لیگئی | چھاپے لہو کے سب نے لگائے بہشت مین
کرتے ہین خون چرخ بتونکی تعلیان | رنگ شفق لگاتی ہے سقف کنشت مین
ابر بہار جوہر شمشیر یار سے تھے | گلہائے زخم کھل گئے اُڑدی بہشت مین
تقدیر مین ہے تیری دہان و کمر کا عشق | سِرّ نہان لکھا ہے مری سرنوشت مین
دی جان ایک حور کی بوسیکی چاٹ پر | قسمت نے مجکو زہر دیا در بہشت مین
چھوڑو نہ گفتگوی خط سبز یار سے | طوطی کسیکا بول رہا ہے بہشت مین

ادنی غلام شاہ ولایت ہون اے منیر
دشت نجف کی خاک ہی میری سرشت مین

غزل

اور مجھسا جان دینے کا تمنائی نہین | اوسکا شیدائی ہون جسکا کوئی شیدائی نہین
صاف ہین ہم گو تجھے میل خودآرائی نہین | دل وہی آئینہ ہے پر تو تماشائی نہین
قائل وحدت ہون شرکت کا تمنائی نہین | تو جو تنہا ہے تو مجکو فکر تنہائی نہین
ناصحو کیون صبر کرنیکے لئے کرتے ہو تنگ | اس قدر دل تنگ ہی جائی شکیبائی نہین
اُٹھ کھڑے ہونے پہ ہین کمر باندھنے تو یان قصر آ | بے محل ہے لامکان کہنا وہ ہرجائی نہین
سچ ہے حق ناحق نہین ملتا کسیکو مرتبہ | دار پہ منصور کو اوج مسیحائی نہین

پاکر و اپنا کسیکو پاس کسیکے ہو رہو
چار دن کی زندگی مین لطف تنہائی نہین

زار ہون طاقت سے ملجانیکو طاقت چاہیے
ناتوانی سے جدائیکی توانائی نہین

دشتِ وحشت مین نہین ملتا ہے سایا کا پتا
مین ہون سودائی مرا ہمزاد سودائی نہین

آتشی شیشہ کی عینک ہو ہماری آنکھہ مین
ہم تمہاری گرمیان دیکھین یہ بینائی نہین

مصر کے بازار مین کیا بڑہ گئی یوسف کی قدر
حسن کو بیپردگی مین عیب رسوائی نہین

سب ہے مے میخانہ و ساقی جو آئی مجکو موت
حلقۂ ماتم ہے دورِ چرخ مینائی نہین

ہوگیا خاموش جو شہر خموشان کا ہوا
سب ہے وہان گو کہ موجود اور گویائی نہین

دونون نشاؤ نفسی ہین باہر مست صہبای الست
سب اپنے میخانہ مین دورِ چرخ مینائی نہین

پائین کیا دیوانہ مژگان بت تسا مین لطف
سوزنِ عیسی مین نوک خاک صحرائی نہین

ہے دل کی تجکو بیجا ہے شکایت غیر سے
اپنے گہر کا حال کہنا طرز دانائی نہین

نشار مین زندہ ہین ہے عیسی نفس اپنا خمار
جان اعضا مین چلی آتی ہے انگڑائی نہین

ہو گئی ٹیڑھی ہے اگر ہمنے جگایا نیند سے
آپ ہر پردہ اکڑتے ہین یہ انگڑائی نہین

میکدہ پر سقفِ ابر رحمتِ حق چاہیے
احتیاج سائبان چرخ مینائی نہین

بیخطر مین مستی اندام سے نازک مزاج
جستجوے بادہ مین شیشونکی انگڑائی نہین

سر کو ٹکرا کر مٹایا اپنی قسمت کا لکھا
دیر مین کعبہ مین اب فکر جبین سائی نہین

آپ سے یوسف ہزارون ہمسے عاشق سیکڑون
حسن کا توڑا نہین قحطِ تماشائی نہین

پیر گردون سے زرانجم او چک کر چہین لین
ہمتین عالی ہین فکر چرخ بالائی نہین

ہے مرا وحشت جنون سیاحت آسمانون سے دو چند
ربع مسکون جو ادنی وحشت کی جو تہائی نہین

دختر رز مثل افلاطون ہے جبتک خم مین ہے
نشار مین سینہ سے باہر ہون یہ دانائی نہین

لکھنؤ کی آرزو مین جان دیتا ہون منیر
سلطنت کا بھی زمانہ مین تمنائی نہین

غزل

خورد و کلان ہین طاعت رب ودود مین
گردون کو رکوع مین ہے زمینون کو سجود مین

باتین کرو نشیت رب ودود مین
نقشہ دہن کا آئے عدم سے وجود مین

مدفن کہان ہے دورۂ چرخ کبود مین
یہ مشت خاک ڈالدو چشم حسود مین

اے چرخ سب سے رشتۂ جان تو لیا گیا
دیکھا تو اک کفن ہے ترے تار و پود مین

سبزہ حوالی دہن تنگ اوگ چلا
پہونچا خضر سواد عدم کے حدود مین

اوس نازنین کے زلف مین ملتا ہی سکا عطر
پیوند یاسمن کا لگاتا ہون عود مین

بالیدہ ہون عنایت پروردگار سے
ممکن نہین سماؤن جو چشم حسود مین

شمشیر حسن یار کے جوہر نکل پڑے
کیا کیا نمود رخ پہ ہوئے خط کی نمود مین

بتخر تو نقل کفر نہین کفر و اعظو
کلمہ پڑھا ہون بتون کا زبان ہنود مین

مردونکی انجمن مین دلیری ضرور ہے
آواز شیر چاہیے مطرب کے عود مین

ہر روز عمر عاریتی مین ہوا ہے وضع
ہم نے ادا کیا ہے زر اصل سود مین

معشوقونکی وشتی مین لگاتی ہین مہندیان
ملتے ہین آب عطر حنا زلف دود مین

بخوار مستفیض ہے تجھسے عمر بھر
ہے خط جام تیری کف جود مین

پیدا ہوا ترے رخ بیخال کے لیے
نقطہ کہان سے آئی حروف ... مین

بیٹھی کبھی ہی نشہ مین بادل کو دیکھکر
جا سے لگے ہین گنبد چرخ کبود مین

بیت

مہمان یکدم کہ ہین کیا اعتبار زر
وقفہ کہان منیر قضا کے ورود مین

غزل

عشق مژگان مین صفائی کا مزا لیتی ہین
چشمۂ سوزن عیسی مین نہا لیتی ہین

...ی حسن کی مدحت کا صلا لیتے ہین
مشتعلین آپ کے سایہ سے جلا لیتے ہین

تیری مقتولونکی مقتل مین پہ ارزانی ہے
ہڈیان کوڑیونکے مول ہمان لیتی ہین

ملتے ہین وہ تحت غضب وہ نون سے ابرو کے
آب شمشیر مہ نوکو کسا سے لیتے ہین

سجدے کرتے ہوی جاتے ہین لشکر سے گذشت
صنم جائزۂ خلق خدا سے لیتے ہین

خشک کر دیتی ہین ایک آہ مین ہم آنکہونکو
نفس سرد سے دریا کو جما لیتے ہین

گرنے پاتے نہین جو پہیرتے ہین برق نگاہ
آپ گرتی ہوئی بجلی کو اوٹہا لیتے ہین

کبہی چورنگ جو کرتے ہین یہ بحر خوبی
مچھلیان عرش کے دریا سے منگا لیتی ہین

پڑہتے ہین تیرے خط عارض تابانکو اگر
چشمۂ خورشید کا ابجان لگا لیتے ہین

آبلے پاؤنکے کہوتے ہین تیری کوچہ مین
خاک گلزار سے ہم کار حنا لیتے ہین

ہمت پست سے مزدور ہوے ہین منعم
سر پہ اپنے زر قارون اوٹہا لیتے ہین

داغ عشق رخ نازک سے مہکتا ہے لباس
گل تصویر سے پوشاک بسا لیتے ہین

اپنے بگڑے ہوے اوضاع کو کرتے ہین درست
روز ہم کاغذ تصویر بنا لیتے ہین

عاشق زار لیئے پہرتے ہین اوس مہ کا پلنگ
مورچہ تخت سلیمانکو اوٹہا لیتے ہین

ذوق مشق خط تقدیر سے اونکو اکثر
لوح محفوظ کو گردون سے منگا لیتے ہین

ہم اسیرونکی مقدر مین ہین لوہے کی چنے
اے جنون دانۂ زنجیر چبا لیتے ہین

نام کو بہی نہین ملتا ہے مجھے دنیا مین ثبات
دیکھنے والے میری عمر اوٹہا لیتی ہین

عرق شرم مین جو رونکو ڈبوتے ہین حضور
آب رنگ گل فردوس چرا لیتے ہین

شاعری کا نہین دعوی ہمین للہ منیر
بزم احباب مین آنے کا صلا لیتی ہین

غزل

تو ہے تو تیرے طالب دیدار بہت ہین
یوسف سے ہے سلامت تو خریدار بہت ہین

تشنۂ دہن شربت دیدار بہت ہین
سچ ہے کہ انار ایک ہے بیمار بہت ہین

منصور کے مانند سر دار بہت ہین
حق ایک کا ہے مرنے کو حقدار بہت ہین

پردہ نہین رہنے کا اب اے برق تجلی
موسی کی طرح طالب دیدار بہت ہین

سجہ پہ ہے نہین گرمی بازار جہنم
اللہ کے تھوڑے سے گنہگار بہت ہین

اس راہ سے میرے دل زخمی مین نہ آئے
بے پردہ ہے گھر روزن دیوار بہت ہین

پہر جائے خدائی تو بتون سے نہ پہرین ہم
پتھر مین بھی اللہ کے اسرار بہت ہین

وحدت کے طلبگارونکو کثرت سے علاقہ
مین ایک ہون تو ایک کے اغیار بہت ہین

دریوزہ گر رحمت باری ہین گنہگار
پیمانہ لئے ہاتھو مین میخوار بہت ہین

زنجیر ہے ایک اور کئی لاکھہ ہین قیدی
عاشق تیری گیسو مین گرفتار بہت ہین

باہر نہین اس سلسلہ سے اہل عدم بھی
وابستہ موے کمر یار بہت ہین

کیا زخمیو نمین شور ہے حسن نمکین کا
صد شکر کہ قاتل کی نمکخوار بہت ہین

امساک کی دولت نظر آتی ہے تونگر
قارون کیطرح دہر مین زردار بہت ہین

مین آل محمد کے تصدق مین بچو نگا
اللہ کے گہر مین مرے مختار بہت ہین

میخانۂ ہستی و عدم دونو ہین آباد
بیہوش بہت ہین کہین ہشیار بہت ہین

زاہد کو مبارک رہین غلمان بہشتی
بستان جہانمین گل بیخار بہت ہین

تعویذ لحد بنتے ہین نقش قدم پر
کیون حشر نہو رفتۂ رفتار بہت ہین

رستے ہین لب بام برائے حور تری زار
فردوس مین خار سر دیوار بہت ہین

البدہین لکھنؤ لیجائے مشرب
گت ہوئی گیسو مین دل افگار بہت ہین

غزل

قید فکر دو جہان سے یکقلم آزاد ہین
آبروئے عقل کل مجنون مادرزاد ہین

دوست ناشاد ہین میری کسقدر دلشاد ہین
نامہا تعزیت خط مبارکباد ہین

دوستانِ رفتہ کی شکلین سراپا یاد ہین
داغ سینہ جوہر آئینۂ ایجاد ہین

طالبانِ فقر محو نالہ و فریاد ہین
مدتین آہونکی خطِ پیشانی آزاد ہین

تو اماں اللہ نے پیدا کیے عشق اور حسن
عاشق و معشوق سایہ کیطرح ہمزاد ہین

اور کے آتش لگے گل زخمِ جگر پر دیکھنا
شہپرِ بلبل شریکِ ناوکِ صیاد ہین

وحشیونکی ہے ولادت اور رحلت ایک سے
کب طلبگار کفن عریان مادر زاد ہین

حلقہ حلقہ مین ہوے ہین شاعرونکے دل اسیر
دام مرغان مضامین گیسوئے صیاد ہین

کیا لکھون تیری کڑی تانونکو ای مطرب پسر
زمزمے گویا صریرِ خامۂ فولاد ہین

پیچھے پیچھے پھرتے ہین وہ اونکے مرغ چمن
نقش جادہ نقشِ پائے ناوکِ صیاد ہین

ہین تہیدستی کی باعث سرفراز ارباب فقر
محروم آزاد سرو گلشن ایجاد ہین

آبرو ہر صید کی بڑہتی ہی میاسی سوا
کیا پر ماہی شریکِ ناوکِ صیاد ہین

خیرہ چشمی بسملونکو وار پر کیجوائیگی
دیدۂ قربانیان محوِ قدِ جلاد ہین

زخم رنگین سے مرقع ہوگیا سارا بدن
ناوکِ جلاد کلکِ مانی و بہزاد ہین

یاد مین شیرین لبونکی کاٹتا ہون کوہِ غم
ہچکیان میری صدائے تیشۂ فرہاد ہین

میری خارِ غم نہین بہولا ہی کوئی سخت دل
تیزیان نوکِ زبانِ خامۂ فولاد ہین

نیند جز فرشِ گلِ تر اب وسی آتی نہین
کیا پرِ بلبل میانِ بالشِ صیاد ہین

فاختہ کا درد دل ہی سنبل گلزار مین
خوش قدونکی گیسوؤن مین شانۂ شمشاد ہین

کسطرح کرتے ہین ناکامی مزاجونکو گداز
گرمیان ہم دل جلونکی آتشِ حداد ہین

مسکن لالہ رخان سینہ مرا ہی ای منیر
داغِ دل گویا چراغ خانۂ آباد ہین

غزل

تیغ نگاہ کاٹ کرے مستفید ہون
یارب گلا کسیکا کٹے مین شہید ہون

قصد عدم سے ہے سالک راہ جدید ہون
مین ہر زہ گرد کوچۂ حلق

عالم کے عیش کو ہین مری سینہ کوبیان
یارب مگر مین نوبت ایام عیـ

دوران سر سے گردش لیل و نہار ہے
مین ہر گہڑی کیواسطے مشکل

عاشق وہ ہون کہ رتبہ معشوق پا گیا
دل سے جو ہون قریب نظر

تصویر میری کھینچیے چنبر کے رنگ سے
نیرنگ سعی زعشق سے ہر دم جد

جو بادشاہ ہے وہ تمہارا غلام ہے
ہر سکہ کہہ رہا ہے کہ مین زر

آنکھین چڑھی ہین نشہ وحدت سے عرش پر
اپنی نظر سے آپ مین کچ سون

دیکھی جو وہ سکندر ثانی چمن کی سیر
ہر گل کہی مین کوکب بخت

سچ ہے کہ ہیچو وسے نہایت لغو ہے
ظاہر ہے جبتک آپ مین ہون

بیعت خلاف عقل گوارہ نہین مجھے
روز ازل سے پیر خرد کا مر

مصحف مین کہتی ہین جو رق اپنی شبیہ کا
پہر کہتے ہین مین جزو کلام

تل بہر جگہ نپائین پہر آنکھو نہین پتلیان
فطرو نہین تم سما و تو محتاج

مضمون عرش سے چلے آتے ہین اپنے منیر
فیض سروش غیب سے مین مستفید ہون

غزل

ہم بغل یار سے جلنے کا مجھ ہوش نہین
سے ہے گریبان کفن حلقۂ آغ

باعث ضعف تری تار کمر سے لپٹا
چشم سوزن ہی مرا حلقۂ آغ

زاہد و نشائین سرشار ہین از باب خرو
سر بیغیز سبوی مئے سرجو

دور ساغر سے اوڑہی پیر فلک کی نکہت
کہکشان کیا ہی اگر موج نم

سیکدہ ہین نظر آتی ہے تجلی تیری
ید بیضا ہے کف بادۂ سر

دل سپر فوفن یار ہے کیا نکلے خط
چاہ سیماب ہے اسواسطے

کان آویزے ہوئے بال نظر آتے ہین
دانت سے ہے افعیِ گیسو کا درِ گوش نہین

قدر ہونٹونکی گہشائی تری چہپ سے ہنوز نے
اسے حقّہ و بلکہ یہ نگینہ لبِ خاموش نہین

حاجکا حسن اولا تے ہو عبث ہاتو نہین
سبزۂ خطِ خضر قافلۂ ہوش نہین

دو خط سے مری نالونکی رسائی ہے محال
قابلِ بانگ اذان صبح بنا گوش نہین

پہٹ گئے آنکہو نمین جالی تری روپوشی سے
مردم دیدہ سوا کوئی زرہ پوش نہین

عیب مین سب نظر آتے ہین زمانہ مین منیر
کوئی دنیا مین عطا پاش خطا پوش نہین

غزل

گر رہی ہے ماتہے سے افشان تمہارا ہاتہہ مین
آتے ہین عرش معلی کر ستاری ہاتہہ مین

گر گئے تاثیر وحشت کے اشاری ہاتہہ مین
چلتی ہے نبض غزالی اب ہمارا ہاتہہ مین

ہاتہہ کس چنچل کا آئیگا ہماری ہاتہہ مین
گدگدی نبض کی جنبش ہے ساری ہاتہہ مین

ہد تو نسی چہٹ گئی ہے پابوسی یار کی
ہتکڑی کے بدلے بیڑی ہو ہماری ہاتہہ مین

جان پڑ جائے بجاؤ ایک چٹکی تم اگر
طایرِ رنگ حنا بولی تمہارے ہاتہہ مین

خلد مین رضوان نکیون لیجا ہمکو ہاتہون ہاتہہ
تیرے دروازہ کا بازو ہی ہمارا ہاتہہ مین

ہاتہہ اوٹھا کر بہی دعا ہمنے کبہی مانگی نہین
ہتکڑی کس جرم پر ڈالی ہمارا ہاتہہ مین

دستِ نازک کی صفائی سے ٹہہرنا ہے محال
خالِ کف بنجائینگے سیارتاری ہاتہہ مین

ڈر کے مارے دستگیری کوئی کرسکتا نہین
ٹوٹ کر نشتر رہا اسکے ہماری ہاتہہ مین

اوس پری پیکر نے بہی ہاتہہ نمین پہنا شوق بند
شوق سے اب ہتکڑی ڈالو ہمارا ہاتہہ مین

طائرِ رنگِ حنا سرخاب کی صورت اوڑی
تم ملو مہندی جو دریا کے کناری ہاتہہ مین

خونِ ناحق کی شہادت اسی پری چاہان ہوا گر
طایرِ رنگِ حنا حق حق پکاری ہاتہہ مین

سوزِ غم کو عشق کردیگا گلستانِ خلیل
پہول بنجائینگے گلچین شراری ہاتہہ مین

[illegible] کی ٹکڑے ٹکڑے فرطِ جنبش سے ہوئے
قوتِ بازو ہوا عشقِ [illegible]

تکلف لاؤ سی سوا شاخِ گلِ شبّو مین ہے
منہدی کیون ملتی ہو تم [illegible]

ہاتہہ اوسکا ہاتہہ سی مع بہر جدا ہوتا نہین
قول کا چہلا بنا ہر گل [illegible]

صاف ہے دیتی دکہا جاتیگی اعجازِ کلیم
آئینہ ہوگا یدِ بیضا تمہارے [illegible]

کس قدر ہے شعلہ افشان آتشِ رنگِ حنا
بنگئے ہین پہونچے [illegible]

چور پوسے دیکہہ لیتی ہین تجہو نظارہ باز
کرتے ہین رو حنا تیری نظارہ [illegible]

رفتہ رفتہ شکر ہے قاصر ہوئی دستِ طلب
با عشقِ آرام ہے عشق [illegible]

چاک سینہ کرتے کرتے عقدۂ جرأت کہلی
شیرِ ناخن سے بنے ناخن ہمارے [illegible]

پہر بہار آئی ہے گل کہانیکی پہر گل کہائینگے
بعد مدت تمنے چہلو پہنی ہار [illegible]

دستِ نازک مین ہوا [illegible] اے پری
بنگئے توڑے ہی زرِ گل کی تمہارے [illegible]

چہوتا ہے خال و خطِ پشتِ لب جام آج
شہد کا زنبور یارب [illegible]

آستین جیب سے باہر نہ نکلے گا اگر
ہوگی دستِ غیب کی صورت [illegible]

سر بکف ہین ہم تمہارے آگے تم خنجر بکف
کیا ہمارے ہاتہہ مین ہے [illegible]

لکہنؤ سے تا نجف پڑہتے ہوئے جائین منیر
دفترِ تعریفِ حیدر ہو ہمارے ہاتہہ مین

غزل

ہیچ نقدہ پر کیا جاتا نہین
کوئی دہاگا دو بٹا جاتا [illegible]

بوسۂ لب غیر کو دیتے ہو تم
منہہ مرا میٹہا کیا جاتا [illegible]

ضعف نے یکدست توڑے پائے زیست
نبض مردہ ہون ہلا جاتا [illegible]

زلف سے سنبل کرے کیا ہمسری
ہیچ چوٹی کا کیا جاتا [illegible]

تیغِ حسنِ یار سے مجروح ہے
طوطئِ خط سے اوڑا جاتا [illegible]

... کا طالب عبث ہے جسم زار | چشم دشمن مین سما جاتا نہین
... کشیدہ صورت تصویر ہون | ناتوانی سے کہنچا جاتا نہین
ضعف سے پہنچینگے کیونکر آپ تک | آپ سے باہر ہوا جاتا نہین
کہنچ سکے تصویر بیتابی مین کیا | ایک صورت پر رہا جاتا نہین
روح کو بہی بوسۂ لب کی ہے چاٹ | مر گئے لیکن مزا جاتا نہین
مردے سے بدتر ہون گو جیتا ہون مین | رنگ ہستی مین ملا جاتا نہین
تنگ کیا قد خمیدہ کا کہلے | چہلّے کے گل سے کہلا جاتا نہین
روز انگیا ہوتی ہے آراستہ | کب نیا تنگلا سجا جاتا نہین
بیچ مین آسنے کو طاقت چاہیئے | تیر سے دم پر بہی چڑہا جاتا نہین
عطر کہنچتا ہے ہماری خاک کا | ہاتہ سے ملنے کا مزا جاتا نہین
چٹکیان میرے سراپا مین نہ لو | جامۂ ہستی چہنا جاتا نہین

کوئی کیا ہمکو نباہیگا منیر
ایسے بگڑے ہین نبا جاتا نہین

غزل

ہوتی ہے ہار جیت پنہان بات بات مین | چوپڑ بچہی ہے انجمن کائنات مین
رکہ فکر جسم عاریتی کائنات مین | چوری نجائین مانگ کے کپڑے برات مین
پیاسے مری لہو کے ہین سب کائنات مین | کشتی عمر چلتی ہے آب فرات مین
سب بے عقل ہو کے آگئے ہستی کی گہات مین | دیوانے بنکے پہنس گئی قید حیات مین
ساقی سے کہدو سبزۂ تر مین بہا شراب | ثابت نکلے کدو کی بیل قبای نبات مین
کی تلخ گفتگو لب جان بخش سے مدام | افیون گہولی آپ نے آب حیات مین
قایم مزاج ہو نہین بہی غفلت محیط ہے | ہے خواب مرگ مخمل رنگ ثبات مین

ہونٹوں کا عشق تمہارے ہی بڑی بات ۔ مردیکو غسل دیجئے آب حیات میں
پوچھا جو تیرے کوچہ میں مجھ در رفتہ ہو گیا ۔ جاتا رہا میں آپ سے راہ نجات میں
ملتے ہیں خوبرو تری خیمہ سے جہاں تیا ۔ انگیا کی ڈوریاں ہیں مقرر قنات میں
ہستی میں ترک کیجئے زلفوں کی عشق کو ۔ زنجیریں دوہری توڑ سے قید حیات میں
ہوسے خضر نے تری بٹنے کیواسطے ۔ کھولا ہے برق طور کو اب حیات میں
غارت کیا اخیر جوانی میں دہر کو ۔ دنیا تمام لوٹ لی تھوڑی سی رات میں
جز داغ زندگی میں نہیں اور کچھ سرور ۔ افیون کب ہے لالہ رنگ ثبات میں
مدت سے ڈھیر جادۂ پاک نجف میں ہے ۔ تکیہ ہے اس فقیر کا راہ نجات میں
شادی ہوئی جو رات کو کھیلو وہ گنجفہ ۔ روشن کیا غلام نے اکا برات میں
کوچہ میں کہہ کے عاشق مضطر کی ہڈیاں ۔ مچھلی کے کانٹے بو دے راہ نجات میں
دل کی صفا ہو جامہ ہستی میں جلوہ گر ۔ جیب صحرا گاؤں قبا سے حیات میں
ساون کے بدلے گائیے حافظ شعر تر ۔ جھولا ضرور ڈالیئے شاخ نبات میں
ہستی کی قید سے دل بیتاب چھٹ گیا ۔ مچھلی نہ ٹھہری بازوئے شمع حیات میں
مردے جلائے سیکڑوں ٹھکرا کے ای صنم ۔ دست مسیح کا ہے اثر تیری لات میں
شیریں ادائیاں بھی ہوں رفتار ناز بھی ۔ کافور صبح حشر ہو قند و نبات میں
ہونٹوں کی مستی ور کی توڑ کھٹائی سے ۔ لیموں کی چاشنی ہو تری میٹھی بات میں
اندھا بنا سکینگے وہ ولا کر عتاب سے ۔ رہتی ہیں روز آنکھ چرانیکی گھات میں

موت آئے مجھکو ہجر میں احمد کرای منیر
واللہ کچھ مزا نہیں ایسی حیات میں

غزل

اس قدر نا شنوا کون ہے انسانوں میں ۔ ہر گھڑی پنبۂ غفلت ہے تری کانوں میں

کیون نہو قیس کی وحشت کسی دیوانونمین
چشم لیلی کے چکاری ہین بیابانونمین

لال ہین وے کتابی ستم ایجادونکے
سرخی دیدۂ مریخ ہے قربانونمین

ایکی اسباب جنون سے یہ ترقی پائی
تاکمر سنبل زنجیر ہے زندانونمین

تیرہ بختونکو عطا کیجیے بٹہنا ملکر
تہیان میل کی روشن ہون سیہ خانونمین

دہن زخم ہین مداح رخ و قامت یار
نمک شور قیامت ہے نمکدانونمین

سرخ آنکھین لب لعلین کے تصور سے ہون
رنگ یاقوت کا ٹپکائے ہے پیمانونمین

دل صد چاک ہو زلف کے سودے مین سیاہ
شانۂ یار نے مسی ملی دندانونمین

تیرے دیوانے ہوئے بہول بہلیونمین اسیر
سیکڑون خانۂ زنجیر ہین زندانونمین

آپ نے روندکر عشاقونکا پردہ رکہا
نعل شبدیز کے ٹکڑے ہین گریبانونمین

تیرے دیوانونکو وحشت کی خلش بڑہتی ہے
مژۂ قیس کے کانٹے ہین بیابانونمین

غیر کچھ پہونکتے ہی ہین متبسم ہوکر
جہوٹے موتی نظر آتے ہین ترے کانونمین

دل شفاف سے ہو داخل سرکار حضور
چہرے آئینونکے لکھے گئے حیرانونمین

عظمت عاشقونکی دیکھی جو وہ غیرت شمع
چہپ کے طاؤس فلک آملے پروانونمین

سبزۂ رنگ کے خط سبز مین چہرے مارے
بوسے رے آپ نے لوٹے ہے کہ جہنجہ بیابانونمین

ہاتھ ملواتے ہو ترسا کے گلوریکو سے لئے
کف افسوس نہ ملجائے کہین پانونمین

جہوٹی باتونکی تجلی نظر آئے ایسی
صبح کاذب کی سفیدی سے بہر دالانونمین

لکھنؤ مین بہی نہین بہولتی ہے یاد عروج
جی سے لگے خاک منیر آ سخندانونمین

غزل

کیا مزا ہے ای مغنی نشہ کے آغاز مین
بنتی ہے سبزی جو بجتی انگلیان پرواز مین

مست ہو حق حق کہو بزم بت ترسا مین
پنبۂ منصور بہر دو پردۂ ہاے ساز مین

جا بجا ہین رہ روکو ڈہونڈہی وقت خرام
اے مغنی اس قدر شفاف ہے تیرا گلا
لوک کرتا ہے کو اپنا حال دل گانے لگو
روز بسم اللہ ہے کیا پر سالہ ختم تہا
زلفین ہونٹھو نہین وہ باکر تم نہ گاؤ عیب ہے
دیکہہ کر آئینہ گانے مین دکہاؤ گرمیان
کہولتی ہو سلیے زلفونکو ہنگام ادا
کہیل مین اوس طفل بدخو نے کیا تہا مجکو قتل
آنکہین بجہتی ہین تجہی رستی مین اپنے نازک خرام
نیچہ مژگان نہین ہے روح القدس کا دل اسیر
حسن صوت حسن صوت اللہ نے تجکو دیا
مین وہ مرغ نرم دل ہون صید اگر مجکو کرو
کانٹے نکلے پر مین کہلجائے بہار باغ حسن
تیری صبا و نظر کے قبضہ مین ہے دو رجام
چہپ گیا نور سحر کا جو چہپایا آپ کا
چپکے ہو سب کا دل صحبت مین ہنگام غنا
دیکہکر داغ دل سوزان وہ تابع ہو گئے
وجد مین لاتی ہی ہیکل کی صدا ای شہسوار
گہنگہرو نکی طرح تیری گہنگہر مین لطف ہے
زلف و رخ کی کہینچ لی تصویر با ہم ای پری
فارسی مین دیکہکر نواب کے مضمون نو

تتلیان سونیکی ہون پائے حسینان مین
منہہ نظر آنے لگا آہستہ آواز مین
لگ گئی ارگن کی کنجی قفل ... مین
آفتین سارہی اوٹہائین عشق کی ... مین
بال پڑتے ہین عقیق شعلہ آواز مین
بیضۂ فولاد ہو تو شعلہ آواز مین
پہکری پڑ جائیگی پائے حسینان مین
بازیان کہین میری مرغ روح نے پرواز مین
ہے جکن تار نگہ کی فرش پا انداز مین
مرغ سدرہ پہنس گیا ہی چنگل شہباز مین
پاٹ سے دامان یوسف کا تری آواز مین
موم جا بہے مغز پیدا ہو سر شہباز مین
رنگ رخ چہپا تو حریر شعلہ آواز مین
ہے تدرو شعلہ کی چنگل شہباز مین
ملگئی چاندی طلائی شعلہ آواز مین
چٹکیونکی گردشین دیتی ہو تم آواز مین
نقش جب دیکہا پر طاؤس آتشباز مین
راگ گویا بج رہے ہین بادیا کی ساز مین
بیچنی کی موابی ہے پاسے طایر آواز مین
چلہ باندہا ہے تیری مصحف اعجاز مین
نشۂ ایجاد پنہان ہوئے شیراز مین

شعرِ وصفِ خالِ پستان کسلیے گاتے ہین آپ
داغ سے لگے ہین تیغ شعلۂ آواز مین

بے سبب یا مے نظر مین کسطرح کانٹا چبہا
کیا لاغر کو دیکہا تمنے خوابِ ناز مین

نشۂ اشعار حافظ مین بڑہی عقل اے منیر
تہا کفِ مغزِ فلاطون بادۂ شیراز مین

غزل

تیرے ہاتہون سے مٹیگا نقش ہستی ایکدن
باڑہ رکہدیگی چہری پر تیز دستی ایکدن

تیری آنکہون سے دلِ نازک گریگا نشہ مین
طاق سے شیشہ گرادیگی یہ مستی ایکدن

زاہدو پوجا تمہاری خوب ہوگی حشر مین
بت بنادیگی تمہین یہ حق پرستی ایکدن

آنکہین جو زخمین بہی سینکو گاترا دلِ سوختہ
آگ بنجائیگی یہ آتش پرستی ایکدن

خوبیِ شمشیر ابرو کا تماشا دیکہتے
دولون باگون آپکی تلوار کستی ایکدن

خون میرا رائگان ناحق بہاتے ہین حضور
کرتی ہے رنگ حنا کی پیشدستی ایکدن

جلدِ پستان تک مرا کبتک نہوگا دسترس
ان ترنجونکی بہی قیمت ہوگی سستی ایکدن

زلف کافرکیش لپٹیگی قدم سے اے صنم
ہندوشب بہی کریگا بت پرستی ایکدن

جان بخشو سر مری لاشہ کا ٹہکراؤ کبہی
ساغرِ خالی مین بہرو شہد ہستی ایکدن

نیلگون کردینگی ملکر چہاتیان اے رشکِ مہ
تیری انگیا کی کٹوری ہوگی جستی ایکدن

خوب کر تعریف نواب ظفر جنگ اے منیر
کام آجائیگی یہ آقا پرستی ایک دن

غزل

شرابِ لالہ گونکی جم رہی ہے تیغ پہاڑونمین
ہوئی جاڑے کی گلابی فصل ہے جب آئی جاڑونمین

قضا ہے سینۂ پرداغ مین سب کشتیان کیلیے
زمین اس چہینٹ کی زیبا ہے پہلونکا اکہاڑونمین

بدون گریہ و رو گشتی مے کا نہین ممکن
مرے پاس آتی ہے بنت العنب چڑہکر نواڑونمین

وہ طفل رنگ ان اگر جا کو چھپاؤ نہین بہاتا ہے
تمہو فن کا نو رسنگ نشتر کی لطف ہے کا ہاتہ

چہرہ ہائے نشتہ مین تیر و تبر اپنے عاشقو نکو سر
نئی صلوت کی تمہو مسیان باندہی ہاتی مین

علاج زخم ہائی کہنہ کیا وحشت مین لازم ہے
چیرٹ ہاڑ بتیان ناسور کی کانٹو نکی چہاؤنی مین

اٹھا کر گود غم مو گزر مین سیکڑون سکش
ہزارون ہم نے سیا نوش ستو مین چہاؤنی مین

بھڑکی تھی سوزان مین تیغ و بندوقو کی چہڑے
تماشا ہی کہ لوہی کر چیخو بہنتے مین بہاؤنی مین

بتان لکھنو کی بجلی گاہ اسے موسے گئے
چراغ طور کی ہی روشنی کلنسے پہاؤنی مین

در دل پر ہمار بنا و بست استوار لازم ہے
لگا دو زلف کی زنجیر چہاتیکی کواڑون مین

مصفا اکر نا و نگیا سے بہنے مین مناسب ہے
کنول ہون چہاتیو نکی آپکی اتو نکی چہاؤنی مین

منیر افسردہ دل کیہا نہین رباب ہجر کو
کہین تلوار کا پانی ہوا ہی جاڑون مین

غزل

خواب مین بہی جو وہ آتے ہین تو کیا کرتے ہین
جا سے لیتی ہوئے آنکھو نمین پیار کرتے ہین

گالیان دیکر وہ فرماتے ہین کیسا ہی مزاج
ہم یہ کہتی ہین کہ مرتے ہین دعا کرتے ہین

چٹکیان لیتے ہین بدخواہ ہمار دلمین
گوشت ناخن سے یہی لوگ جدا کرتے ہین

کرتے ہین سجدو نمین شکوہ مستان تا حد
یعنی آنکھون کا بہوؤن سے یہ گلا کرتے ہین

گالسیکے پر نمین زرداروں سے ملجاتی ہین
یہ صنم ناچ مین توڑے جو لیا کرتے ہین

زرانجم کا ہمین خوب حساب آتا ہے
تارے ایکجان شب غم مین گنا کرتے ہین

سیر ہستی و عدم صفت مین حاصل ہی ہمین
آپکے ہجر مین مر مر کے جیا کرتے ہین

دونون آنکھین صفت گنگ و جمن جاری ہین
ای پری حسن و آبی مین رہا کرتے ہین

وے ہے آنکھونکو سیاہی بدنمین لگین
آپ اکثر مری نظرو نمین پہرا کرتے ہین

کیامزہ پردہ وحدت مین ہی کہلتا نہین حال
آپ خلوتمین یہ فرمائیے کیا کرتے ہین

سنگ و سپر نہین بسکہ ہین رقیب اپنا سر
اس کسوٹی سے زر قلب کسا کرتی ہین

جلوہ فرما کے رقیبونکی صفونمین اپنا
شی کی آئینون کو آپ جلا کرتے ہین

سنکتے ہین کوچ کا سامان کرو پیری مین
غلغلہ صبح کو گھڑیال بجا کرتے ہین

بوسۂ سیب نے قن لیتے ہی گو خط نکلا
روز ہم میوۂ کہنہ کو نیا کرتے ہین

باندھتے ہین ترے آتش کے مضامین اکثر
شعر آمد کی ہم ایجان کہا کرتے ہین

سننکے قلقل کو دباتے ہین گلا شیشے کا
دختر رز کو عبث آپ خفا کرتے ہین

لکھنؤ تک تھی تعلّی خیال اپنی منیر
فرخ آباد مین ہم صاف کہا کرتے ہین

غزل

ہاتھ ملواتی ہین چھرونکو تمہاری چوڑیان
پیاری پیاری ہر کلائی پیاری پیاری چوڑیان

بند کر دیتی ہین سبکو بیدبہ بھی پیاری چوڑیان
بولتی ہین لاکھہ مین بڑھکر تمہاری چوڑیان

اے تبو سرکش اگر ہو آتش رنگ حنا
شعلۂ جوّالہ بنجائین تمہاری چوڑیان

بہ بھی حلقہ بگوشونکی و نہین منظور ہے
بہوش ڈلواتی ہین لاکھو نہین تمہاری چوڑیان

حورونکی آنکھونکے حلقوا ہے پہنی جو ہین
ان بتانو نسے چڑہاؤ پیاری پیاری چوڑیان

دلمین چھد کر خونکی بوندونسے ہر بزہ بھرے
ٹوٹ کر بنجائین بھندیکی کٹاری چوڑیان

سرو قامت ہین ہزارون دام الفت مین اسیر
طوق قمری ہین تمہاری پیاری پیاری چوڑیان

صدقے ہوتی ہین برابر ان کلائی پہنچون پہ
گرد پھرتی ہین خوشی سے باری باری چوڑیان

دست نازک زن زمانہ کو کیا حلقہ بگوش
کیا سے کھلے بندون نظر آئین تمہاری چوڑیان

اے فلک انکو نہین بہاتا ستارونکا بھی جوڑ
سکتے ہین میری بلا پہنو گنواری چوڑیان

روے روشن پر جو تمنے ہاتھہ کہا ناز سے
چاند کا ہالہ نظر آئین تمہاری چوڑیان

حورین بہیجین گی تحجو برشک گل فردوس سے
لائنگی مشاطۂ فصل بہاری چوڑیان

کیون نہ نکلے نوک خنجر تیز کی ہر انداز مین
بل نکالا سیکڑون بانکون کا دست ناز نے
خون کی بوندین بنی ہین چتیان یاقوت کی
کیون نہون حلقہ بگوش آکر حسینان بہشت
مینے ہاتھا پائی جب کی سر مہر سیکھا
دیکھ لو اے گلرخو مرغان دل پابند ہین
کرتے ہین اپنی بانو نہین تیری ہاتھون کا وصف
ہر ستارہ کی چمک نور جہان حسن ہے
جان پڑ جاتی ہے دست ناز سے ہر چیز مین
کو کہر ہوا سے پری ناز نگاہ حور کا
کرکے ہاتھا پائی ڈولی مین کیا اونکو سوار
بوندونکے حلقے نہین پڑتے ہین ایسے گل نہر مین
خون لاکھون کا کیا کرتے ہین ہر جھنکار سے
غیر ڈیوڑھی پر کیا کرتے ہین آرایش کا ذکر
ناز سے فرماتے ہین کون کسطرح ترا اسلام
اوترے پڑتے ہین پھسلکر دست نازک سے مدام

لوٹ کر بھی دلمین چبھتی ہین تمہاری چوڑیان
بانک کے فنمین ہوئین یکتا تمہاری چوڑیان
دلمین چھید کر دیے رہی ہین زخم کاری چوڑیان
حورونکے کانونکی بالی ہین تمہاری چوڑیان
گرم جوشی سے ہوئین ٹھنڈی ہماری چوڑیان
بالکی ہندی کی صورت ہین تمہاری چوڑیان
بولتی ہین ایک منھہ ہوکر ستاری چوڑیان
رکھتی ہین حکم جہانگیری تمہاری چوڑیان
رنگ بنکر چڑھتی ہین ہاتھونمین پیاری چوڑیان
عینک ضوانکی حلقہ ہین تمہاری چوڑیان
صاف ٹھنڈی ہوگئین وقت سواری چوڑیان
ڈالتا ہے ہندوا ابر بہاری چوڑیان
خوب سچا جوڑ چلتی ہین تمہاری چوڑیان
حلقہ بیرون در ٹھہری تمہاری چوڑیان
ہاتھہ اوٹھہ سکتی نہین ایسی ہین بھاری چوڑیان
کسطرح ٹھہرین کلائی مین تمہاری چوڑیان

مار ڈالا آتش غم نے جلا کر اے منیر
ٹھنڈی کر دین سوگئین اوس گل نے ساری چوڑیان

غزل

تیغ ابرو نے بہا خون نہین اپنا ناخن
دل نالان مین ترا ہے ہمنے جو رکھا ناخن
آگئی رنگ تمنا کی حنا تا ناخن
ہنگیا قد الف آہ کے گویا ناخن

اوسکے ناخن کو مہ نو سے کیا نسبت
کہ مہ نو سی خلش زخم جگر بڑہتی ہے
قدم گشتۂ عشاق نرکہہ پیش نگاہ
چٹکیان لیتے ہو تقریر نہین کرتے ہو
عقدۂ زیست مرا ہجر ترا ناخن نہ کہلا
مشق تحریر مین کرتے ہین وہ خونریز کی
از مرگ ہے بے یار حسینونکا سنگار
ناخنسو چھیڑیں جو انہین جو انون دیکھو
خون بنکر جو ترے ہجر مین بہتی ہے شراب
واللہ مرگ کا لون زخم جگر کہجلا کر
زیب ہاتھونکی بڑہا چہو جراحت ایسے تر
گہٹ گیا نور قمر پنجہ نورانی سے
چٹکیان لیتی ہے ہر موج خضر کی دامن
ناخنہ دیدۂ مجنون مین نظر آتا ہے
قمریان طوق مین جو شوا ہمنگی ہیر کو چاند
سوچہ ہی کو سمجہتا ہون ترا ناخن گیر
تیری ہیکل کو جو اے طفل حسین دورکا
سے سینے شیشہ مین اوتارا ہے محرم کا ہلال
سر کے تعویذ کو در کار ہین چاند اپنے حسن
اونگلیان تیری لگاتے ہین حسین آنکہو لیسے
تو جو چہیڑے دل مجروح کی رونق بڑہ جاے

عقل کی پیر خرد کیون نہین لیتا ناخن
مجکو محراب در توبہ ہے گویا ناخن
اے صنم پنجۂ مژگان کے ترشو ناخن
کہین انگشت نہ با نہین نہو پیدا ناخن
گہس گئے شیر اجل کے بہی خدایا ناخن
خط شمشیر کے لکہنے مین ہین یکتا ناخن
مسی کے رنگ سی ہے سر پہ ہوا تحفہ نیلا ناخن
قد خم گشتہ ہین بوڑہ ہو نکے سراپا ناخن
کٹ گیا دست سبو کا کوئی جیتا ناخن
قرض دے مجکو جو دیو شب یلدا ناخن
کوچۂ زخم کی مقراض سے کتروا ناخن
دامن ہین چاند نیکلے کہیت کو گویا ناخن
کیا ترشوائے تہے تمنے لب دریا ناخن
آنکہو نسی جہتی ہے شاید تری لیلا ناخن
باغ مین پہیکدے اے سرو تمنا ناخن
لے رہا ہے فرس نشۂ صہبا ناخن
شیر خورشید کا بہجوا ای مسیحا ناخن
دل نازک مین نہین پنجۂ غم کا ناخن
رکہہ دے سر پر اوٹہا کر کہین ہیرا ناخن
نعل ہین ابلق ایام کے گویا ناخن
ہو گریبان گل زخم کو کہنتہا ناخن

کاجل انگلی سے لگاتے ہین خلش کرنیکو | نیگیا مرغ نظر بسملے کانٹا ناخن

ہاتھوں کو چومتے ہین آج پسِ ناوہ منیر
سحر ہی کہو سلتے ہین عقد ثریا ناخن

غزل

آنکھین لگجائین مری زلف معطل سی کہین | بہکے یہ رات مری اشک مسلسل سی کہین

حشر کے دن بھی بلا ایسی سیہ قسمت کو | شب تیرہ نہو یارب مری کمل سے کہین

مری میخانہ مین چلتی ہی تعلی کی ہوا | بڑہ گیا ہر کف مے دست کہیے بادل سی کہین

رنج مردان محبت نہین تدبیر پذیر | درد سر شیر کا جاتا نہین صندل سی کہین

مین وہ دیوانہ ہون پابند جنون ایسے مجنون | نام وحشت بھی نکلا مری جنگل سی کہین

قتل نامہ مری سفاک کو تاثیر دکھاسے | خون پیدا ہوا آلی رگ جدول سی کہین

خشک اس آگ سی ہو جائے مرا دامن تر | آنکھین سینکون تری یاقوت کی ہیکل سی کہین

اپنی درویشی سی کچھ لطف جوانی کا نہ پوچھ | چھوٹی نکلی شب راحت مری کمل سے کہین

خانہ بربادی دل کا جو لکھا اکثر حال | اوڑ کے خط ہو گئے اوراق تری کتل سی کہین

وصل مین آپ فروغ رخ روشن نہ کہاتین | گیسو سب شب جلے آتش مشعل سی کہین

تیری مژگان کے تپنے کی بہار اسے شمشاد | خوشنما ہو شجر طور رگ کوپل سی کہین

روز و شب نے تری فرقت مین کھلایا مجھکو زہر | تلخ تر نا ہے مہ و مہر جی حنظل سے کہین

رات کو یاد جو آئین تری آنکھین اے شوخ | خوشنما ظلمت شب ہو گئی کاجل سی کہین

چھوڑتی ہی نہین غفلت کو تن آسانی سی | خواب ان غافلو نکا بڑہ کے ہو مخمل سی کہین

دل مکدر ہو تو تدبیر سے شفاف ہو کب | صاف یہ آئینہ ہوتا نہین صیقل سی کہین

ہم فنا دوستو نسی قدر فنا کی پوچھو | نرم ہے سنگ لحد بالش مخمل سے کہین

آپ سا اور نظر آئے نکیون آئینہ کو | دور ہوتی ہی دوئی دیدۂ احول سی کہین

یاد ہو زلفونکو تیری صباحت کے ماہ
چاندنی جاتی نہین گلشن مقتل سے کہین

روئے سینہ سے کھلی آنکھونکو ململ کی میسر
جا ملی آب روان کرتے کی ململ سے کہین

غزل

وصف پستان کر رہا ہے جو پہ پیڑوا اندنون
کول باتو پر ہمارا دل لگے تو اندنون

فن خوشخوانی مین ناقص ہو گیا تو اندنون
تیغ ابرو تہی جو پہلی ہی وہ چاقو اندنون

چال سے خالی نہین اب قطع بھی پوشاک کی
گوٹ پر چوپڑ کا بنواتی ہین اُتو اندنون

عاشق ابرو کی رونے سے ہی برسا آجکل
سبزۂ شمشیر ہے صحرا مین خود رو اندنون

غیر منہدی اونکی دونو ہاتھ مین ملنے لگے
سو کہتا ہے خون پیار دو دو چلو اندنون

زخم تیغ ناز کی سیب گلو ہون آجکل
اے صنم گردن کی پہو پر ہو اُتو اندنون

دم خفا ہے ابرو والونکا تیرے ہجر مین
مردم آبی کو بھی ہوتا ہے اچھو اندنون

فصل ہولی کی ہے اے گل رنگ لاتی ہے شراب
پہول تیرے سینے پہ سجتا ہے گیسو اندنون

سرگرانی کہو نیکو ہم بنگئے خواہش یار
درد سر کا جھاڑتے ہین لیکے جہاڑو اندنون

نیش زن ہوتے ہین بنکر زخم گاہ مین رقیب
کاٹتے ہین عمر کی ہیجان بچھو اندنون

رہتے ہین یکشت کا بیدی تمہارے کوچہ پر
آسمان بام پر نکلی ہے جہاڑو اندنون

پڑ گئی رخ سے بہوین بہوی لگی ہونے سیاہ
دہوپ مین کالے ہوئے جاتی ہین بچھو اندنون

جلوۂ تازہ شب گیسو مین ہر دم کرتے ہین
اے پری چنپا کلی کے رنگ ہین جگنو اندنون

تجکو یاد آتے ہین کہانے پر رقیب بے ادب
جان کر کتا بلاتا ہے وہ نہین تو اندنون

آجکل تک بیٹھتے ہین جان لینے کے لیے
صید کا جویا ہے شاہین ترازو اندنون

اشکباری کرکے جو نکالتا ہون اونکو نیند سے
چھینٹے دیدے کر جگاتا ہون مین چلو اندنون

چیز من تیہ کیل کی کہتے ہین سب بالا سر
پگڑیو نہین بھی نظر آتے ہین لٹو اندنون

جلوہ فرما قصر دل مین ہے جو شاہنشاہ حسن
دلکشا کا طاق ہے ہر زخم پہلو اندرون

شمع و محروم ہین بانکو نسے ملواتی ہین ڈھونڈ
اے صنم ایکو تکو قبضہ مین ہو بازو اندرون

آنسو آزادونکو عشق قد مین جاری ہے ہین
ہر الف ما تھو کا ہو سرو لب جو اندرون

سرنگون فکر سخن مین بسکہ ہین رہنے لگا
کاسہ سر کا ہے سانچہ صاف زانو اندرون

دیکھکر محو تماشا اکثر تجھے اے بحر حسن
باتین کرنیکو پھڑکتی ہین لب جو اندرون

ناک بھو چڑھتی ہے جیسے دریا کے نہانیمین بہت
باڑھ سے تلوار کے کٹتی ہین ٹاپو اندرون

بیدلی کا شکوہ کرتے کرتے یہ نوبت ہوئی
دل سے خالی ہو گئے باتونکے پہلو اندرون

ایڑیون سے آگئے چوٹی اوس سہی قد کی بڑھی
اوس سرے پہنچی قیامت کو شب گیسو اندرون

غیرون سے بنواتی ہین قلمین یہ طفل خوش تنویر
کاٹے کھاتی ہین مجھے انتونسے چاقو اندرون

مشق غم مین رنج ہے راحت فزا ہونے لگا
درد سے دل سے بارے میری پہلو اندرون

لاغری مین ہے دل سوزان پر اپنا اختیار
ایک تنکے کا جہنم پر ہے قابو اندرون

خوش قدونکو اپنے قد پر تو جو ہونے دی فقیر
سرو ہون آزاد بنکر چار ابرو اندرون

چشم فتان کرتی ہے تعلیم افسون ادا
موہنی آنکھونکی ہے سرگرم جادو اندرون

فوجداری غم کے دیوانے جنون کے ہین محیط
مدعی پر اسی وعلہ کا ہے قابو اندرون

زلفونکو ورد زبان تعریف ابرو ہو گئی
جبچتے ہین لا سرو ہی کا یہ ہندو اندرون

جان بنکر کیا سمایا تو ہمارے جسم مین
رخت تن مین ہے تری پوشاک کی بو اندرون

وہی ہے کیا تشبیہ تیری فرش سے اے تو شک ماہ
چاندنی سے کم نہین گلہای شب بو اندرون

میری سرو راہ کی شادابیونکی شرم سے
یاسمین صبح ہجران ہے لجالو اندرون

تلخ کامی سے ہمین ملتی ہے تدبیر وصال
زہر غم سے سبزۂ قبر ارسطو اندرون

سینک تری ناک کی عطار نے پائی مگر
عطر خس مین صاف خوشبو بینی کی ہے بو اندرون

لاغری مین سعی میری دیکھکر فرماتے ہین
ہے یہ مور لنگ بھی صرف تگاپو اندرون

تیغ زنگ آلودہ قاتل بھی لپٹتی ہیں پھر
سو رہے تلوار کے بنتے ہیں بچھوا اندنون

دامن صبح قیامت کی ہی گی خاک قدر
پانچو نسو تبے پھٹتے ہیں جھاڑو اندنون

مجکو لوا کر جو اے ساقی تو دیتا ہو شراب
بنتے ہین ہوتی صراحی وار آنسو اندنون

قند دیتے ہین مگر سر کے لہو اکثر آپ
سرخ صندل کیون نہو خون سے سرو اندنون

غنچوں سے باتین شمار و نہین مگر ہو گئین
کیون جھپکتی ہو تری چشم سخنگو اندنون

پیر کہنہ مٹھا ہوا جاتا ہے اب عناب لب
بوسۂ شیرین جو ہو تو شکر اندنون

سارہی دنیا چھان ماری پر پتا ملتا نہین
ہے وفائی جستجو مین وہ جفا جو اندنون

چھوڑ کر دیر و حرم دلمین کیا تمنے مقام
ہو گیا قصہ دوئی کا صاف یکسو اندنون

بیشتر زلفونکو سلجھاتا ہو بازی گاہ مین
کھیلتا ہے سانپ سے وہ طفل بدخو اندنون

مو وے مژگان دلمین ہنسی لگی آٹھون پہر
ہو گئے ہیں تیر تیری ہشت پہلو اندنون

گھٹتے ہی جوبن کی گیسو و ابرو بڑھ چلے
بنگئی دولت تمہاری سانپ بچھوا اندنون

چھاؤنی چھائی ہے فوج غم کی دلمین آج کل
کعبہ بنا کیون نہو شہ کو کمپو اندنون

گنجفہ کے کھیل مین اکثر چڑھا تی ہو بہو
ملگئے شمشیر کے ہاتھ سینا برو اندنون

تو جو ساکت ہو رہا ہے ناسخ کوندر سے
پاؤن پڑکر بوسے لیتے ہین تیری گھنگرو اندنون

ریختہ گوئی سے استحکام کامل ہو گیا
ملکتہ سنجو پختہ ہے بازار اردو اندنون

سایۂ قاتل سے خون خلق ہتھ ہے شمشیر
بنگیا ہمزاد بھی اوس کا ہلا کو اندنون

غزل

سب جلسا کی بیچ میں لف سا کی ہین
ہشیاروں سے رہتی یہ قبا ہی بلا کے ہین

آثار قصر یار کے مین دار الشفا کے ہین
جو میرے حضور کے سجدے دوا کی ہین

مٹھی میں مرغ دل کو مرے کہہ سکو گئی کیا
ہاتھ آشیانے طائر رنگ حنا کے ہین

ہرے حسین پیچ مین گیسوے آہ کے
کندن کی طرح رنگ محل کا ہی نور بخش
سلجھا رہے ہین دست حنائی سے سر کے بال
قصر بہشت عرش بریں جا عاشقونکے دل
کنگہین لگین ہین عدد بوسہ کی سیکڑون
نقشہ محل کا رکھتے ہین سر پر شہان دہر
آنکھون مین غافلونکے کیا یار نے مقام
لاکھونکی جان جاتی ہے پوشاک دیکھکر
قصر خراب دہر سے غافل ہین تاجدار
رہتے یہان تو حسن کا جلوہ ہو ہر طرف
ہنگام نزع بھی ہے ہمین حرص مال و زر
دم بھر نہ ٹھہرے جان و جگر لیکر اوڑ گئے
مستغرقان نشۂ ہستی کو کیا ثبات
ظاہر مین خاکسار ہین دل صاف ہے مگر
اسباب فقر ملک عدم کا ہے زاد راہ
دیر و حرم مین کرتے ہین جو دلفریبیان
ہنگام رقص پھرتے ہین ادہر بھی تہہ سا
افتادگان خاک سمجھتے ہین پیشوا
اے نامہ بر نہ پوچھ پتا قصر یار کا
دربانونکو ہے دست بدست اوج سلطنت
اے بت یہ بے نماز کہ ہے گنہ قتل کی

پریان بلائین لیتی ہین ہم بھی بلا کی ہین
سکے جما نہین تری دولت سرا کی ہین
کھٹکے اندہیری رات کے گو زد حنا کے ہین
نقشے کہان کہان تری دولت سرا کے ہین
فرد حساب بند تمہاری قبا کی ہین
تا جو نہین کنگرے تری دولت سرا کی ہین
اندہے کنوونمین گھر بت یوسف لقا کے ہین
کوچہ فنا کے چاک تمہاری قبا کی ہین
آنکھون مین جالی گوشۂ دولت سرا کی ہین
آئینہ خانے سینۂ اہل صفا کے ہین
خواب اجل کے نشہ مین جھونکے ہوا کے ہین
اے گردگار تیر یہ کس بیوفا کے ہین
سچے گھڑے حباب شراب فنا کے ہین
مٹی کے گھر مین آئینہ اوس خود نما کے ہین
کملی مین جو ویکہین مخمل خواب فنا کے ہین
دو باب یہ رسالۂ ناز و ادا کے ہین
چکر تمہاری ناچ مین راہ خدا کے ہین
گویا کہ ہم امام صف بوریا کے ہین
لاکھون نشان لشکر ناز و ادا کے ہین
دروازۂ حضور مین بازو ہما کے ہین
نیت ادا کی ہے کہ اشارے قضا کے ہین

اے بت ہمین ہین عاشق یکرنگ وے ہرین — سب برہمن حضور کے بندے خدا کے ہین
جو رنج آپ سے تپے ہین ہو جاتی ہے خوشی — گرد ملال مین بھی اثر کیمیا کے ہین
ہین فرش راہ سینۂ عشاق ای پری — تعویذ ہیکلو نہین تیرے نقش پا کے ہین
ہونٹونکا بوسہ دیکے خفا تمنے کر دیا — پھندے گلے مین جرعۂ آب بقا کے ہین
بخت سیہ کو ساتھہ لیے پھرتے ہین مدام — ہم ساربان سے لیلے شام بلا کے ہین
وحشی تمہارے تشنۂ آب وصال ہین — کانٹے زبان مین خلش خار پا کے ہین
ڈوبے ہوئے ہین گو بر دندان کے عشق مین — لاکھون غریق آب دُر بے بہا کے ہین
کرتے ہین قتل پیار سے ہم کو پکار کر — کیا یاد جوڑ آپ کو حرف ندا کے ہین
ہے شور مو چمن مین نکلتی نہین ہے بو — شیشہ نہین ہین آبلے پائے صبا ہین
آنکھین جسین ملتے ہین پہلو کے زخم سے — ابرو بتونکے طاق مری دلکشا کے ہین
قاصد تمام مقتل دل کے گواہ ہین — پیغامبر شہید مری کربلا کے ہین
جس سے کہ دور ہو خفقان دل حزین — تیرے محل مین جھاڑ درخت اوس فضا کے ہین
اللہ رے تیری وسعت میخانۂ کرم — سرپوش و جام و طبق ارض و سما کے ہین
چلے بھی دافع مرض رنج ہجر ہین — فقرے نہین حضور کے نسخے شفا کے ہین
دعوت تمہارے وصل کی کیونکر مزا دے — پوشاک کے مسالے شریک اس غذا کے ہین
زنجیر موج توڑ کے پھرتے ہین کف بلب — دریا بھی وحشی اوس بت نا آشنا کے ہین
ای بت رموز جور کو اب تک نہ پوچھو ہم — پتھر مزاج وان تیری کوہ جفا کے ہین
انگیا کے موتی کھینچتے ہین نا توانون کو — دانے تیرے انار و نہین کیا کہربا کے ہین
ہو جاتی ہین حضور کے ظلمونکی صورتین — ہم بت تراش آپکے سنگ جفا کے ہین
دام نگہ مین قید ہین خوبان سبز خط — یہ جال رشتۂ کشش کہربا کے ہین
حسن بیاں نسو کرتے ہو تم زرفشانیان — لچھے تمہاری باتونکے تار طلا کے ہین

اللہ ہی بچائے حریصانِ مال سے
کہانے کو دوڑتے ہین یہ کتے سزا کے ہین

عقبیٰ کا خوف اہلِ خطا کو ہی ہر گھڑی
لاکھون ہی کھٹکے ساعتِ روزِ جزا کے ہین

برباد ہین غبارِ حوادث کے ہاتھ سے
ہم سب بگولے جادۂ راہِ فنا کے ہین

پلکِ نگاہِ عاشقِ خطِ حضور ہین
کانٹو نپہ انکو کھینچیے قابل سزا کے ہین

حجام صاف کرتے ہین آئینۂ جمال
حیرت سے ہے اُسترے ہین کہ آلے جلا کے ہین

اطفالِ اشک پیرِ فریاد ہین مدام
یہ قافلے بھی شیفتہ بانگِ درا کے ہین

بدلا لیا ہی منہدی نے عاشق کے خون کا
باندہے ہین ہاتہ پاون کہ قابل سزا کے ہین

اوس بت کے آگے جھکتے ہین تزویر سے رقیب
مجرے نہین سلام نمازِ ریا کے ہین

خوش قدونکو ترقیِ شیون کا شوق ہے
مشتاق سروِ آہ کے نشو و نما کے ہین

اے لکھنے ہین حال آپ کو ترکِ لباس کا
مضمون خط مین قصۂ دلقِ گدا کے ہین

بخشش بغیر ہو نہین سکتی کسیطرح
ہم رنگ فتہ چہرۂ اہلِ خطا کے ہین

عریان اگر حضور ہوئے وصل مین تو کیا
باقی ابھی تو سیکڑون پردے حیا کے ہین

پوری ہی مراد ضعف مین وہ اغوا سے ہو گئی
گہی سکے چراغ طاق مین قدِ دوتا کے ہین

بنت العنب کے قطرونکو سب سے چھپا رکھے
موتی یہ آبروے زنِ پارسا کے ہین

دامِ بلا مین کرتے ہین فریاد رات بھر
ہم پاسبان کوچۂ زلفِ رسا کے ہین

بارانِ اشک کا اثر اے جان دیکھنا
آثار خطِ سبز کے نشو و نما کے ہین

جامِ شراب سمجھے ہین خورشیدِ حشر کو
ہم ابتدا سے بادہ پرست انتہا کے ہین

اسکا عوض یہی ہے ہمین سونے نہ دیجیے
بوسہ لیا ہے خواب مین قابل سزا کے ہین

آسیبِ غم سے محبت پہ اللہ نے دی نجات
ناخن گلو مین پنجۂ شیرِ خدا کے ہین

قدِ خمیدہ ضعفا مین مدد طلب
محتاج یہ مکان ستونِ عصا کے ہین

بچپن سے کتفِ دایہ پہ اپنا مقام تہا
خانہ بدوش دہر مین ہم ابتدا کے ہین

اہل ہوس کو دیتی ہے افسردگی سزا
تقصیر حرص کی ہو مبادا تجھو قضا کر ہین

کہتے ہین تم کو میری بلا پیار کرتی ہے
کیا ڈر ہے ہم بہی چلے ہین واو بلا کو ہین

کیونکہ کیلی کشتی ہو خالی مکان مین
ساکن جو آپ اس دل بیدہ جا کے ہین

سرمہ ہو چشم حور کا خاک اپنی اے منیر
یعنی غبار ہم قدم مصطفےٰ کے ہین

ردیف واو

جلتا ہے دیکھکر مری جرم عظیم کو
اللہ نے عذاب مین ڈالا جحیم کو

آہین مری ہلاتے ہین اوسکے حریم کو
ہے زلزلہ نسیم سے باغ نعیم کو

اک روز آؤ وادی ایمن مین بیحجاب
سمجھو قنات پردہ چشم کلیم کو

ہے نیک و بد پر اوسکا کرم جاری شکر ہے
تخصیص ایک پر نہین خلق عمیم کو

کیا پوچھتا ہے ضعف کی شدت کو اے طبیب
رعشہ ہے نبض کی حرکت مستقیم کو

ہوش و حواس تحفہ خوف و رجا ہوے
نذرین ملین دو عملہ امید و بیم کو

ٹھہری ہوا ے یار دل چاک چاک مین
ہے جنے قفس مین بند کیا ہی نسیم کو

اللہ رے غرور جواب سخن تو کیا
اک بت نے آنکھ اوٹھا کے نہ دیکھا کلیم کو

اپنے بنی کی فرض کرون کسطرح کمر
رشتہ کا نام ننگ ہے در یتیم کو

پر زور ہے فقیر کا لپٹے جو وہ حسین
ہے احتیاج موے کمر کی گلیم کو

دیکھے بہار شیشہ دلمین جمال دوست
عینک کی احتیاج ہو چشم کلیم کو

رکھا فلک پہ آپنے جھنڈے کو دیکھے دم
باتو نہین معاف اٹھا لیا ہے کلیم کو

محشور ہونگے دیکھیے کس کس زمین سے
ہے تفرقہ ہوا سے عظام رمیم کو

دلمین خیال یار رہا کالبد مین روح
رکھا پری کو شیشہ مین خم مین حکیم کو

روز ازل سے بات نہ پوچھی ہماری واہ
یون کوئی بھولتا نہین ہے تو قدیم کو

آوارہ روح جسم کی خاطر ہے بعد مرگ
کیا کیا ندیم ڈھونڈھ رہا ہے ندیم کو

آئی جدا جدا قد و زلف و دہن کی یاد
پڑھتے ہین فرد فرد الف لام میم کو

سیمین تنون کو ہے طلب زر سی کیا حصول
سکے کا داغ دیتے ہین کیون لوح سیم کو

سیدہی نکالتا ہون پری طلعتون کی مانگ
حاصل کیا ہے مشق خط مستقیم کو

مین پیرو علی ولی ہون صراط پر
پہچانتا ہون خضر رہ مستقیم کو

دیتا ہے آسمان ہمین زہر ای منیر
افعی کا کفچہ چاہیئے دست لئیم کو

غزل

کدورت بجز چشم تر سے ہو دلہا مردم کو
کہین ملتی نہین خاک ایک مٹھی بہر تیمم کو

پیام مرگ داغ شیب ہے دلہاے مردم کو
چراغ گور سمجھو آفتاب صبح قاقم کو

ہمیشہ مستی ملنے مین ہے رغبت قتل کی تمکو
بدلوا ڈالو سوسن پتے سے تیغ تبسم کو

دورنگی عیش و غم کی ہے بصیرت ہو اگر تمکو
دکہاتا ہے فلک شام و گلیم و صبح قاقم کو

لگا کر دانتون مین مستی مناسب مسکراتا ہے
شب تاریک کا زیبا ہے کاجل چشم انجم کو

رہا کرتے ہین اہل ظرف فکر ظرف عالی مین
بط مے ڈھونڈہتی پھرتی ہے اکثر بیضۂ خم کو

مقام عشق تک آکر گلستان مین ہوئی ساکت
کرینگے بند کیا قفل دہن سے باب تکلم کو

منور شمع سے ہے مثل نور آفتاب ہمین
فلک کے سایہ تلے ہین ڈھالا ہے کیا فانوس انجم کو

مین ایسی جراح ہون اوس گنبد گردون کا عاشق
مرے زخم جگر سے میل ہے تار بریشم کو

ہماری ہڈیان ہیو نکین لب نگین کے جلوہ سے
جلایا آتش یاقوت سے انبار ہیزم کو

سواری مین ہمارا رشتۂ فریاد لازم ہے
چڑھا دے ساز پر گہوڑے کی اس تار بریشم کو

پڑا غفلت کا پردہ حضرت آدم کی آنکھون پر
نہ سمجھے کوچۂ زخم ندامت چاک گندم کو

جوانی کو ہے خوف عالم پیری زمانہ مین
کہڑے ہون بگلیون کے رونگٹے دیکہین جو [illegible]

خلاف حکم حق کرتے بشر صد مد اوٹھاتا ہی
سنے سمجھے چین پیشانی آدم چاک گندم کو

تمہارے گانٹ نیکلے وصف کے عشق گیسو مین
کہون خم دان مار زلف تشدید ترنم کو

چمک دانتونکی لازم پڑ گئی ہے مسکرا نہین
ضرور آب گہر درکار ہے تیغ تبسم کو

ہنسا ایکبار اوسی گلشن مین ہیشہ بلبل شیدا
حریر رنگ گلچین جہان اوس شہد تبسم کو

دکہا کر زلف مجھے ابرو جان لی اوس ناوک افگن نے
سنے چلّے کمانون مین چڑہانا میری چلم کو

یہ مطلب مسکرانے مین ہے دانتونکی تجلی سے
کہ مالا موتیون کا چاہیے تیغ تبسم کو

مسیحا معجزہ مین حسن مین تو مہر انور ہے
سمجھتا ہون ترا چوتھی منزلہ چرخ چہارم کو

مزا ملتا ہے دانائی کا میخوارونکو نشہ مین
بنایا ہے گل حکمت سے کیا خشت سر خم کو

تری گہوڑے کے پیچھے نالہ موزون مین کرتا ہون
تعجب کیا جو سرو آہ کی چوٹی کہون دم کو

کمال عقل ایسا بڑھ گیا کیفیت مے مین
کہ برج قرا فلاطون مین سمجھا گنبد خم کو

شکستہ دل ہمیشہ رہتے ہین پیچھے سیوا میکی
ملی بال آئینہ کے تیری سب خاصکی خم کو

مناسب ظرف مے کا وصف ہے اشعار اردو مین
نظر آتی ہے حاجت بیخنی کی گنبد خم کو

جو ہین کم قدر میخانہ مین قسمت اونکا عالی ہی
جبین خنجر زر چاہیئے خشت سر خم کو

چمن مین آپنے تعریف کی جب نار پستان کی
سنے میوے کی ڈالی سمجھے ہم شاخ تکلم کو

زیادہ نوحکو طوفان سے ایک ایک قطرہ ہے
کیا ہے آب دونے قمری دریا مین قلزم کو

نشان پا ہی اسپ یار کعبہ کی برابر ہے
فرشتے گنتے ہین ناف سے مین ہر حلقہ سم کو

تمہاری ناف کا ہے دہیان ہمکو جوش گریہ مین
سنے ہر روز چکر دیتے ہین گرداب قلزم کو

لب رنگین سے کی رنگین بیانی آپنے جس سے
رگ یاقوت سمجھا ریشہ شاخ تکلم کو

چمن مین نشہ پیکر آپ جب گہوڑا اوڑاتے ہین
کتو ترا پہول کا بلبل سمجھ جاتی ہے ہر سم کو

رقیب بے شرن تکتا ہے تجھکو ہر گھڑی اکثر
ملی ہے شیشہ ساعت کی عینک چشم کژدم کو

تری نوک مژہ کا دیکھنا بھی زہر مجھکو تہا
کف پائے نظر کی پہانس سمجھا نیش کژدم کو

اگر طوفان گریۂ عشق قیامت مین اٹھاتے ہم
غبار صبح محشر ڈھونڈھتی تنہا بہر تیمم کو

جلایا معجزہ سے تیرہ بختونکو تماشا ہے
بنایا مرغ عیسیٰ طائر آواز قمقم کو

ہوئے ہین اگر چہ مشق خاکسا بین ہو کامل
طبانچہ سمجھے ہم استاد کا ضرب تیمم کو

مسیحا بنکے آپ اکثر حسینونکو جلاتے ہین
بہاتے ہین پریزادونسی کو قاف قم قم کو

نظر آتا طلائی رنگ اس چینک سے وسی کی
جو ملتا سوئیکی پانیکا چشمہ چشم مردم کو

شب وصلت مین ہو بانگ جرس سے آمد گریہ
صدا گھڑیال کی ٹکرا رہے شور تلاطم کو

نظر کرنے ندی تجھپر کسیکو مین وہ شاعر ہون
زمین شعر کی ڈھیلو نسی چھوڑا چشم مردم کو

عبث تم پیستی ہو دانتونکو وقت خود آرائی
تر شستی کی کہان ہے احتیاج الماس انجم کو

اگر وہ شمع رو چمکائے ہنسنے مین تیسے دندان
کرین بے آب محفل کی کنول الماس انجم کو

رقیبون سے بھڑا کر تونے رکھوایا جو فقرے سے
ترے مینڈے سے لڑانا سمجھو دریا کی تلاطم کو

تری مجلس پر ایسی منانت کیون ہے پر گردونکا
مگر تخمتون کا چوکا چاہئے دندان انجم کو

شب غم مین ستارے دیکھکر رونا مناسب ہے
کہ بے آبی مین شبنم چاہیئے گلہای انجم کو

پریزادون کی مستی مسکرا کر توڑ پہیلی کی
سلیمانی نمک سمجھا اثر ہی شور تبسم کو

ہنسی مین وہ پان کھا کر کام اپنا ہو گیا آخر
ہماری قتل کا بیڑا ملا تیغ تبسم کو

کرو مجروح سے اپنے تیرہ بختونکو ذرا ہنسکر
اسے مستی کی حاجت ہے لب تیغ تبسم کو

دہوان ہے بار آج مستی ملکو ہر دم مسکراتی ہو
بجا ہے نبض و دی سمجھو ہم موج تبسم کو

بڑھی آب وہ دندانسے زینت مسکرانے کی
مناسب ہے یہ شبنم سبزۂ تیغ تبسم کو

تکلف مسکرانیکا بڑھا دانتونکی جلوہ سے
ہوئی ہے تیغ نجف سے گرد شین تیغ تبسم کو

نہین آیا نہانے حسب عادت وہ بت کافر
غضب کی آج بیتابی ہے دریا کی تلاطم کو

مشیر ادنیٰ غلامو نین سے ہے کچھ اسکا بھی حصہ ہے
کیا حقنے قسیم نار و جنت یا سے علی ہمکو

غزل

دل سے وصل دختر رز کا اگر مشتاق ہو
حلقۂ آغوش زاہد بتکدہ کا طاق ہو

اوسکے چلنے مین قیامت وار آفاق ہو
پا مینچا اوٹھے جامی یارب آج کشف ساق ہو

عازم وادی اگر وہ لیلی آفاق ہو
حلقۂ زنجیر مجنون دیدۂ مشتاق ہو

زندگی فقر مین مجکو نہ کیونکر شاق ہو
کشتی عمر اے خدا مفلس کے گھر کا طاق ہو

باغ مین چلکر دکھاؤ شورش حسن خرام
خندۂ گل کا نمک کافور شمع ساق ہو

موجزن جب ہو دریاے صباحت آپ کا
زاغ شب لیلے کے پر سے بھی کہین براق ہو

حسن کی گرمی سے پیدا ہو چمک فیار کی
زیر پائی کا ستارا اشک شمع ساق ہو

اہل دل سے عشق اگر لکھوائے خط بندگی
سر کشش الفت کی حد فرد آفاق ہو

بوسۂ رخ سے جبین مسموم مار زلف یار
صبح کا فور مین خاصیت تریاق ہو

مے کشی کرتے ہی یارب یہ ہو شیرین بیان
پھول مینا کا گلو مین شربت اخلاق ہو

لے پری لکھون اگر اشعار مضمون حجاب
تیرے ماتھے کی شکن مسطر کش اوراق ہو

آہ کو بیکار تم سمجھو اگر اے نو خطو
سطر تقویم کہن وہ دل عشاق ہو

غیر کا مجموعۂ اشعار دیکھو حیف ہے
طاق نسیان پر بیاض دیدۂ مشتاق ہو

زلف کا سودا جو آشفتہ دماغی مین بڑھے
کف دہان مار کا مغز سر عشاق ہو

زلف کے سایہ سے ہو صید افگنی کا معجزہ
اژدر موسی تمہارے ہاتھ مین چقماق ہو

ایک فقرا جسکو لکھا ایک قلم بیخود ہوا
خط ساغر سے لکھنے کی اس دور مین مشتاق ہو

عہدنامہ ہو سند اوسوقت اے آصف لقا
دیدۂ یعقوب اگر مہر خط میثاق ہو

طنز کی باتین کلیجہ چھانتی ہین اے طیور
جنبش نوک زبان مجکو نہ کیونکر شاق ہو

باغ چلکر دو تمہارے سرو قد کے سامنے
طوق قمری شعلۂ جوالہ بے اغراق ہو

بے ریا مہمان نوازی مثل ابراہیم کو
تا بدل عجل سمین کا مژدۂ اسحاق ہو

حلقۂ دام بلا سے کوچ بہی چشمو نیا مجہ
کوچۂ گیسو خدایا مدفن عشاق ہو

جذب و تن ہو جائے پیراہن صفائی حسن سے
اوس قمر کا پائنچا دامان صبح ساق ہو

جام مے پیکر جو دی تو دردسر اوڑ جائے صاف
دردسر گل صندل پیشانی عشاق ہو

پاؤنکا جلوہ جو بخشے پائجامہ کو فروغ
ہر ستارہ مین بنت کی نور شمع ساق ہو

اوس سراپا حسن کو کہینچے اگر اپنی کشش
حور کی چوٹی کمند جذبۂ عشاق ہو

کوئی شاعر قدسیونکی دل سی نسبت دے اگر
عطردان اوس حور کا مجموعۂ اخلاق ہو

اے خدا خالی کرے بنجا میکشونکا اضطراب
شیشہ سے کہنے کیلئے مستونکی طاق طاق ہو

بہجر جانان فکر دنیا کثرت افیون منیر
اسیسے صدمونسے نکیون تن خشک گز قاق ہو

غزل

شور حسن پر نمک مقتل کے اندر کیون نہو
اے بت سفاک کہاری آب خنجر کیون نہو

وصل مین قلقل تیری گانیسے شب بہر کیون نہو
بہیڑ مین تو گا رہا ہے صبح محشر کیون نہو

یاد زیور مین بہرا کرتا ہون آہ پر شرر
دہگدہگی مین آپکے یاقوت اخگر کیون نہو

کہتے ہین جو زینت چشم سیہ کو شوق مین
پارسیے کا جل چراغ صبح محشر کیون نہو

قامت و عارض کا تیری جلوہ ہے گلزار مین
ہر قبائے گل مین جیب صبح محشر کیون نہو

قد و عارض کے جو دیوانے ہین انکی قید کو
بیڑیان نہین صرف سیم صبح محشر کیون نہو

عارض و قد کی صبا کی ہے حسرت وقت فریح یاد
آب تیغ یار شیر صبح محشر کیون نہو

گوہر دندان کے آگے سب بے حقیقت ہو گئی
کوڑی کوڑی عقد مروارید اختر کیون نہو

ہے تعلی پر تمہاری سوسنی ٹوپی کا رنگ
نیلگون مسی سے ہر دندان اختر کیون نہو

آتشین نالونکی رونق الفت دندانسی سے ہے
میری شمع آہ پر فانوس گوہر کیون نہو

چہاتیونکے سوتیونسے مہر نہین خالی دماغ
تیری انگیا کی کٹوری کاسہ سر کیون نہو

گردش چشم خماری ہی سے دلکو ساتھ ہو | گردن مینا کی ہنسلی دور ساغر کیون نہو
حسن کی تیزی مین سے خونریز ہوتے ہین جو ان | تیری مستی و سمند ابرو سے خنجر کیون نہو
بکفلم لکھا ہے وس لیلی کو حال ضعف دل | نبض مجنون رشتۂ بال کبوتر کیون نہو
قہر کی نظرون سے مارا نامہ بر کو آپ نے | آب شمشیر نگہ خون کبوتر کیون نہو
خط پشت لب کا سودا ہی سمجھا ہے رگ زنو | نیش زنبور عسل ہر ایک نشتر کیون نہو
بتکدہ کا ذرہ ذرہ رد تجلی زہرہ کا ہے تل | خشت خم رخسار خورشید منور کیون نہو
بالو نہین موتی پروتے سے ہوئی شفاف را | مانگ تیری کوچۂ سوراخ گوہر کیون نہو
نقد دل بغمزون کا وابستہ ہے ہر بالمین | گوشۂ بالا مار گیسوے معنبر کیون نہو
ہے حسینون سے علاقہ فقر کے اسباب کو | کمل اپنا ابر گیسوئے معنبر کیون نہو
آسمان آہ شرر زا سے جلا اندہیرے ہے | سرمۂ شب کشتۂ سیماب اختر کیون نہو
چاندنی مین میٹھی باتین کرتے ہین یہ قند لب | شربتی رنگ نگین ماہ انور کیون نہو
عشق زلف عنبرین ہے مانع ترک شراب | توبہ کا دروازہ مجکو کام اژدر کیون نہو
نقش اوراق فلک ہے ناچ تیرا اے قمر | گردن نازک کا دور آتا مسطر کیون نہو
چھونے پر لعل لب شیرین کے پیسے مجھے دانت | سودۂ الماس دندان لال شکر کیون نہو
ڈھونڈہ کر عاشق تھکے لیکن نظر آتے نہین | وصل کی شب سایۂ قد پیمبر کیون نہو
یہ صفائی یہ لطافت حسن یوسف مین کہان | آپ کے چاہ ذقن سوراخ گوہر کیون نہو
کان کے زیور کا پرتو تا فسے ملتا نہین | بالی کی مچھلی میان حوض کوثر کیون نہو

ہو جو لفظ دام جزو نام جانان اے منیر
پہندے مین پہر اوسکے مرغ جان مضطر کیون نہو

غزل

صحت مریض غم کی نہین چارہ گر کے ہاتھ | مجبور ہین کہ نبض دوا ہے اثر کے ہاتھ

ملتے فراق میں کف افسوس روز و شب
ملتے اگر ملانے سے شمس و قمر کے ہاتھ

سب سے بگڑ کے آپ کریں گے بناؤ کیا
مہندی کا رنگ ڈھنگ ہے خون جگر کے ہاتھ

پیوند شانہ چھوڑ کے پایا نیا مزا
دامن تک اس حسین کے پہنچا ادھر کے ہاتھ

شب بھر بلائیں صبح سے تا شام ورد ہو
دن بھر کے پاؤں ہاتھ لگے رات بھر کے ہاتھ

شوق شراب اگر ہے تو رنج خمار کھینچ
گردش ہے جام بادہ کی دوران سر کے ہاتھ

کامل نہیں ہے رنج تو راحت بھی ہے تمام
بیمار کا علاج ہے درد جگر کے ہاتھ

کالونکی حسن کی ہے دورنگی زمانہ میں
تدبیر روز و شب کی ہے شمس و قمر کے ہاتھ

لازم نگاہ پاک ہے دیدار کے لئے
عاشق کی آبرو ہے فقط چشم تر کے ہاتھ

پلکوں کی قدر بڑھتی ہے ترچھی نگاہ سے
تیر مژہ کی نوک ہے تیغ نظر کے ہاتھ

اوس گل کو خط غیر نہ پہونچا سکیں کبھی
اے کردگار خشک ہوں نامہ بر کے ہاتھ

داماں یار تک نہ ہوا دسترس کبھی
کوتاہ کس قدر رہے جن و بشر کے ہاتھ

صاحب کمال پاتے ہیں پھل نخل رنج سے
شاخیں ہیں اس درخت کی اہل ہنر کے ہاتھ

کیا بیکسی میں ہو مرض ہجر کا علاج
صحت دوا کی ہاتھ دوا چارہ گر کے ہاتھ

سر پیٹنے کے بعد قدم لیں حضور کے
انعام ملتے ہیں یہی کام کر کے ہاتھ

اے سنگدل دیئے ہیں تجھے کردگار نے
سونے کے پاؤں موجہ آب گہر کے ہاتھ

لینے دو زلف رخ کی بلائیں تمام عمر
سائل ہیں سے خدمت شام و سحر کے ہاتھ

گلچیں نہ سمجھے جو رہیں اپنے باغ کا
گلدستہ رکھتے ہیں گل داغ جگر کے ہاتھ

شاہان دہر کیوں نہ ہوں سرکش جہان میں
مٹی کے مورتونکو ملی زور زر کے ہاتھ

بچپن سے پہنے ہیں اسے منت ہنسلیاں
میرے گلے کے طوق ہوں اوس سیمبر کے ہاتھ

محشر و حشر میں نہ رہیں گے ہم امی منیر
گنجینہ نجات ہے خیر البشر کے ہاتھ

غزل

ولیمن رہ کر ہو چھال روے روشن آئنہ | ایخدا ہو جاے آئینہ کا مسکن آئنہ
ہو چوا سپر چال فرنج اسی ناوک افگن آئنہ | سب اپنے سینہ سے بدل میری گردن آئنہ
تیر منہہ کے عکس کو سب سے چھپا ای پری | ڈالدی بالونکی اپنے آگے چلمن آئنہ
آبداری و لطافت دیکھکر پوشاک کی | جامی قلعی چاہتا ہے تجھسے دامن آئنہ
ہین جہات ستہ حیران فرس لئے شہسوار | جس طرف کو رخ کرے ہی پیش توسن آئنہ
بے غلاف اوسکو جو آرایش مین تمنے کی نہیں | رو رہا ہے اپنے منہہ پر رکھکے دامن آئنہ
شوق خودبینی کا ہے ای شہسوار حسن اگر | خانۂ زین مین لگا یا لاے توسن آئنہ
ہم سیہ بختونکو حیرت تمکو ہر ہفتہ یہ شغل | کنگھی چوٹی سرمہ کاجل مسی منجن آئنہ
حیرت دل جوش گریہ مین طلسم تازہ ہے | کسلیے تمنے نہ دیکھا ساری ساون آئنہ
قطرۂ ناچیز ٹھہری اوسکی ہستی کے حضور | اے خدا ہو شبنم گلبرگ سوسن آئنہ
پانی پانی ہوگئے پھول اپنی صورت دیکھکر | پرتو رخ سے ہوا جب صحن گلشن آئنہ
تمکو خودبینی مین ہو منظور سیر باغ اگر | پیٹھہ پر لادے پھرے پھولونکا خرمن آئنہ
دیکھنے والونکو اپنا چہرہ آتا ہے نظر | ہے تری تصویر کا ای شوخ روغن آئنہ
دیکھئے وہ ماہ دو ہفتہ منہہ اگر آٹھون پہر | صاف ہو جاے مدور سے مشمن آئنہ
عاشقان خط کدورت سے اگر کرنے لگاہ | طوطی زنگار کا ہوتا نشیمن آئنہ
اپنے گھر مین ہی مگر مشتاق روی یار ہے | ڈھونڈھتا ہے جہان نکلنے کو کوئی روزن آئنہ
میرے نالے سے جلتی ہین پیان سمجھکر گھر ترا | زشت روکی آنکھہ مین ہوتا ہی دشمن آئنہ
فیض مینا بی سے پاتا ہے طلای حسن کرم | اپنے پاریسی بنا لیتا ہے کندن آئنہ
سختی و گردش اٹھاکر دل نے پایا لطف وصل | کیون نڈھونڈھے خانۂ سنگ فلاخن آئنہ
تجھکو ہو منظور عکس قامت رنگی جو سیر | ہو سمٹ کر صبح حشر ای شوخ پرفن آئنہ

تم جو دیکھو عکس حسن صاف ہنگام خرام
قلعی صبح قیامت کا ہو معدن آئینہ

حسن محبوبان سے فتنہ کا ہے تیرے دلمین انتشار
مدتون سے عکس خوبان کا ہے مدفن آئینہ

سے اپنے حیرانونکو لگتے سنگساری کی جو خط
بڑھ سکے ہوتا نقطۂ نون فلاخن آئینہ

چاہتا ہے درس ہیئت الاودل کے دلمین گھر
ڈھونڈھتا پھرتا ہے اپنا خاص مسکن آئینہ

مقتل اہل صفا ہے حیرت افزائی جہان
اندرون گنج شہیدان کا ہے مخزن آئینہ

عاشق مہتاب کا سر کاٹ صحن قصر مین
کشتۂ سیماب کا ہو جائے مدفن آئینہ

آپکی تصویر کا ہیدونکی آنکھونمین نہین
نصب ہے بالائی طاق چشم سوزن آئینہ

یا الٰہی خط روی صاف کا پرتو پڑے
رنگ مے سے زنگار سے پیرجامۂ تن آئینہ

تیری پلکونکو نہین دیکھا جوا ہو آئینہ رو
ہو گیا کھل کھل کے غنچے مثل سوسن آئینہ

آپکی تلوار سے ٹوٹا ہوا دل صاف ہو
بال اپنے ہو گی لیکر آب آہن آئینہ

سر کو پتھر سے پٹکتا ہی جوا مو بت گاہ گاہ
چاہتا ہے تیری پیشانی کا چندن آئینہ

دو دلہ کعبہ مین کے بت مجکو طریق عشق مین
پہلو مین دلمین نہ رکھا اے برہمن آئینہ

سے نیکے ہمصورت فنا کرتے ہین اپنا ہو نشان
لوٹتے کو اندرون سکتے ہین رہزن آئینہ

تیل ملکر بالونمین دیکھو گی جا ڈو نہین جو تم
عکس کے منہہ پر ملے گا موم روغن آئینہ

ہے دل وحشی مین کاوش عشق مژگان کی مدام
چھالون سے کیونکر نکالے خار سوزن آئینہ

لے بت ساتر ساحل لالن رکھا ہی جو سیاہ
اپنے گھر مین روز بجواتا ہے ارگن آئینہ

اس قدر بے نور ہے پیش حسینان فرنگ
صبح کاذب ہے میان شہر لندن آئینہ

پھر گئے سکتے مین مجکو جانکر منکر نکیر
رکھدیا کس نے مری بالین مدفن آئینہ

تو وہ یوسف ہے کہ تجھی حیث اندھا ہو گیا
دیدۂ یعقوب ہے ایماہ روشن آئینہ

چشم خواب آلودہ ہر جوہر نظر آنے لگے
دیکھ پائیگا جو وہ مخمل کی جیکن آئینہ

دیکھتا ہے منہ لندہ ہمیشہ شاہنشاہ حسن
نام اسکندر کیا کرتا ہے روشن آئینہ

رخت ہستی سکندر چشم جوہر سے گرا ہے
پھر نظر دیکھے اگر اوس گل کی چپکن آئنہ

عکس گیسو بازو و نیر حیرت سا فزا ہو گیا
بنگیا موج نجف کا صاف جوشن آئنہ

ہمت اعدا مین ہوگا دل ہمارا نالہ کش
سے ملگئے پتھر سے کریگا شور و شیون آئنہ

کھیلتا ہے آج عکس طوطی خط کا شکار
دام جوہر سے ہوا ہے صید افگن آئنہ

حضرت موسی کو ہو یکدست حیرت تم جو جا
ہو ید بیضا میان وحشت ایمن آئنہ

دانتون سے کھولین گرہ زلفونکی آرا شین اب
سمجھے حلقہ حلقہ کو پہیر لیگا کنگن آئنہ

سرفراز اسدرجہ ہوتا دیکھتا وہ بت اگر
گنبد دستار مین کہتا برہمن آئنہ

وصل مین دل کو گلے لپٹا لیا اوس شوخ نے
بنگیا لوح بیاض حسن گردن آئنہ

ملگئی یکسر صباحت اور رنگینی دسے
عکس رخ سے ہے جبین صبح گلشن آئنہ

وہ جو آئے ایسی حیرت میکدہ مین چھا گئی
دختر رز کو ہوئی خشت سر دن آئنہ

مشق خود بینی مین کھیلا طائر دل کا شکار
دہوکے کی ٹٹی بنا اسے صید افگن آئنہ

اوس بت ع لا و دل کے سامنے رہنے لگا
بنگیا میرے لئے دیوار آہن آئنہ

اسطرح کٹرکی مین ہے وہ مصفا جلوہ گر
چوکٹے مین جیسے ہوا ہو ماہ روشن آئنہ

ڈال لیتا میری آہ سرد سے منہ پر نقاب
پھونکتی ہے منہ چھپانا زیر دامن آئنہ

بیضۂ فولاد مین زردی نظر آنے لگی
عکس عارض سے ہوا جسوقت کندن آئنہ

دل مرا افسردہ تیری سرد مہری سے ہوا
آب یخ بستہ بنا ایماہ روشن آئنہ

دل مرا دیوار مین رکھکر بڑہا نور و ضیا
اے پری چشمہ ہو پھر چشم روزن آئنہ

حوض کوثر مین نظر آتی ہوکائی رات دن
جیسے عکس طوطی خط کا ہے مسکن آئنہ

ایکدم مست حنا بستہ سی چھونا چاہیے
اپنے چھالون سے ہے تنگ اے شوخ پرفن آئنہ

آبرو سبز تا بپا پائی مکان یار مین
قد آدم پانی مین کہتا ہے مسکن آئنہ

زخمیان عشق خط کا جوش حیرت دیکھکر
مرہم زنگار سے اے شوخ پرفن آئنہ

سبزۂ بیگانہ سمجھی دیکھکر طوطی کا عکس — ہوا اگر محوِ خطِ رخسار روشن آئینہ
سرخروئی مین جو پاۓ دل صفائی کا مزہ — ہر نمدپارہ کو سمجھے ابرِ بہمن آئینہ
آپکے نامہ کی پیشانی اوسے مطلوب ہے — چاہتا ہے یہ فریم ایماہ روشن آئینہ
حیف ہے میرا دل حیرت زدہ باہر ہے — اور گھر مین رہ سکے لوٹے اونکا جوبن آئینہ
وہ حلب مین اور یہ پہلو مین پہر آتا نہین — صورتِ دل ترک کرجاتا ہے مسکن آئینہ
ہمسری افعی گیسو سے کرے اے بت اگر — خشتِ فولادی سے چھیلے سانپ کا من آئینہ

ہوگیا ماہِ صفر روزِ سفر مجھکو منیر — چہرۂ قاتل کا دیکھا وقتِ مردن آئینہ

غزل

زاہدونکو رہتی ہے کوثر کی چاہ — مجھکو ہے دورِ مئے احمر کی چاہ
ہو کسی کی اوس بت کافر کی چاہ — شیشۂ دل کو ہوئی پتھر کی چاہ
کون ہے عاشق قدِ دلدار کا — کسکو تھی اس فتنۂ محشر کی چاہ
سفلونکو پابند ہے دنیا کہان — کشتیِ مے کو نہین لنگر کی چاہ
بلبلِ خالِ رخِ دلدار ہون — ہے گلِ داغِ مہِ انور کی چاہ
نشۂ مے مین جو تو ابرو چڑھاۓ — گردنِ مینا کو ہو خنجر کی چاہ
دیکھیے نکلا ہے خطِ پشتِ لب — مور چونٹیونکو ہوتی ہے شکر کی چاہ
کانٹے سے کب نکہتِ گل کو ہو نالش — روح کو کیا ہو تنِ لاغر کی چاہ
ہے دل پرداغ کو سودائی خال — مور کو ہے دانۂ اختر کی چاہ
شمع سے پروانہ کو ہوتا ہے میل — کیلیے دلکو نہو دلبر کی چاہ
نقش کو نقاش سے رغبت نہین — کب کسی بت کو ہوئی آزر کی چاہ
تیر سے دل کا ہدف اے بت اڑا — طائرِ بے پر کو ہے شہپر کی چاہ

غنچہ کو باغ مین آتا ہے یاد
پھول کو دیکھا ہوئی ساغر کی چاہ

تو جو ہو پیش نظر اے مہ جبین
کبک کو کیا ہو مہ انور کی چاہ

ٹوٹ سے ہے پر فلک اون انتو نیز
شیخ کو ہے سبحۂ گوہر کی چاہ

زلفونکے اوترے ہوے بال ونکو دے
تاجرونکو ہے اسی عنبر کی چاہ

گوشۂ دل مین رہیگا حسن رخ
آپ کے آئینہ کو ہے گھر کی چاہ

وحشت عشق لب گل رنگ سے
ہو رگ یاقوت کو نشتر کی چاہ

قمریونکو سرو سے کیا پھل ملے
بیمزہ ہے لاشۂ بے سر کی چاہ

دیکھتے ہین آپ کا چاہ ذقن
رہ گئے ہین اُن چشمۂ کوثر کی چاہ

کعبہ مین وصل بت کا ہے انکو خیال
حاجیونکو بھی ہوئی پتھر کی چاہ

ہو گئے اُستاد سے فرقت منیر
خاک ہو اکسیر کے یا زر کی چاہ

غزل

چشم کلیم سے کریم ذوالجلال دیکھ
اے بت ہماری آنکھ سے اپنا جمال دیکھ

درپردہ دیکھتے ہین ہمارا کمال دیکھ
سوئی کی طرح ہم نہین ٹلنے کی ٹال دیکھ

اے بے مثال آپ تو اپنی مثال دیکھ
ضد ہے تو آئینہ مین تو رخ محال دیکھ

مدت سے حیرتی ہین نہ مین جو فلک ترے
آئینۂ دورو ہے مین اپنا جمال دیکھ

دن ہو گئے سے تھینے مہینے ہوے برس
عبرت سے روزنامچۂ ماہ و سال دیکھ

ابرو پہ آئینہ مین لب بام کر نظر
اے ماہ آسمان پر آکر ہلال دیکھ

اوس خوش خرام سے تو کہان اڑ کے جائیگا
اے کبک چوکتا ہے عبث اپنی چال دیکھ

زلفین میان تنگ پہ آئین تو بول اوٹھی
عنقا تک اسمین قید ہوا ہے یہ جال دیکھ

اے وصل یہ گا ہوارہ جنازہ سے کم نہین
کیا ایذا کو دیکھ رہا ہے مآل دیکھ

برسات کا جو شوق ہے مجکو ولاکی روز | ایجان ابر زلف مین برق جمال دیکھ

اوقات کانپور مین ضائع نہ کر منیر
چل لکھنؤ مین صحبت اہل کمال دیکھ

غزل

ہوئی تکرار نالے سے عجب نوبت مرے دل کی
ملے وہ داغ جب باہم صدا نکلی جلاجل کی

نئی تشبیہ وہ صف آبرو پرخم سے حاصل کی
زبان اپنی بنی ہے دستگی شمشیر قاتل کی

سواری پھر گئی آنکھون مین کس لیلے شمائل کی
کہ پھانسین چبھ گئین پا کے نظر مین چوب محمل کی

فرنگستان مین بھی شاید چلی تلوار قاتل کی
نظر آتی ہے صحبت ناچ گھر مین رقص بسمل کی

مرے تار سوال وصل کے پھندے بنا ڈالے
نکالی تم نے جالی رشتۂ آواز سائل کی

اسیر گیسوئے پیچان کیا نازک مزاجون کو
تمھاری زلف پھانسی ہے گلوئے شیشۂ دل کی

منگواتے ہین اپنے پاس سے عشاق بیکس کو
ہمیشہ آپ گردن ناپتے ہین شیشۂ دل کی

سخن مین پھول جھڑتے ہین مگر رپستہ لب سے
ہوائی چھوٹتی ہے شربت بیداد قاتل کی

چڑھا کر تار قاتل نے رگ حلق بریدہ کے
ستاری مین گتین کیا کیا بجائین رقص بسمل کی

پڑا ہے سبزۂ خط ذقن کا عکس حیرت سے
لگے ہین جیسے حوض آئینہ مین کائی چاہ بابل کی

بتون کے حسن کا شہرہ خدا کے کان تک پہنچا
مگر پرواز اوڑ اے طائر آواز سائل کی

صدا اشتیاق وصل نے پکڑی ہی مین ایسی
ترے دروازہ پر آواز بیٹھی تیرے سائل کی

دولائی اس چمک سے تم نے اوڑھی چاندنی چھٹکی
بنی اس جھڑیکے نسخہ سی چاندنی ماہ کامل کی

کھلا کر پان تو نے تلخ گوئی سے مجھے مارا
گلوری تیری پڑیا بن گئی زہر ہلاہل کی

جبین و عارض جانانہ کی الفت جان مین ڈالی
کہین تو ٹوٹے طلسم زندگی لوح اس حمائل کی

سر مو سے آرائش ہی اسباب تعلق کو
بہت دست سبک سے چوٹیان گوندھی سلاسل کی

اسیرو سنے کیا درماندگان دشت وحشت کو
کلاوہ آبلہ مین ٹانکے ہین ہیلین سلاسل کی

بہولون تاکہ راحت مین بہی آزار محبت کو
لشانے سے رہا کافور افسردہ دلی قائم
سوال وصل نے رستہ نہ پایا گوش نازک تک
جوانی پاؤنگا بوسے تمہارے ہاتہہ کی لیکر
ہوئی پوری مراد اوسکی لہو ملتی ہی ہاتہون
کیا قتل اوس نے مجلس مین لہو سی بہر گیا تیرن
لب دریا وہ اکثر زلف کو دہوتے ہین چہپ چہپ کے
مرے ضیق غم فرقت سے دریا تنگ ہوتے ہین
شہر ہی آنسوؤنکی چاندنی نکلی تو کیا حاصل
ہماری بات کوئی کان دہکر وہ نہین سنتے
خوشی جاتی ہے دل سے حاکم معزول کی صورت
تصور گرم جوشی کا ہے فصل اشکباری مین
ثبات اسکو نہین ہے اکطرف ہر سمت پہرتی ہی
رسائی رہروان عشق کی مشکل سی ہوتی ہی
اگر چہاپا اوڑا لیگی مری رنگین بیانی کا
چمن مین دیکہہ کر اوس شاخ گل کو باغبان لوٹے
سبے جاتے ہین تلوی دست حوران بہشتی سے
لئے نسخہ سی لف عنبر افشان صبا ہوتی ہے
پہنچ جاؤن لحد تک قبل پیری کے تو بہتر ہی
دکہا کر چاندنی مین جوش بحر حسن گردنکو
تمہارے دولت دیدار شاید ہاتہہ آئے گی

مری ہر بند مین کہتے گرہ پڑتی ہے مشکل کی
تری بندوق کی گولی مین ہے تاثیر قلقل کی
نہ آئی راہ پر نیت بہشک تیری سائل کی
سنے گی چوب چینی ہر گرہ شاخ انامل کی
اوٹہائی زخموں کے کوچہ سی مہندی خون بسمل کی
ملی زنجیر کے نالے سی مہندی خون بسمل کی
ملیگا مشک گیسو چین مین دامان ساحل کی
شکنجہ ہوتی ہے مجکو مسک آغوش ساحل کی
بہیونڈی بنکے دوڑیگی سفیدی ماہ کامل کی
کہلائین ہالیکی مچہلی کو گولی نقش عامل کی
سحاب غم کا آجانا مگر بدلی ہے عامل کی
مری برسات کی رت مین ہے گرمی تیری محفل کی
عروس دہر کی ہے ناک موم شمع محفل کی
دل سنگین مین تیرا ای صنم سختی ہی منزل کی
سے گل کترینگی مقراض منقار عنادل کی
لگائین ڈالیان نخل تمنائے عنادل کی
کف پا مین یہ بت کہنچواتے ہین شاخین انامل کی
کہلی پڑتی ہے تیرے سر مین ہوئے دہو کر گل کی
سحر ہوئے تو کہوٹی راہ ہو جائیگی منزل کی
کف دریا بنا دونگے ہتیلی ماہ کامل کی
ہتیلی شام سے کہجلا رہی ہے ماہ کامل کی

کیا ہے بیدلی نے خانہ برباد ایک مدت سے
ہوئی ہے طائر بے آشیان سی آرزو دل کی

تیری محفل مین خوبان جہان با تہار گڑتی مین
شکن شانہ بد چرایا چاہتے ہین فرش محمل کی

ہماری انگلیان کاٹینگے وہ نامہ لکھنے پر
کھلینگی ناخن شمشیر سے گرہین انامل کی

ضعیفی آئی ہے مضمون ہستی کا غلط پایا
سحر پیری کی پیشانی ہے شاید خط باطل کی

ٹکیون کھاؤن ہو ونگی عشق کی تلوا مین قدم تیرے
کتاریخ ولادت بیت ہی ابروی قاتل کی

بنا رہے دلکا نقشہ اپنی انگیا مین وہ رکھتی ہین
بچھاتے ہین نئی بنگلے مین کرسی خانہ دل کی

سنہ کامل ہوئی پہچان تیری گلعذار یکی
خط رخسار پر مہرین ہوئین چشم غزال کی

نظر آتی ہے کیفیت تجلی کی ہر انگلی مین
شراب حسن سے لبریز ہین قلمین انامل کی

مری میراث مین کیونکر نہون جوہر صفا یکی
سکندر سے ہی صحبہ تک ایک پشت آئینہ دل کی

ہوا ہے میر جنون کی اوڑہیگی تیری نگہی کو
لگا دے چوکڑی ہی بہت غزال وحشت دل کی

رہی ہے سرقہ سے نفرت عرش سے مضمون آگے
ہمیں اسطرح مشق شعر گوئی ہی حاصل کی

غزل

کیفیتین ہین فیض جناب امیر کی
رکھی سبیل بادۂ خم غدیر کی

دل خیر مانگتا ہے بستان شیر کی
ناقوس برہمن ہین صدا ہی نفیر کی

یارب نہین تلاش قلیل وکثیر کی
سائل نہون کسی سی دعا ہی فقیر کی

مستی رہیگی عشق جناب امیر کی
توبہ نہین ہے بادۂ خم غدیر کی

تاکو نشانہ کردو رہائی اسیر کی
حاجت ہے مرغ روح کو پر آ تیر کی

مجھ پر زیادتی ہوئی برنا و پیر کی
حد ہو گئی گناہ صغیر و کبیر کی

پہنچو نہین یہانتک تمہارے بہ رہنگی
جالی بنا رہا ہون نقوش حصیر کی

اللہ تک پہونچتے ہین ارباب سلسلہ
تار کمند عرش ہے سیلی فقیر کی

دم مارنے کا حکم نہین قیدخانہ مین
زنجیر بولتی نہین تیرے اسیر کی

حیرت سے تنگ ہا ہی جو منہ ایک ایک کا
آئینہ کو تلاش ہے کسکے نظیر کی

دریا کو باندہ دیتے ہین اللہ والی لوگ
پانی مین ڈوبتی نہین کشتی فقیر کی

مجلس مین ہون روح مری ام الفت مین
ممکن نہین کہ جان بہی چہوٹے اسیر کی

کہینچے ہین چلے گوشۂ عزلت مین عدو تو
دی ہے بہت کو وہ نقوش حصیر کی

شیرین لبونکا عشق ہی جنت مین بہی مجہے
صورت بنی ہے نہر لبن جوی شیر کی

لازم ہے کلیون کے لیے آب تیغ بہی
مسواک ہی دہان جراحت مین تیر کی

تہوڑا بہت یہانکا برابر ہی آنکہہ مین
بہرتے ہین ہم قلیل مین ٹہہتی کثیر کی

پیدا ہوئے ہین خلق مین سب نیکے واسطے
اول سے جانتے ہین حقیقت اخیر کی

دنیا کو آسمان دنی سے ہی سست بیچ
یہ پیرزن مرید ہوا [illegible]

پوا کیا سوال یداللہ نے میرا
دست خدا سے بہرگئی جہولی فقیر کی

طوفان اوٹہائے آپنے کہیلا جو کوئی کہیل
دریا بہی جو روی زمین پر لکیر کی

پہونکین گی بوریے مین بپاسے فقیر کو
خاصیت آتشی ہے نقوش حصیر کی

طوفان نوح ہو تو نہ بہیگے کسیکا بال
کافی ہے کائنات کو کملی فقیر کی

آیا جنون خرد کو دیا عشق نے جواب
کی آج بادشاہ نے بدلی وزیر کی

خالق نے عمر بہر کے تڑپنے کیواسطے
بسمل کی خو نہین مری مٹی خمیر کی

تردامنونکو رحمت حق کی ہے جستجو
میخوارونکو تلاش ہی ابر مطیر کی

اہل فنا ہی وارث اہل فنا ہوئے
پائی حباب بحر نے ٹوپی فقیر کی

مجروح عشق کو دکہ شیرین دہن ہوا
آئی وہان زخم سے بو شہد و شیر کی

یہ سب ہے خلاف وضع جو چہوٹین تعلیان
سہے شرط میکشو نہین گناہ کبیر کی

بیڑا غم جہان سے ہوا پار نزع مین
باد مراد سانس تہی وقت اخیر کی

حاسد کا سینہ چاک ہے سنکر مرا سخن
منہہ مین مرے زبان ہے پیکان تیر کی

قید قلم سے اپنی رہائی محال ہے
تصویر بھی اسیر رہے گی اسیر کی

کہنچکر کسیکا پوست کہین پوستین بنا
خالی نہین فقیر سے گدڑی فقیر کی

دوزخ مین آگ پوجتے ہین جاکے برہمن
کیا گرمیان ہین عشق بتان شریر کی

ہم جنسونکا شکار ہوا مین ضعیف و زار
پھانسی ہوئی گلے مین صدا ہمصفیر کی

کیا سر نگون زمانہ رہا تیرے سامنے
گردن جھکی سلام کو برنا و پیر کی

کیون لنترانیون سے جلاتے مین گلبدن
کیا تھی چراغ طور مین بتی حریر کی

اللہ رے مرے نفس سرد کا اثر
سردی ہے آگ مین کرہ زمہریر کی

اللہ مشتری ہے مزا دل دکان ہے
سوداگری ہے بادۂ خم غدیر کی

اے خضر میرے فقر کو حاصل نہین فنا
آب بقا مین چلتی ہے کشتی فقیر کی

میٹھا ہے خوب شہد قناعت سے منہہ مرا
چکھتا ہون چاشنی لب نان شعیر کی

اب طوق خاردار کا کیا اور ہو خراش
ہر آہ دل خراش ہے تیرسے سیر کی

تزئین تن ضرور ہے ترک لباس سے
خلعت کو میرے چاہیے کشتی فقیر کی

ہستی مری زمانہ مین ہے جا بجا گو مگو
تصویر ہون تری دہن بے نظیر کی

پہنے جو پھول ماہ رخان صبیح نے
بہتی ہوئی ہے صاف کف جوی شیر کی

اے روشنی طبع تو برمن بلا شدی
سید ہی کہی تو ہو گئی اولٹی کبیر کی

شام شب وصال سحر ہوگی بات مین
قلعی کھلے گی آئینہ چرخ پیر کی

ہوگا یہ اضطراب جو میرا مزار مین
کس طرح آنکھ ٹھہرے گی منکر نکیر کی

ہر غم مین روح مانگتی ہے جسم سے مدد
دیتا ہے بادشاہ دوہائی وزیر کی

میخوارون پر ہے سایہ فگن رحمت خدا
چھتری لگا کے پھرتے ہین ابر مطیر کی

خالق نے خاکسار کو اپنے کیا لطیف
مٹی کی عطر مین مری مٹی خمیر کی

یکسان ہوا اخیر کو انجام جزو و کل
میزان برابر آئی قلیل و کثیر کی

کوڑی سے مول اطلس گردون کا ہے مجھے
مردون کے آنکھ مین نہین حج سے پیر کی

سودا ز لف یار سے پیدا ہو کے طلسم
مار سیہ بنا جو جنون مین لکیر کی

آئے ہو آفتاب قیامت کے بھیس مین
پہیلی ہے دہوپ جلوۂ حسن شریر کی

دریا سے گھٹے جو آنسوونکو قطرے بڑہ گئے
کثرت قلیل کی ہوئی قلت کثیر کی

مجھسے ہی میری طبع کو ہین سرد مہریان
شاید سبب ہے عنصر و نمین ہوا ز مہریر کی

پہرے ہجوم آہ و فغان سے نپائی راہ
اولٹی پہری گلے کو صدا ہمصفیر کی

ایمان فروش ہونگے خریدار سلطنت
دنیا نہین دکان ہے تاج و سریر کی

جاتا ہے کوئی کعبہ کو بتخانہ کو کوئی
منزل جدا جدا ہے ہر اک راہ گیر کی

تار نگاہ دیدۂ یعقوب تار ہین
یوسف کا پیرہن کفنی ہے فقیر کی

صحن زمین سے رو دنیکا طوفان اوڑا
موجین گئین فلک کو نقوش حصیر کی

سایہ ہے دام زلف کا بازوی صاف پر
مچھلی تمہارے جال مین ہی جوی شیر کی

کیا ہم کو لطف زیست کہ مرتے ہین آپ پر
حالت تمام عمر سے وقت اخیر کی

جام جہان نماست ضمیر منیر دوست
ساقی سے کچھ چہپی نہین حالت منیر کی

غزل

دل عشاق سے حسن قد و عارض کی شہرت ہے
ہمارے سینہ کوبی نوبت صبح قیامت ہے

میسر عاشقونکو حسن روز افزونکی دولت ہے
زر گل کا نہین توڑا اگر بلبل سلامت ہے

دل وحشی بسان کشتۂ شمشیر حسرت ہے
ہمارا قالب خاکی نہین مجنونکی تربت ہے

وفور خون پا ہی بیڑیونکے حلقہ حلقہ مین
ہمارے خانۂ زنجیر مین یاقوت کی چہت ہے

ازل سے ہے سیہ روزی تری وحشی کی قسمت مین
مرا سر ہے وہ نافہ جسکے اندر مشک ظلمت ہے

پتا کیا پوچھتے ہو غافلو گورِ غریباں کا | سواد اس شہر پرساں کا دودِ شمع تربت ہے
چہ مطلب ہے پھرتے ہیں ہمیشہ وہ دلِ وحشی غم پر | ہمیشہ چار کی کاندہو مقامِ اہلِ غفلت ہے
تونگر اپنے سامانِ طرب پر ایسے غافل ہیں | کہ ہر نقارخانہ میں نفیرِ خوابِ غفلت ہے
نہیں شمع پروانہ ہوں جسکو جنوں کا غل ہے محشر میں | کفِ میزان میں بھی میری لحد سنگِ ملامت ہے
ملایا ہے فلک نے خاک میں کیا کیا صبیحوں کو | مری نظروں میں جو ذرہ ہے وہ کا نورِ صباحت ہے
شبِ ہجراں بسر ہوتے ہوئے دیکھی نہیں ہمنے | سفیدی بیضۂ عنقا کی شاید صبحِ فرقت ہے
مریدِ حسنِ جاناں شمعِ مہ کو ہم سمجھتے ہیں | مگر فانوس گردوں آستیں دستِ بیعت ہے
خجل ہے میکدہ اتنا ہماری روسیاہی سے | کہ ہر شیشہ نظر میں قطرۂ اشکِ ندامت ہے
سمجھتا ہوں نہیں خودبینی کو بدتر سنگساری سے | بتِ پندار میری نظروں میں سنگِ ملامت ہے
لگا دے سبزۂ رخسار کی تصویر رضواں نے | بتوں کا طوطیِ خط سبزۂ دیوارِ جنت ہے

منیر اس گھر میں آکر حشر تک باہر نہ نکلے ہم
جو دیکھا چشمِ باطن سے لحد گنجِ قناعت ہے

غزل

تمہاری زلف رخ کا لطف ہم اے مہ لقا سمجھے | اسے بالِ آئینہ کا اور اسکو آشنا سمجھے
اگر اس صاف بھبتی پر سے سوبر ہم تو جانیں وہ | کسوٹی زلف کو عارض کو ہم لوحِ طلا سمجھے
سیہ قلبوں کی صورت کہوں کی باتیں کیوں کریں قیبہ | پری چہرے کو سمجھے زلف کو کالی بلا سمجھے
وہ دیوانہ ہے جو آسیب سے تشبیہ بچا دے | اسے ہم دولتِ حسن اور اسکو اژدہا سمجھے
خزانہ زر و روپے سے سانپ ابر زیر کہا ہیں | گہن زلفوں کو عارض کو مہ بیضا سمجھے
لگائیں داغ اس تشبیہ سے ہونٹوں کو کیوں ناحق | دہواں سمجھے اسے اور اسکو شمع مدعا سمجھے
معاذ اللہ ہم کیونکر جلی چیزوں سے نسبت دیں | بنفشہ اسکو اور اسکو گلِ باغِ وفا سمجھے
جو اس تشبیہ سے بھی ہو پریشانی طبیعت کو | اسی کا نور سمجھے اسکو مشکِ جانفزا سمجھے

اگر نازک مزاجی سے نہو منظور نسبت — شب قدر اوسکو سمجھو اور اوسی بدر الدجا سمجھو
اگر گھٹتی ہو قدر حسن اس تشبیہ ناقص سے — اسے شام مراد اوسکو چراغ مدعا سمجھے
عجب اندھیر ہے جی جل رہا ہے ایسی بلی تو نہی — اسے دریاے خوبی اور اوسے موج صفا سمجھے
نہین کچھ آبرو اسمین بھی لف روے زیبا کی — اسے آئینۂ دولت اوسے بال ہما سمجھے
جو یہ تشبیہ بھی گیسو عارض پر نہو صادق — شب معراج اسکو اور اوسی نور خدا سمجھے
غزل یہ نظم کی فرمایش نواب سے مینے — تصور اوس کا ہے میری فکر کو جو نارسا سمجھو

منیر ان ساری تشبیہوں کے بعد اب اور کیا کہیے
اسے قرآن اوسے سطرین اگر سمجھے بجا سمجھو

غزل

وہ زلف ہوا سے مجھے برہم نظر آئی — اوڑتی ہوئی ناگن قد آدم نظر آئی
ہے پنجۂ رنگین مین ہمارا دل بیتاب — یہ آگ تو سیماب سے باہم نظر آئی
آغاز مین ہستی کی اجل آگئی اے دل — جو چیز موخر تھی مقدم نظر آئی
شبنم کی سے انگیا تلے انگیا کی پسینا — کیا لطف ہے شبنم تہ شبنم نظر آئی
مجروح کیا الفت ابرو نے دم حج — محراب حرم ناخن ضیغم نظر آئی
اونی سے یہ پیچان سراپا کی لطافت — پیرہامین تری حور مجسم نظر آئی
زنجیر کے پہننے سے ہوا قیدیون کا نام — ہر ایک کڑی حلقۂ خاتم نظر آئی
توبہ کی مگر نشہ سے اوس حور شیم نے — کیون آتش مے نار جہنم نظر آئی
تم بالونکو کھولے ہوے گلشن مین جو آئی — ہر شاخ شجر زلف نمط خم نظر آئی

بدظن نہو کس طرح منیر آج خدارا
مسکی ہوئی اے بت تری محرم نظر آئی

غزل

مرغ جنوں تنکے اٹھا سے مسکن بنائینگے
شاخ غزال شاخ نشیمن بنائینگے

مرکر بھی میکدہ ہی میں مسکن بنائینگے
مینا ہی مے کو گنبد مدفن بنائینگے

گلشن میں گیسوے بت پر فن بنائینگے
موج نسیم صبح کو ناگن بنائینگے

دو ور دہن کو خاتم زر سمجھیگا جہان
اکسیر کا ترسے لیے منہ بن بنائینگے

باریکیاں جراحت مژگانکی دیکھ کے
عینک برای دیدہ سوزن بنائینگے

قاتل سے بسملونکو علاقہ ضرور ہے
سیلی چھری کی شہرگ گردن بنائینگے

وصف سمی میں خامہ بنیگا جو موج دود
شاعر دوات کو گل سوسن بنائینگے

مرنیکے بعد صحبت گردش وہی رہی
لوح مزار سنگ فلاخن بنائینگے

نقاش ہمارے طور سے آئین کی چراغ
تصویر یار کے لیے روغن بنائینگے

برباد ہونے پر بھی کٹرا پن جو کہا نیکو
دشمن ہوا میں قلعہ آہن بنائینگے

سرخی تری کتاب کو اسے ترک چاہیے
شنجرف خوان گاؤ برہمن بنائینگے

دشمن کے ساتھ دست لائینگے تیری پاس
قشقہ اب کو رفیق برہمن بنائینگے

عیسی تمہارے خمیونکے جسم زار کے
پلکیں برای دیدہ سوزن بنائینگے

ہنس ہنس کے کہتے ہیں خط عارض کو دیکھ کے
ہم صاعقہ کو حافظ خرمن بنائینگے

لکھنے میں ہم کو وصف تشبیہا خستہ کے
خامہ بدوں منقط قط زن بنائینگے

دروازے پہ ٹھہری نظر انتظار کی
منگواکے بجلیاں تری چلمن بنائینگے

جلوے سے بھی رہی جو بتان فرنگ کے
ٹھنڈی سڑک کو وادی ایمن بنائینگے

مستی لگا کے آپ لکھینگے جو ہمکو خط
نامہ کی مہر کو گل سوسن بنائینگے

رکھیں گے پھر کسی سے ملاقات ظاہری
جنمیں یہ ہے منیر کو دشمن بنائینگے

غزل

آنکھین خدا نے بخشی ہین رونیکے واسطے
دو کشتیان ملی ہین ڈبونے کے واسطے

عریان چلو نہین قبر مین سونیکے واسطے
کافی ہے مجکو پوست بچھونیکے واسطے

کشتون کے کھیت مین جو حضور آج ہنس پڑے
موتی کے دانے ملگئے بونیکے واسطے

نیند اوڑگئی ہے رنگ طلائی کی یاد مین
پارس کا سرہانا ہے سونیکو واسطے

افسونسی سامری کو جلاتے ہین وصل مین
جادو جگا رہے ہین وہ ٹونیکے واسطے

تڑپا ہین خاک پر تو کیا چرخ نے کرم
بجلی گرائی میرے بچھونیکے واسطے

خوابیدگان خاک ہین گریان مزار پر
سوتونکی آنکھین کھل گئین رونیکے واسطے

پگھل کے مرگیا ہون کہ میرا کفن تمام
جالا بنا ہے قبر کے کونے کے واسطے

جیتا ہے سبکو موت ہے تصویر کیطرح
نقشے کھچے ہوئے ہین نہ ہونیکے واسطے

سنگین دلسے چھپتی نگونکی ہے چمک
سنگ محک ضرور ہے سونیکے واسطے

گویا زبان ہون دہن روزگار مین
کیا کیا مزے ملے مجھے کہونیکے واسطے

نقش نگین مہر مرا نقش آب ہے
پیدا ہوا ہون نام ڈبونیکے واسطے

دانتون کے عشق مین یہ ہوا غرق لاغری
دوڑا ہون موتیون کے پرونیکے واسطے

چٹکی لگی ہے بوسہ حسن ملیح کی
زخمون کے منہ کھلے ہین سلونیکے واسطے

میلا ہے فرش پر تو میان آج میکشو
لاؤ شراب چاندنی دہونیکے واسطے

شاید کرینگے چشمۂ خورشید مین وہ غسل
شبنم چلی ہے پانی سمونیکے واسطے

اوس حسن پر نمک ہین عجب یہ نمو خط
دیکھا ہے سبزہ ہم نے سلونیکے واسطے

قارون کا بھی خزانہ لٹا دیجئے منیر
ممسک کا مال لوٹیے کھونیکے واسطے

غزل

ثابت رہا فلک مرے نالون کے سامنے
ٹھہری سپر حباب کے بھالون کے سامنے

موسٹی ہین غش مین گیسوؤن والونکے سامنے
گل ہے چراغ طور بہی کالونکے سامنے

پہولونکا رنگ زرد ہے گالونکے سامنے
سنبل مین بل نہین ترے بالونکے سامنے

رکہوائے جہاڑ اوس نے سہالونکے سامنے
قلمین لگین بلور کے ڈالونکے سامنے

جاتا ہون جب خزان مین سہالونکے سامنے
آنکہونسے نہرین بہتی ہین تہالونکے سامنے

پہولے شفق تو زرد ہو گالونکے سامنے
پانی بہرے گہٹا ترے بالونکے سامنے

تارے ہوے غروب خط و خال دیکہ کر
گوروں کے پاؤن اوٹہ گئے کالونکے سامنے

آنکہو نمین پہرتے مین نہین آتی ہین روبرو
پردے پڑے ہین دیکہنے والونکے سامنے

دیکہا ہے عاشقون نے برہمن کی آنکہ کر
ہر بت خدا ہے چلنے والونکے سامنے

چہٹ جائینگے اسیر چہپا زلف خم بخم
کٹتی ہین بیڑیان ترے بالونکے سامنے

بیتاب دست شوق ہین جوبن کے روبرو
بوسہ مین جان بلب ترے گالونکے سامنے

افراط مے سے مجکو یہ جوش سرور ہے
بجواؤن جلترنگ مین پیالونکے سامنے

جلد بدن سے ہے تختۂ مشق سپاہ غم
رہتی ہے یہ کتاب رسالونکے سامنے

آنکہین تمہاری دیکہ کے کچہ سوجہتا نہین
بہولا ہون چوکڑی مین غزالونکے سامنے

دروازہ پر بتون کے لگایا کئے الاؤ
ہولی جلائی ہمنے شوالونکے سامنے

زلفو نمین دیکہتا ہون ترا چہرۂ صبیح
لبریز جام شیر ہے کالونکے سامنے

تیری گدا سے بند ہے عالم کا ناطقہ
آتے نہین جواب سوالونکے سامنے

کہینچے بتون اپنی طرف زاہدونکے دل
قبلہ نما پہرے ہین شوالونکے سامنے

چوری سے بوسہ کف پا لین جو اے پری
ہونٹ اپنے چوم لون ترے گالونکے سامنے

پونہچا فلک کو فقر کا رتبہ حضور عیش
کمل چڑہے ہین چرخ دوشالونکے سامنے

اہل کتاب ہین صف مژگان کے روبرو
کاغذ کے دستے آرہے سالونکے سامنے

فیاض سائلونسے نہین کرتے سرکشی
شیشونکے سر جہکے ہین پیالونکے سامنے

دست جفا اوٹھائین گی کیا جسم زار پر — کاٹتا ہون تیغ ناز کے چھالونکو سامنے
سینے کو حسن گرم نے پارہ بنا دیا — آئینے اوڑ گئے ترے گالونکے سامنے
تیغ نگہ کو موتیونکی آب چاہیے — آئینہ رکھ کے دیکھیے چھالونکے سامنے
جلتے رہے ہیں تیونکی حضور مین شمعرو — پریان ستی ہوئی ہین شوالونکے سامنے
چشمون پہ لگائی ہین ہمت نے گوٹیان — توڑے ہوئے ہین شیر غزالونکے سامنے
جادہ بنیت بنا مری وحشت کے فیض سے — گوشے سے کے گوکھرو ہوئے چھالونکے سامنے

میرے ہنر کا کوئی نہین قدردان منیر
شرمندہ ہون مین اپنے کمالونکے سامنے

غزل

سخت جانی کا صحیح افسانہ ہے — شاہد تیغ زبان دندانہ ہے
مقتل عالم مرا ویرانہ ہے — دیدۂ بسمل چراغ خانہ ہے
شمع روشن عارض جانانہ ہے — خال مشکین شمع کا پروانہ ہے
دل مین عکس چہرۂ جانانہ ہے — آئنہ کا آئینہ مین خانہ ہے
کون دنیا مین رہے دیوانہ ہے — ایک اوجڑا سا مسافر خانہ ہے
تیری محفل کعبہ ہے اے شمعرو — طائر قبلہ نما پروانہ ہے
آنکھین ملتا ہون تمہاری زلف سے — پنجۂ مژگان برنگ شانہ ہے
شمع رویون کی تجلی دیکھیے — کرمک شب تاب ہر پروانہ ہے
آب خنجر کیا شراب ناب تھی — رقص بسمل لغزش مستانہ ہے
خلق عالم کو یہ سمجھتا ہے گزند — نفس آمارہ سگ دیوانہ ہے
بادہ نوشان ازل ہین سیر چشم — جس طرف دیکھین اودہر میخانہ ہے
ابر آتا ہے تو بکتی ہے شراب — نقد رحمت حاصل میخانہ ہے

ایک تیرے نام کا کرتا ہون ذکر
مجھکو ورد سبحۂ یکدانہ ہے

کہاتے ہین انگور پیتے ہین شراب
بس یہی مستون کا آب و دانہ ہے

کس طرف کرتے ہو سجدے زاہدو
کعبہ ایک اوجڑا ہوا بتخانہ ہے

چشم موسیٰ کے ہون پردے کا نئین
لن ترانی کا بیان افسانہ ہے

ٹھنڈے ٹھنڈے سوتے ہین زیر زمین
گور اپنے واسطے تہ خانہ ہے

کیا سنے سودا ترا اے خود فروش
مول جو ہے ہمنے کہا بیعانہ ہے

دیکھتے ہین بت مری جبیا سیان
سر جھکنا سجدۂ شکرانہ ہے

کیا ترا آئینۂ رو صاف ہے
زنگ جسمین سبزۂ بیگانہ ہے

خوب تعزیر گناہ عشق ہے
نقد جان لیتا یہان جرمانہ ہے

گرم نالے سرد ہین اے ہمصفیر
ظاہرا کنج قفس خسخانہ ہے

کی مے مفت آج قاضی نے حلال
فی سبیل اللہ ہر میخانہ ہے

اختلاط اپنے عناصر مین نہین
جو ہے میرے جسم مین بیگانہ ہے

کیا سمندر کو دکہائین گرمیان
دوزخ اپنا ایک آتشخانہ ہے

ہوگئے مثل سلیمان اہل عشق
اے پری کیا ہمت مردانہ ہے

دل ہے آئینہ تو اسکندر ہو نہین
حسن کی دولت مرا نذرانہ ہے

عرش تک گردون سے دیکھا اے صنم
سات زینہ کا یہ بالاخانہ ہے

کہیل جاتے ہین ہزارون جان پر
عشقبازی بازیٔ طفلانہ ہے

جان دیتا ہون مگر آتی نہین
موت کو بھی ناز معشوقانہ ہے

پاتے ہین نقد زر گل بے حساب
باغ عالم اوسکا دولتخانہ ہے

آج ہے محو شناوہ شمعرو
ہر پریا ہی پر یہ پروانہ ہے

دل کہان یہ نفس امارہ کہان
آئینۂ پیش سگ دیوانہ ہے

عفتِ مشاطہ کس سے ہو بیان
پنجۂ مریم تمہارا شانہ ہے

میکدہ سے کے کام دلسے لیجئے
خم کا خم پیمانہ کا پیمانہ ہے

لکھنؤ کا مجھکو سودا ہے منیر
دل حسین آباد پر دیوانہ ہے

غزل

دہیان بتخانہ کا ہے کعبۂ ایمان ہوئے
یاد ہے روئے صنم صوت قرآن ہوئے

لطف اے پنجۂ وحشت کہ گریبان ہو تنگ
مدد اے خضر جنون راہِ بیابان ہوئے

چمن کوچۂ جانان کے جو افسانے سنو
شیخ سعدی بھی حکایاتِ گلستان ہوئے

محو یادِ لبِ جان بخش ہے برسون تک
حضرت خضر رہِ چشمۂ حیوان ہوئے

تیری رفتار اوڑاتا ہے مجھے کھٹکا ہے
چال اپنی نہ کہین کبک خرامان ہوئے

آبِ کوثر نہ پیا میوۂ جنت کھایا
بوسہ ہونٹھونکا لیا چاہِ زنخدان ہوئے

قتل کرکے مری لاشیکو کفن بھی نہ دیا
سر مرا یا درہا پر سر و سامان ہوئے

خار خارِ دلِ وحشت زدگان جب دیکھی
صاف اپنی خلشین خارِ مغیلان ہوئے

خود فراموشونکو تکلیف بہت دیتا ہے
اپنی گردش نہ کہین گنبدِ گردان ہوئے

یہ تو فرمائیے چاند آج کدہر نکلا ہے
کس طرف راہ تم ایماہِ درخشان ہوئے

وحشتِ دلسے پریشان ہوئے ہین اعضا
اے پری جبسے تری زلف پریشان ہوئے

لب لعلین پہ اگر پان کی دیکھے لالی
کشتنین جسقدر فونگی یاقوت رقم خوان ہوئے

دیدۂ غول سے ہمچشم ہی ہر جوہرِ تیغ
راہِ جنت نہ کہین روحِ شہیدان ہوئے

طاقِ نسیان سے بہت بڑہ کے ہی طاقِ ابرو
عاشق اوس کا نہین جو سجدۂ یزدان ہوئے

اے صنم مصحفِ رخسار جو تیرا دیکہا
صاف آموختہ اطفالِ دبستان ہوئے

جب سے خورشید کی صحبت ہوئی ہے منیر
فکر اشعار تو کیا فکرِ تن و جان ہوئے

غزل

فصل بہار آئی ہے پیمانہ چاہیے — بلبل کے ساتھ نعرۂ مستانہ چاہیے

عشاق شمع حسن کو کیا کیا نہ چاہیے — پرواز رنگ کو پر پروانہ چاہیے

پیری میں رات دن ہمیں پیمانہ چاہیے — رعشہ کے بدلے لغزش مستانہ چاہیے

وحشت میں بات عقل کی سننا نہ چاہیے — کانوں میں پنبۂ کف دیوانہ چاہیے

کنگھی بناؤں چوب عصاے کلیم کی — تسخیر مار گیسوے جانانہ چاہیے

دریاے وحدت چمن دہر سے ہمیں — دُرِّ یگانہ سبزۂ بیگانہ چاہیے

آب و غذاے عاشق زندان محال ہے — روز آب و دانۂ دُرِّ یکدانہ چاہیے

میں سائل کمال جنون ہوں مرے لیے — کچکول کاسۂ سر دیوانہ چاہیے

اسرار حق ہیں دلمیں مگر دل ہے بیخبر — اس گنج کے لیے یہی ویرانہ چاہیے

سیر بہشت چاہیے ہیں نشہ میں مدام — مستونکو چشم حور کا پیمانہ چاہیے

گو بے نقاب رہتے ہو پر دلمیں ہی حجاب — در پردہ ہم سے آپ کو چھپنا نچاہیے

عاشق بناکے ہم کو جلاتے ہیں شمع رو — پروانہ چاہیے نہیں پروانہ چاہیے

اے پیر مے فروش در توبہ کی طرح — وا روز حشر تک در میخانہ چاہیے

تا مرگ آشنا نہوا ایک سبزہ رنگ — تربت پہ اپنی سبزۂ بیگانہ چاہیے

دشمن ہے وہ تو تم بھی نہو دوست اے منیر
اپنا برا نچاہے اچھا نچاہیے

غزل

بے مانگے جام دلمیں لبالب شراب ہے — کاسہ فقیر کا قدح آفتاب ہے

تا پائدار خلقت دہر خراب ہے — گھر ہوا اگر فلک کے برابر حباب ہے

آہ شرارہ بار سے دل نقش آب ہے — جس میں ہوا ہو گرم ہے پر وہ حباب ہے

جنت زبون ہے کام مرا نقش آب ہے
منزل مرے ستارہ کی برج حباب ہے

کیا آج کل سے گردش جام شراب ہے
اول سے دورہ قدح آفتاب سے ہے

تازہ مرے مسیح کو ذوق شراب ہے
بریان اب آفتاب سے مرغ کباب ہے

سوز خیال گیسو پر پیچ و تاب ہے
پہلو مین دل نہین یہ شامی کباب ہے

دریا مین ہے ثباتی عالم کو دیکھ لے
جام جہان نما سے زیادہ حباب ہے

دل ٹکڑے ٹکڑے ہے مئے الفت کے جوش سے
شیشہ کو توڑ دیتی ہے یہ وہ شراب ہے

کہلتا نہین ہے اسکے وجود و عدم کا حال
سچ پوچھئے تو عقدہ لاحل حباب ہے

افراط مے کشی سے خم بادہ بن گیا
بدلے لہو کے میرے بدن مین شراب ہے

مجکو بتا رہا ہے ترے گھر کی راہ غیر
شیطان آج ہادی راہ ثواب ہے

اہل فنا کو رنج رسائی سے فائدہ
دل توڑنا کسیکا شکست حباب ہے

کیا ہوسکے خضر زندگی مستعار پر
آب حیات مین بہی فنائے حباب ہے

روشن ہوا ہے نام زمین آسمان مین
کیا آفتاب آپکی مہر خطاب ہے

ہے گورے گورے گالون مین سرخی بہار کی
غازہ تمہارے چہرے کو رنگ شباب ہے

پر تو فگن رہا ہے جو تا صبح روئے یار
آئینہ مین جلا ہے شب ماہتاب ہے

دریا دلون سے جاہ و حشم کو کہان ثبات
موجون کی چوب دشمن کو بس حباب ہے

ہم بادہ کش ہین عالم بالا کی ہر پرست
اونکے ہاتھ مین قدح آفتاب ہے

کس کس بت امیر کا عاشق ہون یا خدا
ہر داغ میرے سینہ مین مہر خطاب ہے

مرکر بھی ہین بتون کے دلون کا غبار ہون
کعبہ مین دفن عاشق خانہ خراب ہے

پہر جہان مین اہل فنا در دست ہین
دنیا مین جو حباب ہے چشم پر آب ہے

چن چن کے خال یار کے مضمون لکھئے
نقطہ مری غزل مین جو ہے انتخاب ہے

مرتا ہے وہ بلا سے تبھی ہم جنکو تم اے بتو
اللہ کی جناب تمہاری جناب ہے

میٹھی بھری ہین آپ کی شیرین کلامیان — تلوار کا حضور کے منہ مین لعاب ہے
دہو دہو کے پانون گلبدنون کی پیا کیا — میری زبان ماہیئے نہر گلاب ہے
آئینہ رو کوئی مرے دل سے نہین ہے صاف — مدت ہوئی کہ آئینہ خانہ خراب ہے
کوڑا لگاؤ توسن باد بہار کو — قمچی تمہارے ہاتہ مین شاخ گلاب ہے
ہے میری قبر پر نگہہ گرم آپ کی — اپنا غبار تودۂ تیر شہاب ہے
کیا احتیاج شہر عدم کو حصار کی — بیفائدہ کمر مین حسینون کی داب ہے
دیکھا جو اوس مین منہ ہوئی شمشیر ناز تیز — قاتل کے آئینہ مین بہی خنجر کی آب ہے
جز گریہ اور کچھہ نہین پاتا مین تیرہ روز — بخت سیہ نہین ہے الٰہی سحاب ہے
جز و ضعیف کو بہی سمجھتے ہین ہم قوی — ہر پشۂ حقیر نظر مین عقاب ہے
اللہ رے ناتوانون کی نازک دماغیان — درد سر انکو باعث بوئی گلاب ہے
تار شعاع بن کے گرآتی ہے نظر — کیا تیری گردنی مین زر آفتاب ہے
دہوکا ہے ساری خشک و تر روزگار مین — دریا اگر حباب سے ہے صحرا سراب ہے
پیری عبث چڑاتی ہے وقت اخیر مین — ہم صحبت ایک عمر کا عہد شباب ہے
آب روان کا رونے نے بخشا ہی پیرہن — زیبندہ میرے سر کو کلاہ حباب ہے
پیری مین ہے کمال سیہ کاریون کا شوق — ریش سحر کو حاجت رنگ خضاب ہے
بیت الشرف ہے ساغر مے سے مرا مکان — برج حمل مین طاق شراب آفتاب ہے
حوروشی سے دم خفا ہے ہمارا بہشت مین — سچ ہے کہ غیر جنس کی صحبت عذاب ہے
کرتا نہین نگاہ ادہر غیر کے سبب — ابلیس آج مالک تیر شہاب ہے
مہمان گہر مین چور ہے سوتی ہین پاسبان — دل مین خیال یار ہے آنکھون مین خواب ہے
خود بینیون کی دہوم ہے تا چرخ اے پری — آئینہ تیرے دیکھنے کا ماہتاب ہے
پردہ کی احتیاج نہین تجکو اے پری — دامن شعاع حسن کا جائے نقاب ہے

قطرہ ہین عرق کے گل رخ پر رنگ عطر
ان موتیون مین آب کی بدلے گلاب ہے

مدت ہوئی کہ گور مین لٹکی ہوئی ہین پاؤن
اپنے ہی گھر مین آپ مجھے پا تراب ہے

دیوانون سے گریز ہے اوس شہسوار کو
چشم پری مگر عوض ہر رکاب ہے

نام بتان لیا ہے نکیرین سے گے حضور
کیا سخت شیشہ سوال کا پتھر جواب ہے

در وزبان ہین اہل زبان کو حکایتین
دروازہ تیرے گھر کا گلستان کا باب ہے

ستی دہان تنگ مین ملتے ہین جبین
شاید عدم کی لوگون کو ذوق خضاب ہے

حیرت نے دونکو فکر نہین انقلاب کی
تصویر کے اجارے مین عہد شباب ہے

جولانگہ جہان مین نہین جائی بود و باش
ہر شہسوار دیکھیے پا در رکاب ہے

برباد ہے کہین تو کہین ہے غبار دل
کیا میری مشت خاک کی مٹی خراب ہے

کیا کہو لون پردہ شیخ و برہمن کے حال کا
الحمد ہے حجاب مین بت بے حجاب ہے

کھینچا کسی نے عطر کسی نے اوڑا دیا
مٹی میرے غبار کی کیسی خراب ہے

قندیل مین چراغ قمر کی ہے روشنی
جالی کی تیرے چہرے پر ای بت نقاب ہے

رنگت بدل گئی کف ساقی مین دیکھیے
پہولون کی یہ چہڑی ہے کہ سیخ کباب ہے

انجام دیکھیے نہین دیوانون کا کبھی
شاید کہ نا تمام جنون کی کتاب ہے

الحمد ہی ہماری تلون مزاجیان
بت کو خدا سمجھتے ہین کیا انقلاب ہے

حصہ مین بادہ خوارون کی ہو رحمت خدا
میخانہ کے دہوئین سے وجود سحاب ہے

پڑھتے ہین فاتحہ مری تربت پہ آشنا
لوح مزار صفحۂ ام الکتاب ہے

کیا احتیاج ہے تری کاکل کو دو زلف کی
سر رشتہ حیات مین کیا پیچ و تاب ہے

انجام دیکھتا ہون مین آغاز عشق مین
خط بہ مین کیا لکھی ہوئی ساری کتاب ہے

اصلاح خاص حضرت ناسخ سے ای منیر
میرے گمان مین یہ غزل لاجواب ہے

ہر گز نہ ہوؤن سگ طالب اکسیر منیر

اکسیر ہم کو خاک در بوتراب ہے

جینا خلاف وضع بسان ممات ہے　　اے خضر آبرو سے بچے آب حیات سے

ان روزوں لطف حسن پہ آؤ تو بات ہے　　دو دن کی چاندنی ہے پھر اندھیاری رات ہے

پریوں کو وحشیوں کی طرف التفات ہے　　افسانۂ جنوں یہ نہیں حاضرات ہے

ہے خضر بھی اسیر عجیب واردات ہے　　وہ زلف دام ماہیٔ آب حیات ہے

رطب اللسان ترا چمن کائنات ہے　　شبنم نہیں لعاب زبان نبات ہے

ہر مدح سے غنی مرے خالق کی ذات ہے　　تعریف کائنات کی کیا کائنات ہے

شاعر ہوں ای منیر فنا سے نجات ہے　　ہر ایک بحر جدول رنگ ثبات ہے

موتی پروے بال میں جوبن کی بات ہے　　کیا پیاری پیاری تاروں بھری آج رات ہے

ہوتی ہے صبح دیکھیے تھوڑی سی رات ہے　　کروٹ ادھر کی لیجیے یہ کون بات ہے

دایم جیا کریں گے حسینوں کی حیرتی　　آئینۂ جمال میں آب حیات ہے

محروم تشنگان شہادت چلے گئے　　تیغ ادائے یار میں آب فرات ہے

اس لطف ظاہری کو سمجھتا ہوں خوب میں　　میری سنیں گے آپ یہ کہنے کی بات ہے

ہائے ہوش الفراق وہ جاتے ہیں شام سے　　اے جان الوداع یہ رخصت کی رات ہے

اوس سرو قد کی یاد دلاتی ہے رات بھر　　سولی پہ آئی یہ کہنے کی بات ہے

کس چال سے وہ جاتی ہیں دیکھو تو صبح　　دھڑکے کے آگے ہوئے ہیں قیامت کی رات ہے

قسمیں ہزاروں کھاتی ہیں ہم چھوڑتے نہیں　　قابو میں آگئے ہو نکلنے کی گھات ہے

پھر ٹالتے ہیں وعدۂ فردا پھر آج آپ　　اک حشر ہو چکا ہے ابھی کل کی بات ہے

مقتل میں عاشقوں کو بلایا ہے یار نے　　ہے روز حشر جائزہ کائنات ہے

رنگت ہے مہندی کی تری ہاتھوں میں سبز دل　　شاید یہ خون طائر رنگ ثبات ہے

دیدار کا مزا نہیں بال اپنے باندھ لو　　کچھ مجکو سوجھتا نہیں اندھیاری رات ہے

دیوانہ تیرے حافظ شیراز کیوں نہو
شاخ غزال دشت میں شاخ نبات ہے

مہر گو نہ ہنسنے سے ہیں جو الجھتا ہو کہتی ہیں
باقی ہے ایک زلف ابھی آدھی رات ہے

آہوں سے ہے فروغ مری بزم نیست میں
آندھی سے روشنی چراغ حیات ہے

پردہ زمیں کا ہے کیا روزگار میں
ہے خیمۂ سپہر مگر بے قنات ہے

جاتا ہوں میں چپا سے گھر کو چلے حضور
طیاریاں ہیں کوچ کی تھوڑی سی رات ہے

کرتے ہیں سب صفات کی پردہ میں گفتگو
مہر دہان خلق ترا اسم ذات ہے

اللہ کے بھی لفظ میں نقطہ کہیں نہیں
حقا کہ لا شریک لہ تری ذات ہے

افشاں کی بھی چمک نہ رہی اب نہ شانے
بے نور تارے ہو گئے تھوڑی سی رات ہے

روشن ہے نور حق سے شبستان باغ دہر
ہر گل چراغ قافلۂ مدرکات ہے

ہم روسیاہ الجھے ہیں سگ کے جھپٹنے پھر
منہ سے اوٹھاؤ زلف سیہ چاند رات ہے

گل چیں نے کہا کے مالک کو نہیں ننگ بھی
چھلہ بتوں کا دائرۂ کائنات ہے

پرچھائیں تک تو حور مجسم ہے آپ کی
کتنا بدن سڈول ہے کیا خوش گات ہے

حوریں کہاں سے لائیں رخ و زلف و قد حبیب
اسواسطے بہشت میں دن ہی نہ رات ہے

ملجاتی ہیں نگاہ تو چہرے سے خاک میں
سیل فنا تری نظر التفات ہے

سرد ہو رہے ہیں جو ہیں نہ ہنو نکا کس طرح
کیا گھر سے کوئی نکلے کہ ساون کی رات ہے

پیتا ہے منہ لگا کے وہ شیریں دہن شراب
شیشہ ہر اک کوزۂ قند و نبات ہے

وہ منہ سے منہ ملا کے سناتے ہیں گالیاں
لڑتی نہیں زبان لڑائی کی بات ہے

سودائے زلف یار میں گل کھائے شیخ نے
گور کے پھول پھولی دوالی کی رات ہے

لالہ سے لیکے تا بہ شفق سرخ پوش ہیں
شاید شہید تیغ ستم کی برات ہے

پھر کیا مزا جو ڈھونڈھ نکالیں عدم میں ہم
اپنا دہن تم آپ بتاؤ تو بات ہے

اے صبح ہجر میرے ستانے سے فائدہ
للہ آج وصل کی پہلی ہی رات ہے

میں چاہتا ہوں اور کسیکو خدا کی شان ——— چپ رہیے بس یہ آپ کی کہنی کی بات ہے
سچ تو یہ ہے تم آج پریزاد بن گئے ——— سایہ سے بھاگتے تھے ابھی کل کی بات ہے
حیرت ہے جسم زار کو تشبیہ کس سے دوں ——— موئے کمر بتاؤں تو موٹی سی بات ہے
نوکر ہیں ہم قدیم سے غنچہ دہانوں کے ——— گنجینہ ہائے غیب پر اپنی برات ہے
دنیا لٹاؤں آنکھیں بچھاؤں جو آ گئے ——— اپنی یہی بساط یہی کائنات ہے
وصف دہن میں لکھتے ہیں تشبیہ غیب کی ——— فیض اثر سے بیضۂ عنقا دوات ہے
صدموں نے کیا سمجھ کے گھلایا مرا بدن ——— کیا نقد زیست داخل حکم زکات ہے
پٹلے ہیں کو آج اگر کچھ کمی کرے ——— اے دست شوق وصل کی پہلی ہی رات ہے
مستوں کو کردگار نے آزاد کر دیا ——— اے شیخ کسکو نشہ میں حکم صلوٰت ہے
میرا لہو پئیں جو چھپائیں حنہ ریاں ——— خلطے کی رات ہے کہ شب جونکی رات ہے
لکھتا ہوں شعر رحمت پروردگار کے ——— کہتے ہیں جسکو ابر وہ صوف دوات ہے
عشرت کا نام صحبت عشاق میں نہیں ——— اس گنجفہ سے بازی خاپچ برات ہے
ملتا ہے یار غرہ کی شب اس فقیر سے ——— یارب مرے گلیم سیہ چاندرات ہے
تحریر میں دکھاتے ہیں تقریر کا مزا ——— اپنا قلم زبان دہان دوات ہے
بوسہ نہ دینے کے لئے بنتے ہو دیں ——— جو کچھ کہو بجا ہے بن آئی کی بات ہے
گند ہوا کے چولی دھو چکے منہ ایک بوسہ بھی ——— خیرات آج حسن کی دو چاند رات ہے
جاتی ہے مفت دولت بیدار یار سے ——— للہ اٹھو جاگئے تھوڑی سی رات ہے
سے بہتر دوستوں کی جنازے کے ساتھ ساتھ ——— دولہا فقط سوار ہے پیدل برات ہے
یہ بیقراریاں ہیں تو بس جان بچ چکی ——— اے ہجر ہم ہیں اور ابھی ساری رات ہے
ہے اس غزل کا مصرعہ تاریخ اے منیر ——— زیبا عجب کلام ہے کیا خوب بات ہے

کلکتہ میں ڈاک میں جاتا ہوں اے منیر

فکر غزل ہے راہ مین کیا خوب بات ہے

دم گریہ جو خیال عرق رو ہو جائے
گیسوئے موجۂ سیلاب مین خوشبو ہو جائے

وہ بغل مین جو تو آسائش پہلو ہو جائے
دل بیتاب پہ اپنے کبھی قابو ہو جائے

خم مین جو رو کش ابروی جفا جو ہو جائے
غم سے تلوار یہ گھٹ جائے کہ چاقو ہو جائے

فقر کا حسن ہے جو عشق سر مو ہو جائے
اپنی درویش کی کملی شب گیسو ہو جائے

ممتحن جو خط رخسار جفا جو ہو جائے
سبزۂ تیغ بھی شرما کے لیالو ہو جائے

پاس ابرو کے جو گیسو ہون سلجھ جائین بال
ناخن تیغ سے وا عقدۂ گیسو ہو جائے

آپ کا وصل اگر ہو تو ملے لطف بہشت
زانو حور مرا تکیۂ پہلو ہو جائے

خاکسارون کی تواضع مین ہون خم گشتہ
قد مرا روئے زمین پہ بھی ابرو ہو جائے

اے پری دستۂ مژگان ہو ہمارا پیکان
کنگھی جاروب کش کوچۂ گیسو ہو جائے

روزن در ید بیضا ہو جو تو رکھے ہاتھ
دست موسی ترے دروازہ کا بازو ہو جائے

کفر و اسلام مین تولین جو حقیقت تیری
بتکدہ کیا کہ حرم سنگ ترازو ہو جائے

بادہ خواری جو کرے وہ صنم سحر طراز
دو دو میخانہ مجھے افعی جادو ہو جائے

کسقدر جوش صباحت ہے جو وہ گل ہنس دے
موج خندہ ابھی شاخ گل خوشبو ہو جائے

ناتوانی سے سراپا نظر آتی ہین رگین
سادہ کپڑا اسے مجھے پہنا تو آنسو ہو جائے

کفر و اسلام کے اسرار کھلے جاتے ہین
سب کا پردہ رہے پردہ [illegible] ہو جائے

تو بغل مین جو نہو عضو کرین نیش زنی
مچھلی ہر بازو سے عشاق کی بچھو ہو جائے

جانب آب روان آنکھ لڑائین جو حضور
آہو چشم ابھی خال لب جو ہو جائے

مین وہ دیوانہ دانا ہون اگر سو جاؤن
پنبۂ بالش سر مغز ارسطو ہو جائے

زلف اوس بت کی جو یاد آئی خدا گر پھر [illegible]
پوشش کعبہ سواد شب [illegible] ہو جائے

حورین زلفون سے محل چھپائین جو تم فرمائے
سبزۂ گلشن فردوس کی جاروب [illegible]

ہے ہوائے دم عیسے مری میخانہ مین
قطرۂ مے جو اُڑے جام سی جگنو ہو جائے

اسقدر ضیق معیشت ہی گلو گیر جہان
شیر مادر مین اطفال تو اجہو ہو جائے

کوئی زخم بدن اپنا نہ ہو یارب بیکار
ہر زبان دم شمشیر کو تالو ہو جائے

آنکھین گیسو سے معطر سے جو ملکر رون
مشک کے عطر کے شیشہ ہر آنسو ہو جائے

شوخ چشمون کی محبت کا مزا ہی وہ بلا
نبض بیمار کی موج دم آہو ہو جائے

گدگدا سے جو مجھے نالۂ مجیب کرون
کبھی ارگن کی ہر انگشت پر پر ہو جائے

مری وحشت سے شب غم مین اُڑین ہوش فلک
کہکشان نظرون مین موج رم آہو ہو جائے

کشش زلف جو کھینچے تن لاغر کو کبھی
سجدہ گاہ ریا سجدہ گیسو ہو جائے

مجکو رلوا کے وہ جلاد اگر کھیلے شکار
گولی بندوق کی ڈبل ڈبل کی ہر آنسو ہو جائے

وصف قد وصفۂ رخ صاف سی پہلو جو لکھون
سرو قامت الف آئینہ رو ہو جائے

پہنے وہ شمع شب وصل جو کاہی پوشاک
جہاڑ بلور کا شرما کے لجالو ہو جائے

موسم گل مین جو کھیلون مین لطا سی کا شکار
چنگل باز سے بڑہ کر کہین چلو ہو جائے

زلف منہ سے جو ہٹا دو دم گلگشت چمن
زر گل نقرۂ صبح شب گیسو ہو جائے

بال کو سے ہٹے پر اگر کھول دکر وہ خوش خال
سینلہ شرم سے اے صبح لجالو ہو جائے

ران پر چاند سے چہرے کا اگر عکس پڑے
چاندنی قلعی آئینہ زانو ہو جائے

سایۂ زلف صنم مین جو کرون یاد خدا
ہر نہانہ اپنی نماز شب گیسو ہو جائے

عطر پوشاک مین سے ملئے سر ساحل جو کبھی
کف دریا بہی حضور آپ کی چلو ہو جائے

سر کو وحشت مین جہکا کر مین بنا دون جو کبھی
صورت چشم پری کاسۂ زانو ہو جائے

سحر کی چال چلو تم دم گلگشت چمن
جو کلی بار بچے مین ہے گل جادو ہو جائے

حلقۂ زلف مین پہنس جائین جو کا ہیدۂ زلف
اے پری خانۂ زنجیر مین ہاتھو ہو جائے

حسن سے کہیل جھکے جائین اگر کہیلنے آپ
پہونک سی پرچہ اڑا دے بہی جگنو ہو جائے

سانپ کی طرح جو بل کھاتی کہجوری چوٹی
مجھکو او بھاو تو تم بھی نہ سلجھنے پاوٗ
باغ میں کپڑے جو پہنے وہ سراپا سنوں
تو دل بیٹھنے کا وصف اگر نظم کروں
سرنگوں فکر سخن میں جو رہوں بہتر ہے

کیچلی کا تری موباف پرالو ہو جائے
دل مرا زلف میں پہنسکر گرہ مو ہو جائے
ہر کلی کرتی کی بہ رنگ گل جادو ہو جائے
مرغ مضمون ابھی شاہین ترازو ہو جائے
خط تقدیر خط کاسۂ زانو ہو جائے

اسد اللہ رسد کر بدو کار سے دل
اے منیر افسر شاہان جہاں تم ہو جاؤ

ابرو کا بوسہ بدر کے سر وہی لگائے
دیر و حرم میں کیا دل وحشی لگائے
آواز پاٹ دار ہے اونچی لگائے
بو باس آپ کے لئے پہرتی ہے چار سو
بعد فنا بھی ہوں اسی گہر کا میں پردہ دار
آنکھیں لڑانے دیجئے محرم سے ایکدن
کوچہ سے آپ کے نہ اٹھیں کوچ کاٹیئے
پیوند خاک کیجئے اس تیرہ بخت کو
نشو و نما کہاں نمکیں حسن سے نصیب
ہو جسم شوق زخم میں ٹانکے تو کیا عجب
مخفی نظارہ کیجئے دریائے دہر کا
کشتہ کا مرغ روح ہے مشتاق خال رخ
واقف ہوا ہم بھی شہر عدم کی سواد سے
دیتا ہوں میں عناصر اربع کا انتقال

ہم جان ہار جائیں جو بازی لگائے
مطلوب ہی نہ ہو تو کہاں جی لگائے
زہرا کی آسمان میں تہگلی لگائے
باد صبا کو عطر کی چوری لگائے
ڈیوار یار میں مری مٹی لگائے
انگیا کی گھات پر کوئی کشتی لگائے
پائے طلب میں شوق سے مہندی لگائے
صاحب دہان گور میں مستی لگائے
کیوں کر زمین شور میں کہیتی لگائے
تلوار اگر لگانی ہے جلدی لگائے
مثل حباب دہو کی ٹٹی لگائے
اوڑتے ہوئے شکار کو گولی لگائے
صاحب وہاں تناسخ میں سسی لگائے
جو رنگ مفت کا ہوں سر وہی لگائے

سینہ میں راہ کیجیے دل لینے کے لیے / مطلب ہو زخم سے کوئی برچھی لگائیے
گند ہوا کے روز گوڑی کی چوٹی وہ کہتے ہیں / کس کو سمند عمر کو قمچی لگائیے
تلووں سے ملئے دیدۂ پرخون کشتگاں / سوئی مژہ سے پاؤں میں مہندی لگائیے

ناحق نہ کانپور میں گھبرائیے منیر
پھر لکھنؤ میں جاکے کہیں جی لگائیے

ابرو کی تیری ضرب تو دو دستی چلی گئی / جتنی کسائی سیف پہ پستی چلی گئی
پیش نظر حسینوں کی بستی چلی گئی / آئینہ کی بھی حسن پرستی چلی گئی
اچھا کیا خدا نے شراب حرام کی / رندوں کے ساتھ بادہ پرستی چلی گئی
کس شہر سے مثال دوں اقلیم عشق کو / جتنی یہ اجڑی اور بھی بستی چلی گئی
روزے مہ صیام میں توڑے شراب سے / ہم فاقہ مستوں کی وہی مستی چلی گئی
وحشت کدے سے رحمت حق نے بھی کی گریز / بدلی ہمارے گھر سے برستی چلی گئی
کھائیں کس خدا کی راہ میں لاکھوں ہی ٹھوکریں / تا لامکاں بلندی و پستی چلی گئی
مستوں نے ترک مے کی قسم کھائی پر کیا / توبہ کہاں وہ بات جو مستی چلی گئی
ان ابروؤں نے ایک اشارہ میں جان لی / یکدست تیری تیغ دو دستی چلی گئی
دل ہی گیا تو کون بتوں کا کرے خیال / کعبہ کے ساتھ سنگ پرستی چلی گئی
ہے آسمان تک تری گریاں کا مضحکہ / بجلی بھی روتے دیکھ کے ہنستی چلی گئی
گو دل کے بدلے دولت دنیا و دیں ملی / تو بھی یہ جنس ہاتھ سے سستی چلی گئی
داغ شراب دامن تقوے میں رہ گیا / نشا کو روح شیخ ترستی چلی گئی
تحت الثریٰ کو پہنچی ہماری فروتنی / ہم جتنے پست ہوگئے پستی چلی گئی

کیونکر ہوا اجتماع نقیضین اے منیر
آتے ہی ہوش کو مری ہستی چلی گئی

ھی نہ بھول جائیں مزے دل کی ٹھیس کے | صد چھیڑ کے جاؤ نمک سے ہیں پیس کے
صدمے نہ ہر حق ہیں دل سے انیس کے | الماس پیتے ہو عبث دانت پیس کے
یں نگاہ ہوتی ہے آئینہ دیکھ کر | نظارہ مدتوں سے ہیں دو نفیس کے
خلوت میں ہی تصور جانان ندیم ہے | طالب جلیس کے ہیں نہ خواہان انیس کے
ٹے نہ پائے جوہر شمشیر یار کے | ٹکڑے جگر کے ہو گئے ٹکڑے ہی بیس کے
پھیکا ہی ذائقہ دہن زخم کا رہا | کیا بدمزا ہوا ہیں نمک ہیں پیس کے
پر فلک کسی کو نہ دے گا زر نجوم | یعنی درم ہیں یہ کف دست خسیس کے
کٹ کٹ گیا ہیں دیکھ کے مضمون قتل کی | اے بت قلم ہوں ہاتھ تری خوشنویس کے
دن ہیں ہر مہینے میں ابرو نظر پڑے | اس سال سارے چاند ہوئے تیس تیس کے
حیرت آگیا شکستگی دل کے لکھنے میں | ٹوٹے قلم ہزار دل شکستہ نویس کے
لکھتے ہیں چھپ کے کاتب اعمال سب کا حال | اعمال نامہ پرچہ ہیں خفیہ نویس کے

مکتوب میں عبارت رنگیں لکھو منیر
فقرے انہیں پسند و رقیق و سلیس کے

رلوا گئی مجھکو تری تقدیر ہنسی کی | تقدیر سے الٹی ہوئی تدبیر ہنسی کی
دیواروں میں ہے قہقہہ دیوار کا نقشہ | اس شوخ نے بنوائی ہے تعمیر ہنسی کی
فقروں میں جو ہے رمز تو لفظوں میں کنایہ | سیکھی یہ کہاں آپ نے تحریر ہنسی کی
مرتا ہی ہمدم ہوں دہن زخم سے خنداں | اے جان سراپا ہوں میں تصویر ہنسی کی
میں خواب میں رویا ہوں ترے سامنے ہو کر | دیتے ہیں معبر مجھے تعبیر ہنسی کی
خورشید ہو گئے ایسے کہ جا نقش مسرت | ہر دانت پہ اُن کے کھنچی تصویر ہنسی کی
غمناک ہے کچھ نہیں غماز کی باتیں | افزوں ستم ہنسی سے ہے تقصیر ہنسی کی
پامال خزاں ہوتے ہیں ہنسنے کے سبب پھول | انجام برا رکھتی ہے تاثیر ہنسی کی

جلجائیں گے ہم برق تبسم سے سراپا
اے جان تری ہوتی ہے تاثیر ہنسی کی

روتے ہوئے دیکھا تو کہا آپ نے زخمی
کیا خوب نکالی ہے یہ تدبیر ہنسی کی

میں نے انہیں چھیڑا ہے وہ رلوائنگے مجکو
وہ عفو نہیں کرنے کے تقصیر ہنسی کی

بھولے سے بھی ہنسنے کا نہیں تجھسے منیر اب
کھائی ہے قسم لے تربت بے پیر ہنسی کی

رنجش ہو تو پھر لطف ملاقات نہیں ہے
چپ ہو مری باتوں سے یہ کچھ بات نہیں ہے

چلمن میں وہ اسلئے اشارہ نہیں کرتے
در پر وہ بھی ان روز عنایات نہیں ہے

میں نے جو کہا تم ہو پری بولے وہ ہنسکر
بے پر کے اڑانا تو کرامات نہیں ہے

احسان نہیں خواب میں آئے جو مرے پاس
چوری کی ملاقات ملاقات نہیں ہے

قطرہ بھی کم ہے مری آنکھوں میں برسات
بھرتے نہیں دو جام یہ برسات نہیں ہے

زلفوں کو ہٹاکر رخ انور شب وصل
کہتے ہیں سر شام سے اب رات نہیں ہے

للہ جو بوسہ کبھی مانگا تو وہ بولے
یہ حسن خدا داد ہے خیرات نہیں ہے

کعبہ ہوں کہ مسجد ہوں بھوں آپ کی لیکن
مطلب مجھے اے قبلہ حاجات نہیں ہے

للہ منیر اب نہیں سونے دو نہ چھیڑو
لو دیکھ لو وہ صبح ہوئی رات نہیں ہے

قاصد تیوں کا قاصد رب جلیل ہے
دستار نامہ بر میں پر جبرئیل ہے

کہدو قریب مرگ تمہارا علیل ہے
بجنے لگی ہے نوبت کوس رحیل ہے

تو خوش قدوں میں قدرت رب جلیل ہے
اے سرو تیری قمریوں میں جبرئیل ہے

معراج معصیت کو ہر طاعت ذلیل ہے
میزان حشر میری سخن کی دلیل ہے

سیراب تشنگان شہادت ہوئی تمام
شاید کہ تیغ یار میں آب سبیل ہے

بیمار مجکو شوق شہادت نے کر دیا
شہ رگ میں آج جنبش نبض علیل ہے

شور فنا ہے قلزم ہستی میں غافلو
دریا میں جو حباب ہے کوس رحیل ہے

کھلتے ہی چشم زخم نے دیکھا خدا کا در
برچھی تمہاری سرمۂ عرفاں کا میل ہے

کوچے گلیں اگر نہ غلیں لوگ مر کے بل
تلوار سے زیادہ تمہاری سبیل ہے

بہتے تو ہم مقابلہ کرتے حباب سے
کیا کہئے اپنی زیست کا وقفہ قلیل ہے

باندھا ہے بیخودی میں تری آنکھوں کو مریض
میں ہوں علیل رای بھی میری علیل ہے

کرتا ہے اوس کے قامت موزوں سے ہمسری
ہے سرو بیوقوف قد اس کا طویل ہے

محروم بندگان خدا ہیں سلام سے
پتھر کوئی مزاج بتاں میں دخیل ہے

کعبہ سے اور دل سے بھلا کیا مناسبت
معمار اس محل کا خدائے جلیل ہے

لاکھوں ہی حسرتوں کا کیا خون آپ نے
جو داغ میرے دل میں ہے اک چشم قتیل ہے

قانع ہوئے وفور طلب سے تری فقیر
صد شکر احتیاج ہماری کفیل ہے

اے شیخ شہر حسن پرستی نہیں گناہ
بندے ہیں جس کے نام اوسی کا جمیل ہے

فرعون ڈوبتا ہے اوترتے ہیں مست پار
کشتی مے سفینۂ دریائے نیل ہے

تزئین احتیاج نہیں منہ سے منہ ملو
مسی تمہارے ہونٹوں کو بوسہ کا نیل ہے

کس درجہ لاغری نے کیا مجکو پائمال
ہر رونگٹا بدن کو مرے پائے فیل ہے

اہل دوئی تاک اوس کو سمجھتے ہیں بے نظیر
احول بھی لکھ رہے ہیں کہ وہ بے عدیل ہے

لاریب فیہ عالم علم خدا ہے تو
اک طفل مکتب آگے ترے جبرئیل ہے

لقد صف حضور کے ویسے کبھی ملا
آئینہ آپ کا کف دست بخیل ہے

میں ناتوان نکہت گل کا اسیر ہوں
موج ہوا مرے لئے زنجیر فیل ہے

آئینہ میں بھی منہ نظر آتا نہیں کبھی
ثانی ترا کہیں نہیں تو بے عدیل ہے

او نگلی اوٹھا کے کہتی ہے منصور سے یہ دار
اس راستے سے شہر وصال ایک میل ہے

الفتی کا مقام تیری مسافر لو اے نیاز
گویا فلک میں آئیہ ہر ابن السبیل ہے

حکم نجات پائیں گے ہم روز بازپرس — اللہ کا رسول ہمارا کفیل ہے

دیکھا ہے میں نے خواب میں کل تاجدار شب — گیسو ہیں آج شانہ، دندان فیل ہے

عیسیٰ مقام تری کوچہ کے راہ رو — کہتے ہیں چوبدار کو بیا ایک سبیل ہے

جاتے ہیں تیرے کوچہ سے عشاق نالہ کش — فریاد صور حشر صدائے رحیل ہے

اٹھوایا ہے کعبہ سے اصنام کے لئے — اس بتکدہ کا میر عمارت خلیل ہے

وحشت جنوں میں سیکڑوں پریاں نظر پڑیں — ہر نوک خار محمل سلیماں کا میل ہے

ہم جنس غیر جنس ہی ہیں سوز عشق میں — اس آگ میں ہر ایک سمندر خلیل ہے

دانتوں میں پان لیکے وہ کہتے ہیں ناز سے — دیکھو تو ہر گلوری میں ہیرکی کیل ہے

اکثر مرا سخن ہے پسند اہل علم کو
یہ اے منیر رحمت رب جلیل ہے

شب کے ہیں ماہ، مہر ہیں دن کے — روپ دیکھے بتان کم سن کے

بوسہ ہیں بے حساب ہر دن کے — وعدے کیوں ٹالتے ہو گن گن کے

ہیں وہ دیوانے جذب باطن کے — اتری ہے شیشہ میں پری جن کے

اہل دل دیکھتے ہیں آپ کا سر — آئینہ میں صفائی باطن کے

دل رواں ہو خیال یار کے ساتھ — جائے مسکن بھی ساتھ ساکن کے

لاغروں پر ہے ظلم جان شکنی — اے اجل توڑتی ہے کیوں تنکے

رہے کلکتہ میں نہ بخیر منیر
صدقے سبطے امام حسن کے

سایۂ قد سے نہایت پست قدر عالی ہو گئی — تیرے ہاتھوں میں چھڑی طوبیٰ کی ڈالی ہو گئی

عاذ یارو سے سخن معجز بیانی کیوں نہ ہو — شرح قرآن تری ہونٹوں کی لالی ہو گئی

ہو گیا معمور عالم جب کیا دربار عام — تخلیہ چاہا تو دنیا صاف خالی ہو گئی

جو گلے سے تان نکلی آگیا چکر مین چرخ
تیر گردن شمع فانوس خیالی ہو گئی

پرتو دندان انور نے سنور کر دیا
تیری تہالی جو ٹرکی ہیرے کی تہالی ہو گئی

زندہ جاوید مین مارتے ہین اوس شوخ نے
ہر طرف جو ہو گئے اون کی بحالی ہو گئی

سہرا اپنا جو سودا یا دا خواری کا ہوا
جوش مے سے گردش جام سفالی ہو گئی

آسمانون کو کیا پامال تیرے رقص نے
ای پری زہرہ بہی تصویر تہالی ہو گئی

ناوک مژگان سے آئینہ مشبک ہو گیا
سید اسکندر جو تہی چاند کی جالی ہو گئی

دی سزا گلچین نے خندان دیکہکر تیری بغیر
باغ مین ایک ایک گل کی گوشمالی ہو گئی

سیکڑون پریان اسیر ہین ہین حلقہ بگوش
ہر کڑی زنجیر کی سونے کی بالی ہو گئی

تو نے تارون کو گرایا مثل کرم شب چراغ
شور محشر رقص مین ایجان تالی ہو گئی

گریۂ شبنم رطوبت زا یہان تک ہو گیا
نکہت گلشن ہوا کر برشگالی ہو گئی

روسیاہی تہی جوانی کی یہان پیری نہی
ظلمت اعمال شب سے صبح کالی ہو گئی

بوسے لیتا ہے تیری فرش منقش کو قمر
شمع گردون بہی زبان شیر قالی ہو گئی

دیکہا ہو سفاک عکس روے رنگین کی بہا
سامنے تیری سپر پہولون کی ڈالی ہو گئی

بدر بالی ہین مکر رسے لگئے جب دونون نہ تہو
چار شربت کی عبارت تیری گالی ہو گئی

رنگ لائین جتین بنگالیون کی اے منیر
جو فرنگن آئی کلکتہ مین کالی ہو گئی

پلک رہنے صحبت سے نکلنے نہین دیتے
حشر کو بہی ہم رنگ بدلنے نہین دیتے

لخت جگر آنکہون سے نکلنے نہین دیتے
ان شیشیون کو لعل اوگلنے نہین دیتے

ابرو کے لئے جان نکلنے نہین دیتے
رستہ دم شمشیر کا چلنے نہین دیتے

کچہواتے نہین ابرو کی خمدار کا سرمہ
شمشیر مہ نو کو بہی ڈہلنے نہین دیتے

تصویر رخ و زلف کہینچی نہین پاتے
تم ابلق ایام کو چلنے نہین دیتے

تم سامنے ہو یا نہو نقشہ تو ہے دل میں
ہم آئینہ سے عکس کو ٹلنے نہیں دیتے

سو باف کی کلیوں میں بساتی نہیں مجھکو
چھپنا کا کبھی عطر وہ ملنے نہیں دیتے

میرے دل پہ داغ سو گرمی نہیں کرتے
سونا پہ طلا وس کا گلنے نہیں دیتے

بریاں رہوں یکدست نہ کیوں انکو ستم سے
کاٹا ہے اگر ہاتھ تو تلنے نہیں دیتے

کرتے نہیں تلواریں بنا مونہیں پری رو
دریا پہ نہنگوں کو نکلنے نہیں دیتے

دہلواتی نہیں وقت شنا دست حنائی
مہندی کف دریا میں وہ ملنے نہیں دیتے

گرمی میں نہیں لیتے وہ مصحف کی ہوا بھی
اعجاز کا پنکھا مجھے جھلنے نہیں دیتے

رفتار سے بھی جنبش ابرو میں نہ ہے پرہیز
تلوار کہیں راہ میں چلنے نہیں دیتے

آزردگی دل او نہیں منظور ہے ایسی
گرتا ہے جو شیشہ تو سنبھلنے نہیں دیتے

گھوڑے کو مرے کی ہمراہ نہ ٹھہرایا
سایہ بھی ہے کانوں کو وہ ڈھلنے نہیں دیتے

خط جاتے ہیں آتا نہیں دو حرف کا پرزا
استاد ہیں فقرہ کوئی چلنے نہیں دیتے

پیمانہ مگر عمر عدو کا نہ بھرو گے
تاڑی جو کلاری کی ابلنے نہیں دیتے

رکھتے ہیں رگ جاں میں تری نوک مژہ کو
ڈوبے ہوئے نشتر کو اچھلنے نہیں دیتے

جس کو وہ جلاتے ہیں تڑپنے نہیں پاتا
اسپند انگیٹھی سے اچھلنے نہیں دیتے

کیا لطف منیر آپکو ہے عشق بتاں نہیں
خود جل رہے ہو غیر کو جلنے نہیں دیتے

فروغ آتش می ہو جو خم شراب گرے
چھٹے انار اگر برج آفتاب گرے

سنو جو کان سے افتادگان خاک کا حال
برنگ شبنم گل موتیوں کی آب گرے

تری شراب محبت سے ہو اگر مدہوش
ہوا چمن میں مع خیمۂ سحاب گرے

فروغ آہ ہے موقوف بے قراری پر
جلاؤں شمع اگر برق اضطراب گرے

ہمارے دل کی طرح ہو اگر فلک شفاف
پھسلکے گنبد مینا سے آفتاب گرے

دکھائیں جذب تو ہو خاکسار اگر اپنا | ابھی تو شیشۂ تصویر سے گلاب گرے
کھنچے تلون طبع حضور کی تصویر | خم فلک سے اگر رنگ انقلاب گرے
خم شراب جو ٹوٹے تو توڑوں سر اپنا | بہا دوں آب عناصر اگر شراب گرے
کسی سے اٹھ نہیں سکنے کا بوجھ مستوں کا | زمین شق ہو اگر شیشۂ شراب گرے
دامن پہ بخت ہے افتادگی کے ساتھ عروج | خود اوٹھہ کھڑا ہو اگر شیشۂ شراب گرے
زمین پہ کہدہ خستہ دلوں کی قدر بڑھا سے | بنے عقیق اگر سینے سے کباب گرے
بناؤں جعد مسلسل کو واسطے موباف | سر فلک سے جو دستار آفتاب گرے
ہوا سے سبزۂ شمشیر کچھ نہ پیدا ہو | جو تیغ یار کا ای باغباں لعاب گرے

شمشیر مہر علی ہو اگر بقول صبا
فلک زمین پہ ذرہ پہ آفتاب گرے

فنا کے بعد بھی ہے داغ جستجو باقی | لباس زیست پھٹا رہ گیا رفو باقی
ہمارے کاغذ تصویر کا ہے آبی رنگ | ہر ایک رنگ میں ہے اپنی آبرو باقی
کھنچا حسینوں کی مٹی کا عطر دنیا مین | فلک نے رنگ سے اٹھا یا اگر ہے بو باقی
رہے جو ہم یہاں تک ہے خانۂ دل مین | کہ نام کو بھی نہیں ہاے آرزو باقی
غبار رنج سے خم خانہ مین کوئی نہ بچا | برائے درد رہا ہے سر سبو باقی
کہاں سے آئے گی انگشت تیر کو مہندی | کہ ضعف سے مری تن مین نہین لہو باقی
برنگ شمع خموشی سے باتین کرتا ہوں | زبان قطع ہوئی پر ہے گفتگو باقی
چلی ہے آپ کی تلوار ساری گلیوں مین | رہا ہے ایک مرا کوچہ گلو باقی
لگا ہے داغ عناصر کو اپنی خلقت سے | ہمارے نام کا ہے سکہ ہر چہار سو باقی
ریاض دہر ہے نظروں مین گلشن تصویر | کسی شجر مین نہین قوت نمو باقی
خدا نے عالم پیری مین آبرو رکھ لی | نماز صبح کی خاطر رہا وضو باقی

منیر کو بھی نہیں اپنی موت کا کھٹکا
کہ زندہ کون رہے گا اگر ہے باقی

دنیا و دین کے شغل ہوئے یاد کس لئے
رونا ہوا ہے نشۂ ایجاد کس لئے

خوش قد تمام بن گئے شمشاد کس لئے
بندے خدا کے ہو گئے آزاد کس لئے

ہولی وہ کھیلتے نہین کیون فوج ہین بکو منہ
اڑتا ہے رنگ گلشن ایجاد کس لئے

قاتل ہمارے خون کا پیاسا اگر نہ تھا
نکلی زبان خنجر فولاد کس لئے

اے حور تیرے کوچہ کا شہرہ اوڑا عبث
گھٹتی ہوئی بہشت کی بنیاد کس لئے

ہم عاشقون مین ثانی منصور کون ہے
سولی بنا کہو قد جلاد کس لئے

تصویر بھی کھنچی نہیں مژگان یار کی
تیرا بنا ہے خامۂ بہزاد کس لئے

کیون بے فروغ داغ دل اہل عشق ہیں
گل ہین چراغ عالم ایجاد کس لئے

قاتل نمک فشان ہے دم قتل طعن سے
تر ہین ہر آب خنجر فولاد کس لئے

قبضہ میں آپ طوطے خط اوڑ کر آئی گی
کاہی ہے رنگ جامۂ صیاد کس لئے

حیرت زدون کے زخم کو مرہم سے فائدہ
توڑے گئے ہین بخیۂ فولاد کس لئے

سایہ حضور کا کسے مجنوں بنائے گا
لیلی بنا ہے آپ کا ہمزاد کس لئے

راہ سخن مین خضر کا طالب ہون کیون منیر
کرتا ہوں روز خدمت استاد کس لئے

تشنہ کامان شہادت آب خنجر پی گئے
سیر سب پیاسے ہوئے گویا ایک ساغر پی گئے

ناتوان عشق اکثر اپنے آنسو پی گئے
مور چون کی تشنگی دیکھو سمندر پی گئے

پائے رنگین آنسوؤن مین دھو کر اکثر پی گئے
آب شبنم آتش گل مین بہا کر پی گئے

کیا قیامت گرمیاں ہیں تشنگان دید کی
دم میں آب چشمۂ خورشید محشر پی گئے

کس مزے سے کی لب و دندان کو بوسہ پر معاش
دانۂ یاقوت کھایا آب گوہر پی گئے

پانی جالی از فیون سے ہوگیا قحط شراب
ساتون خم ہاے فلک ہفت کے اندر پی گئے

خوب بوسے ہونٹون کے اے حور دلفریب لیلئے
ہر لب زخم جگر سے حوض کوثر پی گئے

اشکباری روزی معصوم کی ہا سج ہوئی
آنسوون مین گھول کر قسمت کا دفتر پی گئے

بیر کب ہوتے ہین مستسقی حظ شاداب کے
العطش کہتے رہے دریا کو اکثر پی گئے

بوسہ لبہاے شیرین کی غرض سے مین جان دی
مرتے مرتے شربت قند مکرر پی گئے

آمد و رفت جہان کو ایک دم ہیچ کیا
شیر مادر نزع کا شربت برابر پی گئے

پاسبانون کی خطر سے خشک تن مردان عشق
خون شیرون کا سگان کوے دلبر پی گئے

کثرت عصیان سبیل رحمت حق ہوگئی
دامن تر جب نچوڑا اہل محشر پی گئے

محتسب سوکب ہین رد و قدح کا ہیر دماغ
قلقل مینا کو بھی ہم مست ساغر پی گئے

سرسے آسیب اونکو اوترا خوف روز حشر کا
نقش پاے یار جو چالاک دھوکر پی گئے

جان کنی میں لذت ایمان اوٹھاے ای منیر
شربت بزم غم سبط پیمبر پی گئے

ایذا نہ ہوگی دیدۂ بد کی گزند سے
کاجل ترا زیادہ ہے دود سپند سے

ساون کا لطف قامت و گیسو سے چاہیئے
طوبا مین آج ڈالئے جہولا کمند سے

کیا اونکو فرط ناز سے آب گہر کا بوجہ
اوتری کلاہ موتیون کی دستبند سے

کیا لاغری مین توڑی گی گولی حضور کی
لاغر ہون اسقدر کہ نکلجاؤن رند سے

زلفون کے بو سے سانپ بھی مسموم ہوگئی
چڑہتا ہے زہر محبت اہل گزند سے

طراریون کے پیچ سے پہنچی ہے عرش تک
سر پر چڑھی ہے زلف تمہاری کمند سے

گہرمین خدا کے زلف کی طول انیا دکہاور
کعبہ کی بت گراؤ خدا را کمند سے

مشتاق ترک ناز ہین دل بستگان عشق
عقدے کہلین گے ناخن پاے سمند سے

سایہ دہوئین کی طرح پریشان ہے مرا
فرقت مین ہوگیا ہے جدا بند بند سے

چمکیں گے دونوں عارض انور جدا جدا
نکلے گی دوسری چاندنی حسن دوچند سے

کچھ بھی لگاؤ چاہئے پستان کی عشق میں
نکلا اثر مدینے میں ترو سینہ بند سے

فرہاد کو نصیب ہو شیرین کی صبح وصل
میٹھی نگوڑی ہجر کی ہیں فیض قند سے

بچھڑ جہان میں زلف کو سودا نسودن پھرے
کھینچا جہاز عمر گزشتہ کمند سے

اے سرو سرفراز یہی ہے اگر شکوہ
قدسی کہیں گے سایہ قد بلند سے

جلتا ہے آج بزم میں کس خوش خرام کے
برپا ہے شور حشر خروش سپند سے

حور و پری نے فاتحہ بنایا خدا کی شان
چھوٹی جو مہندی پاؤں بت خود پسند سے

مطلع بھی صاف ہو تو نہو رویت ہلال
دیتا ہے ماہ نو تری نعل سمند سے

گھوڑا اوڑا کے کھیلتے ہیں وہ شکار حسن
پریوں کی مشکیں باندھتے ہیں پربند سے

بحر غزل میں حد سکندر بناؤں گا
پتلی نکال دیجئے پائے سمند سے

واعظ کے منہ میں کیا سگ لیلی کی ہے زبان
مجنوں ہلا دس پر کیا ہوا اسکی پند سے

مدح علی میں ہوں میں سراپا زبان شمشیر
لڑتا ہے بند بند مرا ہفت بند سے

ثابت کیا بقا کو تری ذات کے لئے
کونین نفی ہو گئی اثبات کے لئے

مرتا نہیں میں حرف و حکایات کے لئے
منکر نکیر آئیں گے کس بات کے لئے

دل سے یہ مدعا ہے کہ آپ یہاں رہیں
کعبہ بنا ہے قبلہ حاجات کے لئے

کیا دیں جواب حشر میں خوبان بیدہن
اس معرکہ میں چاہئے منہ بات کے لئے

موزوں کیا ہے حال نشیب و فراز دہر
میزان بنا ہوں عرض و سماوات کے لئے

اللہ ری میری حسن پرستی کی گرمیاں
دوزخ میں حوریں آئیں ملاقات کے لئے

چشموں سے وطن کو جو چاہ آنکھیں بیچ دیں
عینک خرید کرتے ہیں سومنات کے لئے

پردہ فنا کا مانع تردامنی رہا +
خیمہ لیا حباب کا برسات کے لئے

غفلت مین جانب لحد تیرہ جاتے ہین
آندہی چلی نظارۂ ظلمات کے لئے

ثابت ہے جرم حیرت عشق ای حسد اگر
تصویر بہیجدین گے مکافات کے لئے

لے کر دگار عابد حسین فرنگ ہون
گرجا بنا رہا ہون مناجات کے لئے

تصویرین جان پائین گی نیرنگ دہر سے
مردے اوٹہین گے سیر طلسمات کے لئے

انداز گل خون سے جو موزون کیا گئے
کانٹون مین تل رہے ہین مکافات کے لئے

بخشو مجہے تو بخشدون ساری جہان کو
فردوس کا سوال ہے خیرات کے لئے

دیکہو ہماری حسن پرستی کا جذب اگر
یوسف عدم سے آئی ملاقات کے لئے

نالون سے خفتگان عدم کو جگا گئے
مردون سے نیند مانگنے ایک رات کے لئے

سو بار ہجر یار مین آئے ہوئے ٹلی
دہکانا ہین مرگ مفاجات کے لئے

کلکتہ مین منیر سنے کی سوانگ گہر کی سیر
آیا وطن سے بزم طلسمات کے لئے

تلوارین مارین ڈہنگ جو دیکہے لگاؤ کے
پہنائے مجکو یار نے کپڑے کٹاؤ کے

ہین ہجر غم مین شعر سفینے بچاؤ کے
ہم لوگ چڑہنے والے ہین کاغذ کی ناؤ کے

کوتے ہین قتل دوستونکو دست غیر سے
ٹیکے دئے ہین ہونٹون نے خون لگاؤ کے

تصویر ہی کہنچی ہوی ہے ہم سے آپ کی
جتنے نہین ہین رنگ ہماری بناؤ کے

مسند ہے بادشاہ کی تکیہ فقیر کا
جہالر کرن کی ہین گئی تنکے الاؤ کے

زندان آب و گل سے نہین روح کو نجات
ثابت ہوا جو مقبرے دیکہو لداؤ کے

پلکون کا وصف چاہیئے لکہنا خطوط مین
دستے کرو نسیلے ہوی محتاج تاؤ کے

گردون سے کم نہین بت ترسا کی نیمری
خورشید و ماہ قرص ہین نان پاؤ کے

کہاتا الذیذ زہر ہلاہل ہے ہجر مین
الماس کی کنی ہوی چاول پلاؤ کے

زخمی کیا ہے یار کی میٹہی نگاہ نے
مصری کی ڈلی ہو چاہیئے زخمونکو کہاؤ کے

قیمت کے پوچھتے ہی نچاتے ہیں انگلیاں
تورا ہی ہزار لیتے ہیں پردہ میں بھاؤ کے

دریا کے سے ہیں حال ہیں فنا کو ثبات ہو
لنگر حباب ہیں تو ہیں بیٹھتے سے ناؤ کے

فرقت میں کاٹتے ہیں نجوم فلک سبھی
گویا ہے زہر دانتوں میں اس نیل گاؤ کے

کرتے ہیں کبر خاک کے پتلے حضور سے
مٹی کے بت اتار دیں گھوڑو نشو باؤ کے

وحشت سے سامنے نہیں آتا سنگار دل
بگڑی ہوئی ہیں زور پہ تمہارے بناؤ کے

مثل نسیم صبح سبکدوش ہیں منیر
بحر جہان میں ہم نہیں محتاج ناؤ کے

بوسے سوفتۂ یار کرے بہرہ ور کسے
ہاتھ آئے نخل طور کا دیکھیں ثمر کسے

دروازے میں کروگے اسیر اے قمر کسے
بیٹھے کو وگے خانۂ زنجیر در کسے

دنیا میں ہے ہوائے فنا سے مفر کسے
دریا میں سونپ جائیں حباب اپنا گھر کسے

میر اسمند عمر اوڑا شام سحر کو
کوڑا لگا ہے موج نسیم سحر کسے

آغاز خط میں عاشق جانباز پھر گئے
دیکھیں تو خضر لائیں گے اب راہ پر کسے

آنکھوں سے گر رہے ہیں در اشک گرم کچھ
درکار ہے نہانے کو آب گہر کسے

پیر قد خمیدہ کو کیوں دیکھتے ہو تم
سیکھے ہوئے ہو ناخن پا پہ نظر کسے

محو طپش ہے پیکر وہی کا عضو عضو +
درکار ہیں اوڑانے کو عنقا کے پر کسے

ہنگام گریہ یاد ہیں رخسار آتشیں
قطرے جلائیں دیکھئے بن کر شرر کسے

زاہد ہے چور نشہ میں دیکھا جو خط جام
یارب ہوا دعائے قدح کا اثر کسے

چاک قفس کے واسطے پیوند ہو گئے
گردون نے میرے بعد دیے بال و پر کسے

رنگ چمن حضور رکو جاتے ہی اوڑ گیا
باندھے کمند موج نسیم سحر کسے

کیوں رشک سے جلا کے کیا خاک چاند کو
کہلوائیں گے وہ کشتۂ سیم قمر کسے

جو چاہتے ہیں لکھتے ہیں چھپ چھپکے راہ راست
گردون امین کاتب اعمال پر کسے

کس کو ہوا ہی پہل تری تلوار کا نصیب
اس باغ سے ملا ثمر بے شجر کسے

تاب غم والم کا خریدار کون ہے
لکھدوں زمین کوچہ زخم جگر کسے

صدمہ سے بال شیشہ گردون میں پڑگیا
تونے دکھائی کوشہ پہ اپنی کمر کسے

تحریر حال سینۂ زخمی سے شانہ دہ
بھیجوں چنگیر میں گل داغ جگر کسے

پیوند خاک ہوگئے کیا کیا سفید پوش
پہنائے آسمان قبائے سحر کسے

کس واسطے ہے رنگ طلائی عرق فشان
کیوڑا ملاکے دیجئے گا آب زر کسے

دربان ہے مسیح ترے قصر پاک کا
کعبہ دکھائی فیض رگ سنگ در کسے

کس سے لڑائی آنکھ سرور شراب میں
بھٹکا گیا حضور کا پائی نظر کسے

فخر جناب شیخ ہوے رشک انی منیر
ترجیح ہوسکے مرے استاد پر کسے

لے اوڑا ہر داغ کو نالۂ دل مایوس سے
ای تیہو طاوس نکلا بیضۂ فانوس سے

خیر جلجاتا ہے داغ خاطر مایوس سے
سانپ پر گرتی ہے بجلی جلوۂ طاوس سے

تیری مجنون کو بچہ والوں کو حاصل کشمکش
شمع لیلی بن کے نکلے خیمۂ فانوس سے

ہر مہ نو کو سمجھتا ہوں محرم کا ہلال
ناخن غم کو تعلق ہے دل مایوس سے

عالم پنہان کی لاتا ہے خبر میرا خیال
حال دل کا چھپ نہیں سکتا ہے اس جاسوس سے

آبرو وہ عشق رکھی کوہ کن نے دہر میں
ٹکرا کے پتھر کو اوڑا اے شیشۂ ناموس سے

ناز ہے سکہ کو تیرے نام سے اے شاہ حسن
فخر ہے زر کو جلوس شہنشہانوں سے

روبرو کہنا خوشامد ہے جو ہوتا دسترس
آپ کو فرصت نہ دیتے ہم کنار پابوس سے

اسفل و اعلے کو یکجا کردیا ہے دہر نے
داغ مصحف کو لگایا ہے پر طاوس سے

مین وہ تیرہ بخت ہون سایہ پڑے میرا اگر
زاغ تیرہ ہو سیاہی طالع منحوس سے

ہوگیا رسوا کسی مطرب پسر کے عشق مین
بانگ سے آئی شکست شیشۂ ناموس سے

بت پرستو کفر اپنا پردۂ ایمان ہے
کعبہ کی پوشش بنائی خرقۂ سالوس سے

تو وہ یوسف ہے کہ تو چشم یعقوب اکطرف
دیدۂ سوزن ہوا روشن تری ملبوس سے

دور کر دون میں تمہین ہین خوبرو بھی پر گزند
شمع کب نکلی سلامت گنبد فانوس سے

بادہ خوارون مین نہو گا کوئی مجھسا ناموَر
بونے سے آنچ ہو میرے شیشۂ ناموس سے

نشہ مین کرتے ہین میکش سلطنت کا بندوبست
جام مے پیتا یہ بنا ہو خاک کی کاؤس سے

بیخودی مین دیکھکر دون کو بولی بت پرست
اوڑ گئی چھت بتکدہ کی نالۂ ناقوس سے

عقل کامل کی ہدایت سے ہوا جوش جنون
مجھکو سودا ہو گیا تعلیم جالینوس سے

فصل گل مین اسقدر جوش رطوبت بڑھ گیا
رنگ گلشن مین ٹپکتا ہے پر طاؤس سے

دیکھ کر میرے سیہ خانہ کو ایسے اوڑ گئے
روشنی باہر نکلی شمع کی فانوس سے

ہند مین تنگ آ گئے چلئے خراسان ای منیر
لیجئے خلعت حضور بادشاہ طوس سے

کپڑے ہین سرخ میان سے شمشیر کھینچے
مریخ کی زمین میں تصویر کھینچے

یہ چٹکیوں میں مجھکو اڑایا ہے آپ نے
اوڑ جائے رنگ اگر مری تصویر کھینچے

آج آبرو بہائیے صبح فراق کی
بہر علاج دل عرق شیر کھینچے

باغ جہان مین سرو سخن گو کہین نہیں
گلشن مین آپ کو دم تقریر کھینچے

کیون پیچ دیکے باتون مین مجکو اڑا دو
اپنی پتنگ پر مری تصویر کھینچے

منظور ہو جو داد و ستد ہو آپ کو
ایک تیر دل مین مارو ایک تیر کھینچے

اوڑ جائیں مثل طائر وحشی مرے حواس
پر کا قلم بنا کے جو تصویر کھینچے

لوح مزار لوح جبین کو بنائیے
تا چند رنج شومئ تقدیر کھینچے

جوش جنون مین مجکو ٹھہرنا محال ہے
تصویر بھی مری مع زنجیر کھینچے

جس طرح چاہیے خلش دل نکالئے
حاضر ہون کانٹو نپر دم تشہیر کھینچے

زردی رنگ عشق نہیں اور رنگ میں
سیری ہی رنگ سے مری تصویر کھینچیے
اوس گل کو داستان غم دل بہلائیے
دم میں ہزار نالۂ شبگیر کھینچیے

کیوں لکھئے رنج کشاکش دہر ای منیر
لازم ہے ہاتھ ہی دم تحریر کھینچیے

اس غزل کی فکر میں دل کو پریشانی ہوئی
اے خضر بحر رمل میں ناؤ طوفانی ہوئی
ہجر میں بے نور شکل عیش اے حبابی ہوئی
صبح عید اکی بیاض چشم قربانی ہوئی
انتشار دل فروغ طبع محزوں ہو گیا
دود شمع بزم غم میری پریشانی ہوئی
کر دیا مجروح بار منت احباب نے
مد احساں مجھکو شمشیر صفاہانی ہوئی
عکس آئینہ کے اندر نقش حیرت بنگیا
میری صورت گرد وہ تصویر حیرانی ہوئی
غور ہو کر دیدۂ اہل جہاں میں گھر کیا
چشم عالم کشتی ملبوس عریانی ہوئی
دامن شب کیا تمہاری چوٹی کا موباف ہے
رات فرقت کی نہایت آج طولانی ہوئی
خوبرو دور فلک سے اوڑ کر جا سکتے نہیں
جو پری تھی شیشۂ گردوں میں زندانی ہوئی
صورت مرغان وحشت خوبرو رنگ اوڑ گئے
میری تصویر ای جنوں وقف پریشانی ہوئی
پردۂ در پکڑے ہیں خوبرو دگر لے ہوئے
آپکی چلمن بتوں کی چین پیشانی ہوئی
نقش زر کے ہیں مسخر اہل عالم آج کل
اشرفی اس عہد میں مہر سلیمانی ہوئی
چشم تنگ محتسب میں بھر گیا دور شراب
کشتی مے چشمۂ سوزن میں طوفانی ہوئی
تیرے قیدی کے قدم سے آنکھیں پر یوں ملیں
پاؤں کی زنجیر تسبیح سلیمانی ہوئی
پردہ دار فقر اے بیمہر ہے ترک لباس
پوستین شمس تبریز اپنی عریانی ہوئی
ہو گیا آئینۂ رخ کو پسینے سے فروغ
شبنم گل روغن تصویر حیرانی ہوئی
تیرہ روزی کی سبب سے اشکباری بڑھ گئی
ای فلک میری گلیم بخت بارانی ہوئی
بار رہا مجکو ہوا حاصل کیا کیف شراب
بیشتر قصر حباب مے میں مہمانی ہوئی

منہ کی کھائی جب ملو چکی دو رو دنہ پر عزور
سیلئے غم سرخی کیفیت مے افشانی ہوئی

نام پیدا کرکے داغ ظاہری کہوتی ہیں لوگ
آبرو پوشاک دہونے کے لئے پانی ہوئی

وہ مٹایا کرتے ہیں لکھہ لکھہ کو خطا سرنوشت
تختۂ ارسال میری لوح پیشانی ہوئی

پنجۂ خورشید میں بھی یہ اثر دیکھا نہیں
سانکی تسبیح آپ کے ہاتھوں میں انسانی ہوئی

شام سے پریوں کی نظارہ اوڑا ہو صبح تک
رات میری آنکھوں میں کحل سلیمانی ہوئی

چشم دریا بار نے رحجا گہٹا یا اسقدر
خشت محراب دریل میری پیشانی ہوئی

پنجۂ مژگاں کف افسوس ملتے ہیں بہم
الغرض چشم و مژہ میں یہ پشیمانی ہوئی

جلوہ ہمہ ہو گیا جز و جمال اے مہ جبیں
چاندنی کا نور شمع روے نورانی ہوئی

عشق حیرت نے بچایا خوف عقبیٰ سے ہمیں
صبح محشر بھی کف دریاے حیرانی ہوئی

اپنے دلپر جو گذرتی ہے کہیں کس سے منیر
دوستی نادان کی سخت نادانی ہوئی

باغ جہاں میں خواہش دولت فضول ہے
کہتے ہیں اشرفی جسے گولر کا پہول ہے

دانتوں کی یاد کاہش جان ملول ہے
ہر ساعت فراق میں ہیرے کی چول ہے

نقد بہار حسن جزاں کو پہنچ گیا
خط چہرۂ حضور کا قبض الوصول ہے

بے سبب یار عشق اوٹھایا ستم کیا
انساں ازل کے دن سے ظلوم و جہول ہے

کہاتے ہیں زہر یاس تری جستجو میں لوگ
الماس سودہ راستہ کی خاک دہول ہے

کام آئیں گے کبھی نہ کبھی طالع سیاہ
آخر تو ہر حسین طلبگار [illegible] ہے

عاشق کے جوش اوڑنے سے رو رہی کھیل
رنگ پریدہ آپ کی شکل کا پہول ہے

مجروح کرکے دل کو بچاؤ نہ تالیاں
ہونے دو رقص بسمل اگر [illegible]ول ہے

کم قدر کر دیا تو سے جانے سنے اسقدر
نظروں میں اطلس شفق صبح [illegible] ل ہے

سب کچھ ملا اگر دل سے مدعا ملا
ترک طلب سے مطلب کامل حصول ہے

الفت سوا ایک جان دو قالب ہوں یا نہ ہوں — اے شیخ اتحاد ہے یہ یا حلول ہے
آنکھیں سو جائیں ہم نے لہو رو کے ہجر میں — اے اشک گرم کیوں تجھے فکر فضول ہے
اہل فنا کا کاسۂ سر میں ہے جوش سے — پوشیدہ ہر حباب کی ٹوپی میں گل ہے
ویسے جو اشک آنکھوں میں آئیں تو ڈھونڈ نہیں — عرش بریں سے رحمت حق کا نزول ہے
موئے کمر کا عقدہ کھلا تیری بات سے — تار رہِ عدم کا گرہ بس کا طول ہے
منہ دیکھنا معجزۂ دنیا کا ہے گناہ — یا د آیۂ حجاب کی شان نزول ہے
خالی نہیں ہے تیری محبت سے کوئی دل — اس حال کا ہر ایک محل میں حلول ہے
رخصت غبار دل کو ملی قید زلف میں — مشک سحاب کوچۂ گیسو کی دھول ہے
بیگانگی کا پان بھی لینا نہیں پسند — دست ادا سے زہر بھی کھانا قبول ہے
مر کر بنا دیا ہے اثر آب حیات کو — بھر شراب زیست نمک تیری بھول ہے
کیا فائدہ دعا سے اثر ہے عدم میں قید — عنقا کی روح طائر رنگ قبول ہے
کانٹوں میں کھینچتی ہیں تری بد زبانیاں — جو گالیوں کا جھاڑ ہے گویا ببول ہے
غیروں کے پاؤں پڑ کے نہ آئیں گے تیرے گھر — یوں ایڑیاں رگڑ کے بھی مرنا قبول ہے
افضل یہی ہے سب سے کہ ہو اس میں تیری یاد — دل کے سوا جو عضو بدن ہے فضول ہے
ہے عشق روح لب شیریں یار کا — زنبور شہد طائر جان ملول ہے
ٹکڑے ہی کی لذت اس کو وہاں نعمتوں کی چاٹ — درویش کم خوراک ہے سلطاں اکول ہے
اس ناتواں کا سایہ ہے بخت سیاہ پر — چیونٹی کا پوست فیل شب غم کی جھول ہے
تیرے حضور چاند کی شیخی ہے کرکری — بگا بھی نور کا ہے تو کیا خاک دھول ہے
دل لیکے دیں وجہ شکر دن یہ بھی ہے محال — لیں نقد جاں بھی قرض تو سہل الوصول ہے
عاشق ہی کی دعا ہے زمانہ میں بے اثر — شاید رقیب حاجب باب قبول ہے
قطع حیات تیغ دو دستی سے کیجیے — میری کمر کا دو ہاتھ طول ہے

مغرب سے اُلٹے پاؤں پھرا ذکر آفتاب
حکم علی سے کس کو مجال عدول ہے

لوگوں کو آپ چال سے گمراہ کرتے ہیں
پاپوش کی کرن مژۂ چشم غول ہے

سہوا ہوئیں ہیں معصیتیں مجھ سے بیشمار
یا رب مری حساب میں لاکھوں کی بھول ہے

خورشید لکھنؤ میں ہے پس کانپور میں
کیا تیرہ روزیوں سے مرا دل ملول ہے

نفس نبیؐ سے رتبۂ ذات نبیؐ کھلا
تفسیر مرتضیٰؑ ہے تو مصحف رسولؐ ہے

جزوِ کلام حق ہیں ائمہ سب اے منیر
ام الکتاب نور الٰہی بتولؑ ہے

دل چھپا ہو تری محرم میں تماشا اور ہو
اے پری انگیا کی بنگلے میں یہ کمرا اور ہے

انقلاب حیرت دل سے تماشا اور ہے
رنگ ہر تصویر کے کاغذ میں بھرا اور ہے

جس سخن کی تہ نکالی اوس میں نکتا اور ہے
تکیہ سنجو بات کی پہلو کا تکیہ اور ہے

مست گل پیش نظر تھے اب ہیں عاشق سامنے
گھاٹ پر چینی نگہ کے آج میلا اور ہے

کام اژدر سے زیادہ ہے رہ سودائے زلف
کوچۂ زنجیر میں جانیکا رستا اور ہے

حسرتیں سب دل کی نکلیں پر سیہ روزی ہی
اس چمن میں آشیان مرغ عیسیٰ اور ہے

سنبھل سودائی مجنوں پر بہار آئی نہیں
پھولنے پھلنے کو شاخ زلف لیلیٰ اور ہے

کٹ گئی ہیں انتظار یار میں راتیں تمام
تارے گننے کو شب مرگ تمنا اور ہے

وصلیوں پر لن ترانی کی بہت مشق رقم
مشق کرنے کو بیاض چشم موسیٰ اور ہے

ذبح کر مجکو بھی جی ملبوس کی نیت اگر
ٹانکنے کو واسطے گردن کا ٹھپا اور ہے

آتش گل کسطرح بھڑکے ہوا ہی باغ سو
شمع کشتہ کو جلا دے وہ مسیحا اور ہے

رقص بسمل تونے دیکھا ساغروں بھی چلے
ناچنے کے واسطے طاؤس مینا اور ہے

سیری رشتہ رگ میں کشمکش ہر تری نوک مژہ
چنبر گردن کی ہنسلی میں یہ کانٹا اور ہے

سو سکی آواز ای گل کیا سنوں اس ابر میں
نعرۂ مستانۂ طاؤس مینا اور ہے

ہو گئے پر تیرے قد و بالا کا جلوہ دیکھ کر
لوگ کہتے ہیں فلک پر ایک طوبیٰ اور ہے

عکس ہوتا ہے اندر شیشۂ دل دیکھ کر
چشم افعی میں زمرد ہے یہ مینا اور ہے

ہو گیا نقش دیدہ ساں بل کھا کے پیچ کھا کے
دیکھ لے یہ چرخ برق داغ سودا اور ہے

کاغذ سوزن زدہ تصویر میری بن گئی
عاشق مژگاں کا ایسا ہی زرد نقشا اور ہے

قافلہ ہستی کا ہے نقش کن فنا آئی قریب
وصل کاف و نون میں بیت گذرا ہے تھوڑا اور ہے

بوسوں کے نیلے نشاں ہیں دل میں خط سبز میں
ساغر عمر خضر پر ہے یہ مینا اور ہے

کشتیاں لاکھوں ڈبوئیں تو نے اے بحر فنا
غرق کر دے کو جہاز عمر دنیا اور ہے

پھر چمک کر کالیاں ایسی ہی جا حاضر ہوئیں
ابر پری رو کوئی اس گوڑی کا لہجا اور ہے

خط میں ہے مضمون خونخواری ڈرانے کے لئے
شیر کو ناخن سے لکھا ہے یہ فقرا اور ہے

جو ہوا عصیاں سے نادم تو نے بخشی سلطنت
کیا در توبہ کے اندر لال پیدا اور ہے

سب میں شہرہ ہو چکا باقی رہا وحشت کا نام
کہو دو مجھکو ایک مہر داغ سودا اور ہے

آپ فقرا دیں تو پیش محتسب ساغر چلے
کشتی کو جس سے بہہ جائے وہ چھینٹا اور ہے

ساقی سرکش نے کی اغماض اعتنائی ڈھل گیا
ہے پرستو گردن مینا کا منکا اور ہے

کوئی کہہ دے یوں صبا سے جا کے پیغام منیر
اب ہمارا صدمہ فرقت سے نقشا اور ہے

آتش فشاں رہیں گے جو جلوے جمال کے
داغ اوڑیں گے آگ سے رخسار و خال کے

کیا آئے ہیں وہ عطر حنا سر میں ڈال کے
کانوں پہ آبلے ہوئے بالے خیال کے

سرخی سے بڑھ گئی بن جمال کے
سورج بنا و آگ سے جوہر نکال کے

رنگت نکالنے کو ترش رو ہوا ہے تمر
چمکا دو سیم ماہ کھٹائی میں ڈال کے

تلخی الم سے جراحت کو التیام
سیتا ہوں زخم پوست کی ڈورے نکال کے

شہرے عیب قد خمیدہ کے اڑ چلے
پر دار ہو رہے ہوئے تیغ ہلال کے

منظور ہی جو چاندنی کی سیر آپ کو
کیں سرو مہریاں سے کلگوں پلا کی کیوں
ابرو کا وصف کرتے ہیں ای آفتاب حسن
پیش نظر ہے بنت الکیا کی جا ہے
رکہا خناک خدا نے جوانی میں ہی ہمیں
موج سخن کا رنگ بڑا ہی اعتراض سے
افسردہ سرد مہریوں سے اشک چشم ہیں
تیری کدورتوں سے مکدر ہے دل مرا
سر رشتہ سبکی سر میں ہے ابرو کی عشق کا
لاکہوں ہی مضموں ہوئے دل کو داغ غم
بازی لگا کی جیت لئے عاشقوں کی دل
وحشت سے تیرے دامن سے پرزے اوڑا دیئے
عاشق لہو میں ڈوب گئے اس کے واسطے
اللہ رے اوس صنم کی لقمہ ہے کے شوخی
وہ شہسوار عرصۂ افتادگی ہیں ہم
سارا چمن ہے حلقہ بگوش اوس کی زلف کا
کیا دلبری کی مشق بڑہائی ہے لئے ہنو +
خواب اجل مدام تصور کے ساتھ ہے
شرمندہ ہے دست تاسف نکہت کا
رویا ہوں خوب ہجر میں ۔ ای یار لا انتزال
رونے سے میرے کام روای ہوئی مجال

پہینکوں ہوا میں آنکہوں کی تارے نکال کے
دی آبرو حضور نے شوری میں جہال کے
مضموں تیغ لاتے ہیں سانچے میں ڈہال کے
چمکی بناؤں آنکہوں سے تارے نکال کے
بہیجا ہے گوشباب کو شیشے میں چہال کے
چہڑیاں بناوں باستا ہیں شاخیں نکال کے
تیغ لبستہ چشمے ہیں مرے کوہ ہلال کے
کیا کیا نگوے اوٹہتے ہیں گرد ملال کے
چلتے ہیں پگڑوں میں کمان ہلال کے
کہی کو چراغ لعل ہیں کوہ ملال کے
کرتی کی گوشت رنگ دکہاتی ہے جال کے
تیری خرام میں گرگئی شاخ غزال کے
کیا کیا بدلے ہیں رنگ تمہارے او گال کے
تا ترس آ بلہ ہوئے پاے خیال کے
اوٹہ اوٹہ گئے ہیں پاوں صف حوال کے
گہاسے تر کی کان میں حلقے ہیں جال کے
دل ڈہونڈہتے ہیں بات میں پہلو نکال کے
موزوں ہیں مخملی مری پائے خیال کے
دامن اپنے قطرے ہیں عرق انفعال کے
رکہے ہیں جام دیدۂ پرنم کہنگال کے
ترسو کے سخت ہو گئے عقدہ سوال کے

اسباب جمع کرتی ہیں دانتوں کی یاد کا
دیوانے تیرے چنتے ہیں تنکے خلال کے

طاؤس دلسوز زلف میں نیرنگ ہو گیا
بیٹنے کے چھلے بن گئے سب حلقے جال کے

گذری شب شباب کہاں تازگی کا لطف
باسی ہوئے ہیں پھول حسینوں کے گال کے

دانتوں کی یاد میں کیا وہی کے ساتھ ہو
عنقا کر آشیاں میں ہیں تنکے خلال کے

نقشے لکھے گئے ہیں ترے طالبوں کو آج
چھاپ لگ گئے ہیں خط کف دست سوال کے

کیا سخت ظلمت شب فرقت ہے الاماں
گھر میں مرے چراغ بنے پھول ڈھال کے

نظارہ کر رہی ہیں غزل پر جو اے منیر
آنکھوں سے صاد ہوتے ہیں اہل کمال کی

کسے ہوتی ہے اے ترک اسقدر پیاس آب تیغ کی
تری تلوار کا پٹھا ہے شہ رگ میری گردن کی

گلے کے نور سے بڑھ جائیگی تنویر جوشن کی
تری بازو کی اکے میں چڑھی گی شمع گردن کی

صدا گانے کی سنکر اہل محفل مست ہوتے ہیں
تمہاری گٹکری قلقل ہے مینائے گردن کی

شراب سرخ کی رنگت گلے سے پھوٹ کر نکلی
ہوئی لال آتش مے سے صراحی تیری گردن کی

عبث آویزۂ یاقوت کا عالم کو دھوکا ہے
تمہارے کان میں اچھاں لو ہے شمع گردن کی

چمک ہر عضو نورانی کی حسن عضو ثانی ہے
سر پستاں نہیں گہرا ہیں یہ دو دو شمع گردن کی

گلے میں آپنے رومال دھانی آج باندھا ہے
ہوئی ہے سبز مردنگی میں روشن شمع گردن کی

بہار تازہ تیرے قرب سے کمخاب پر آئی
ہری ہو ہو کے پھولیں بوٹیاں انگیا جھکن کی

پڑی ہو پیرہن گنے دوراں سے سر پیچ آفت کے
مری گھگری نے سنجاف گوٹہ کی دامن کی

زمرد کی چھڑی ہے سبزۂ عارض سے ہر تیلی
بنا ہے سوت سینہ کا ڈوری تری چلمن کی

دل عاشق کے جلنے سے مگر محفل کی رونق تھی
کہ ہر ہر عنصر آتش سے تری شمع روشن کی

نہ ہوگا پست قسمت کوئی ہمسا باغ عالم میں
کف قارون ہے ہر پتی مری شاخ نشیمن کی

ملے ماتھا جو تیری تلوؤں سے دیتا ہے دونیں
تراشوں بت جو سنگ پا ہو بتخانی برہمن کی

ہیں وہ طائر ہوں جسکے زمزمہ کا غل گلشن میں ہے
پر جبریل ہر کویل عرش شاخ نشیمن کی

زباں سوج سے حال اوس بت کافر کا کہتی
بیاض گردن مینا نے پوتھی برہمن کی

تڑپ آبلوں کی گویا جنبش ابروئے خوباں ہے
اشارہ کرتی ہے اسے ترک پتلی پائے توسن کی

تری راہ طلب میں رنج راحت کی برابر ہے
نہی سنگ جراحت مجکو سختی قلب پاہزن کی

جوانان چمن لوٹیں گے جوبن پر آپسمیں
خضاب موئے سنبل ہوگی مسی جسکے سوسن کی

پھر آیا منہ میں پانی اسقدر جیسی تجھے دیکھا
چمن میں ہر طرف مسی سی ہی پھرتی ہے سوسن کی

تری آواز سنکر نقش دیوار تحیر میں
ہمارا قد خم گشتہ ہے تجلی گوش روزن کی

جنہوں نے حسن کے ناموس میں رخنے کئے پیدا
نہی ہے چال سلمہ کا تجلی دشت ایمن کی

نہ کیوں گریں کریں دعا گی کیصورت ناتوانی سے
ہمارے پاکپن نے نوک پیدا کی ہے سوزن کی

تڑپتا ہے جو شیرا ناتوان زخموں کو ٹانکو لیتے
نہی ہیں دام ماہی گیر موجیں آب سوزن کی

زر گل بانع فریاد بلبل ہے گلستاں مین
اوٹھی ہے کوچہ منقار میں دیوار کندن کی

بہی جو آب تیغ یار دل کی حسرتیں نکلیں
نہا کر اوڑہ لوں چادر جو چھوڑی آب آہن کی

جگر ٹکڑے کیا ظاہر کی اس شیریں کلامی نے
تری میٹھی چھری کا دستہ کیا ہڈی ہے دشمن کی

سب جلے جاتے ہیں اے بت تو جو سب سے بیچ کرتا ہے
تیری صحبت کی گرمی آگ ہے سنگ فلاخن کی

کہنچا جاتا ہے تیر خنجر ابرو اسی جانب
نہی ہے سنگ مقناطیس سختی قلب دشمن کی

تم اپنی کبر کی تعریف مجھسے روز لیتے ہو
بت پندار کو بھی ہوگئی حاجت برہمن کی

منیر اللہ نے ایسا کیا آتش زباں مجھکو
کہ برق طور معنے ہے تجلی طبع روشن کی

رہبر ملک عدم ہر جو جوان و پیر ہے
اس مرقع میں ہر ایک چلتی ہوئی تصویر ہے

اے پری میری صباحت کی عجب تاثیر ہے
تیرے دامان نظر کا پاٹ جوہری شیر ہے

جوش صفا سے اور ہی تنویر ہے
رنگ تیرے چہرہ پر آئینہ تصویر ہے

ہنگی ہندی زباں کو باعث توقیر ہے
ریختہ کی سرزمیں شعر میں تعمیر ہے

جوش حیرت سے فروغ ماہ بے تاثیر ہے
میرے گھر میں چاندنی صبح شب تصویر ہے

اپنے بخت بد کا شکوہ حال کرتا ہوں رقم
جو میری تحریر ہے نقل خط تقدیر ہے

ابروے خمدار سے مژگاں برگشتہ ملیں
ریشہ شاخ کماں ہر جو تمہارا تیر ہے

تیرے پرتو سے ہرا ہر داغ دل گلگوں ہوا
دھوپ اس گلشن میں گویا روغن تصویر ہے

عقدہ کار بے رنگی حیرت سے لاحل رہ گیا
مشت استخوان یا پنجۂ تصویر ہے

کیا سلسل گفتگو میں ہے دروغ بے فروغ
ہار جو تو موتیوں کا آپ کی تقریر ہے

جس نے دیکھا متوسی کا منہ وہ او سیکا ہو گیا
خواب مرگ اہل جہاں کو سرمۂ تسخیر ہے

خط جو روے صاف پر نکلا ہوئی تسخیر جان
سبزۂ مینا آئینہ کا طوطی تقریر ہے

مصحف رخسار پر کیا بالیں ہی اعجاز ہیں
جو ترا فقرہ ہوا ہے آیۂ تسخیر ہے

صورت حرف غلط جنکو بگاڑا ہے سیکڑوں
دفتر ایام مشق کاتب تقدیر ہے

دام گیسو میں پھنسا کوئی نقش قدم
ہوتی آتش دیدہ میری پاؤں کی زنجیر ہے

جوہر تیغ آپ کی رفتار پر ہیں بیقرار
آج کل طاؤس رقصاں سبزۂ شمشیر ہے

قید کی گردش میں ہو ایام تیری زار کو
پای خوابیدہ کی کروٹ جنبش زنجیر ہے

یادگار رلونک تیغ خم ہو باطن کی خلش
پھانس میرے دل کی موے ابروے شمشیر ہے

ڈھونڈتی ہے صبح کو اس روشنی میں بار ہا
دست زہرہ میں چراغ نالۂ شبگیر ہے

بے ثباتی کر شکنجہ میں پھنسی ہیں شعلہ رو
ہو گیا ثابت کہ لا، نفی آتشگیر ہے

ابرو پر خم کے ہیں مداح سرتا پا بشر
سیکڑوں جلد ونمیں بسم اللہ کی تفسیر ہے

ہو گیا منہ پریشان ہر رخ سوپر توفن دوں
چٹکی لینا شمع رخ کے واسطے گلگیر ہے

فکر معنی رنگیں ہیں اے مضطرب تمام
نسخۂ طغرا میری نظروں میں تری تحریر ہے

گنج استغنا ہے مجھکو آبرو مثل گہر
فقر میں گرد یتیمی چہرہ پر اکسیر ہے

سر میرا رباب و رنج سودا سے رکھو لگو
خشت خم سے گنبد و دستار کی تعمیر ہے

دیکھ کر کشتوں کی حیرت صاف سمجھ گئے
آپ کی تلوار جوہر گلشن تصویر ہے

ہم وہ مجرم ہیں کہ تسلیم کو لئے ہونگے غبار
دو تماچوں کی ہمارے واسطے تعزیر ہے

پڑ گئے اس درجہ دندان تاسف کے نشان
پنجۂ تعجبات کی ہر انگلی سے قط گیر ہے

جیسے وحشی چند فقروں میں مقید کر لئے
آپ کی باتوں کا پھندا دام آہو گیر ہے

نیت خالص بتا دیتی ہے راحت مجھکو
جو غبار آیا دل غمدیدہ میں اکسیر ہے

سیکڑوں دیوانے ہیں سودائی گیسو اسیر
وادی وحشت میں خود رو سنبل زنجیر ہے

حال افتادوں کا میری پائمالی سے کھلا
پھر خواب مخمل فسانہ مرا تعبیر ہے

پردہ دار قید گیسو ہے ہماری آبرو
روزن گوہر میں پنہاں افعی زنجیر ہے

ہجر میں میری طرح بیکار ہیں میرے حواس
میری نظروں میں یہ خمسہ پنجۂ تسخیر ہے

کیا کروں تعریف نواب بہادر کی منیر
جن کی فکر خوب میں اعجاز کی تاثیر ہے

گنا جوانی و پیری کو داغ یاس مجھے
کیا نصیب نے پیوند ہر لباس مجھے

عدم کو لیکے گیا بیخودی کا پاس مجھے
تلاش کرنے نہ پائے میرے حواس مجھے

خدا کی حمد سے خوشبو ہے باغ ہستی ہے
بہار دیتی ہے عطر گل سپاس مجھے

پیا جو خون جگر آب زر کی حرص گئی
خبر نہ تھی کہ ہے اپنے لہو کی پیاس مجھے

بہائیں مدرکہ خمسہ وقت ہوش لہو
ملے برنگ حنا پنجۂ حواس مجھے

امید رحم ہے ای کام بخش کل مدد ہو
چبا نہ جائیں کہیں دندان یاس مجھے

تری گلی میں تصور بھی نہ پہنچا میں
عبث اڑائے پھرا طائر قیاس مجھے

ہوئی ہے گرمی بزم طرب تپ محرق
خدا بچائے خوشی بھی نہ آئی راس مجھے

میں ہوں دماغ میں ہر نشہ سے غیرت
ملا ہے شیشۂ ناموس کا گلاس مجھے

نمو کیا تھا ہی کشت امل کو قطع کیا
اثر میں ناخن تدبیر بھی ہو و یاس مجھے

نہ قبول ہے اپنی ہی رخت ہستی سے
حباب دیتی ہیں کیوں بقچہ لباس مجھے

میری لحد سے اوگا سبزہ پر طوطے
رہی تھی آب زبان سخن کی پیاس مجھے

صدای سینہ زنی قہقہہ سے آتی ہے
زیادہ غم سے خوشی کر گئی اوداس مجھے

خروس روشہ کے آیا ہوں دشت وحشت میں
سنائی آمن نہ یارب عزیز حواس مجھے

تمہاری بینش نے آب گہر میں غرق کیا
غلاف تیغ تبسم ہوا لباس مجھے

پہروں پر ملک الموت بالش سر میں
کہ دیو خواب اجل سے نہو ہراس مجھے

ہیں اپنی جان سے دھوتا ہوں ہاتھ وحشت میں
ہوئی بہار میں داغ پلنگ طاس مجھے

دکھا رہے ہیں جو شمشیر حسن کے جوہر
سمجھ چکے ہیں پری رو او شناس مجھے

ذنخیل سے یارب بچائیو مجھکو
کہیں گرا نہ اندھے کنوئیں میں پیاس مجھے

سفید داغ سمجھتا ہوں صبح محشر کو
شب فراق میں اتنی تو ہیں حواس مجھے

کیا ہے تلخ شکر رنجیوں نے کام امید
ملا ہے شہد تبسم میں زہر یاس مجھے

دکھاؤں آکے اگر اہل ہوش کو حیرت
کہیں سب آئینہ مجلس حواس مجھے

سفید آمد پیری نے کر دیا ایسا
کہ جوئی شیر ہوا دامن لباس مجھے

سنے گی حال اگر خانہ خرابی کا
پھٹکنے دیگی اجل بھی نہ اپنے پاس مجھے

غریق بحر کرم ہو کے بھی گئی نہ طمع
ستاتی تا ہے دریا کے نیچے پیاس مجھے

منیر گنج قناعت ہے نسخہ اکسیر
سوا خدا کی نہیں ماسوا کی آس مجھے

صحرا کو دی ہے ایسی تعلی بہار نے
حوروں کے کان چھیدے ہیں ہر لو کے خار نے

درد سفر کو چین سے بدلا مزار نے
پہلو ہمارے خوب دبائے فشار نے

پھیریں نگاہیں سرمہ چشم نگار نے
برچھی ہلائی زنگی ابلق سوار نے

کی یتیم پروری اہل وقار نے ۔ دامن سے آنسو پونچھے مری کوہسار نے
لازم تھی قدر زندگی مستعار کی ۔ مانگے کی چیز کھوئی دل بیقرار نے
اہل فنا کے زخم ہیں پنہاں ہوئے تمام ۔ بھر دی ہی خم حباب مین تاڑی کنار نے
دم بھر تم آئے سبزۂ گلشن کے سامنے ۔ دیکھا یہ خواب مخمل رنگ بہار نے
نالون نے کبھی پھر آتش فشانیان ۔ افشان چنی جبین قمر پر شرار نے
غرق عرق ہے دیدۂ گریان سی خط سبز ۔ غوطے کھلائے خضر کو دریا کی دھار نے
بخت سیاہ بعد فنا بھی ہے پردہ پوش ۔ کملی اوڑھائی ظلمت کنج مزار نے
مثل قلم چلے جو ترے تیر صید پر ۔ وصلی کیا زمین کو مشق شکار نے
مردان عشق ہین تری ہجران سے زیر دست ۔ شیرون کی پنجہ پھیر دئے مشت غبار نے
سبزہ نہیں ہو کشتۂ گیسو کے کھیت مین ۔ سر سبز کر دیا ہی اثر زہر مار نے
دشمن کا دل بھی میری رسائی سے تنگ ہے ۔ بن بن کی پھانس کی ہی جگہ جسم زار نے
خونریز چھپے مال کو کیا کیا چھپاتے ہیں ۔ سینہ کی پاس رکھی ہی گو دی کنار نے
رو رو کے تیرے صید نے گیسو کو تر کیا ۔ سوتے بنائے چشمۂ دام اس شکار نے
پھولون کی آبرو بھی ترے سامنے ۔ کھلیں کلیان گلاب سے ہر آبشار نے
آنکھین ملا کے دور کئے خار خار دل ۔ پھانسین نکالین [illegible] مژگان یار نے
راحت دہی یا وفا سے جانان فروتنی ۔ سایہ کیا مسافرون پر نخل دار نے
عارض کے بوسے لگی بالون کی آڑ مین ۔ کروائین چوریان شب گیسوی یار نے
سالیون کی بھی آنکھون سے پامال کر دیا ۔ دیوار مین پھاندین ابلق لیل و نہار نے
زلفون مین کتنے بار لپٹے جو سانپ ہے ۔ دامن مین پھول بھر لئے شمشاد کے تار نے
تن بڑہی جو جامہ تن پر پرنیان کی ۔ بیلین رو چھاپ دین گلزار کی بہار نے

کہینچو سو لکھنؤ کو بلاؤن اسپ ہای منجیر

باری دعا قبول کی پروردگار نے

ملتی ابروئے خمدار کی تصویر سے کیسے
دیدیا پیک اجل نے خط شمشیر کیسے

دیکھئے زہر دے وہ زلف گرہ گیر کیسے
کاٹئے اے یار خدا افعی زنجیر کیسے

بارہی خواب میں ہر بخت بھی خوابیدہ ہے
دیکھیں بیدار کرے نالہ شبگیر کیسے

ہر مہینے میں مرے واسطے رسوائی ہے
اتنے شہروں میں کیا عشق نے تشہیر کیسے

کسکو ہاتھ آئے ترے سرخی لب کا مضمون
دیکھیں پڑھنے کو ملے پان کی تحریر کیسے

نہ ملے کس سے مری حیرت دل کا عقدہ
خواب تصویر کی معلوم ہے تعبیر کیسے

مرے خونریز کی باتوں کا ہے عالم مشتاق
دیکھیں آواز سنا ہو لب شمشیر کیسے

کس کو اوصاف خط سبز سنائیں گے آپ
مل گئی پالنے کو طوطی تقریر کیسے

کس کا دل [illegible] زبان [illegible]
آپ کھلوائیں گا سرمہ تسخیر کیسے

نقشہ زلف کی افشاں نظر آئی کس کو
دیکھئے تار ہو دکھائے شب تصویر کیسے

شکوہ بھی لکھ نہیں سکتا ہوں میں احمد کو منیر
[illegible] ہے بے طاقت تحریر کیسے

عیب داغ جگر اے رشک مسیحا کیا ہے
سچ کہو اشرفی مہر کا بٹا کیا ہے

جان شیریں کو جب دم بھر کو [illegible]
بوسہ لوں ہونٹوں کا ایسا مجھے میٹھا کیا ہے

رونمائی کے عوض بیچی گا کیا تجھ سے
آپکے مصحف رخسار کا ہدیہ کیا ہے

کہئے شیرینی تقریر کیسے کہتے ہیں
آپ کی باتوں کا مجھ کو چسکا کیا ہے

زخم اس درجہ ہیں تن پر کہ مری آنکھ [illegible]
چمن جوہر شمشیر کا سبزہ کیا ہے

[illegible] کر مرے تن زار کو گھبراتے ہیں
پھانس بھی پاسے نظر [illegible] کانٹا کیا ہے

مری [illegible]
سبزہ خط کو [illegible] کیا ہے

دیکھ مجبور [illegible]
رقص بسمل کا [illegible] کیا ہے

تری الفت میں جو انسان تپ مرتے ہیں
کہا نہیں جون جولاسے نے اچنبا کیا ہے

کس کے رونگے سے تڑکا یک لقصور اپنا
بند ہو قفل و ریار تو کھٹکا کب ہے

ہم نہ چھوڑیں گے تجھے حکم سلیماں سحر بھی
ای پری دیو سیاہ شب یلدا کیا ہے

داغ سودا شب تاریک میں ہو راہ نما
مشعل شعلہ ادراک کی پروا کیا ہے

نہیں لازم لب لعلیں کی حلاوت کا غرور
لال شکر کے لئے شہر میں رتبا کیا ہے

سفر تجھ بین نہیں نقصان اپنا
گشتے عمر کا دنیا میں کرایا کیا ہے

نقد جاں قرض دیا ہے سا جو طلب کرتے ہیں
دی ہوئی چیز کا پھر ان تقاضا کیا ہے

پوچھنا کیا ہے تمنائے تمہیں اے قاتل
تجھکو معلوم نہیں دل میں مرے کیا کیا ہے

وہ اگر قتل کریں جاوہ شہید ہو جائے
سبز جو تیغ سے تو پھر صاحب مدفن ہو جائے

عیش میں روز قیامت ہو تمکو کا درنگا
پیدہ کو جان جو تجھ پہ ہو وہ خوش قدر ہو جائے

سبزہ خط ہو جو ٹھنڈا تو بوسہ لے لوں
پیاس کچھ جاتے اگر سینہ پہ چدر جائے

خاک عاشق کی بسی برگ حنا سکتی نہ پھرے
دفن کو شیشہ پھٹتے گا جو کہیں دبجائے

چمن حسن کا گلدستہ کوئی ہاتھ آئے
تیرے مکتب کی گلستان مجلد ہو جائے

حوریں بھاگ کر زندان کی لگائیں آکر
اگر نقشہ حسن اگر بوسہ مند ہو جائے

بھاری تھی تیری تجھ کو جو کہ چھوڑ دنگا میں
نشہ میں بوسہ اگر آئے تو بیتا ہو جائے

موت بہتر ہے کہیں وصل بت لو خط سے
ایسی طوطی کہ عوض سبزہ مرقد ہو جائے

ڈھونڈا ہو گرد کہ دشت میں متاع دل زار
مال گم گشتہ اسی خاک میں شاید ہو جائے

قرب عرصہ مجنوں کا ہو جو سیہ بختوں کو
شام کو شہر سے کلکتہ کی سرحد ہو جائے

اور مس کی کمخواب کی بوئی سے بنائیں اکسیر
خاکساروں سے جو وہ زینت مسند ہو جائے

رقص زہرہ کی صدا آنے لگی تیوں سے
نقش گل کو تیری خو سے آمد ہو جائے

چوکھٹا آئینۂ دل کا لگاؤں اوسپر — جو ترے ہاتھ کی لکھی ہوئی ابجد ملجائے
طوق قمری کا پڑے پاے نظر میں بانا — خواب میں مجکو جو وہ سرو سہی قد ملجائے
ہو کے بیٹھے در دولت انور پہ ابھی — شاہ خاور کو اگر آپ کی مسند ملجائے

آنکھیں پر نور کرے کحل جواہر سے منیر
یا الٰہی مجھے خاک در احمد ملجائے

تیرے تصور حسن حسینوں کا ماند ہے — تصویر ماہ مصر کی کاغذ کا چاند ہے
ہم مست نا توانیوں میں بھی ہیں بیچشم — آنکھوں کا ہر گڑھا ہے گلگوں کی ناند ہے
مریخ بیفروغ ہے ٹیکے کے چاند سے — دستار آفتاب کا طرہ بھی ماند ہے
خوش صورتان دہر ہوا پر ہیں اندنوں — رخسار ہر حسین کا تکل کا چاند ہے
نقدی کی فکر رہتی ہے صوفی کو وجد میں — یہ جست و خیز جو ٹٹونکی کود پھاند ہے
رحمت خدا کی جوش پہ ہم مست بے نصیب — پیل سحاب کے لئے ہر موج پھاند ہے
یہ سر چڑھا نگاہ سی ساتھی او ترکیب — میخانۂ جہاں میں بھی کود پھاند ہے
پھولوں کی فصل گل میں قبا کیوں نہو سفید — تھالا ہر ایک درخت کا ڈہوبی کی ناند ہے
رونق چھولا غری سو ہے بخت سیاہ کی — قد خمیدہ کیا سر شب کا چاند ہے
پیدا ہو عکس چہرۂ گلگوں دم شنا — لبریز رنگ باغ سے دریا کی ناند ہے
مانگا جو بوسہ یار نے خالی دیا جواب — یارب ہلال لب ہے کہ خالی کا چاند ہے
کیا کہکشاں کا دستہ قبا میں لگا ہے یار — اے چرخ نیل تیرے ستاروں کی ماند ہے
دریا میں عکس رخ نے دکھایا نیا طلسم — ابرو ترا حباب کی ٹوپی کا چاند ہے
بے آب موج خندہ ہوئی حسن ڈھل گیا — پٹھا تمہاری تیغ کی کھاند ہے

جاتا ہوں لکھنؤ سے بہت دور اے منیر
خالی میں کیوں کہوں کہ سفر کا چاند ہے

عدو سے ہو لڑتی ہیں آنکھیں نظر نہیں کہتو
تم اپنے قبضہ میں تیغ زلف نہیں رکھتے

ہوا ہے کوچہ قاتل نہ نکلے دل سے کہیں
کھلا ہوا در چاک جگر نہیں رکھتے

کسے سبب ہے عمر دو روزہ پر اے صنم نکلے
سپر حباب کی ہم دوش پر نہیں رکھتے

چلی ہے بیچ جہاں میں مفلسی کی ہوا
کہ اپنی گانٹھ میں پیسے بھی زر نہیں رکھتے

جو سیر ہو آپکا کھٹکا ہے تم کو ہر ساعت
گھر میں کس لیے زنجیر در نہیں رکھتے

کھڑی ہیں کوٹھوں پہ آپ اور دیکھنا محال
ہمارے طائر نظارہ پر نہیں رکھتے

غبار دل اہل صفا سے پاک ہے ہنوز
کہیں بھی گرد شیشہ گھر نہیں رکھتے

نقاب باعث کی نقد جان کر بدر نادمی
اگر وہ تم آئینہ رخ کا گھر نہیں رکھتے

تو ٹھہرے زیر فلک ہم عروج وحشت میں
کلاہ آبلہ پا سے سر نہیں رکھتے

کبھی پیام نہ بھیجا تمہوں نے میرے پاس
فدا ہیں کیسے کہ پیغامبر نہیں رکھتے

کریں خرید جوان مہر خون کا نقد جمال
گرہ میں سکہ سیم و زر نہیں رکھتے

کبھی ہو یہ نہیں وہ اتفاق پرستا تم
سر غرور و سخن تکیہ پر نہیں رکھتے

خیال خال میں مایوس آبرو سے میں ہم
امید بارش ابر سپر نہیں رکھتے

منیر کیا کریں ہم دعوی سخنگوئی
کسی طرح کا کمال و ہنر نہیں رکھتے

آنسو اے رشک قمر بہتے ہیں چشم تر سے
ایسے طوفان میں جاتی ہے تمہارے گھر سے

فاقہ توڑوں گر کہ خال رخ دلبر سے
روزہ افطار ہو یارب نمک اختر سے

کھیت کشتوں کا جو پامال ہوا جی اوٹھا
چونا اوٹھا سبزہ خوابیدہ تیری ٹھوکر سے

مفت میں بار علائق نے ڈبویا ہمکو
کشتی عمر رواں بیٹھ گئی لنگر سے

ہر گرانی سے تن زار پسا جاتا ہے
ہڈیاں چور ہوئی جاتی ہیں بار سر سے

ندرہ الجھا کو ہنکر جو تر غمزہ ہوے آپ
دانت کھٹے ہوئے شاید کہ ترنج زر سے

نور مہتاب بچھونے کی برابر کیسا ہو
چاندنی چھوٹی ہے ایاد تیرے بستر سے

زلفیں تر ہوگئیں آیا جو عرق ابرو پر
رات سب بھاگ گئی آب دم خنجر سے

دانت تم پیستے ہو سنگدلی سے ہر روز
طرفہ ہیرا ہو کہ پس جائے لگا پتھر سے

نکہت زلف کر آنے سے جلے داغ جگر
آتش گل بھڑک اوٹھی نفس اژدر سے

ابرو والوں کے دل چھید لئے پلکوں میں
آپ نے موتیوں کو بیدہ دیا نشتر سے

کر دیا خاک مجھے نالۂ آتش زا نے
نکلے گا بیضۂ ققنس مرے خاکستر سے

تیغ قاتل سے گل زخم کھلے سینہ میں
لائے ہم پھولوں کی ڈالی چمن جوہر سے

تیری مسند کا تصور ہے میری آنکھوں میں
صف مژگاں نہیں کم بادلے کی جھالر سے

تری مسّی کی دھڑی کا ہو زنخدان میں عکس
بھر گیا چاہ ذقن شربت نیلوفر سے

عرق رنگ طلائی میں کٹورے رنگ گئے
پان اٹلیا کا کبھی دہوئی آب نہ زر سے

جام خورشید عطا کر کے کیا نورانی
خم گردوں کو بھرا یا رنے اک ساغر سے

فتنۂ حشر سے سبقت کا ارادہ نکرو
کیا غضب کرتی ہو آگے نہ بڑہو محشر سے

شاد و آباد ہوں نواب نصیر الدولہ
بھر دیا دامن امید زر و گوہر سے

خیر آنکھیں نہ دکھائیں سحر و شام مجھے
نہیں در کار یہ پھوٹی ہوئے بادام مجھے

نہ ملے بعد فنا تا کبھی آرام مجھے
مردوں کی ہاتھ وہ بھجواتی ہیں پیغام مجھے

مئے گلرنگ پلا کعبہ میں اے ساقی شوخ
ساغر نافہ زمیں دی عوض جام مجھے

تیری فرقت میں ہے ہر رنگ بہار گردوں
مثل خون صبحی ہے شفق شام مجھے

فرقت یار میں کیا حسینوں کی آنکھیں دیکھوں
پھوٹی کوڑی نظر آتی ہیں یہ بادام مجھے

کعبہ کو جاؤں اگر چھوڑ کے کوچہ اوس کا
یا الٰہی ہو کفن جامۂ احرام مجھے

عکس آئینۂ گردوں میں ہے کس گلرو کا
اطلس چرخ نظر آتی ہے پہولا مہ مجھے

منہ لگا کر قدح بادہ دیا کرتے ہو — کب تک ایجان سے لے بوسہ بہ پیغام مجھے
بال الجھیں نہ کہیں گالیون کے پیچھو مین — چوٹی گندھوا کر دیا کیجئے دشنام مجھے
اوسی نقاش کی ہین زیر نگین سب مہرین — ہر نگینہ مین ملا ایک وہی نام مجھے
کمر یار کی الفت مین ہوا ہون بے صد وہم — ڈھونڈ کر بھی نہیں پانے کا مرا نام مجھے
نقطۂ خال کی الفت میں ہوا ہون سرگردان — دور پرکار ہوئی گردش ایام مجھے
نام رکھنے ہی سے بدنام مین ہوجاونگا — راس آتا نہیں ای جان جہان نام مجھے
یہ نئی رسم نکالی ہے خدا خیر کرے — عوض بوسہ دیا کرتے ہیں الزام مجھے
مثل گل پانچوں کی باغ مین کلیاں کھلی ہیں — طرز گلگشت دکھاتا ہے جو وہ گلفام مجھے
ای پری قدر بڑی ہے عرش کی تارے توڑون — بوسہ لینے کو جو ہاتھ آئی لب بام مجھے
بے بقا بسکہ ہے اسباب نشاط ای ساقی — ساغر بادہ ہے خورشید لب بام مجھے
تپ ہجران کی حرارت کی نئی گرمی ہے — ہوئی تبخالہ لب گنبد حمام مجھے
شجر قدرت مین ہو پھولکی چھڑی کا عالم — پھول مارے جو چمن میں وہ گل اندام مجھے
بوسہ سیب ذقن میٹھی ادا سے بخشا — یار نے آج مربی کا دیا آم مجھے
آفت جان ہین وہ نوخیز انار پستان — ہاتھ ملوائین گے کب تک ثمر خام مجھے
جھاڑ کانٹون کے ہیں اور آبلون کی فانوسیں — شیشۂ آلات کا منظور ہے نیلام مجھے
بادہ خوارون میں ہے ابھی طفل دبستان ہنوز — مکتب دہر میں پڑھنا ہے خط جام مجھے
تپش زن رنج اسیری ہے بہت ای صیاد — صدمہ سے خانۂ زنبور رہے گلدام مجھے

ہون جدا رشک سے استاد کے خدمت سے منیر
فرخ آباد مین کیون کر ملے آرام مجھے

پرہیز فقیر و [illegible] عزاوار نشین سے — کیلی مری کچھ سایۂ ہمیار نہین ہے
چڑھاستی ہین بھوین مونٹھون کا جب لیتی ہین بوسہ — میٹھی چھری ہے آپ کی تلوار نہین ہے

کیا سینہ پر داغ کو مرہم سے علاقہ — شایان چمن سبزۂ زنگار نہین ہے
کچھ زہر نہین شیشۂ مو منہ سے لگانا — یہ پینہ پیتا ہے کف مار نہین ہے
نباض رگ جان ہین لگاوٹ کی نگاہین — مردہ ہے جو اون آنکھوں کا بیمار نہین ہے
دل باتون سے ٹھنڈ تو کیا سرمہ دکھایا — تبرید مین بھی شربت دیدار نہین ہے
حسن نمکین کا لب ہر زخم ہے مداح — ایسا کوئی قاتل کا نمکخوار نہین ہے
رلواتے ہین الفت سے اشارے نہین کرتی — برسات ہی پر تیرون کی بوچھار نہین ہے
کیون بوسۂ اغیار کا ہے سم داغ لگائیو — جھوٹا ابھی تک لعل شکربار نہین ہے
ایسا ہی سیاہ دن کی نگاہون میں دل زار — فرمائی ہین یہ آئینۂ دلدار نہین ہے
ہے شور زمانہ میں عبث اوس کی ہنسی کا — کہاں ہی نمک خندۂ دلدار نہین ہے
دیوانۂ نظر آتے ہین مجروح اسی کے — ابرو ہی پری ہے تری تلوار نہین ہے
تصویر جو مانگی عوض دل تو وہ بولے — ہدیہ کے لئے مصحف رخسار نہین ہے
پوشاک مسالے کی ہے حسن نمکیں سے — کس طرح ترا وصل مزیدار نہین ہے
کیون خواب مین آتی نہین ہر رات اندھیری — ایسے مین مرا بخت بھی بیدار نہین ہے

موزون کئے یہ شعر منیر ایک پہر میں
تقصیر مری فکر کی زنہار نہین ہے

کیون سیکھے ورد زبان تعریف ابرو ہو گئی — تیری بسم اللہ کیا ای طفل گلرو ہو گئی +
بے ثبات اسد رحیہ پیش چشم گلرو ہو گئی — ناوک کاغذ کی نظر میں چشم آہو ہو گئی +
پوچھتے کیون ہین نجومی اون بھوون کا حال دو — ماہ نو کی چیستان کیا بیت ابرو ہو گئی +
قیس کو بدنام ہونے سے ملا وحشت کا پھل — بید مجنوں کی چھڑی بھی شاخ آہو ہو گئی
ترک عصیان سے ثواب حج کعبہ ملگیا — باب توبہ سے عیان محراب ابرو ہو گئی +
دستگیری کر رہی ہے تیری بختی آج کل — خود بخود میری چھڑی کی شام گیسو ہو گئی

عاشقوں کو مارتے ہیں تیر فراق اندلوں ل ۔ دستۂ ترکش تمہاری گھر کی جھاڑو ہو گئی
لیٹتے ہیں جیتی ہوں چشماں تر میں راتدن ۔ دیکھ ذو بحر پہ تیری بیت ابرو ہو گئی
توڑتے ہو روز تم تلوار پر ہم مرتے نہیں ۔ سخت جانی اے صنم سنگ ترازو ہو گئی
قد کی موزونی وہ شالہ سو زیادہ بڑھ گئی ۔ اے پری بیچار پلوں کی ترازو ہو گئی
ملتے ہیں دست تاسف ہم ہوس کے عشق میں ۔ ہر ہتھیلی نقش بسم اللہ ابرو ہو گئی
زخم کھاتے ہی بڑھی پیاس آب تیغ یار کی ۔ میری شست استخواں کھل کھل کی چلو ہو گئی
سنبل گیسو چمن میں کیوں دکھایا آپ نے ۔ کنگھی کی ہر شاخ شرماکر لجالو ہو گئی
موج دود آہ سوزاں سے مضطر ہے دماغ ۔ اس دہن میں کی لٹ زلف یار کی بو ہو گئی

آبداری پائی نطق رشک کی باعث منیر
بات سچے موتیوں کا نظم اردو ہو گئے

جلسوں میں گذرنے لگی پہر رات تمہاری ۔ اس بھیڑ میں جاتی نہ رہے بات تمہاری
ہے جلوہ گہ دیر و حرم ذات تمہاری ۔ ٹھیری ہے دو عالم میں ملاقات تمہاری
جلوہ صفت شمع ہے گردن سے کمر تک ۔ کس نور کے سانچے میں ڈھلی گات تمہاری
کھولے ہوے گیسو نہ دکھاؤ مجھے صورت ۔ مہمان مرے گھر نہ ہوئی رات تمہاری
پھبتی بہت کھیلتے ہو غیر سے ایجال ۔ کوڑی کی نہ ہو جائے کہیں بات تمہاری
آنکھوں میں نہیں سلسلۂ اشک شب و روز ۔ تسبیح پڑھا کرتے ہیں و ذرات تمہاری
کٹوا کے مرے دست تمنا کو وہ بولے ۔ دو ہاتھ گھٹی آج ملاقات تمہاری
فرماتے ہیں ہنس ہنس کے مجھے دیکھ کے گریاں ۔ لڑ ڈوبے گی آخر تمہیں برسات تمہاری
مستی جو لگا کر مجھے باتوں میں اڑا دے ۔ اڑ جائے دھواں بن کے یہ ظلمات تمہاری
پامالوں کی آنکھوں میں سبک مجکو نہ کرنا ۔ ڈرتا ہوں کہ ہلکی نہ پڑے بات تمہاری
کہتے ہیں تقاضا سے مجھے زہر کھلا کر ۔ ان روز وں بہت تلخ ہے اوقات تمہاری

جو کچھ کہو برعکس کوئی کہہ نہیں سکتا
کیا تاب ہے اوٹے جو کوئی بات تمہاری

کہتا ہوں کہ بوسہ ہی ملا جان ہی پائی
وعدہ نکرو خیر عنایات تمہاری

آنکھوں میں ہی سینہ میں ہی دل میں ہی جگر
کس پردہ میں پوشیدہ نہیں ذات تمہاری

سو روپ میں ہوا کرتی ہیں تقریر کی نقلیں
ڈر ہے نہ بگڑ جائے کہیں بات تمہاری

پہنا کے کفن خاک کے پردے میں چھپایا
ڈھیر کر دیے خلعت یہ عنایات تمہاری

ہونٹوں سے جو پھر جاتی ہے منہ کیطرف انجان
کیا نشہ میں بہکی ہوئی ہے بات تمہاری

کی قطع عبث زلف نہ تنہا کوئی گرفتار
تنہا رہے بے لطف کٹی رات تمہاری

بد گو ہو یہ افسانہ رہے اہل جہاں میں
قصہ ہو بگڑ جائے اگر بات تمہاری

زخم ایک کٹاری کا عنایت نہیں ہوتا
کوڑی کوئی ملتی نہیں خیرات تمہاری

الجھا ہے مگر زلف میں تقریر کا لچھا
سلجھی ہوئی ہے جیسے نہ سنی بات تمہاری

اللہ ری صفا منہ نظر آتا ہے بدن میں
آئینہ ہے ایجاد کرامات تمہاری

فرمائشوں کا بوجھ رقیبوں سے نہ اٹھا
صد شکر کہ ہلکی نہ ہوئی بات تمہاری

شیریں سی نہ ہو دل کہیں فرہاد کا کھٹا
ڈرتا ہوں کہ شیریں ہے بہت بات تمہاری

کیا شعر مزیدار منیر آج پڑھے ہیں
ہر بات میں اعجاز ہے کیا بات تمہاری

فوج مژگاں کا کچھ ارادہ ہے
زلف پیچاں نے لام باندھا ہے

لب رنگیں کو کسنے چوسا ہے
دیکھ لو یہ عقیق جھوٹا ہے

کون آیا چڑھی سواری سے
نے سواری کا کس کی ٹھہرا ہے

دانت کھٹے ہوئے اناروں کے
اُن کا سیب ذقن یہ میٹھا ہے

بوسۂ لب دیا جو بگڑے غیر
ہونٹ میں تمنے قند ڈالا ہے

کاٹتے ہو ہمارے نام کے حرف
خوب شوشا ہے زور فقرا ہے

وصفِ قد کے دو چند ہین مضمون
کوئی مصرع نہین ہے دوسرا

واشت کنگھی کا ہے مگر مجھہ پر
مار گیسو جو کاٹے کھاتا ہے

خوب ہے وصلِ عاشق و معشوق
یہی جوڑ یکا ایک نسخا ہے

زخمِ دل پر نمک چھڑک و ا وُ
ذائقہ میرے منہ کا پھیکا ہے

غیر کے گھر بجا رہے ہو ستار
تنتنے در پردہ ٹھاٹ بدلا ہے

کوئی تازہ کنواں جھکائین گے
اندنون اختلاط گہرا ہے

چٹکی انگیا میں تم نہ لو ا و
گورے سینہ مین نیل پڑتا ہے

بوسہ ہونٹوں کا لِ گیا کس کو
دل مین کچھہ آج درد میٹھا ہے

چین سے ہین فقیر لیٹے فنا
قبر کو بھی سرہانے تکیا ہے

اے منیر آپ کیوں ہیں آزردہ
یہ تو کہئے مزاج کیسا ہے

کیا کوئی میکدہ میں چشم پرآب آتا ہے
آج کشتی مین جو مینائے شراب آتا ہے

بس کہ ہے پیش نظر پست و بلندِ عالم
ٹھوکریں کھا کے مری آنکھوں مین خواب آتا ہے

کثرت عیش ہو کیا ملک عدم مین یارب
رقص کرتا یہ دنیا مین حباب آتا ہے

کوئی ہمسر نہین دریائے فنا مین میرا
مجھسے دستار بدلنے کو حباب آتا ہے

باغِ عالم مین بہار آئی نو دِ خط سے
بن کے نوروز ترا عہد شباب آتا ہے

سارے گل آب ہوئی شرم سے تیرے آگے
چمن دہر مین طوفان گلاب آتا ہے

مجکو وحشت ہوئی آغاز جوانی میں شروع
نجد مین ہو کے گذر عہد شباب آتا ہے

جب سے دنیا مین برستا ہو مرا ابر فرزہ
کمل اوڑھے ہوئے ایک ایک سحاب آتا ہے

غافلو رتبۂ ایام جوانی سمجھو
پندرہ سال کی رستہ سے شباب آتا ہے

آئینہ خواب مین ہو پیش نظر روز منیر

میرے نامہ کا مگر صاف جواب آتا ہے

دور سے بھی کبھی ملنے کے اشارے نہ ہوئے
ہم کہیں گے نہ رہے تم جو ہمارے نہ ہوے

دعوے نور میں خورشید سے پیچھے نکلے
کبھی جھو ملے تری انگیا کو ستارے نہ ہوے

سب جیسے لپٹو رہے کی غیر کی جانب وا رہی
مثل دریا کبھی تم ایک کنارے نہ ہوے

سامنے میرے نہ کی شرم سے تیر انداز ہی
نیچی آنکھیں نہ لونکو اشارے نہ ہوے

دل بربادمیں آ ئی نہیں افشاں کی یاد
جمع اس برج ہوائی میں ستارے نہ ہوے

نہ کیا وصل کا اقرار کبھی بھولے سے
ہم تو کہنے کو بھی ممنون تمہارے نہ ہوے

کس کی ہل دل سے رہا کر نہیں محرم سکے
تری انگیا کی کبھی پان کرارے نہ ہوے

بھولے سے پھانس نکالی نہ ہمارے دل کی
ایک تنکے سے بھی شرمندہ تمہارے نہ ہوے

ٹھوکروں سے مجھے پامال کیا نہ خنجر
تاج میں ابرو پر خم کو اشارے نہ ہوے

جان و دل کھو دے محبوبوں کی الفت میں منیر
کس کے ہونگے جو یہ بیرحم تمہارے نہ ہوے

آ جلد کہ زیست کوئی دم ہے
جانی تری جان کی قسم ہے

خوش چشم اتنا تو اے صنم ہے
سایہ بھی آہو سے حرم ہے

پھٹتا نہیں ہجر خطوں کا لکھنا
انگشت شش میاں قلم ہے

ساقی گلا ہے دانت میرے دل پر
الماس تراش جام جم ہے

دو دلی میں پیچ راستی سے
قد راست ہے گیسوؤں میں خم ہے

دم تم کو نہ دیں گے زیر خنجر
یہ جان لو زیست ایک دم ہے

جی تو جی ہمدمی نہ چھوڑے
دل سوز ایسا وفور غم ہے

جان آ گئی پتلیوں میں دیکھو
آنکھوں میں روح انکی ضم ہے

تم گا کو ہو بجاتے ہیں غیر
ہر تال ہماری حق میں سم ہے

کوچے کٹ جائیں تو پہنچ جاؤں
باقی رہ عشق دو قدم ہے

جب بڑھ گئی عمر گھٹ گئی زیست
جو حد سے زیادہ ہو وہ کم ہے

کہتے ہیں دکھا کے جادوئے تیغ
نزدیک اس سے رہ عدم ہے

یعنی جھک کر ملیں اجل سے
بوڑھوں کی کمر اسی سے خم ہے

دیتے ہو عدو کو چکنی ڈلیاں
ہم سے رو کے ہو کیا ستم ہے

منہ تم کو نہیں لگاتے اب ہم
بوسہ لینے کی بھی قسم ہے

اللہ ری اون کی بدگمانی
مرتا ہوں تو کہتے ہیں کہ دم ہے

صاحب دیتے ہیں کیوں زر داغ
بندہ تو غلام بے درم ہے

اوس بت نے جگر کیا ہے پانی
دریا میں جا سے کوہ غم ہے

غم کھانے کا ہے اثر ذرا لا
سمجھے جسے فربہی ورم ہے

فانوس نہیں شب الم میں
ہر شمع کو جسم پہ ورم ہے

کیا جانیں منیر شاعری ہم
استاد شفیق کا کرم ہے

کربلا کے جانے کا ساماں اگر یا رب بنے
حرز خاک شفا ہر عقدۂ مطلب بنے

چکنے چپڑے ہونٹوں کو بوسہ کا کوئی ڈھب بنے
مہر خاموشی کا نگ تیرا عقیق لب بنے

اژدہاے زلف کا غم زہر مار الیا کیا
پھانس جو دل میں لگی ہو دم عقرب بنے

بادۂ انگور کا کعت ہو علاج درد سر
جب زیادہ ہو بخارے یہ نسخا تب بنے

عشق مژگاں میں نکالوں پاؤں کا کانٹا اگر
سوزن عیسیٰ ہی کج ہو کر دم عقرب بنے

سیکڑوں ہونے لگے رنگ حلاوت پر شہید
خون شیریں ہی مگر تیرے عقیق لب بنے

تری انگیا کے ستاروں کی حضوری ہو نصیب
داغ چیچک رو ہو زہرہ کے لئے کوکب بنے

کیا غضب ہے آتش صہبا سے فرقت میں جلوں
دانہ یاقوت میری بخت کا کوکب بنے

ہونٹھ اگر غصہ میں تو کاٹے کمال حسن ہو ‏ جوہر ذاتی نرش کر صاف لعل لب بنے

ہیں تو کیا میری شکیبائی نہ مجکو روے غیر ‏ چشم حیا و صبر یارب دیدۂ عقرب بنے

زلف شکیں کر اوسلجھنے پر جو پیچیں دالتے ‏ سو وہ الماس و تداں عنبر اشہب سے بنے

فقر ہیں اندھیر کر دے کاسۂ دل کی شکست ‏ سو کہ چینی کو میری خاطر گلیم شب سے بنے

آپ چٹوں میں جو چھپتا ہو رقیب اب انھو ‏ کاسہ ہوتی کار و زن خانۂ عقرب سے بنے

سحر کی باتیں وہ گل کرتا ہو کہد ہوائے نسیم ‏ مشت غنچہ مونٹھ جادو کی چن میں آپ سے بنے

راہ ہستی کی فلاک کو دور میں چلنی پڑی ‏ کیا تعجب ہو اگر گاذ زمیں مرکب سے بنے

ہم سبق تصویر حیرت بن گئے تیرے حضور ‏ کیا عجب ہو آئینہ خانہ اگر مکتب سے بنے

مختصر ساماں سیلاب حوادث سے بچا ‏ کشتی درویش بحر عشق میں مرکب سے بنے

تم جو گیسو کھولدو شادی ہو بر آئے مراد ‏ رات کو دولہا ہمارا شاہد مطلب سے بنے

ہم وہ مجنوں ہیں چلیں احکام وحشت پر اگر ‏ مانگ لیلی کی ہمارا جادۂ مذہب سے بنے

وہ کھلاتے ہیں اگال اسواسطے تا چپ ہوں ‏ پوٹلی سینہ ور کی ہر عقدۂ مطلب سے بنے

ان حسینوں کی صفائی ہو فقط خواب و خیال ‏ دھو کی ٹٹی کے آئینہ پہ جیہری سب سے بنے

مذہب عشق وہن ہیں اوس مسیحا نطق کی ‏ سوزن عیسی کا ناکا تنکۂ مشرب سے بنے

انکھوں سے چھیڑوں اگر حیلہ نزاکت کرو ‏ گدگدی انگشت مژگاں سے ہوا لیسا ڈھب بنے

ابرو ہو دیں حق تر دامنی ہو لے خضر ‏ نہنگ حبس کپڑے ہیں جہانیں صافی مشرب بنے

چاند کی صورت نکل کر جام جب جلوہ کری ‏ خم شراب ارغوانی کا چہ نخشب سے بنے

لے قمر عشق زنخداں کر اثر سے کیا عجب ‏ جو کنواں مجکو جہکاے تو چہ نخشب سے بنے

سرخ ہو مونٹھو نگار زنخدا پہ اگر پرتو پڑے ‏ شربت عناب لب آب چہ غبغب سے بنے

کان کو زیور کا مینا اورگر چمکا رات کو ‏ بالی کی مچھلی کر چھلکے اور قمر کوکب سے بنے

تم جو بیدل کی پڑھو انشا تو دل کی قدر ہو ‏ چاہ عنصر سو ہمارا شاہد مطلب سے بنے

ظرف عالی ساقیٔ کوثر اگر بخشے ہمیں
دور نہ گردون ہماری وسعت مشرب تک پہنچے

عقدۂ مشکل نیا پڑنے لگا ہے ہر برس
کیا عجب تار نفس میری بجا گانٹھہ سر بنے

نور کا گانا جو تو گا ہے طلسم تازہ ہو
شعلۂ آواز ہی مطرب مہ نخشب سے بنے

یہ زمیں اور چرخ ہے ایجاد ذوق دلبری
کیون نہ ہر لفظ غزل میں غیرت کوکب سے بنے

دل جو ٹوٹے تیرہ روزی جی پریشانی پڑے ہے
بال اس شیشہ کا بھیتے پر تو زلف شب سے بنے

رند زندہ سب دیکھکر کہتے ہیں مجھکو سب منیر
اس کا غم کھانا عبث ہے ایسی گزر تو تب بنے

نور افشان اسقدر گرد سواری ہو گئی
جتنے گھوڑے ہر کو برچھی دی کناری ہو گئی

کاٹ پلکون کا ہماری خاکساری ہی پڑا
یہ وہ برچھی ہے کہ جس سے تیز آری ہو گئی

بزم عالم سے ہوا کیا تو چلے روشن ضمیر
شمع کو زیبندہ اگلی سواری ہو گئی

کون تیرے دامن چمن کی سیر کو آیا حسین
خوب تجو دم طوب کیون فصل بہاری ہو گئی

کھول کر زلفین جو کی تقسیم ساقی نے شراب
کشتی و سنبل گیسو کی کیاری ہو گئی

آبروی باغ تیری تیرے گالون کی ہوئی
خوبرو یہی پنبہ ابر بہا ری ہو گئی

بیٹھے تو خوش خوار رعین گویا مال ہم کر گئے ہو
شیر قالین پر ہمیں مشق سواری ہو گئی

ناتوانی میں جو تڑپا رنگ گریہ جم گیا
چڑھ گئی جو رنگ رگ ابر بہاری ہو گئی

صحبت باد صبا سے بڑھ گئی آوارگی
کوچہ گرد اس شوخ کی خاک سواری ہو گئی

جب کیا بلبل نے تیری گلشن عارض کا وصف
طفل غنچہ کو گلستان حفظ ساری ہو گئی

خاک میں دست حنائی سے ملایا جب مجھے
رنگ ماہی منہدی کی ہتھیلی تمہاری ہو گئی

ہو پری پیکر چراغ زندگی گل ہو گیا
تیری دامن کی ہوا باد بہاری ہو گئی

سخت جانی ہو گئی نازک مزاجی کو مضر
شیشۂ دل پس گیا جب زیست بھاری ہو گئی

عاشق مصحف عارض جلی جاتی نہیں
ضعف سے قرآن کی ... بھی بھاری ہو گئی

قتل کو وعدہ خلافی سے طرح کھل گیا
آپ کی تلوار بھی جو تھی کٹاری ہو گئی

بوجہ سے کوہ شب فرقت کی دیکھ ڈر گیا
گر پڑی چھت مجھ پر ایسی رات بھاری ہو گئی

ذورہ کی تو نے جب رخسار پر ڈالی نقاب
جدول قرآن سے رخ ایک ایک دھاری ہو گئی

ہو گئے لاکھوں تمہاری پائجامہ پر شہید
خون میں رنگ گلبدن کی ہر کناری ہو گئی

جب خواصی میں رقیب نقش زن کو دی جگہ
برج عقرب اے قمر تیری عماری ہو گئی

فخر کا مل خاک میں تیری کدورت سے ملا
کرکری آبرو زدن اپنی خاکساری ہو گئی

دیکھی سب رشک کواکب ہر اپنی بو دیا
ایک لحظہ میں تمام اختر شماری ہو گئی

منتشر ہو یا آپ نے تر ہو گئیں پلکیں تمام
نشتر مژگاں کی دونی آبداری ہو گئی

آبروئے اشک کھوی ہنسنے رو کر بحر میں
دیکھنا پانی سے پتلی اشکباری ہو گئی

زلف کی افشاں کا ایسہ کر لیا ہمنے حساب
اس شب گیسو کی بھی اختر شماری ہو گئی

ضعف سے جوش جوانی میں جو بہی دلکی طپش
رعشۂ پیری ہماری بیقراری ہو گئی

مسکرانا آبروئے گلشن خوبی ہوا
تیر شمشیر تبسم نہر جاری ہو گئی

تم جو پوچھ پر سوار آئے چمن کی سیر کو
نو عروس حجلۂ گل پر کہاری ہو گئی

رشک سے استاد کے فیض تلمذ سے منیر
فکر صاحب مدح کے لایق ہماری ہو گئی

میری پیشانی کو ٹھکرائیو اگر تو پاؤں سے
پر نہ چھوٹے ناخن محراب ابرو پاؤں سے

سینہ پر داغ میں چٹکی جو لی تو پاؤں سے
خوب اس کمخواب پر ہو جائیو اتو پاؤں سے

ہم حسینوں کی بھووں پر رکھتے ہیں پاؤں نگاہ
روندتی ہیں سبزۂ شمشیر ابرو پاؤں سے

بال ایڑی تک بڑہائے زلف مشکین کو جیش
خاک میں ناحق ملایا مشک گیسو پاؤں سے

ناخن پا سے میرا زخم گلو کھجلائیے
گردن عاشق کی ٹھہر پر ہوا تو پاؤں سے

رنج پینا ہے مجھے مہندی کی جو رونگا لہو
کھینچ کر رنگ حنا دو چار چلو پاؤں سے

زلف میں موتی پرو کر تا قدم چھوڑ دے ٭ ٹوٹ جائیں مچھنہ افعی گیسو پاؤں سے

پاؤں کی ٹھوکر سے مخمل طور جب مرجھا گیا ٭ بول اُٹھے ہنسکر چھوا انہے لیجا لو پاؤں سے

صاف کہدے مجھے اسے شمشاد لپٹا کیا ٭ وہ شمع ساق یا زنجیر گیسو پاؤں سے

تم جو تل ٹھہیو پرستش ای صنم میزان کی ہو ٭ بت نہو چھو لو اگر سنگ ترازو پاؤں سے

سنبل سودای مجنوں سبز ہو جاے ابھی ٭ ٹک کہو ٹھکرا ہو اگر لیلا ہو گیسو پاؤں سے

دل کا دکھنا سنگیا اونکی جو آ ہو پہنچے قدم ٭ کہو دیا کہ دست میرا اور دہ پہلو پاؤں سے

مچھلیوں میں شور محشر کا تماشا پیوستہ ہے ٭ چھو لئے رفتار میں کیا آپکے بازو پاؤں سے

زلف ایڑی تک لٹکتی رہتی ہے رفتار میں ٭ سیکھتا ہے چال کیا ہندو گیسو پاؤں سے

سر کو رکھکر وصل میں اپنا جو وہ سرو روان ٭ قد تو ہم بڑھ گیا رتبہ میں زانو پاؤں سے

سحر کی رفتار کا سکہ بٹھا دو چرخ پر ٭ کہو دو و لوح قمر پر نقش جادو پاؤں سے

کب خلش کھوئے کسی کی سوزن تدبیر غیر ٭ نیش سے کیوں کر نکالی پھانس بچھو پاؤں سے

قلقل مینا صدا ہو پاس گویا بند ہے ٭ کہو دیا نیت العنب کا توڑ اچھو پاؤں سے

کفش پا میں جان پڑتی ہے دم رفتار یار ٭ ہر ستارہ اُڑ رہا ہے بن کے جگنو پاؤں سے

سیر ہو آنیسے ہوا پر لو زصحراے جنون ٭ ہو گلو روشن چراغ چشم آہو پاؤں سے

ای پری کا غذ حنائی ہو بیاض چشم کا ٭ وصل ہے آنکھیں جو ملنے دو مجھکو تو پاؤں سے

زینت اپنی سمجھے ہیں پا مالئے اہل خرد ٭ ملتے ہیں جا ہی حنا خوان ارسطو پاؤں سے

بیٹھی ہوئی جب کنارا و ہٹا نہ ہو نفس ٭ بوسہ لینے میں چپکتے ہیں لب جو پاؤں سے

پاے بوسی کی بہت مشتاق ہیں اطفال شاک ٭ پوچھے آنکھوں میں پھر کر میرے آنسو پاؤں سے

سہو جزا مان گلشن تحریر میں وہ سرو قد ٭ یار نے کھینچے گیسو لام لب جو پاؤں سے

وہ دل پر داغ کو ملوں سے ملتے ہیں منیر

آتی ہے عطر گل خورشید کی بو پاؤں سے

ره رسم و یار عشق ای غافل چه می پرسی
در این جا سهل دشوار است از مشکل چه می پرسی

چه داند لذت آوارگی با قیس در مانده
جفای خار از آسوده منزل چه می پرسی

خبر نبود ز اهل حرص پابستان الفت را
تکاپوی صبا از سرو پا در گل چه می پرسی

چه آگاهی ز اسرار جنون قیس لیلی را
سوز وحشت ای دیوانه از عاقل چه می پرسی

هوای مشت خاکستر نیالی در هزار من
بگشت عمر برق افتاد از حاصل چه می پرسی

رگ برق تجلی گشت موج اضطراب من
دگر ذوق طپیدن از دل بسمل چه می پرسی

مبادا باز دارد از شهادت مژگان شاهی و
دم کشتن حرج عاشق بیدل چه می پرسی

فلک را کی رسد آنچه مکافات جفای تو
ز مسلک خون بهای عاشق بسمل چه می پرسی

غریق بحر عصیانی و جنت آرزو داری
هنوز است کار با طوفان ست از ساحل چه می پرسی

ربودی سوختی بر باد دادی کار خود کردی
حسرت کردم دگر از من سراغ دل چه می پرسی

تکلف بر طرف حال ضمیر البتہ میدانی
تغافل تا کجا از سعی بے حاصل چہ پرسی

ترچھی نظر سے دیکھتے تلوار چل گئی
زخم جگر کی راہ سے حسرت نکل گئی

ل دل سے وصل میں تری محرم نکل گئی
چٹکی سے اور پری بنت انگلیاں مل گئی

بلبل کو مست کرتی ہے خوشبو لباس کی
شاید نسیم عطر بہار راج مل گئی

کنگھی سے اتنی دیر میں سلجھائی ایک زلف
اے جان آدھی رات بکھیڑے میں ٹل گئی

مضمون تیری زرد حنا کا نہ بند ہوسکا
منہدی کی پھلی ہاتھ میں آ کر نکل گئی

اتنا نہ کیجئے گل رخسار پر غرور
دو دن کی یہ بہار ہے آج آئی کل گئی

انداز تیری چال کی سیکھی جو رات کو
تیغ ہلال کبک پرانے ما چل گئی

سر سے ہمارے پھر گئی شمشیر برق دم
اے جان گرتے گرتے یہ بجلی سنبھل گئی

کیا صاف گال ہیں کہ نہ ٹھہرے نظر کہیں
بیساختہ نگاہ ہماری پھسل گئی

رنگ وفا اوڑا دل سخت رقیب سے
بوتل میں یہ شراب نہ ٹھہری ابل گئی

کیوں چشم مست ہو گئے جام شراب آج
کیا ہو گیا جو آنکھ تمہاری بدل گئی

مضمون گرم پر مرے طعنہ نہ کر سکے
انگشت اعتراض حریفوں کی جل گئی

مٹی میری خراب ہوئی راہ عشق میں
برباد کر کے اون کی سواری نکل گئی

مجھ سے ہی پوچھتا ہے مرا نامہ بر پتا
ایسی فراق یار میں صورت بدل گئی

اے شوخ تیری دست درازی سے نشہ میں
گردوں تک آفتاب کی پگڑی اچھل گئی

دیکھ کے دو آتشہ اُس سے لپٹ گیا
وہ آنکھوں میں رقیب کی کیا دال گل گئی

جنت سے بہرہ ور ہوں ظفر گنج اے منیر
جو جو تھی آرزو مرے دل میں نکل گئی

طاقت نہ پوچھیے اس ناتوان کی
ہلنے سے دل کو ٹھیس ہے جنبش زبان کی

ہیکل زمردی نہیں اوس دہان پان کی
کہتے ہیں رگ بیل ہرا گیا کی پان کی

جدول بیاض جسم میں شنجرف کی کھنچی
سرخی گلے سے پھوٹ کے نکلی جو پان کی

یا رب ہمارے کعبہ دل کو بچائیو
بجلی پٹھان کی سمت چمکتی ہے کان کی

اے مہر آنسو ہو گئے سقف فلک کے پار
شبنم سے چھت ٹپکنے لگی آسمان کی

بیمار عشق گوش میں اوس کے ہیں حلقہ اشک
سینکیں ہوں جیسے ٹوٹ کے تیر کمان کی

ابرو کا عشق ہے خط تقدیر میں رقم
ہر حرف میں کشش نظر آئی کمان کی

لاغر کو حقیقت بھی نہیں ہوتا مرا یقین
ملتی نہیں ہے بات ہی اس ناتوان کی

اندھیر دیکھنا شب تاریک ہجر کا
کانوں کی راہ بھولی صدا پاسبان کی

آئینہ سے بھی صاف ہے فرش اے قمر ترا
پرچھائیں چاندنی میں نظر آئی حباب کی

بالعکس بات کہہ کے مجھے قتل کرتے ہو
ہر بار اولٹی پڑتی ہو سیفی زبان کی

کھائیں گلوریاں جو سر قبر آپ نے
قلعی لحد پر آج ہوئی خاصدان کی

رتے ہیں اسکے عاشق طفلان گلفروش | کیوڑے سے چھڑکی جاتی ہے ہٹی دوکان کی
آب سخن پڑا مین گر اوس بہت سی بول کر | پتھر سے نوک تیز کرینگے زبان کی +
باتیں سنا کرتے ہین ہمیں غزون کو ہلاک | کوڑی کی ہوگئی ہے کٹاری زبان کی
محرم مہین کے اور بھی خونریز ہوگئے | تیغ ادا مین نوک ہے انگیا کے پان کی
چشم امید اہل بصیرت کو کس سے ہو | تیغ نگاہ کب ہوئی محتاج سان کی
قینچی سے ہونٹھ چھلتے ہیں محرم کی صفت مین | مقراض لب سے کھل گئی انگیا کے پان کی
دیکھو نگاہ تیر سے کھل جائے حال عشق | آنکھوں کی پتلیاں ہیں محک امتحان کی
لے کر سلسلہ مین عقیدے کئے حسین | زہرہ کے حلق میں ہے کمند اوسکی تان کی
حیرت زدہ ہیں خندہ کبک نگاہ کا | رنگت ڈوپٹہ مین ہے مگر زعفران کی
دکھلائینگے حشر کو ہم اپنے حال کا | عشق اس سے لئے پڑھا ہے یہیں داستان کی
نشہ مین دل لیا علم آہ سے سدا | درکار تھی کباب کو پہلی نشان کی
پہلو کوئی سخن کا ٹھہرتا نہیں کہیں + | اللہ ری صفا تری ایک ایک ران کی
ہیں وصف خط سبز کے شعرون کو ذیل میں | ہر بحر کی ترائی مین کھیتی ہے دھان کی
ہر دم ہسیل کی تالو سے لگتی نہیں زبان | کیون کر صفا کہون تری ہر ایک شان کی
آن و ادا انکا لئے رہتے ہو ہر گھڑی | فرصت نہیں کہان ہوئے ایک آن کی
ہر شخص تیرے سامنے ماتھا رگڑ گیا | تقدیر ایک ہوگئی ساری جہان کی
ہے شور چار سمت سو طوفان نوح کا | تحریر یہ ال ٹپکی ہے ساری جہان کی

شیریں زبان منیر ہوئی فیض رشک سے
شیرنی آج بانٹی انہی بیان کی

شادی کرون عروس مضامین نور سے | نکلے برات کوچہ مین السطور سے
پھونکا اوہاں ہیں جوش جنون کے وفور سے | پیتا جہان فلک نظر آتا ہے دور سے

سونپی کو وہ دکہاتی ہے بال اپنے کہول کر
دامان خندہ جہاڑ رہا ہے غبار رنج
اے بت کرین گے سجدے جو ہے بے محل
جلوہ سے تیرے کعبۂ دل ہو پلیت اگر
فردوس مین تو جلوہ دلچسپ اگر کرے
کشت فلک سے خاک ملے دانۂ مراد
نشہ ہے عشق پاک کا اسے حور روش مین
ہے جوش خون گلون کو بہی فصل بہار مین
پہرے جنون کی خوف سے راتون کو چہپ گیا
تا عرش ڈہونڈہ آئی ہین ہر رفو اسکو تجہ
کار محال ہے جو وہ گلرو بہشت مین
تیغ بدن لباس تکبر مین ہے نہان
وقت طلوع صبح جبین تارے چہپتے ہین
آسیب چہوڑتا نہین خالی مکانکو
پتہر کا نام شیشۂ دل کو ہے مثل سنگ
کس منہ سے امام کے غلاموں میں ہوں
کیا عرش مقام کے غلاموں میں ہوں
یا شاہِ نجف یہ عرض کرتا ہے منیر
قنبر کے غلام کے غلاموں میں ہوں

ایضاً

دنیا مین جو قدر دین کی جانتے ہین
وہ رتبہ بضعۂ نبی جانتے ہین
صدیقہ و معصومہ سمجھنے کے سوا
زہرا کو نور ایزدی جانتے ہین

ایضاً

جسدن سے ہون خاکپاے عشاق حسین
ہے خضر رہ نجات اشفاق حسین
ہونگا مسرور نکہت جنت سے
سونگھا ہے مین نے عطر اخلاق حسین

ایضاً

ہے مہر امامت رخ گلگون حسین
ہے حبل متین زلف ہمایون حسین
صورت بخشش کے دیکھتے ہین مومن
ہے سرخی مصحف کرم خون حسین

ایضاً

بلوا لو کربلا مین للہ مجھے
ملجاے وہان سے خلد کی راہ مجھے
صدقہ مرے رسول کا روضہ مین
تربت بہر کی جگہ یا شاہ مجھے

ایضاً

وہ باب چہارم کتاب رحمت
یہ نور ہے جس سے آفتاب رحمت
کل گشت نجات امت عاصی سبز
تھا گریۂ سجاد سحاب رحمت

ایضاً

ہمنام رسول طیب و طاہر ہے
منکر جو ہے اُس جناب سے کافر ہے
ثابت ہے حدیث احمدی سے واللہ
وہ باقر علم اول و آخر ہے

ایضاً

معشوق نبی ہے اسکا جو عاشق ہے
بیشک وہ امام صامت و ناطق ہے
دل سے ہون غلام حضرت جعفر کا
کاذب ہے جو منکر صادق ہے

ایضاً

اسرار لدنی کا وہی عالم ہے
ہر دوزخ و جنت کا وہی قاسم ہے
خورشید قیامت بھی یہی چمکیا بھی
نقش کف پائے موسی کاظم ہے

ایضاً

ہر مصحف اعجاز کا ماتن ہے وہی
مہر فلک ظاہر و باطن ہے وہی
واسد منیر آٹھ بہشتون کا ہمین
ضامن ہے وہی امام ضامن ہے وہی

ایضاً

روضہ اپنا دکھائے یا مولا
اپنا خادم بنائے یا مولا
روضہ کے فدا طوس کے صدقے ہو منیر
جلدی مجکو بلائے یا مولا

ایضاً

ہم شوکت و ہمشان محمدؐ ہے تقیؑ
آرام دل و جان محمدؐ ہے تقیؑ
ہے بلبل سدرہ فاختہ مثل منیر
شمشاد گلستان محمدؐ ہے تقیؑ

ایضاً

سب قدسیون کا نقی ہادی ہے امیر
خلقت مین سراپا ہے علی کی تصویر
وہ چند ہوئے مہر امامت کی ضیا
پائے جو علی چار مین کی تنویر

ایضاً

جینے سے تنگ ہر بربادین ہون
پابند کمند آہ و فریاد مین ہون
واسد غلامون کے غلامونکا ہون ننگ
ہر چند کہ مین آپکی اولاد مین ہون

ایضاً

بے شبہ چراغ نور یزدان کے ہین
یہ لخت جگر صاحب قرآن کے ہین
ہمنام حسن اور امام برحق
سردار یہی عسکر ایمان کے ہین

ایضاً

زندہ ہین برنگ عیسیٰ چرخ نشین — اقبال سلیمان کا ہے زیر نگین
کیون حلقہ بیعت نہو گردن مین منیر — واللہ امام عصر ہین مہدی دین

ایضاً

معمور کرو عدل سے سب عالم کو — پڑھواؤ نماز جیسے مریمؑ کو
مصحف مین ہے یومنون بالغیب کلفظ — سر غیب ہے جز ایمان ہمکو

ایضاً

مجھپر ہے ہجوم لشکر غم مددے — مجموعہ زندگی ہے برہم مددے
و وداد تمہیں صاحب عصر ہو تم — یا مہدی دین امام عالم مددے

ایضاً

شبیر کیطرح اشجع و صفدر ہین — اخلاق حسنؑ مین ثانی شبر ہین
سن فاطمہ کا شکل نبیؐ نام علیؑ — مجموعہ پنجتن علی اکبرؑ ہین

ایضاً

ہے سیف خدا خطاب عباسؑ علی — محراب حرم رکاب عباسؑ علی
بیدست ہین پر مثل یداللہ منیر — کرتے ہین مدد جناب عباسؑ علی

ایضاً

عبداللہ پاک مخزن عرفان ہین — اور آمنہ تاج تارک نسوان ہین
کیا رتبہ ہے والدین پیغمبر کا — دونون بحرین گوہر ایمان ہین

ایضاً

مطلوب جناب حق ابوطالب ہین — یعنی پدر ہر غالب ہر غالب ہین
پاک و طاہر ہین والدین حیدرؑ — ایمان کی جان نور کے قالب ہین

ایضاً

بزم ایمان مین زینت مسند ہین | اعمام نبی ہین اکرم و امجد ہین
اعلیٰ ہے وقار حضرت حمزہ کا | کوہ احد فضائل بیحد ہین

ایضاً

داماد پیغمبرؐ کے برادر ہین یہ | رتبہ مین ملائکہ سے بہتر ہین یہ
کیا مرتبہ جعفر طیارؑ کہون مین | بازوی بازوئے پیغمبرؐ ہین یہ

ایضاً

فخر شہدا و فخر ابرار ہین یہ | اللہ و پیمبرؐ کے مددگار ہین یہ
کیون مالک اشتر نکرین نصرت حق | یعنی دست خدا کی تلوار ہین یہ

ایضاً

ہے خدمت فاطمہؑ مین جائے فضہ | کونین کی دولت ہے برائے فضہ
مین طالب سیم و زر ہون کسطرح منیر | اکسیر ہے مجھکو خاکپائے فضہ

ایضاً

چودہ معصوم خلق مین نامی ہین | واللہ دوائے درد ناکامی ہین
کیا خوف ہو رزق و آبرو مجھکو | چودہ آقا غلام کے حامی ہین

ایضاً

لخت دل بضعۂ پیمبرؐ ہو تم | مانند بتولؑ پاک و اطہر ہو تم
یا حضرت زینبؑ میری امداد کرو | حلال مہمات کی دختر ہو تم

ایضاً

گو صدمۂ دوری سے بہت مضطر ہون | پر دل سے غلام و بندۂ بے زر ہون
مین کیا شہدائے کربلا پر ہون نثار | ان پر جو تصدق ہو فدا اُسپر ہون

ایضاً

کلکتہ کو ڈاک مین چلا ہون جو مین آہ — غیرون کے پاؤن سے ہوئی قطع پیادہ
ہین تیز کہار پالکی مین ہون سوار — کیا خانہ بدوش مین چلا ہون الحمدللہ

ایضاً

مضمون اگر راہ مین ہاتھ آتا ہے — خامہ چلنے مین ٹھوکرین کہاتا ہے
بجالِ خطِ تقدیر کہلا آج منیر — اپنا لکہا پڑہا نہین جاتا ہے

ایضاً

عاشق ہے فقط نہین ہے جنجالون مین — ہر طائر دل پھنسا ہے ان جالون مین
باہر اس سلسلے سے ہی کون منیر — بوڑہے بہی ہین اُس جوان کی بالون مین

ایضاً

چاہو مجہے نے سفر مین سخت گہبرایا ہی — کلکتہ کی راہ مین یہ دکہہ پایا ہے
کیا دور و کنارے نے ستایا ہی منیر — یہ گرگ بغل راہ مین ہاتھ آیا ہے

ایضاً

جراح کے سامنے جو گہولا پہوڑا — میزان نظر مین اُس نے تولا پہوڑا
پہوڑے کی جگہ بغل مین دیکہے جو منیر — سب کہنے لگے دل کا پہپولا پہوڑا

ایضاً

اپنے آقا کے ہر گہڑی یاد مین ہون — ہر وقت منیر آہ و فریاد مین ہون
اِس شہر کے تام مین ہے تشدید بلا — آرے کے تلے مین فرخ آباد مین ہون

ایضاً

بے فائدہ رکہتا نہین سر پاتہون کر — سر پہ جو ہے ہاتھ اسمین ہی لطف گہر
آقا کے سلام و نذر کی حسرت مین — رہتا ہون منیر سر بکف سمت لہر

ایضاً

ہے ذکر علی سے طور سینا منبر	افضال خدا کا ہے خزینا منبر
ذکر اللہ تک پہونچتا ہے منیر	گویا ہے عرش حق کا زینا منبر

قطعات تاریخ رحلت اکمل الفضلا حضرت والد ماجد طاب ثراہ

میرے والد ماجد سے ہے	جو کامل تھے علم دین میں
احمد اور حسین اسم اُن کا	تھا مشہور افلاک و زمین مین
شاکر و شاد تخلص دونون	کندہ تھے یہ نقش نگین مین
سید پاک فقیہ محدث	یکتا علم شرع مبین مین
منشی شاعر عابد زاہد	ایسا کون ہے اہل زمین مین
باغ جہان ویران ہوا اب	پہونچے وہ فردوس برین مین
کہتا ہون تاریخ منیر اب	گھر پایا ہے خلد برین مین

تاریخ رحلت مادر مصنف

مادر من آنکہ دریاد جناب فاطمہ	از درود و سبحہ گشتی قاصرہ
در طریق خدمت بنت نبی رفتی بچشم	خاک راہ فضہ اش بودی ضیای باصرہ
نوحہ کردی در عزاے بضعہ خیر الوری	داغہاے ماتمش بودی بدور ساخرہ
رفت در جنت ازین جو حشت سرا غار بیت	یافت از عفو الٰہی حلہ ہاے فاخرہ
مصرع سال وفاتش نظم کردم آمنیر	باد قائم درجوار بے بتول طاہرہ

تاریخ عقد مصنف دیوان

میری شادی منیر آج ہوئی	برکت ہو خوشی اب تک ہو
بیناات زبر مین ہے تاریخ	کہ شب عقد یہ مبارک ہو

تاریخ خلعت یافتن امیر کبیر نواب نظام الدولہ بہادر از نواب خرد محل صاحبہ

فزایندۂ قدر اہل کمال — سخن آفرین و سخن دان پناہ
بہ بحر سخاوت گران مایہ دُر — بہ برج شرف ہمچو خورشید و ماہ
گہر بخش و فیاض اشراف دست — باقلیم اخلاق صاحب کلاہ
برآورد کام دل دوجہان — شدہ دوست شادان و دشمن تباہ
رسول خدا ایش مددگار باد — مدامش بصد عیش دارد الٰہ
چنین گفت تاریخ خلعت منیر — ہمایون بود خلعت و اوج و جاہ
۱۲۵۵ھ

تاریخ تولد فرزند بشکوہ حضور پرنور نواب نظام الدولہ بہادر

فرزند ماہرو دیا خالق نے — نواب نے آج جشن فرمایا ہے
ملتے ہین زر و سیم و گہر سائل کو — دنیا مین ابر فیض برسایا ہے
پرنور حضور کا ہے قصر امید — ایسا فرزند مہ لقا پایا ہے
روشن ہے محل تمام اس جلوے سے — بہتر ہے نور سے جہان سایا ہے
لرزیا ہے یہ بحر نذر تاریخ امید — برج دولت مین آفتاب آیا ہے
۱۲۵۶ھ

ایضاً

کرون کیسے فکر تاریخ تولد — تعلی پہ ہے طبع عرش پیما
منیر الہام غیبی ہے یہ مصرع — گلستان وزارت کا گل اچھا
۱۲۵۶

ایضاً

مرے نواب فلک جاہ کی ہوا فرزند — گوہر قلزم افضال خدا پایا آج

ہے بہت خوب تولد کی یہ تاریخ منیر ۔۔۔ آیت رحمت معبود جہان آیا آج
۱۲۷۵ھ

ایضاً

حق نے دیا حضور کو فرزند دوسرا ۔۔۔ یہ گوہر گرامی دریاے جود ہے
تاریخ یہ منیر نے اس ماہ کی کہی ۔۔۔ نور جہان قدرت رب ودود ہے
۱۲۷۵ھ

تاریخ سواری نواب نظام الدولہ بہادر دز بجرہ

نواب نامدار جو بجرے مین ہین سوار ۔۔۔ مدحت سرا زبان ہے ہر شیخ و شاب کی
اب عرض کر جلوس کی تاریخ اے منیر ۔۔۔ ہے آج برج حوت مین جا آفتاب کی
۱۲۷۵ھ

تاریخ رحلت فاضل جلیل اخ الاعظم جناب مولوی سید اولاد حسین طاب ثراہ

میرے بہائی متقی و فاضل اولاد حسین ۔۔۔ واصل حق ہوگئے وہ صاحب ادراک ہائے
پیشواے عارفان و مقتداے زاہدان ۔۔۔ چھپ گیا وہ نور بارے آج زیر خاک ہائے
قبلہ و کعبہ کے شاگرد اور دریاے علوم ۔۔۔ سید دیندار آل صاحب لولاک ہائے
منطق و علم کلام و ہم ریاضی و حدیث ۔۔۔ سب مین تھے یکتا و کامل وہ جناب پاک ہائے
عازم جنت جوانی مین ہوے وہ نور حق ۔۔۔ لکھنو مجھکو ہوا صحراے وحشتناک ہائے
جنکے سر سے باغ عالم مین اُٹھے ایسا بزرگ ۔۔۔ کیون نہ ڈالے مثل صرصر اپنے سر پہ خاک ہائے
مصرع تاریخ رحلت مین یہ پایا اے منیر ۔۔۔ آج ڈوبا آفتاب علم و شرع پاک ہائے
۱۲۷۵ھ

تاریخ

پیش نظر ہے سیر گلستان لکھنو ۔۔۔ ہر ایک سمت نور کا جلوا ہے دیکھلو
جلسے مشاعرون کے ہین یار و نکی صحبتین ۔۔۔ ہر ایک فن شعر مین یکتا ہے دیکھلو

پریون کی دید ہے سربازار اندن … ہر کوچہ مین طلسم کا میلا ہے دیکھلو
کھلی ہے ہر وشالون کو پایا بیان نے لیل … کشمیر سے یہ شہر زیادا ہے دیکھلو
کسطرح حال حشمت سلطان بیان ہو … بس قدرت خدا کا تماشا ہے دیکھلو
فیاض ہین تمام امیراس دیار کے … گھر گھر مین رقص و عیش کا جلسا ہے دیکھلو
معراج فاضلون کو ہے عرش کمال پر … ہر ایک اپنے رتبہ مین اعلا ہے دیکھلو
اسلام کا عروج ہے ایمان کا فروغ … صوم و صلوٰۃ کا ہمین چرچا ہے دیکھلو
درگاہین اور تعزیہ خانے ہین نور کے … یہ فیض بزم ماتم مولا ہے دیکھلو
اِس شہر کو مین کیون نہ کہون جنت نعیم … اِسکا نظیر ہند مین عنقا ہے دیکھلو
تاریخ میر سے آنے کی ہاتف نے یون کہی … زندہ میر جنت مین پہونچا ہے دیکھلو

تاریخ

ظفر جنگ باقر علی خان امیر … سرو آسمان علوم و عطا
جب گرہند دستور شاہ اودہ … فن و شعر طب مین نہایت رسا
اُنھون نے بلایا سوے کانپور … کیا قرض ہمت سے میرا ادا
مگر رکیا لکھنو سے طلب … مرا نام اہل سخن مین لکھا
کہی مین نے تاریخ اسکی منیر … ادا قرض نواب نے اب کیا

تاریخ جشن نوروز سرکار نواب حشمت جنگ مرحوم رئیس فرخ آباد

میرے نواب کے گہر آج ہے نوروز کا جلسہ … فلک اختر دولت خداوندا بلند ہو
بطرز بینا تاید ان کہی تاریخ یون مین نے … الٰہی جشن کا ان کو ہمیشہ دو مبارک ہو

تاریخ غسل صحت حضور مرحوم مغفور نواب رئیس فرخ آباد

بنواب من لے شافی مطلق ❊ بہار گلشن عشرت مبارک
ہمایون باد یارب عہد صحبت ❊ شباب و طاقت و قوت مبارک
بقائے خضر و اقبال سکندر ❊ بہر صورت بہر حالت مبارک
دعا ہائے منیر بے سر و پا ❊ برائے صحت و شوکت مبارک
بگفت از فرد ہا تاریخ ہاتف ❊ دعا سے جشن این صحت مبارک

تاریخ

امیر عہد تجمل حسین خان نواب ❊ خلف جناب کا ظفر جنگ نام ہو جنکا
زمانہ میں انہیں کہتے ہیں لوگ حشمت جنگ ❊ سپہر کرم فیض و حلم میں یکتا
انہوں نے شقہ بصد حرف اد بھیجا ہے ❊ طلب کیا ہے کمال اشتیاق سے مجھکو
چلا ہون لکھنؤ سے سوی فرخ آباد آج ❊ ہزاروں حسرتیں رنج و ملال ہیں صد ہا
چلا ہون لکھنؤ سے ہے منیر یہ تاریخ ❊ بہشت ہند سے افسوس آج میں نکلا

تاریخ تعمیر باغ نواب رئیس مرحوم فرخ آباد

چون بباغ خاص نواب رئیس ❊ نہر صافی شد روان مانند نیل
آب پاکش آبروے قدسیان ❊ موج او تار نگاہ جبرئیل
وصف طول او اگر موزون کنم ❊ بحر اشعارم بود بحر طویل
سال تعمیرش چو جستم اے منیر ❊ شد سرو دش عالم بالا کفیل
یافتم این مصرع تاریخ نہر ❊ رشک جوے شیر زیبا سلسبیل

ایضاً

حکم نواب ہمایون مرتبہ سے ❊ ہوگیا سرسبز گلزار تمنا
نہر کی تاریخ تازہ میں نے پائی ❊ آئے ہندوستان میں تسنیم زیبا

ایضاً

فیض نواب نصیر الدولہ سے ہے بہار رنگ عشرت باغ میں
بخشش جہت تھا لاثنا ہر نخل کا دیکھی ہے ایسی بھی وسعت باغ میں
جو گرا قطرہ دُر غلطان بنا بڑھ گئی شبنم کی عزت باغ میں
مین یہی سمجھا اگر چٹکا گلاب جشن کی بجتی ہے نوبت باغ میں
آئینہ سے صاف ہے ہر برگ گل دیکھتے پھرتے ہین صورت باغ میں
سیر کو آئے معطر ہو گئے عطر مل دیتی ہے نکہت باغ میں
تخت مسند ہے سلیمان آپ ہین رہتی ہے پریون کی صحبت باغ میں
نہر نوالی ہے مثل سلسبیل یا رواں ہے بحر رحمت باغ میں
خضر سبزہ ہے تو نہر آب حیات زندگی کی ہے لطافت باغ میں
عیسوی تاریخ کی بھی فکر کر لگ گئی ہے اب طبیعت باغ میں
کہہ رہا ہے ہاتف غیب اے منیر آئی نہر پاک جنت باغ میں
۱۲۷۵

تاریخ عطیۂ انبہ از پیشگاہ نواب مرحوم مغفور رئیس فرخ آباد

عجب آم نواب نصیر الدولہ نے بھیجے پہلا نخل تمنا پیر و مرشد کی عنایت سے
خمیدہ قاشین انکی صورت ابروے شیرین ہے حلاوت مین مشابہ ہے لب جانان جنت سے
مزے مین شیرۂ جان زلیخا ان سے پھیکا ہے سوا ہے انکا رس قند لب یوسف شربت سے
نگاہ اہل دانش مین ہے تاریخ قمر پھیکا ترنج مہر ہے ذا آبان آمونکی رنگت سے
مزا نوروز کا حاصل ہوا یہ آم جب پائے لڑایا مین نے انکو بیضۂ شہباز ہمت سے
کرون مین کسطرح تحریر وصف انکی حلاوت کا چپکتا ہے شگاف خامہ شیرینی کی کثرت سے
فرشتے بوسہ مانگین ہر دو یونکے زنخدان کے اگر سیب ذقن کو دون مین نسبت انکی لطافت سے

مرے نواب کو خالق سلامت رکھے دنیا میں ۔ توسل سارے عالم کو رہے دامان دولت سے
فلک تابع رہے اقبال حاضر ہو کمر بستہ ۔ بنا لین آپ فرصت ایکدم کی عیش و عشرت سے
خدا فرزند با اقبال بخشے میرے آقا کو ۔ کرے فرمانروائی سارے عالم کی حکومت سے
منیر اس میوۂ تازہ کی تاریخ اب سنا دیجے ۔ مزا یکسر سوا ہے میوۂ گلزار جنت سے
۱۲۹۲ھ

تاریخ مکان دوستے کہ از نحوست نامش نتوان برد

چون بنا کرد قصر پاکیزہ ۔ یکے از دوستان عالیشان
سال تاریخ او نوشت منیر ۔ صاف و آباد قصر نور فشان
۱۲۹۲ھ

تاریخ مرگ نواب حشمت جنگ مخاطب بظفر جنگ رئیس فرخ آباد حشره الله مع الائمۃ الاطہار

جہان تیرہ ہوا مثل فرخ آباد آج ۔ ہجوم یاس سے ہے خانۂ امید خراب
ستم ہوا ہوئے اہل کمال خاک بسر ۔ برنگ برق ہیں اہل سخن کے دل بیتاب
اٹھا زمانے سے افسوس قدردان ایسا ۔ نظیر جسکا ہے سارے جہان میں نایاب
سحاب فیض مجمل حسین خان نواب ۔ معین ملک و ظفر جنگ تھا اسکا خطاب
امیر باذل و دریا دل و محیط کمال ۔ طبیب و شاعر و یوسف جمال عرش جناب
علوم دہر کا جاوے محیط موسیقی ۔ نماز و روزہ کا پابند تھا میرا نواب
ہوئے نہ تھے ابھی چوبیس سال بھی پورے ۔ ہزار حیف [illegible]دت اور ابتدائے شباب
پری کے ساتھ کبھی سونا جو جانتا تھا ننگ ۔ عروس مرگ سے افسوس ہوگیا ہم خواب
ہزار حیف وہ ماہ کمال و ظلمت گور ۔ ہزار حیف وہ جسم لطیف و فرش تراب
بحق پنجتن پاک بخشدے اسکو ۔ لحد میں کھولدے یا رب بہشت کے ابواب

منیر نے کہی تاریخ اس شب غم کی
گو چھپا زیر زمین ہے ماہ سے آفتاب عالمتاب

۱۲۹۳

تاریخ تعمیر کوٹھی بعد نواب تفضل حسین خان بہادر رئیس علاقہ شہر فرخ آباد

کوٹھی سجوائی جو نواب فلک درگاہ نے
ہوگیا ہر کمرہ مین عالم دل مسرور کا

قدآدم آئینہ پیوستہ ہین دیوار سے
چاندنی کے بدلے بچھا ہے دوپٹا حور کا

ہے مرقع مانی و بہزاد کا گلگون چمن
سقف مین ہر سو معلق جھاڑ ہے بلور کا

ہے بلند اس درجہ یہ کوٹھی کہ اپنے ہاتھ سے
بار ہا توڑا ہے خوشہ خلد کے انگور کا

اسکے ہر روزن سے پیوستہ ہے چرخ نیلگون
حلقہ خاتم مین فیروزہ ہے نیشاپور کا

گلشن فردوس اس کوٹھی کا پائین باغ ہے
پست تر تہہ خانہ سے ایوان ہے فغفور کا

صحن ہے اسکے برابر چرخ اطلس کیون نہو
دیکھ جاتے ہین فرشتے آکے عالم دور کا

حضرت موسیٰ تجلی دیکھنے کو آتے ہین
ہر طرف جنگلا لگا ہے چوب نخل طور کا

لال ٹینین جنگلے پر کرتی ہین نور افشانیان
رات کو چھپتا نہین ہے نقش پائے مور کا

نور سے نواب کے روشن ہے کوٹھی اسطرح
نور حق سے جسطرح معمور ہو دل حور کا

اتنی چیزونکی ہے تاریخ ایک مصرع مین منیر
نور کی کوٹھی ہے پائین بام جنگلا نور کا

۱۲۹۳ھ

تاریخ طبع دواوین پیر و مرشد جناب استادی حضرت سید علی اوسط رشک دام ظلہ

چھپ گئے دواوین جناب سیدی
قبلہ کونین استاد زمان

ہوگئی طغرائے لوح انطباع
آشکارا ہوگیا سر نہان

غیب سے مجکو دم فکر اے منیر
ہوگیا تاریخ کا مصرع عیان

ہے یہی تاریخ سال انطباع
چھپ گئے دیوان رشک شاعران

ایضاً

جناب قبلہ و کعبہ نے وہ دیوان چہپوایا ہے / نظارہ گلشن فردوس کا جسکا نظارہ ہے
سفینہ ہے کہ بحر دیوان دریاے کرامت کا / نہیں ہر حاشیہ بحر افادت کا کنارا ہے
مگر رسیکہ ہو اشعار پر دسترس رکہتا / پئے تکمیل فن شعر واجب استخارا ہے
تجلی دیکہہ لو ہر مطلع روشن ہے مشتاقو / یہ سب ہے ابروے معشوقان مضمونکا اشارا ہے
منیر معتقد نے عیسوی تاریخ موزون کی / تصاویر معانی کا مرقع آشکارا ہے
۱۸۷۴

تاریخ ولادت فرزند عالم اکمل فاضل اجل جناب مولانا احمد حسن خان بہادر عروج دام مجدہ

قبلہ فضل و کمال کعبۂ جاہ و حشم / جسکا سایہ باغ ہمت کو ہے طوبیٰ کا درخت
مولوی احمد حسن خان تاجدار ملک علم / کشور شعر و سخن کیواسطے زیباے تخت
خوشنویس و منشی و بحر درق بحر فیض / صاحب ایثار و بذل و سرور مسعود بخت
محسن و ممدوح میرے قدردان اہل فضل / آگے فیضان سخن سے موم ہو ہر سنگ سخت
حق تعالیٰ نے انہیں فرزند پیارا دیا / پاے عمر خضر ہو اسکندر اقبال بخت
ہو وحید الدہر اپنے والد ماجد کیطرح / جامۂ عمر مسیحا ہو اسے ملبوس رخت
عیسوی ہجری ہے تاریخ ایک مصرع میں منیر / مہر شرقستان عزت ہو مہ بیدار بخت
۱۲۹۲ ۱۸۷۵

تاریخ غسل صحت جناب عالیہ محل خاص نواب ذوالفقار علی بہادر بحکم نواب مرحوم مذکور

غسل صحت کر چکیں جب بیگم والا جناب / ہوگیا فرط طرب سے سب زمانہ شادمان
دہوگئی گرد مرض آب شفا کے نام سے / شافی مطلق نے بخشا خلعت آرام جان

شفا دیا نے جشن صحت کے ہیں شہر کا ہین
خلق مین آب گہر کا ہر طرف طوفان تہا
غلغلہ ہے باغ عالم مین مبارکباد کا
مانگو تم بہی حق تعالی سے دعائین یہ خیر
تا شبستان جہان مین جلوہ گر ہون مہر و ماہ
تاکہ بام آسمان پہ ہو ستارونکا چمن
تا خزان ہو زرد رو فصل بہاری کی خضر
بوستان مین تاکہ ہو مسند نشین خاتون گل
زیب مشکوی جہان ہو ذات بیگم صاحبہ
صحت و طاقت زیادہ ہو بہی اقبال و جاہ
ہر مرض سے تا ابد محفوظ رکہے کردگار
حضرت نواب سر پر ہون بسلامت تا ابد
پیر سے مرشد زادہ کو تخت سکندر ہو نصیب
غسل صحت کی کہون تاریخ عدد حسب حکم
مصرع واحد مین ہینے دو ہری تاریخین کہین
تعمیہ کے تخرجہ کے داغ سے بہی پاک ہین
عیسوی سالی اور ہجری سن اسی مصرع مین ہین

کر دیا نواب نے خیرات گنج شایگان
جب ہوا سرکار کا ابر سخاوت در فشان
تہنیت کے زمزمے کرتے ہین مرغ بوستان
شکر کے سجدے مین ہین مصروف سب اہل جہان
مہر و ماہ اہل ہون جب تک شمع بام آسمان
تا ستارون کے چمن سے دور ہو فصل خزان
تاکہ ہو فصل بہاری سے شگفتہ بوستان
تاکہ ہو خاتون گل سے زیب مشکوی جہان
عیش افزون ہو شفائے دائمی سے توامان
آئین محبر کی لئے آفاق کی شہزادیان
پردہ عصمت سرا ہو منزل امن و امان
در دولت سرا ہو گوہر تاج شہان
خضر و عیسی کی طرح حاصل ہو عمر جاودان
فکر میری سے رسا لو اب لا اقدروان
طرز یہ مشکل بہت ہے درمیان شاعران
داد اسکی دین مجہے سرکار تا ہون شادمان
یہ مراد غسل صحت ہی فرح بخش جہان
۱۸۴۸ ۱۲۶۴

ایضاً

شفا پائی بلقیس دوران نے آج
کہون غسل صحت کی تاریخ اور
دعائیہ تا دہ سہے [illegible]

اٹہی قلزم دہر مین موج عیش
کہ ہو مالک دل منزل فوج عیش
سلامت رہین ہو سوا اوج عیش
۱۲۶۴

ایضاً

اچھی ہوئی ہیں آج جناب مقدسہ
زیبا ہے خال حور جو صرف سپند ہو
شیرین ہے کام جان جہان آج اس قدر
کیا دور ہے کہ ہر سخن تلخ قند ہو
بیجا نہیں جو آج طبیب حضور کا
رتبہ مسیح سے بھی زیادہ بلند ہو
تاریخ اس خوشی کی لکھوں کلک فکر سے
شاید حضور کو بھی مصرع پسند ہو
یہ مادہ ہے خوب دعائیہ اے منیر
صحت بقول کلک ہے دولت دو چند ہو
۱۲۹۲ھ

ایضاً

بیگم صاحبہ کو ہوئی صحت
فضل خدا کی عید مبارک
خوب ہے یہ تاریخ مسیحی
غسل شفا کی عید مبارک
۶۱۹ ۴۱

ایضاً

آج بیگم صاحبہ اچھی ہوئیں
عشرت افزا ہو گیا اسباب غسل
ہو گئی تاریخ کی فکر اے منیر
تو سیون کی سن کے آب تاب غسل
سال فصلی خضر نے یوں کہہ دیا
ہو گیا آب بقا یہ آب غسل
۱۲۸۶ف

تاریخ حفظ قرآن برادر اعز امیر الامرا ولی نعمی جناب نواب علی بہادر دام اقبالہ

حفظ کیا کلام حق بحر عطا کا جوش ہے
سچے ہیں گوہر مراد معدن فیض آپ ہیں
گوہر و مال و زر نکیوں نہ سمجھے یہ ملو کو روز
معدن لطف آپ ہیں مخزن فیض آپ ہیں
صورت عندلیب سب پھول گئے سرور سے
باغ جہاں میں ہے یہ غل گلشن فیض آپ ہیں
لطف سخا کہیں نہیں سارے زمانے میں ہے بخل
قول منیر راست ہے مخزن فیض آپ ہیں
ہجری و عیسوی سنین وصف حضور میں کہا
حافظ مصحف مجید مخزن فیض آپ ہیں
۱۲۹۲ھ ۱۸۷۵ع

ایضاً تاریخ بلفظ صوری و معنوی

صبا جو مژدۂ جانبخش لائی باندھے
تو سب سے پہلے کیا میں نے اسکا استقبال

سلام کرکے یہ پوچھا کہ کیوں ہی تو مسرور
دیا جواب تعجب سے سنکے اُس نے سوال

کہ اے اسیر بلا تو بھی سخت غافل ہے
ذرا تو نشۂ افیون غم سے دل کو سنبھال

عجب بہار ہے آنکھیں تو کھول ہوش میں آ
بغور دیکھ زمانہ کا حال فرخ فال

خوشی سے پیر فلک آج ہو رہا ہی جوان
ہلال بدر ہوا بڑھ کے ہر ستارہ ہلال

زمین عیش سے پھولی نہیں سماتی ہے
ہوا وفور مسرت سے باغ دہر نہال

کیا ہے مصحف گل حفظ بلبلوں نے تمام
بیان کرتے ہیں اطفال غنچہ غیب کا حال

سبب یہ ہے کہ کیا حفظ اُس نے قرآن آج
کہ جسکے وصف میں ہے ہر زبان ناطق لال

امیر ابن امیر و رئیس ابن رئیس
معین دین نبی آفتاب علم و کمال

مہ سپہر صباحت شجاع ضیغم کش
کہ جسکے سامنے رستم ہے ایک ادنی زال

جو اپنی تیغ ہلالی وہ کھینچے روز دغا
تو بھاگے چھوڑ کے مریخ آفتاب کی ڈھال

وہ شہسوار ہے جسکا سمند برق نظیر
ازل سے تا بابد جاسے مثل پیک خیال

یہ تیز رو ہے جو ڈالو سپند مجمر میں
کرو جنوب سے اسکو روانہ سوے شمال

سپند آگ سی کرتے نپا سے جست ابھی
کہ شش جہت میں پھر آئے یہ اسپ برق خصال

جو مدح فیض کا اُسکے کوئی کرے دعوے
غرض ہے تصور باطل نرا ہے خیال محال

فقیر اُسکے کرم سے غنی ہوئی لیسے
کہ جام جم سے زیادہ ہیں کاسہ ہائے سوال

غلام اُسکے وہ عالی دماغ دہر میں ہیں
نہیں سمجھتے کہ قارونکا گنج ہے کیا مال

سخن شناس سخنور نواز و فیض رسان
اُسیکی مدح سے ہی شاعروں کو فیض کمال

سپہر ہمت و کوہ شکوہ عرش وقار
مسیح رفعت نواب آفتاب جمال

علی بہادر عالم پناہ بندہ نواز
کہ جسکے نام میں ہو مرتضی کا جاہ و جلال

ہوا وہ حفظ کلام اللہ سے فارغ
خوشی سے جشن ہے لٹتا ہے آج دولت و مال

ادہر حضور نے دربار مین کیا ہے جلوس ۔ پکارتے ہین نقیبانہ دولت و اقبال
امیر آتے ہین مجرے کو بجتی ہے نوبت ۔ ادب سے سامنے حاضر ہین حشمت و اجلال
ہزارون حافظ و قاری کا ہی وہان مجمع ۔ بڑے بڑے علما اور صاحبان کمال
لکہا ہے مجکو بہی شقہ کہ نظم کر تاریخ ۔ طلب کیا ہے پہنچ اے بہار اوج خیال
برائے نذر کمر باندہکر روانہ ہو ۔ قصیدہ کہہ کہ جو ہو تیری بندگی پروال
کہا یہ مین نے کہ مین کسطرح وہان ہو پہونچون ۔ چمن ہے دور مین ہون عندلیب بے پر و بال
وہین سے ہین دست دعا اوٹہاتا ہون ۔ کہ اے خدا اسے توانا و بے عدیل و ہمال
رہین حضور سلامت ہمیشہ دنیا مین ۔ خضر کی عمر سلیمان کا ہو جاہ و جلال
صحیح و سالم و محفوظ و خورم و آباد ۔ جدا ہو دامن دل سے مدام گرد ملال
جو خیر خواہ ہو سرکار کا ہے شادان ۔ عدو کو جز لحد تنگ ہو پناہ محال
بدون تعمیہ و تخرجہ کہون تاریخ ۔ کہ جسمین نظم ہو تاریخ در روز و ماہ و سال
ہوا ہے حکم معلی اسی شرائط سے ۔ ملا دیا ہے کہ کہلجائے زور طبع کا حال
حضور قدر شناس سخن ہین سمجہین گے ۔ کرینگے قدر میری دینگے مجکو داد کمال
کہی منیر نے صوری و معنوی تاریخ ۔ دوشنبہ اول شہر صیام نیک اقبال

ایضاً

حفظ مصحف سے ہوئے فارغ حضور ۔ جشن مثل بہمن و دار کیا
حافظون کے آگے بالکل پڑہ دیا ۔ دیکہنے والون نے نظارہ کیا
مین نے یہ تاریخ پائی اے منیر ۔ یاد قرآن خدا سپارا کیا

تاریخ عقد نکاح نواب تفضل حسین خان بہادر رئیس جدید فرخ آباد

وصال عروس اسکو حاصل ہوا ۔ گل آیا کہلا سرو عدل و داد

کمال مراد و سرور آ ملا | کھلا لوح دل کو دعا کا سواد
عروس اور دولہا کو مسرور رکھ | الٰہا مکمل ہو طرح وداد
الم اور دکھ درد کو دور کر | عدو کو کہا را اصلح و سداد
لکھا او کلک در سلک مصرع سال | سرور دل و مہر عیسیٰ مراد ۱۲۹۲ھ

ایضاً

شادی ہے نواب کی آج | عیش جہان میں بعید ہے
گلشن عالم سبز ہوا | فصل گل کی آمد ہے
عمر رفتہ پھر آئی | پیر فلک بھی امرد ہے
بسکہ ہرا ہے باغ جہان | ہر گل جام زمرد ہے
پھولتے ہیں ذرے ذرے | پتھر سنگ زبرجد ہے
پریوں سے ہے قلعہ بھرا | کوہ قاف کی سرحد ہے
کعبہ مقصد ہے کوٹھی | چوکھٹ سنگ اسود ہے
دولہا اور دولہن ہیں شاد | حاصل عشرت سرمد ہے
فضل الٰہی ہے ان پر | حافظ روح محمد ہے
انکا دولت خواہ منیر | سب ہے خوشوقت عدو رد ہے
دوست کا گھر ہے بیت العیش | حاسد کا گھر مرقد ہے
ہیں تاریخ کے دو مصرع | ہر مصرع موزون قد ہے
ثانی بلقیس دولہن | دولہا سلیمان مسند ہے ۱۲۹۲ھ

تاریخ ولادت فرزند متوسط و سادۂ جلالت و نبالت سید محمد نصیر خان صاحب دام مجدہ

سید ذوی حشم و عالی جاہ　　چمن آرائے بہار اجلال
نام نامیش محمد نصیر　　خان صاحب کرم و اہل کمال
مورد فضل الٰہی گردید　　یافت فرزند ہمایون تمثال
عمر چون خضر مسیحا یابد　　باد مانند ہما فرخ فال
سال میلاد چنین گفت منیر　　مہر برج شرف و صد اقبال
۱۲۹۴

تاریخ مرگ محبوبہ مصنف تجاوز اللہ عن سیاتہا

دیدیا داغ فراق ابدی دل کو میرے　　ہائے ایجان جہان تیری جوانی ہے ہے
ہائے وہ حسن وہ ناچ اور وہ گانا تیرا　　رہگئی ساری کمالون کی کہانی ہے ہے
تیرے اخلاق کو رووُن کہ وفاداری کو　　کوئی آفاق مین تیرا نہین ثانی ہے ہے
زخمی خنجر ابرو کو تڑپتا چھوڑا　　نہ پلایا مجھے تلوار کا پانی ہے ہے
ہائے وہ چشم سیاہ و نگہ شرم آلود　　وائے ان گیسوون کی مشک فشانی ہے ہے
کہا کے قسمین یہ کہا کرتے ہین موسیقی دان　　آج دنیا سے اٹھی زہرۂ ثانی ہے ہے
ہائے اٹھارہ برس ہی مین ہوا کام تمام　　لٹ گیا گلشن آغاز جوانی ہے ہے
سب مین مشہور ہے جو مجھسے وفا کی تونے　　کہی جاتی ہے مروت کی کہانی ہے ہے
اہل مقدور سے میرے لئے پرہیز کیا　　قدر میرے لئے دولت کی نجانی ہے ہے
بے تیرے اے گل تر بلبلونکو باغ مین　　ہے ترانہ کے عوض مرثیہ خوانی ہے ہے
کی طبیبون نے دوا خاک شفا کہلوائی　　موت نے ایک ہی تدبیر نمانی ہے ہے
ہائے وہ خوبی تقریر و سخن فہمی حیف　　خاک مین ملگئی ساری ہمہ دانی ہے ہے
ہائے مین مر نگیا تیری عوض اے گلرو　　رہگیا دل مین ترا داغ جوانی ہے ہے
رو کے پڑھتا ہے یہی مصرع تاریخ منیر　　زہرہ مہر لقا لیلی ثانی ہے ہے
۱۲۹۴

ایضاً

وہ پری مر کے مجکو مار گئی   زیست میں جان کنی کے تلخی ہے
اسکی زلفوں کے غم میں شام شباب   بخدا قبر کی اندھیری ہے
زندگی میں مزا نہیں ہے منیرؔ   زہر سان تلخ شہد ہستی ہے
خواب ہی میں مجھے دکھا یا رب   بس یہی شکل زندگی کی ہے
بخش دینا اسے بحق بتولؓ   بندہ پرور جناب تیری ہے
چھالے کے گل ہوں یا ہوں داغ جگر   جو نشانی ہے اس پری کی ہے
ہے یہ تاریخ ان نشانیوں کی   چھالے کے گل ہیں داغ دل بھی ہے
۱۲۶۴ھ

ایضاً تاریخ در دائرہ مجتلبہ کہ بسہ بحر ہزج و رجز و رمل مسدس سالم است اول ہزج مسدس سالم مفاعیلن شش بار

غضب سن وہ پری یوں مر گئی ہے   ہوا یہ غم عجب دلکو مرے حاصل
کہا یوں سال رحلت میں نے اسدم   نیا یہ اب مجھے غم ہو گیا اے دل
۱۲۶۴

رجز مسدس سالم مستفعلن شش بار

سن وہ پری یوں مر گئی ہے ہی غضب   یہ غم عجب دل کو میرے حاصل ہوا
یوں سال رحلت کا منیرؔ اسدم کہا   یہ اب مجھے غم ہو گیا اے دل نیا
۱۲۶۴ھ

رمل مسدس سالم فاعلاتن شش بار

وہ پری یوں مر گئی ہے ہی غضب سن   غم عجب دل کو مرے حاصل ہوا یہ
سال رحلت کا منیرؔ اسدم کہا یوں   اب مجھے غم ہو گیا اے دل نیا یہ

تاریخ رحلت امیر العلما رئیس الحکما سلطان المتکلمین جناب سبحان علی خان طاب ثراہ

صدمہ رحلت سبحان علیخان کے سبب ۔۔۔ کہتے ہیں بیٹھ کے سب اہل صفا ہے ہے وائے
مرجع روح و ملک ثانی عقل اول ۔۔۔ زائر حضرت شاہ شہدا ہے ہے وائے
زاہد و عابد و استاد حکیمان جہان ۔۔۔ قطب اسلام و امام العلما ہے ہے وائے
منطق و علم و کلام و ادب و فقہ و حدیث ۔۔۔ کہتے ہیں ہو گئے ہم بے سر و پا ہے ہے وائے
حکمت و علم ریاضی ہیں یتیم انکے بغیر ۔۔۔ ہو گئے خاک بسر مجد و علی ہے ہے وائے
مسند دولت و دین ہو گئے خالی افسوس ۔۔۔ آج بیکس ہیں ملوک و امرا ہے ہے وائے
انکی تصنیف ہیں کیا کیا کتب مبسوطہ ۔۔۔ باقیات الصالحات شمس ضحے ہے ہے وائے
شوق میں صحبت مرغان اولی الاجنحہ کے ۔۔۔ اوڑ گیا اوج کرامت کا ہما ہے ہے وائے
زیب افزاے جنان ہو گئے وہ گلشن فیض ۔۔۔ خاک اڑاتی ہے یہان باد صبا ہے ہے وائے
خلعت نور انہیں رب نے ہمارے بخشا ۔۔۔ چاک ہم کرتے ہیں داماں قبا ہے ہے وائے
مجھسے رضوان نے کہا مصرع تاریخ منیر ۔۔۔ قبلہ دہر ملاذ الحکما ہے ہے وائے

تمام شد

تاریخ این دیوان تصنیف امیر الامرا حضرت ولی نعمی نواب علی بہادر دام اقبالہ تخلص بہ علی

استاد کے دیوان کی تاریخ محال ۔۔۔ برج معنی کا نیر اعظم لکھہ
تہی فکر علی کو نام تاریخی کی ۔۔۔ ہاتف نے کہا منتخب العالم لکھہ

تاریخ تصنیف دیوان از جناب پیر و مرشد استادی سید

علی اوسط رشک دام ظلہ

مطلع مہر درخشندہ ہے دیوان منیر	استعارے کی اعجاز بیانی سے ہے صاف
رشک نے ختم کی تاریخ یہ شفاف کہی	معدن گوہر شہوار معانی ہے صاف ۱۲۶۴ھ

ایضاً منہ دام ظلہ العالی

اے رشک چہ دیوان چہ فیضان منیر	ہر چند زیادہ است ازین شان منیر
از روشنی کامل او شد تاریخ	این ماہ منیر است کہ دیوان منیر ۱۲۶۴ھ

تاریخ دیوان از اکمل الفصحا فاضل یکتا مطبب اللوذعی حکیم محمد حسن خان طبیب لطف نجیب

حلیۂ اتمام در بر کرد با صد حسن و زیب	شاہد نظم منیر مقتدائے شاعران
از سواد شش دیدۂ اہل بصیرت سرمہ سا	ہم بیاض شش غیرت صبح بناگوش بتان
در زمین شعر او مہر درخشان ذرہ	گوہر پاکیزہ معنی زہی بحرش عیان
کوچہ ہین السلوبش جادہ راہ کمال	ہم ورقہا از در مضمون کف گوہر فشان
از سواد شش گر گشتی کحل سلیمانی بچشم	بیگمان دیدی پدیدار آن مضمون عیان
نافتہ صد آفتاب نکتہ از ہر مطلعش	چون نگردد ہر زمین شعر رشک آسمان
گفت سال عیسوی و فضلی و ہجری طبیب	نظم سحر و جوہر منظوم و کاخ شعر خوان
	۱۲۶۴ ۱۲۱۲ ۵۶ ف ۴۰ ۱۱ع

تاریخ از رشحات خامۂ استاد اجل محقق اکمل وحید المتبحرین عالی جناب مرزا دبیر صاحب دام ظلہ چکیدہ

الٰہی دیوان منیر سخن آرا	مطلع سے ہے روشن کہ قمر جلوہ فگن ہے

دیوان ہے یا مصر زلیخائے معانی — دیوان نہے یا یوسف مضمون کا وطن ہے
مصرع کو مہ نو جو کہا عدل پکارا — یہ بیں ہے وہ دس یہ نیا ہے وہ کہن ہے
کیا دبدبۂ شاعری تازہ کا ہے شور — روح اسدی بیشۂ قالب سے ہرن ہے
ہے موج یہ سرسبز ہے بزم شعرا میں — ہے فصل بہار جیسے بہشتوں کا چمن ہے
مضمون وہ ہیں شوخ کہ ہوش اڑ گئے ہیں جن سے — جو بیت ہے موج رم آہوئے ختن ہے
ہر بیت میں انگشت کرامت کی ہیں عجائب — شق القمر اوراق سے مسطر کی شکن ہے
ہر چند یہ ہندی ہے مگر اہل عجم سے — خط اسکو جو بھیجا تو قلم قبلۂ من ہے
کیا منہ صدف بحر جو کہوے وہیں لاف — جو نقطہ ہے وہ دندان شکن در عدن ہے
جو فقرہ ہے وہ نیش زن شہرگ عنبت — ہر شاہد ترکیب میں بیساختہ پن ہے
دیوان کی تاریخ یہ کہتا ہوں دبیر آب — انجم کدہ یا باغ پریزاد سخن ہے

ایضاً منہ دام ظلہ العالی

منیر یا کرا از طبع منیرش — کمال انوری ہمین زوال است
عجب دیوان روشن ساخت موزون — کہ برج نظم را ماہ کمال است
مثال معنی و لفظ لطیفش — حدیث تشنہ و آب زلال است
بوصف بندشش و مضمون سرسبز — زبان طوطیان ہند لال است
براوج رتبۂ نظمش رسیدن — محال است و محال است و محال است
دبیر انشا نمودہ سال ختمش — بگردون مصحف جمل ہلال است

ایضاً منہ دام فضلہ

سبحان اللہ منیر و دیوان منیر — وہ بحر سخن ہے در مکنون ہے

سال اتمام نظم کرتا ہون دبیر ۔۔۔ زیبا فلک کوکب مضمون ہے سجع
۱۲۶۴

ولہ دام ظلہ العالی

ہر آنکہ دید دبیر این صحیفۂ قدسی ۔۔۔ پئے مصنف عالیشان دادِ تحسین داد
بحرف معجم این مصرعست تاریخش ۔۔۔ بود مرقع مضمون و شاعری آباد
۱۲۶۴

تاریخ مصنفۂ غوث العرفا نتائج الفصحا جناب مولانا عبد الہادی صاحب

نو طرز نمود طرح دیوان جدید ۔۔۔ فخر الشعرا خاص نواب علی
مصحف بکف است مصحفی زاحلاش ۔۔۔ منت گل کرد چون گلستان ز جلی
سرعت بنمود در روح جرات نوا ۔۔۔ زانجان جہان جانجانان دلی
در داست بدست از کلامش خواجہ ۔۔۔ میراست بمیر زاسے نبیے بدلی
ذوقی بمذاق ذوق او سائل شد ۔۔۔ رنگین چو شفق بنچگلی کرد گلی
کردہ بہ نثار او ثریا افشان ۔۔۔ اختر زبنا زصادق لم یزلی
سودا پئے سودا و بجان حاضر شد ۔۔۔ آتش خبرے نیافت از سید خلی
سیالش ز رجوع قلب بادی چون جست ۔۔۔ از صدق ولا را این مولا علی
ہاتف سر در کف جدا نہ بگفت ۔۔۔ دیوان منیر سکر سر جوش جوش لی
۱۲۶۴

تاریخ در صنعت نیاتات از نتائج طبع اکمل الاطبا افضل الشعرا علامی حکیم محمد حسن خان طبیب

ہوچکا ختم جو دیوان جناب استاد ۔۔۔ وہ ہین اقلیم سخن مین فلک آسا نامی
نام انکا ہے منور صفت مہر منیر ۔۔۔ اے طبیب اہل سخن مین نہین ایسا نامی

صنعت بینہ مین نظم کی ہے یہ تاریخ	باغ گلہائے معانی ہے سراپا ناظم ۱۲۹۲ھ

ایضاً منہ دام مجدہ در صنعت زبر و بینات

عطر افشان ہوا جو عالم مین	عنبر موجہ کلام منیر
مستفید اس سے ہے طبیب زمین	واقعی ہے یہ فیض عام منیر
ہے یہ دیوان مصحف اعجاز	فلک نظم ہے مقام منیر
ہے عیان بیت برج قمر	خوب روشن ہوا ہے نام منیر
سال تاریخ کی ہوئی ہے جب فکر	دیکھیے جو نظم خوش نظام منیر
بینات و زبر مین ہے تاریخ	دل کو مطبوع ہے کلام منیر ۱۲۹۲ھ

تاریخ تصنیف اخ الشفیق متوقد کی اخوی سید حسین مطیر غفرہ اللہ القدیر

اخی اعظم و استاد بندہ	شمیم گلشن معنی سے بو پایا
وہ ہین مہر منیر صبح الہام	ہر دش فیض حق انکا ہر جو پایا
زمین شعر ہے کشت مضامین	نیا تخم معانی اسمین بو یا
ہوا دیوان اول ختم اُن کا	ہزارون سے ہے در معنی پرو یا
مطیر خستہ نے تاریخ لکھی	سفینہ ہے یم مضمون کا گویا ۱۲۹۲ھ

از افکار عالیشان نواب ساجد علی خان متخلص برضوان

اللہ رے دیوان جناب اُستاد	کیونکر نہ کرین اہل سخن شکر خدا
تحقیق و کمال در فن نظم و انشا	اُستاد کو ان سبھون مین پایا یکتا
اشعار و قصائد و رسائل اُنکے	آیات کمال ہین نہین شک اصلا

مضمون نئے ہین بند شین اعلیٰ ہین — ہر مصرع تر ہے سرو جنت سے سو
ہر مطلع تازہ غیرت ابرو حور — ہر معنی صاف آئینۂ غیب نما
جو اہل سخن ہین سمجھینگے لطف سخن — حاسد جاہل ہے اُسسے مطلب ہے کیا
رضوان نے یہ دیوان کی تاریخ کہی — واللہ کلام غیب الہام ہوا
۱۲۶۴ھ

ایضاً

دیوان مرقع ہے کہ از رنگ معانی — ہے نقش بدیوار یہان چشم نظر با
تعریف مین لب بند ہوا بلبل دل کا — رہ رہ گئی مرجھا کے ہزارون رنگ آدا
ڈورے ہے چمن مدح مین جب کلک کے ہمراہ — دم پھول گیا ہار گئی طبع فلک تا ز
ہنگام روانی ہے عجب حسن قلم پر — جسطرح کہ طاؤس نگارین دم پرو
یہ شعر جھلکتی ہوسے جو شخص پڑھیگا — بنجائیگی زربفت ابھی اطلس آوا
کس رنگ کی کس روپ کی تاریخ ہے رضوان — گلدستۂ فردوس بہارین ہما عجا
۱۲۶۴

تاریخ ایضاً

زہے تجلی دیوان اول استاد — نیافت ہمسر وجہان آفتاب نور کلیم
نوشت خامۂ رضوان سنین ختم کتاب — سپہر عرش معانی کلیم طور کلیم
۱۲۶۴

ایضاً

زبان بلبل و طوطی بہت لال ز مدحت — بہار باغ طبیعت کلام رشک چمن
عجائبات مضامین نہان چو گنج درا و — طلسم منتخب العالم و جہان سخن
بسال فصلی او طرح تازہ ریختہ ام — شگوفہ زار مرصع کلام باغ چمن
۱۲۵۶ تخرجہ

ایضاً

ہر ایک غزل مین معانی صاف کا جلوہ — میری نگاہ مین رضوان در صدف یہ
عجیب مادہ فصلی و عیسوی سے ہے — ریاض مہر چراغ دل شرف یہ ہی
۱۲۶۹

ایضاً

دیدۂ مہر و ماہ شد روشن — از کلام صنوبر استاد
عیسوی سال یافتم رضوان — پرتو ستان آفتاب مراد ۱۸۶۸ع

ایضاً منہ

خوشامد ہے یہ نہ لفاظی — مدح استاد حق سرائی ہے
ظاہر اس قول سے ہو سال مسیح — عرفی و فیضی و ثنائی ہے ۱۸۶۸ع

ایضاً

مشرق اول یہی ہے لاثانی یہی ہے — ہے یہ دیوان آیۂ نور خدا
مصرع تاریخ ہجری دیکھیے — حسن صورت کا مرقع واہ وا ۱۲۸۴ھ

ایضاً

ہے اہل نظر دورۂ ساعات خوشی ہے — ہین زیب دہ برج شرف اختر اشعار
بندہ او دہر نجم ثریا ہین فلک تک — بنتے ہین ستارون پرو ہر گوہر اشعار
ہجری و مسیحی کہین فصلی کے تکلف — خورشید قدم ۱۲۸۴ھ خضر حرم ۱۸۶۸ع دفتر اشعار ۱۲۷۶ف

ایضاً منہ

ہے سے استاد کا کہاں ہمسر — شاعری مین دم انکا راسخ ہے
ہے یہ تاریخ ختم دیوان کی — برق زیبا دبجر و ناسخ ہے ۱۲۸۴ھ

ایضاً در صنعت بلیغہ

اب وا انتخاب عالم یکتا و فرد — چون ید بیضا دست کلک با تسبیح و کر
بنا رم گفت سال ختم او در جبینہ — نام اعجاز و دانش مصحف اہل فکر ہے ۱۲۸۴ھ
خط دیوان پہ کہہ دو مہ عید تھے ہوئے ہین — فلک ہے صفو صفو نقطہ نقطہ ماہ کامل
تاریخ پایا دست خامہ سے — طلسمات ال آرا ہے پریزاد و نجی محفل ہے ۱۲۸۴ھ

تاریخ تصنیف سخنور نامی شاعر گرامی لالہ مادہورام جوہر سلمہ

الہٰدے فیض نظم پاک اُستاد — دونون عالم مین شور تحسین ہے
کب آنکھ پڑے حدیقۂ جنت پر — فردوس یہ باغ رنگین ہے
دیوان بیاض صبح صادق ہر یہ — جو صفحہ ہے رشک لوح سیمین ہے
شیرینی بندش مصفا کے سبب — جو شیشۂ دل ہے شہد آگین ہے
تالیف کی تاریخ کہی جوہر نے — دیوان یہ مصحف مضامین ہے

از نتائج طبع فخیم پنڈت سندر لال فہیم

چونکہ دیوان حضرت استاد — ختم گشتہ بفضل ایزد پاک
ز ارتفاع زمین شعر بلند — پست گردید گنبد افلاک
سرمہ آسا ہوا دہ ابیاتش — نورا فزاے دیدۂ ادراک
دید چون جلوۂ کلام فہیم — روح شوکت طپید در تہ خاک
سال تاریخ ختم گفت فہیم — سنے خزان گلشن معانی پاک

محو فرخ آبادی

مرتب جب ہوا دیوان اُستاد — اُٹھا اہل سخن مین شور تحسین
روا ہے معجزہ کہنا اسی کو — کہان ہوتی ہے ایسی نظم رنگین
کہی سلے محو یہ تاریخ اِس کی — طلسم آباد معنی و مضامین

افسر فرخ آبادی

چون کلام جناب استادی — منتظم شد چو گوہر شہ

...ت تاریخ اختتام افسر   سال دہ و دو صد اند شصت و چہار

ایضاً

...ستم استاد کا ہوا دیوان   چشم ادراک ہوگئی روشن
...افسر نے اسطرح تاریخ   جلوہ شمس صبح اوج سخن

تاثیر فرخ آبادی

...ان استاد کا سراسر   گویا گلدستۂ سخن ہے
...اسکی یہی ہے تاریخ   زیبا گلدستۂ سخن ہے

پنڈت جودت فرخ آبادی

...تاد نے ارباب معانی کیلئے   فرمایا ہے مرتب اپنا دیوان
...بحان اللہ عجب صحیفہ ہے یہ   لوح اعجاز کا طغرا دیوان
...جلوہ نما شاہد مضمون کیا کیا   گویا ہے بیاض چشم حورا دیوان
...ماف سے کہتے ہیں سخنور سارے   ابتک دیکھا نہیں ہے ایسا دیوان
...ت نے بہ نظم کی مسیحی تاریخ   فخر شعرا منیر و زیبا دیوان

ایضاً

...تاد کا دیوان ہے نظم در شہوار   بیشک یہ ہے دریاے فصاحت کا سفینا
...ہر مضمون نئے وحدت سے ہے سرمست   ہر مصرع تر ہے صفت گردن مینا
...یب کی تاریخ یہ جودت ذرقم کی   گویا یہ ہے اسرار الٰہی کا خزینا

ایضاً

...م حضرت استاد منظم   بشگفت در ریاض سخن صد گل طرب
...ختم جودت مخزون میمن نو   معنی نزہ ہے لطیف نیرنجانۂ عجیب

بخشش فرخ آبادی

یہ التماس کرو استاد سے اب بخشش	کہ نقل کے لیے فدوی کو ہو عطا دیوان
یہ ابیات وزبر میں ہے عیسوی تاریخ	تمام ہو گیا ہے ایک آپکا دیوان

پروین فرخ آبادی

مژدہ باد اے اہل معنی کاندرین عہد نکو	حضرت استاد ما دیوان خود را ختم کرد
سال ہجری و مسیحی گفتم اے پروین تمیز	مفخر اہل ہنر امی دیوان خود را ختم کرد

ہشیار اکبر آبادی

حضرت استاد کے دیوان کا لکھا جو وصف	ہو گئی نطق مسیحا میری خامہ کی صریر
بیت لے بروے پری ہر مطلع پر نور ہے	مہمل اسکے آگے مصرع ہلال چرخ پیر
کہکشان سے ہی منور کوچہ بین السطور	نقطہ نقطہ ہے سویدا سے دل روشن ضمیر
صفحہ صفحہ لوح پیشانی حور خلد ہے	زلف ہر مصرع میں ہے طائر معنی اسیر
ایک مصرع میں یہ دو تاریخیں ملیں ہشیار	موج بحر نظم ہے دیوان با فیض منیر

ایضاً

لکھا ہے میں نے تاریخ نامہ لیے ہشیار	ہوا تمام جو دیوان حضرت استاد
خطاب کرکے یہ استاد سے کہی تاریخ	منیر مطلع دیوان ہے آفتاب مراد

مرزا سلطان حسین ارم ساکن باندہ

بے مثل ہے دیوان جناب استاد	ہر ایک ورق خدا کی قدرت دیکھا
تاریخ ارم نے ختم کی موزون کی	یہ مصحف آیات فصاحت دیکھا

از افکار بدیع آثار فضیلت و کمالات دستگاہ مولوی محمد ناصر صاحب الہام

استعارہ میں کیا دیوان نظم اُستاد نے — آرہی ہے گو رشوکت سے صدا ہم واہ وا
دیکھ لے دیوان رنگین جو مری اُستاد کا — رشتۂ گلدستہ بجائے ذہن تار نگاہ
عرض کرتا ہے یہی الہام سال اختتام — گلشن نازک خیالی کا ہوا پھول وا ہ

تاریخہائے مصنفہ جناب فضیلت مآب محقق عارف شاہ غلام اعظم افضل الٰہ آبادی سے

اے منیر اہل جوہر واہ کیا ہے فکر صاف — شاعری نے پائی رونق آپ ہی کی ذات سے
استعارہ میں کیا تصنیف دیوان نفیس — ہر کلام صاف بالکل پاک ہے حشوات سے
سنہ بیان رنگ گویا آپکی بالکل بان — انکشاف قاعدہ ہوتا ہے ہر ہر بات سے
فکر میں تاریخ کے تھا افضل معجز بیان — دل سے تھا مستخرج اعداد ان دوات سے
ولولے سے بول اُٹھی ناگہاں طبع رسا — پاک دیوان آپ کا ایطا سے تعقیدات سے

ایضاً منہ دام مجدہ

منیر صاحب علم و فن کا سنتے — سبب ہے جس سے آب و تاب استعارہ
کہا ہے استعارہ کا جو دیوان — کہلا ہے جس سے باب استعارہ
کیا افضل نے قصد فکر تاریخ — اُٹھا ہے تا حجاب استعارہ
کہا دل نے مخاطب کر کے کہدے — نہ ہے مست شراب استعارہ
خدا نے اے منیر صاف طینت — عجب دی ہے کتاب استعارہ

نتیجۂ افکار طبع وقار منشی سید فرزند حید رصاحب صفدر فرخ آبادی

دریں میکدہ جز بادہ بہاری نوزد — باد شاداب گلستان منیر والا
شد این مصرع تاریخ ز ہاتف صفدر — گشت مطبوع چہ دیوان منیر والا

ایضا

دیوان اُستاد کا سراپا
واللہ ہے گنج استعارات
صفدرؔ نے کہی اسکی تاریخ
کیا واہ ہے گنج استعارات

ایضاً

کہل گیا غنچہ روح مشتاق
جب یہ نظم طرب انگیز دیکھی
سال اتمام یہ صفدرؔ نے کہا
موج دریاے مضامین دیکھی

تقریظ لطیفہ مجموعۂ فضیلت و کمالات شاعر نامی و منشی گرامی مولوی محمد ناصر صاحب الہام خاطف الصدق اورع زمان کشاف رموز عرفان جناب مولانا عبدالہادی صاحب مت افادتہا برین کلیتہ نگاشتہ اند

خدایا بار مضمون ده نہال خامۂ ما را
گل فرق بلاغت ساز رنگین نامہ را
نمیدانم کہ نیسان تحریرم قطرہ زن بمیدان
وصف کیست کہ قطرات با لولوی آبدار

مقاومت میکند در نسخہ اش ستارہ سیار را بر زمین می افگند و بنی سنجم کہ رقاص خامہ ام نغمہ مدح کہ مے سراید کہ نوائش نواے زہرہ را خارج آہنگ نے شمار و سرود یکہ سر میدہد مجاز یان با بتقام عشاق مے آرد نے ذی خامہ ام نواے می نوازد کہ بزرگ کوچک رنگ حیرت میباز د فاختہ عبارتم بہواے وصفے کوکو میزند کہ نور سے شمس قمری قمر بتعاملش پرسے افگند فقرہ اش از بلندی مضمون کلاہ خورشید بر زمین می اندازد و سطرش از اوج عبارت نثرہ و شعرۂ الست بیسازد آری عندلیب خامہ ام از صفیر صریر سخن دلفریبے چون نسراید کہ تحریر تو صیف نوازندہ قانون سخن میگراید چہ نوازندۂ قانون سخن بل اُستاد نادرہ فن سکہ زن قلمرو معانی فرمانرواے کشور سخندانی ہر ہفت سا زرا شاہباد سود دوری طراز آستین قباے سخنوری نور حدقہ مروت رحیا نور حدیقۂ صورت و صفا مرآت مصفا رفصاحت مشکلات ضیا ربلاغت ربط قصص عجائب ضابط حکایات غرائب با مذان فصیح البیان سحبان طلیق اللسان گوہر اکلیل معانی

نظم

اوست سلطان کشور معنی / اوست خورشید آسمان سخن
میشود زینت مکان بمکین / او مکین ست در مکان سخن
آسمان زینه ایست از بامش / چه بلندی گرفت شان سخن
غیر آن روح قالب معنی / جسم دیگر نیافت جان سخن
شور استادیش چو برخیزد / نمکی افگند بخوان سخن
حرف توصیف او بلب راندم / شد زبان نخل گلفشان سخن
تا ابد زو بگلشن ایجاد / باد سرسبز بوستان سخن

تعالی الله زهی فرمانروای معانی که آوازهٔ فصاحتش در هفت اقلیم رفته سبحان الله زهی سلطان قلمرو سخندانی که علم دانشش شش جهت را فرا گرفته شور ملاحت تحریرش نمک در خوان فصاحت انداخته و آوازهٔ کوس حلاوت تقریرش گوش کارگاه زبان ساخته نقد فصاحت در ترازوی رقم اوست و زور بلاغت در بازوی قلم او ریخته تا از نیسان تحریرش ریخته آبروی گوهر ثمین بر خاک ریخته و گل بیتیمی بر فرق در یتیم بیخته و تار شعاع خورشید گسیخته سنبل زلف محبوبان و دود شمع رقمش سرمهٔ چشم معشوقان گردیده پیک قلمش خال رخسار شاهدان نقطه از کتاب نکته دانی اوست و سویدای دل گلرخان سپند مجمر سخندانی او تا نگینی عبارتش در صدف گوشش طرح رنگ زر برانداخته بردهٔ گوشش عالم را در کشش مروارید مال ساخته تار قانون سخندانیش بدرجهٔ بلند رسیده است که آهنگ چنگ معنیان بیچاره سرا نیست نواست و تماشای مضمون عبارتش بشاهد شیرین داستان که گردن فرهاد معنی در کمند زلفش زیبا است کام و زبان را شکر افتاده شیرینی گفتارش چشم و گوشش مهمان مائدهٔ نمکینی اشعارش و شمع بیانش صیقل ساز

درة التاج سخندانی معلم معلم اول گره کشائی عقده الانجیل مقدمة الجیش معرکه فصاحت
فارس مضمار بلاغت عقده کشائی غوامض معانی فارس مضمار سخندانی معمار سرای
معانی پروری بناساز بنای سخنوری فیصل جنس فصاحت جوهر عرض بلاغت ستر
اسرار آلهی نور انوار آگاهی ناظم خطبهٔ دقیقه طرازی جالس مسند بے انبازی معنے
نقطه سه دانی مضمون مصرع شیوا بیانی جان قالب سخنوری چشم جسم معانی پروری
بوئے گل اخلاق مروت نشه صهبای اشفاق و محبت منبع انهار مروت و علم مطلع شموس
کمال و علم سر دفتر بالغ نظران نکته رس سر حلقه خورشید ضمیران صبح نفس پست نماست
پایه با برج رسیدگان آسمان خیال بلند فرمائے رتبه بحضیض افتادگان پستی کمال برج سخنوری
را گوهر و گوهر نکته پروری را آب برج معانی پروری را اختر و اختر بلند فکری را تاب
نیام فصاحت را تیغ و تیغ بلاغت را جوهر قلزم سلامت را صدف و صدف لطافت را
گوهر گلشن سخن را گل و گل مضمون را رنگ بزم آگاهی را چنگ و چنگ سخن پناهی را آهنگ
نافه هنر را مشک و مشک کمال را بو خمخانه علم را باده و باده فضل را سبو قصیده شیوا
بیانی را مطلع و مطلع فصیح بیانی را مضمون محفل سخندانی را مطرب و مطرب معانی را
قانون چرخ جام فصاحت را مسیح و مسیح بلاغت را اعجاز صیدگاه سخن آفرینی را شهباز
و شهباز دوربینی را پرواز انگشتری خیال را نگینه و نگینه کمال را نقش عشرتکدهٔ نکته پروری را
نغمه و نغمهٔ سخنوری را تاثیر و جسم نثر را چشم و چشم نظم را روشنائی قالب تقریر را زبان
و زبان بیان را گویائی صیقل علم را صیقل و صیقل کمال را صفائی بام اندیشه را کمند و کمند
فکر را رسائی حجلهٔ سخندانی را شاهد و شاهد فصیح بیانی را چهره پرواز معشوقهٔ نکته دانی را شباب
و شباب شیوا بیانی را آغاز زاهد عبادت را سبحه و سبحهٔ طاعت را امام نخل فضیلت
را ثمر و ثمر عظمت را الهام برج شرافت را خورشید و خورشید نجابت را
تنویر باین صفات موصوف استاد راقم الحروف سید اسمعیل حسین متخلص بمنیر سلمه الله الکبیر دام افاده

سخن را دائرهٔ حیم جمالش قفل در خزینهٔ راز افگن کوس شاعری بنام استادی نواز و
سامعه را از نغمهٔ قانون سخن چه نوازد و سه ملی تخت سخن ز شاهیت زینت یافت
تیغ قلمت حل عدو را بشگافت * آنجا که سمند کلک تو جولان گشت * مضمون عقلش
مرد و دامان بشتافت * عقل را ادراک علتش نامعلوم و فهم را اندازهٔ کمالش نامفهوم
بار تیکه چون خامه را بنگارش آرد صد نقطهٔ شک بر ورق گل گذارد و بیان
فکر که چون عدد را از قلتش بار و نامیه جای دانه لولوی برتر آرد و فاخته مضمون در سایهٔ شمشاد
خامهٔ اشن بارمیدن و کبک معانی در خیابان گلشن عبارتش بناز خرامیدن آرد حیرت
تا رگ گل کلامش صدف نیسان جگر افشرده و آن رشک نگینی فکرش خون در جگر شقایق کرده
در چمنستان استعداد نخل وجودش بدرجهٔ سرسبز و شاداب نشده که در موسم بهار امتحان گل
آفتاب نرویاند و در صیقلهٔ کمال آئینهٔ طبعش بشابه جلا نپذیرفته که چشم کور سوادان السر
خواباند آئینه را بجرم سرقهٔ معانی صافیش در سلخ سیاست بر دار کشیده و ادعه
تیغ را بگناه دزدی مضمون روشنش در مقتل عبرت سر بریده اند خورشید بتابش اختر
عبارتش در پنجهٔ شعاع دست بسر و ماه از حیرت روشنی شمع فکرش از کلف داغ
در جگر تا حافظ بلبل سورهٔ خلاصش نخواند لب تبلارت مصحف گل نکشود و تا قاری
قمری عشر او لبش بزبان نخواند مد او کشید سرو تجرید آزادی ادا نمود شمشاد با آسایش
زلف شاهد سخنش بانداز شانه در کف استاد و نسیم بعطر سیاهی قیاسی نگار مضمونش
بیاد سطر و ان غنچه کشادن صبا تا شمیم خلقش ندزدد و مشک رنگ گره نافه نبندد و نسیم تا
بوی گل اخلاقش نر باید عطر به پیرهن گل نساید تا بهار مصحف گل را به تصحیحش نرساند حافظ
عندلیب نخواند و تا چرخ مصرع هلال را باصلاحش نگذراند بکمال نرساند ملاحت از
نمک خواران نمکدان گفتگوی بی نیازی ...... تا ..... نمکستان شکر ریزی زبانش و ....
هر شعر که از خامهٔ تو سر بزد * با گیسوی حور خلد می آویزد * ای دست تو امروز نیز معنی

صد نقش زمانه کلک سحر انگیز ده بیانے نیست که زبانش هاد بیانش نهاد و چه و چه مفصل کتابے نه که تحقیقش حق تحقیقش دا نکرده چه مختصر و چه مطول گوهر از انفعال آب زکو کلامش آب میگردد و سنبل از رشک رنگینی فکرش به تن سوزد تا بر دود بهم شوند و جا و در دو آتش کند عالی طبعیکه مرغ اندیشه اش خبر سبا به طوبے بال بکشاید و بلند فطرتیکه شهباز فکرش جز مرغ سدره چنگ به راز نه نماید دست فکر رسایش گلدسته مضمون را بر طاق بلندی نه نهاده که دست بر پست جو همه نیکانی بدر نشناخته نگردد گردد و طائر اندیشه عرش سایش آشیانه را بشاخ طوبے ساز نداده که شهباز نشست پرواز سر دو من همت اسپ بمیدان جهالت تاخته پیرامونش سه بل عالی طبیعت شد اندیشه بیام عرش رسانیده و مرغ سدره را صید عقاب فکر گردانیده باید که سال ها زانوے سبق خوانی براد به ته کرده قرنها اوقات را بات نهاده بصرف آورده خود را بزمره تلمیذانش در آرد تا دقیقه مطول سر و مصرع اش و رمز مختصر لفظش بخوبی که شاید بفهم بسیار و لفظم

کلامش دل سینه راز ها — برود دلش بر دوش عجاز ها
خیابان منطق سر انگشت او — گل کلی خمس در مشت او
پچ تبحر دلش آشنا — توان گفت او در اشاره کیا
رخش مطلع مهر فیض ازل — دلش مشرق جلوهٔ لم یزل
بود شعر او شعری نور پاش — جگر هاے حساد او در خراش
عدیم العدیل است انصاف کش — ز زنگ حسد سینه ها صاف کن
چو فکر قصائد در آرد بکار — بطرف سخن گل کند نو بهار
بجمل و عمل دار و اوج کمال — گواه سخن از جمالش جلال
خطش سرمه دیده انس و جان — شود مشتقش عارض نو خطان
جهان گشته ستادان آرد بان — بشاگردیش حلقه در گوش جان

ملقب بلا ثانیش خوان پیما		بی ثانیش نیست الهام کیا

تماشا... فنش قبله‌ی مضمون در برد تاج فصاحت بر سر زده در ایوان صفحه‌اش ...
ما... بصیادی طائر دل تعدید دام گستردن هر نقطه‌اش بگرفتاری مرغ نگاه تاکید دام
... ست تعالی زهی دیوانیکه هر لفظش بفانوسی که شمع طور سوزد سبحان الله
... هر نفسش لعقیقگی چراغ خورشید زیبد جمله‌اش جواهر خمسه قالب ... ی
... نشینی معانی ماه مهر ماه از غم میکاهد و چادر او در فشش میخواهد اگر چرخ
... رو داغ ندیدی در ... ی خورشید تار نگاه بنگاه تماشایش رشته گلدسته ... خامه
هنگام عزم توصیفش ... نور ... رنگینی اشعار رنگینش بگلستان سرخ گلشن ... صفا
معانی صفا ... ش آئینه ... چه هر ... ستاره صفحه‌اش فردوسیکه در بین السطورش کوثری
... ش قلم ... که در ... هر لفظش گوهری شاهان ابیاتش از غزل و قصیده
عی ... صفحه صفحات با اندازه ... نشستند و کر ... ی
... عیار سخن ... اند ... ی ... هزار و نه صد و یک ... حال ... و کشاده ...
... پیشانی پشیمانی ناله بلبل دور افتاده از آشیان آشیانه عندلیب ... بی
ابجد خوان ... بی ... انی خار در پا خلیده صحرای ناتوانی نقطه ... کتاب ...
... پشت پا ... خسته ... ی ... بی ... شراب ... کباب جگر پا خفته دشت گمنامی ...
مضمار ناکامی ... خاکپای سخنوران ننگ خاندان ازل نام محمد ناصر الهمام ... نا
... نامی مولوی عبد الهادی ... نامی که یکی از ... ربایان خوان افادت ... و خوشه
چینان خرمن ... افتخار ... قفل سکوت بر در بیان نه اندازد و چه ... که ... ...
... ... ی ... ... ی ... پندارد که ... عارفیه بکار برده عنان ستایش
... ... ی ... ... ز ... چار ... نسخ و ... پنجم از ... آفریده ... ر ... زبان ...
... ستوده عالم را ستوده ... ا ... ابر ... هم از نیسان ... گل ... رنگ

... و بهیم از بهاران خداوند [illegible] و بهار ...
جنبش قلمش در گلشن ایجاد عطر انگیز تر از باد بهاری باد فقط

خدایا تا بگیتی گلشن مضمون بهار آرد	بباغ فلک تا نخل و صباحت ...
نهال خامهٔ او آنچنان گل معنی	که گردون گوهر خورشید را بخشد نثار ...

قطعهٔ تاریخ

دیوان حمید الشعرا مستم شد امروز	مخفی ست بهر نقطه حکایات و ادا ها
الهام چنین مصرع تاریخ رقم زد	دیوان نکو مصحف آیات و ادا ها

۱۲۹۲

تمام شد

تاریخ طبع ثانی کلیات منیر از نتیجهٔ فکر گهربار صاحب نثر و نظم ... عاشق حسین صاحب متخلص بزم اکبرآبادی نبیره و شاگرد رشید ...

جد امجد کا چھپا ہے بزم کلام	خوب چھپا شکر خدا ...
نسخہ اسکا تھا ایک عالم مین	سب ہی خواہان تھے امیر اور فقیر
مشتری کیون نہو ہر اہل سخن	جنس یہ نایاب ہے اور بے نظیر

فکر جو تاریخ مین کی دل سے کہا
زر خالص ہے کلام منیر